جدید

ڈاکٹری نسخہ جات

COMBINATION THERAPY

از

ڈاکٹر

بشیرالدین عمری

کتب خانہ لطف زندگی

۲۲ لارنس روڈ لاہور ۳

۷۸۶

جدید

ڈاکٹری نسخہ جات

یا

کمپی نیشن تھیراپی

از قلم

ڈاکٹر بشیر الدین عصری

مصنف

قرطاس مجربات، جیبی امراض النساء، جیبی عمل با شراب، جدید ڈاکٹری کتاب العلاج،
جدید ڈاکٹری رہبر علاج، علاج عصری، علاج بالجواہر غدود، دافع حساسیت علاج
فارماکوپیا بمبئی ہسپتال، درد سر اور اس کا علاج بیجوانی اور اس کا علاج

روش علاج بالادویہ، اسیبا علاج بالادویہ

ایڈیشن ۱۹۶۴ء

ناشرین

اعوان پبلی کیشنز ۲۲ لارنس روڈ لاہور

تعداد ایکہزار (۱۰۰۰)

مطبوعہ

مسٹر نجم احسن اعوان نے
دین محمدی پریس بُل روڈ لاہور سے
چھپوائی

Ch. M. Mashooq
B. A., D. M. P. S.

مواد الکتاب

فہرست مضامین = آخر میں بھی موجود ہے ||

اَمَّا مَا یَنفَعُ النَّاسَ فَیَمکُثُ فِی الاَرضِ

(جو کچھ لوگوں کو فائدہ پہونچاتا ہے۔ وہی دنیا میں باقی رہ جاتا ہے)

(القرآن)

فہرست مضامین

پیش لفظ

اس کتاب منیر میں جدید عمل طب کے شفا بخش عوامل کا ایک شاندار معجزہ پیش کیا گیا ہے۔ اور تجربہ و مشاہدہ کے تحت موثر ادویات کے مرکبات کی سحر آفرینی دکھائی گئی ہے۔ اور اس طرح یہ کتاب ایک عامل طب کے لئے ایک گنجینۂ زر ہو گئی ہے۔ اور امید ہے کہ یہ کتاب جدید عملی تجربات سے معمور ہونے کے باعث نسخوں کے متلاشیوں کے ایک نعمت غیر مترقبہ ثابت ہو گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے۔ کہ وہ میری اس جد و جہد اور پندرہ سالہ محنت کو قبول فرمائے۔ آمین۔

خادم طب

جمعہ۔ مئی ۱۹۶۴ء

ڈاکٹر بشیر الدین عصری

میرٹھ

تمہیدی اشارات

نسخہ انگریزی لفظ Prescription. کا ترجمہ ہے۔ جو موجودہ ماحول میں بھی مرکب ادویات پر مشتمل سمجھا جاتا ہے۔ اور اردو طب میں نسخہ سے مراد دوا مرکب Drug Combination. سے ہی لی جاتی ہے۔

جدید طب میں گذشتہ چند سالوں سے مرکب ادویات کے نسخہ کی بڑی قدر کی جارہی ہے۔ دنیا کی کوئی دوا ساز فرم ایسی نہیں جس نے کوئی مرکب دوا پیش نہ کی ہو۔ اور نہ کوئی ایسا ڈاکٹر ہے جو مرکب نسخہ استعمال نہ کرتا ہو۔

مرکب نسخہ جات کی سب سے بڑی اہمیت اس سے ثابت ہوتی ہے کہ امریکہ کی نیشنل فارمولری اور برطانیہ کی نیشنل فارمولری مرکب نسخہ جات سے ہی بھرپور ہیں اور ان کتابوں کو تیار کرنے پر امریکہ و برطانیہ کی قرابادینی مجلس نے بڑی محنت کی ہے اور ان کے شائع کرنے پر بڑا سرمایہ صرف کیا ہے۔ ان کے علاوہ تمام مہذب ممالک نے ادویات کے مرکب کرنے پر توجہ دی ہے۔ جدید طب کے ترقی یافتہ ہونے سے قبل بھی ادویات و علاج کی کتابوں میں مرکب نسخوں کی طرف توجہ دی جاتی تھی۔ اور ہم نے بھی خود قرطاس مجربات کا پہلا ایڈیشن قدیم نسخہ جات پر مشتمل مواد پر شائع کیا تھا۔

اگرچہ مرکب نسخوں کا ماخذ یونانی طب کی قرابادین سے لیا گیا ہے اور ان ہی اصول وضوابط کے مطابق ترقی دی گئی ہے۔ لیکن موجودہ طب نے زمانہ کی ترقی کے ساتھ علاج بالمرکب Combined Therapy. میں بڑی اصلاح وترمیم کرلی ہے۔ اور قدیم ڈاکٹری نسخہ جات کے اصول پر ہی جدید ادویات کے مرکبات پیش کرنے کا ایک بہترین طریقہ ماہرین کے ہاتھوں آ گیا ہے۔ دوا ساز اداروں نے تو علاج بالمرکب سے بہت ہی فائدہ اٹھایا ہے۔ اور اس میدان میں زبردست ترقی کی ہے۔ سیبا جو دنیا کی ایک عظیم دوا ساز فرم ہے اس نے بھی مفرد ادویات کو مرکب پیش کرکے شاندار شہرت حاصل کی ہے۔ اس نے انٹی ہسٹامین کا مرکب "ڈی بسیٹین" پیش کیا ہے۔ جو صرف سابقہ مروجہ ادویات کا مرکب تھا۔ اس کے علاوہ اس نے پرزکول فینوباربٹون کا مرکب "پرزکوفین" کے نام سے پیش کیا۔ جن پر اس دوا ساز فرم نے

بے پناہ روپیہ اشتہار بازی میں صرف کر دیا ہے۔ اور حال ہی میں سرپاسل کا مرکب بھی بڑی آب و تاب سے پیش کر دیا ہے جو اِس بات کا ثبوت ہے کہ علاج مرکب ہی دولت و شہرت حاصل کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

یہ تو صرف ایک دواساز فرم کا معاملہ ہے۔ حال ہی میں ایک ہندوستانی دواساز فرم "یونی کیم لیبوریٹریز" نے تو کمال ہی کر دیا اور رہمارا درج کردہ دافع دمہ نسخہ فینو باربیٹون، ایمنوفائلین مرکب پیش کر کے بڑی جلد قبولیت عامہ حاصل کر لی ہے۔

جہاں تک مرکب نسخے کتابوں اور رسائل میں درج کرنے کا تعلق ہے امریکی رسالہ "میڈیکل ٹائمز" نے تو ایک عنوان ہی علاج بالمرکب نسخوں کے لئے وقف کر دیا ہے۔ اور یہ بہترین مرکب نسخوں کی بدولت امریکہ کے عاملین طب روز افزوں علاج معالجہ میں ترقی کر رہے ہیں۔ اور ہم نہیں کہہ سکتے یہ ترقی کہاں تک فائدہ مند ثابت ہو گی۔

مرکب نسخہ جات کی ذاتی منفعت کی چند مثالیں پیش کرنا بھی علاج بالمرکب کی اہمیت جتانے کے لئے کافی ہو گا۔ ہمارا ایک ذاتی تجربہ ہے کہ ہم نے جس وقت سے اس موضوع پر توجہ دی ہے۔ ہماری پریکٹس میں دن دگنی رات چوگنی ترقی ہوئی ہے۔ اور ہمیں صحیح صحیح معلوم ہوا ہے کہ دراصل مرکب نسخوں کا راز ہی دولت و عزت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

ہم نے ۱۹۵۲ء میں ایک دافع سرایت نسخہ سلفامیزاتھین وٹامن سی السیپرین مرکب تلاش کیا۔ جو ہم نے بچوں عورتوں اور بالغ افراد کی متعدی بیماریوں میں آزما کر دیکھا۔ اور اور اس کے اتنے فوائد پائے گئے کہ ہمارے دواؤں کی خریداری کے بل میں سب سے زیادہ قیمت ان ہی ادویات کی تھی۔ اور ہمارے مریضوں میں سب سے اچھی کامیابی اسی نسخہ کی بدولت ہوئی تھی۔

رسالہ مغربی طب کی تیرہ سال کی نشر و اشاعت سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں۔ کہ اس وقت عاملین طب کو سب سے زیادہ ضرورت مجرب نسخوں کو آزمانے اور فائدہ اٹھانے کی ہے۔ آج کل کوئی بھی عامل طب اکاڈیمک فرضی علم پر وقت۔ سرمایہ اور محنت صرف کرنا نہیں چاہتا۔ اور نہ کوئی اچھا معالج بیکار / بے اثر ادویات کی بُھتان سے اپنے معالجہ کو خراب کرنا چاہتا ہے۔ جدید طب کی کتابوں کے رطب و یابس مضامین سے ہماری اور ہمارے قارئین کی طبیعت اُکتا گئی ہے۔ اور اُن کا پکا عقیدہ ہے کہ اگر کسی کتاب میں آسان۔ مجرب۔

موثر نسخہ جات کی گارنٹی دی گئی ہو تو ہم اس کو زیادہ سے زیادہ قیمت پر لینے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

بہرکیف اس کتاب کی تیاری میں تمام دوا ساز فرموں کی مرکب ادویات، تمام ترقی یافتہ ممالک کی فارموری سے متعلق کتابوں اور مشہور ڈاکٹری رسائل کو مطالعہ کرنے کی سخت محنت برداشت کی گئی ہے۔ اور مفرد ادویات کے افعال و صفات حاصل کرنے کے لئے انگریزی طب کی مشہور کتاب فارماکولوجیکل بیسس آف تھیراپیوٹکس، مبادی شفائیات کو مطالعہ میں رکھا گیا ہے۔ اور دوا ساز فرموں کے بیش قیمت ادب سے بھی استفادہ کیا گیا ہے اور ہندوستانی ماحول کے مطابق ادویات کا انتخاب کیا گیا ہے۔ مغربی ممالک کے معالجین کی ضرورتوں کے علاوہ ہندوستانی معالجین کی اہم ترین ضرورتوں کی تکمیل پر پوری توجہ دی گئی ہے۔ علاج بالمرکب کے موضوع کو سائنٹی فک طرز میں پیش کرنے کے لئے علم تاثیر کی اصطلاحات سے کتاب کی زینت کو بڑھایا گیا ہے۔

آخر میں خدا سے دعا ہے کہ وہ میرے اس علمی وعملی کام کو جان بخش وجاوداں بنا دے تاکہ میرے قلب کو اطمینان حاصل ہو سکے۔

وما علینا الا البلاغ

ڈاکٹر بشیر الدین عصری

عملی مقابلہ کا جدول

اوزان

گرام	ملی گرام	گرین
ر۰۰۱	۱	۱/۶۴
ر۰۰۲	۲	۱/۳۲
ر۰۰۳	۳	۱/۲۰
ر۰۰۵	۵	۱/۱۲
ر۰۰۶	۶	۱/۱۰
ر۰۰۷۵	۷ر۵	۱/۸
ر۰۱	۱۰	۱/۶
ر۰۱۵	۱۵	۱/۴
ر۰۲	۲۰	۱/۳
ر۰۳	۳۰	۱/۲
ر۰۵	۵۰	۳/۴
ر۰۶	۶۰	۱
ر۰۷۵	۷۵	۱ ۱/۴
ر۱	۱۰۰	۱ ۱/۲
۱	۱۰۰۰	۱۵ ۱/۲

سیال پیمانے

ملی لٹر	منم
ر۰۶	۱ منم
ر۰۷۵	۱ ۱/۴ منم
ر۰۹	۱ ۱/۲ منم
۱	۱۷
۲	۳۳
۳	۵۰
۴	۶۵ (ا فلوئڈ ڈرام)
۵	۸۵
۱۰	۱۷۰
۱۵	۲۵۰

باب ۱

نسخہ نویسی اور علاج بالمرکب

Prescription Writing and Combination Therapy.

جدید نسخہ نویسی ایک نیا فن ہے جو پیٹنٹ ادویات اور موثر ادویات کے مرکبات پر مشتمل ہے۔ اس میں یا تو ایک دوا کا نسخہ تجویز کیا جاتا ہے یا کئی ادویات شامل کر دی جاتی ہیں۔ مثلاً

ہوالشافی

ایسپرین		۵ گرین
برائے ایک خوراک	(مستاد)	ہر دوسرے گھنٹے

حتیٰ کہ درد موقوف ہو جائے۔

یہ ایک دافع درد مفرد نسخہ ہے! ایسپرین (ایسے ٹی سلی سلک ایسڈ) ایک مسکن درد دوا ہے لیکن بعض افراد میں وٹامن سی کی خامی پیدا کر دیتی ہے۔ اس لئے ہم اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اس کو اس طرح لکھیں گے۔

ہوالشافی

ایسپرین	۵ گرین کی ایک ٹکیہ
وٹامن سی (سیلین)	۱۰۰ ملی گرام کی ایک ٹکیہ

دونوں ٹکیوں کو باہم پیس کر ایک پوڑیہ بنا دیجئے۔ اور ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔ حتیٰ کہ درد موقوف ہو جائے۔ اس میں وٹامن سی (حیاتین ج) کا اضافہ جدید طب کے نقطۂ نظر سے بہت ہی اچھا ہے۔ یہ مرکب نسخہ ہر قسم کے مریض مثلاً خون کے غلیان، دل کے کمزور خون کی کمی کے مریض کیلئے بہت ہی مفید ثابت ہو گا۔

یہ نسخہ مرکب کہلاتا ہے اور اسی علاج کو ہم علاج بالمرکب یا Drug Combination

Combination Therapy. کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ لبا اوقات مریض کی دیگر علامتوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ مثلاً مندرجہ ذیل نسخہ دافع درد اور نیند آور ہے۔

ھوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
فینوباربٹون سوڈیم	½ گرین
ڈیکسٹروسول پوڈر	۵ گرین

تینوں کو باہم پیس کر ایک پوڑیہ بنا کر دیجئے۔ یہ رات کو سونے سے پہلے دیا جا سکتا ہے۔ یا درد معہ بے خوابی کو دور کرنے کے لئے دن میں بھی دیا جا سکتا ہے۔

اس نسخہ میں اوّل الذکر دوا اصل Basic. دوا کہلاتی ہے۔ اور دوسری دوا بطور مددگار شامل کی گئی ہے۔ جو معاون Adjnvant. کہلاتی ہے۔ لیکن تیسری دوا بطور مصلح Correetive استعمال کی گئی ہے۔ جو موثر اجزاء کی مطلوبہ تاثیر کو درست کر دیتی ہے اور اس کا بد مزہ ذائقہ بھی خوشگوار کر دے گی۔ اس کو ہم بدرقہ Vehicle. بھی کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ اس کی شامل ہونے سے دوا کی مقدار بھی بڑھ گئی ہے اور جو آسانی سے استعمال کی جا سکتی ہے۔ اسی طرح مذکورہ بالا نسخہ کے ہم اجزاء کر سکتے ہیں۔

نسخہ کے اُوپر کے حصے کو جس میں لفظ ھوالشافی یا انگریزی علامات نسخہ R لکھا جاتا ہے اس کو ہم سرِ نسخہ Inscription. کہتے ہیں۔ انگریزی کی کسی پیٹنٹ دوا کا نسخہ اس طرح لکھنا چاہئے۔

℞

Codopyrin Tabs (Glaxo)

Sig. Thrice daily I

اردو ترجمہ

ھوالشافی

کوڈوپائرین گلیکسو	ٹکیہ

براہ دہن روزانہ تین بار بعد از طعام بہمراہ آب تازہ یا چائے کے ہمراہ

نوٹ :- مسلمانوں کے لئے یہ خاص احتیاط ہے کہ وہ R کا استعمال ترک کردیں یہ ستارہ مشتری کو منسوب کیا جاتا ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ ہی سب کو شفا دینے والا ہے ۔ اس لئے ہُوالشافی (وہی شفا دینے والا ہے) سب سے بہتر سر نسخہ کا عنوان ہے ۔ جو ہندوستان کے حکیم زمانہ قدیم سے لکھتے آرہے ہیں ۔

نسخہ کے جس حصے میں ادویات، ان کی مقدار، ان کے حل کرنے والی معاون یا معتدل کرنے والی ادویات لکھی جاتی ہیں ۔ اس کو ہم جسم نسخہ یا (Inscription. کہتے ہیں، جیسے

ہُوالشافی

ایفیڈرین	½ گرین
فینوبار ٹیون سوڈیم	½ گرین
امینو فلین	۱، گرام

یہ تینوں ادویات جسم نسخہ کہلائیں گی ۔

نسخہ کے جس حصے میں ضروری ہدایات برائے دواساز لکھی جاتی ہیں اس کو ہم (Subscription) زیرِ نسخہ کہتے ہیں جیسے

ہُوالشافی

(مذکورہ) بالا نسخہ میں نیچے لکھا جائے ۔

تینوں ٹکیوں کو باہم پیس کر دو پوڑیاں بنا دیجئے ۔ اور ایک پوڑیہ دمہ کے حملہ سے قبل پانی کے ہمراہ دیجئے ۔ تو یہ تمام عبارت ہدایات برائے عطار یا دواساز کہلائے گی ۔

نسخہ کے جس حصے میں ہدایات برائے مریض درج کی جاتی ہیں ۔ اس کو Signature یا لاطینی لفظ Sig, کہیں گے ۔ اس کو ہم لیبل یا .Signa کے عنوان سے بھی استعمال کرتے ہیں ۔ جیسے

ہُوالشافی

ایسپرین	۱ ٹکیہ

بہمراہ آب تازہ ہر دو سہ گھنٹے دیجئے ۔

اس کے علاوہ ہم نسخہ کو مکمل پیش کرنے کے لئے اس میں سرِ نسخہ سے پہلے مریض کا نام، اس کا پتہ، تاریخ بھی درج کر سکتے ہیں ۔ اور ہر جدید طب کا معالج ان کی چھپوا بھی سکتا ہے ۔

جیسے

ڈاکٹر بشیر الدین عصری معالج طب جدید

نام مریض عبدالحمید . . . . تاریخ ۱۲ نومبر ۱۹۵۶ء

پورا پتہ ۔ شوراب دروازہ . . . . مرض کی تشخیص . . . دردِ سر

ھُوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا دیجئے ۔ اور ایسی تین پوڑیاں دیجئے ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ بعد از طعام استعمال کیجئے ۔

قیمت . . . . دستخط

جدید نسخوں کی تشکیل

یُوں تو عام طور پر موجودہ وقت کے نسخہ جات میں صرف ایک پیٹینٹ دوا یا موثر دوا کا تجویز کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے ۔ لیکن ہماری اِس کتاب میں ہر جگہ مرکّب نسخوں سے بحث کی گئی ہے ۔ اِس لئے نسخہ بنانے کے اصول بیان کر دینا ضروری ہے ۔

اصل دوا یا جزو اعظم کے ساتھ جب دیگر ادویات شامل کی جاتی ہیں تو ان کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ بروئے کار لایا جاتا ہے ۔

۱۔ اثر آفرینی Synergism.

جب کوئی دوا کسی خاص حالت کے لئے تجویز کی جاتی ہے تو بعض اوقات اس کا مطلوبہ اثر بڑھانے کی ضرورت پڑ جاتی ہے ۔ مثلاً ایسپرین ایک مسکن الم دوا ہے جس کو ہم دوسری مسکن الم دوا فیناسیٹین سے بڑھا دے سکتے ہیں ۔ جیسے ایسپرین فیناسیٹین کیفین مرکب میں یہ طریقہ ظاہر کیا گیا ہے ۔ ایسے اثر کو ہم باہمی فعل کا بڑھنا یا Synergistic. Effect کہتے ہیں ۔ اور ایسی ادویات کے اشتراک Synergistic Association.

یعنی زود اثر اشتراکِ عمل کہتے ہیں۔ اِس نظریہ کو پورا کرنے کے لئے آج کل بہت سے مرکبات پیش کئے جا رہے ہیں۔ ذیل میں اصل اجزاء کے نام دیئے جاتے ہیں جو اثر آفریں مقاصد کے لئے بہت زیادہ استعمال کئے جاتے ہیں۔

مسکّنِ الم۔ ۱۔ ایسیٹل سیلی سلک ایسڈ۔ ایسپرین

۲۔ فیناسٹین

۳۔ کوڈین

۴۔ امیڈوپائرین

۵۔ سوڈا سیلی سلاس

۶۔ فینازون　وغیرہ

منوّم (نیند آور) اجزاء

۱۔ باربٹون کے اشتقاقات۔ جیسے

فینو باربٹون۔ پنٹو باربٹال۔ بیوٹو باربٹون۔ ایمو باربٹال۔

۲۔ اوپیم (افیون) کے اشتقاقات۔ جیسے

کوڈین۔ اوپیم پوڈر۔ ٹنکچر اوپیم

۳۔ برومائیڈس

پوٹاسیم برومائیڈس۔ سوڈیم برومائیڈ۔ ایمونیم برومائیڈ۔

۴۔ کلورل ہائیڈریٹ

کلوریٹون۔ کلورل ہائیڈریٹ

۵۔ اسکوپولامین

اسکوپان۔ ہائیوسین ہائیڈروبرومائیڈ۔

۶۔ پیتھی ڈین۔ میتھاڈون

۷۔ الکوحل۔

شراب۔ بیئر۔ ہارس اور کوگناک

اِن میں سے بعض گروپ نشہ آور یا نارکوٹک کہلاتی ہیں۔ اور اِن میں بطور جزوِ اعظم باربٹون و برومائیڈ بہت زیادہ استعمال کی جاتی ہیں۔

مُحرّک اَعصاب

کچلہ کے مرکبات۔ جیسے

اسٹرکنین پوڈر۔ (بطور محرک نخاع)

یہ قوتِ باہ کے مرکبات کا ایک اہم جُز ہے۔

مُحرّک دماغ

۱۔ امفیٹامین

بیتھے ڈرین۔ بنزے ڈرین۔ گلوٹامک ایسڈ۔ اٹروپین۔

کیفین۔ (کیفین سائٹراس۔ جوہر قہوہ)

۲۔ قوت بخش حیاتین۔ جیسے

ا۔ وٹامن بی۔ ب۔ رٹالین سیبا۔

قابض دماغ

یہ ادویات (بطور بنیادی تخدیر یا بے حسی) کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔

باربٹون کے بعض اشتقاقات

پنٹوتھل سوڈیم

دافع دورہ صرع

۱۔ باربٹون اشتقاقات

۲۔ برومائیڈس۔ ۳۔ ڈی سنٹوئن۔ ۴۔ فینی ٹون

دافع فشار دم اعلیٰ

۱۔ ابرے سولین۔ (۲) ری سپرین۔ (۳) ہیگزا میتھونیم برمائیڈ

(۴) ویری لائیڈ۔

دافع دردِ سر

۱۔ ایسپرین
۲۔ دافع بخار ادویات۔ جیسے
کوڈ فینا ئرین۔ اے پی سی پوڈر۔
(۳)۔ برومائیڈ۔ ۴۔ کیفین۔ ۵۔ ارگوٹامین۔

دافع درجہ حرارت اعلیٰ

(۱) ایسپرین (۲) فیناسیٹین (۳) اینٹی پائرین
(۴) کونین (۵) شراب (۶) سوڈا سیلی سلاس۔
(۷) انٹی بیوٹک ادویات۔

دافع حساسیت

(۱) بیناڈرل (۲) ایول۔ (۳) فنرگان۔
(۴) انٹی سٹین (۵) انکولان (۶) انتھی سان۔
(۷) ہسٹامین

دافع سُعال

(۱) کوڈین (۲) مارفین (۳) افیون
(۴) انٹی ہسٹامین ادویات۔
(۵) دافع سرایت ادویات۔

مُوسع عروق شعریہ

(۱) ایبنو فلین۔ (۲) بیلاڈونا اور اٹروپین۔
(۳) ایفیڈرین۔ (۴) اڈرے نالین۔
(۵) آیوڈائیڈس۔ (۶) نائٹرائیٹس۔

منفث بلغم

(۱) امونیم کلورائیڈ۔ (۲) آیوڈائیڈ۔
(۳) ٹرپن ہائیڈریٹ۔ (۴) اپے کا کوانا۔
(۵) ٹارٹار ایمیٹک۔

دافع عفونت ریہ

(۱) آریومائی سین۔ (۲) اسٹرپٹو مائی سین
(۳) سلفا ادویات۔ (۴) ٹیرامائی سین

مُحرّک تنفس

(۱) کورامین۔ (۲) اٹروپین۔ (۳) کیفین۔
(۴) کارڈیازول

متعادل نظریہ

Neutralism.

جب کوئی دوا اپنے مقابل اثر سے ٹکرا کر دوسرا اثر پیدا کر دیتی ہے۔ اور اس طرح ردِ عمل پیدا ہونے سے جو تاثیر پیدا ہو جاتی ہے وہ متعادل کہلاتی ہے جیسے بسوڈا بائی کارب اور سائٹرک ایسڈ کو ملانے سے جھاگ اٹھنے لگتے ہیں۔ آج کل کسی دوا کے اثر کو متعادل کرنے والی بہت سی ادویات استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً

(۱) ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ کا متعادل فینو باربٹون ہے۔

فینو باربٹون ایک ایسی دوا ہے جو محرک منوّمی اور مسکّن الم ادویات کے ساتھ شریک کی جاتی ہے اور بہترین اثر آفرین انجمن بناتی ہے۔ اس کے بارے میں دیکھئے ہماری کتاب (فینو باربٹون سے علاج)

متخالف نظریہ

Antagonism.

جب کوئی دوا کسی مرض میں کسی دوسری مخالف اثر دوا کے استعمال کی جاتی ہے تو اس سے پیدا ہونے والی متضاد کیفیت کو تخالف یا تناقص کہتے ہیں۔ جیسے

فینو باربٹون کا متخالف ایمونیم برومائیڈ ہے ہم نے اس نسخہ جات کی کتاب میں متوازن نسخہ جات پر کافی بحث کی ہے۔

متوازن مرکّب

Balanced Combination.

وہ مرکّب ادویات کا نسخہ جس میں دو یا دو سے زیادہ اجزا مل کر طبعی طور پر دافع مرض اثر کرتے ہیں۔ متوازن کہلاتا ہے جیسے

ا۔ حیاتین و انٹی بیوٹک ادویات کا مرکب۔

ب۔ حیاتین و ہارمون کا مرکب

ج۔ مسکّن الم اور حیاتین کا مرکب۔

اس کتاب میں نسخہ جات کے انتخاب میں ماہرین علم تاثیر و علم شفابخشی کے تجربات کے تحت مرکبات کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور وہی مروجہ نسخہ جات پیش کئے گئے ہیں جن کا توازن درست ہے۔ اور جن کی اہمیت مسلّم ہے۔

مرکّب در مرکّب نظریہ

Combination Theory

عام طور پر دوا ساز ادارے کئی ادویات کو ملا کر ایک منفرد اکائی (UNIT) مرکّب بنا دیتے ہیں۔ اور اس کو بطور خاص دوا کے پیش کرتے ہیں جیسے بی جی فاس وغیرہ۔ جو گلائسرو فاسفیٹ اور وٹامن بی کمپلیکس اور بی ۱۲ کا مرکب ہے۔ اس کے ساتھ بھی ہم اور کئی ادویات شامل کر سکتے ہیں جیسے وٹامن سی اور فینو باربٹون وغیرہ۔ ایسے مرکّب نسخوں کو ہم مرکّب در مرکّب نسخہ جات کہہ سکتے ہیں۔ آج کل بہت سے مشہور ڈاکٹر اس طریقہ علاج پہ عمل پیرا ہیں اور انہوں نے اس علاج بالمرکّب کو بہت ہی پسند فرمایا ہے۔

علاوہ ازیں بعض اوقات ایک ہی تاثیر کی کئی ادویات شامل کر لیتے ہیں جیسے کھانسی کے شربت وغیرہ۔ کوسوم اور پریا ٹان سیرپ ٹولو ایک ہی مرکّب میں پیش کئے جا سکتے ہیں۔

باب (۲)

متوازن مرکبات

BALANCED COMBINATION.

تمہید

جدید طب نے مفرد ادویات کے استعمال پہ بہت زور دیا ہے اور علم تاثیر و شفابخشی کے لحاظ سے مفرد ادویات کی بڑی اہمیت ہے لیکن گذشتہ زمانہ میں پیراما ئی سین اور کرومائی سین بطور دافع جراثیم استعمال کی جاتی تھیں لیکن تجربات سے معلوم ہوا کہ ان کے استعمال سے آنتوں کے طبعی جراثیم بھی ہلاک ہو جاتے ہیں۔ اس لئے جلد ہی ماہر ڈاکٹروں نے اس طرف توجہ دی اور ان موثر ادویات کے ہمراہ وٹامن کے مرکبات ملانا شروع کر دیا۔ اور اب یہ مرکبات حیاتین کے اضافہ کے ساتھ دستیاب ہوتے ہیں۔ اسی طرح پہلے ایسپرین بطور دافع درد اکیلی استعمال کی جاتی تھی اور اس سے خراش معدہ پر ورم ہین کی خامی پیدا ہونے کا بڑا ڈر رہتا تھا۔ لیکن اب اس کو وٹامن سی ہو یا بلیو ڈرو کس کے ساتھ استعمال کرنے سے کوئی مضر اثر کا خطرہ نہیں رہا۔

دراصل علاج بالمرکب کے رائج ہونے کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ بعض پیچیدہ سرائتوں وامراض میں بھی مشترک امراض و علامات پائی جاتی ہیں جکو علاج بالمرکب آسانی سے قلع قمع کر دیتے ہیں۔ اور حالت مرض اتنی خوفناک ہوتی ہے کہ ہم کوئی مفرد دوا بغیر تعاون دوا کے استعمال نہیں کر سکتے۔ اب جدید طب کے مستحکم نظریات یعنی سرایت حیاتین خامی ہارمون توازن کا خلل اور حساسیت کے پورے طور پر افشاں ہو جانے سے اس نظریہ کو مزید تقویت مل گئی ہے۔ اور ماہرین طب کی پوری توجہ علاج بالمرکب پر ہی مرکوز ہو گئی ہے۔

وہ مرکبات جن کو ہم دوا کی حیثیت کے لحاظ سے ترتیب دیتے ہیں اب ختم ہوتے جا رہے ہیں۔ جیسے قرابادینی مرکبات مثلاً ٹنکچرس۔ اسپرٹس۔ مراہم۔ مکسچرز وغیرہ۔ اب ان کے بجائے جدید ادویات کے مرکبات زور پکڑتے جا رہے ہیں۔ جیسے

مسکن الم اور منوم مرکب، ایسپرین۔ فینو باربٹون۔
مسکن الم حیاتین مرکب، ایسپرین وٹامن بی ۱۔
ایسپرین وٹامن سی۔
ہارمون وحیاتین مرکب، جیریاٹون کیپ شول
انٹی بائیوٹک حیاتین مرکب، اکرومائیسین ایس ڈی۔
ٹیرامائیسین ایس ایف
انٹی ہسٹامین مسکن الم مرکب، کوری سیڈین

سلفادویات + انٹی بائیوٹک مرکب
آکرومائی سین سلفا۔
یہ مرکبات تو بطور مثال پیش کئے گئے ۔
ہیں۔ ہم نے اس کتاب میں تاثیرات کے لحاظ سے
بہت سے متوازن مرکبات کر دیئے ہیں جو اردو
حروف تہجی کے لحاظ سے درج کئے گئے ہیں۔

جدید ڈاکٹری نسخہ جات

یا

علاج بالمرکبات

آبلہ انگیز مرکب

Vesicant.

ہو الشافی

کروٹن آئیل	۲۰ قطرے
پستہ کا تیل	۲۰ قطرے

دونوں کو باہم ملاکر ایک شیشی میں بھر کر رکھئے۔
اس میں ایک پھریری بھر کر جلد پہ لگا دیجئے۔
یہ آبلہ اٹھانے والا مرکب ہے۔ جو جلق کے
مریض کے لئے بہت مفید ہے۔ اس سے آبلے سے
پڑ جاتے ہیں۔ اور عضو تناسل کا بیکار پانی دور ہو جاتا
ہے۔ اگر اس کا پھیلاؤ ہو کر سرایت پھیل جائے تو
پلی سلین مرہم لگا کر دور کیجئے۔ اگر اس سے بھی دو
لانوی قضیب دور نہ ہو تو پیپر ملن مرہم لگائیے۔
یہ قضیب کی رگوں کے اذیا کو دور کر دیتا ہے
اور اس طرح قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے۔

ترشہ انگیز مرکب

Acidifying.

ھوالشافی

ایمونیم کلورائیڈ	۲۰ گرین	
کلوریس اکسٹرکٹ واکسٹرکٹ گلائسرائزیا	۱۰ قطرے	
ٹنکچر کارڈمم کمپونڈ	۱ اونس	

یہ مکسچر بنا لیا جائے۔ اس میں سے نصف اونس پانی کے ہمراہ دیا جائے۔

یہ ترشی پیدا کرتا ہے۔ اور بلغم کو بھی خارج کرتا ہے۔ مزید براں احتباس حیض (رُکے ہوئے حیض) کو جاری کرتا ہے۔ اور یہ جسم کے اندر سے خون کی گٹھلی کو بھی خارج کر دیتا ہے۔ اور کھانسی کو دبانے کے لئے بہت مفید ہے۔ لیکن اس سے خراش معدہ اور دردرت پیدا ہو جاتے ہیں۔ یہ آمیزہ مدر بول بھی ہے اور اس وجہ سے پارہ کا مرکب استعمال کرنے سے قبل بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ آمیزہ نیشنل فارمولری اور قرابادین امریکہ میں بھی درج ہے۔

تلخ مقوی مرکب

Bitter Tonic.

ھوالشافی

انفیوزن جنشن کمپونڈ	½ اونس
سوڈا بائی کارب	۵ اونس
پانی	۱ اونس

ان سب کو ملا کر مکسچر (آمیزہ) بنا لیا جائے اور یہ صبح و شام قبل از طعام پلایا جائے یہ ایک تلخ مقوی آمیزہ ہے۔ یہ قوت اشتہاد (بھوک لگانے) کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن اب اس کے بجائے بی جی فاس انگزیا استعمال کی جاتی ہے۔ یہ آمیزہ بطور ہاضم طعام مفید ہے۔ اور معدہ کے رس کو بڑھاتا ہے۔ اور خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے نفسیانی افراز بڑھانے کے کام آسکتا ہے۔ اور مقوی تلخ کے لئے اس آمیزہ کا خوشگوار ہونا ضروری ہے۔ اس کے ہمراہ کونین، ٹنکچر ، ہیوسکینں بھی معمولی مقدار میں استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ ان سے اس آمیزہ میں اثر آفرینی پیدا ہو جاتی ہے۔ بہرکیف یہ آمیزہ معدہ کی خراش اور بیش ترشی حالت میں اچھا نہیں ہے۔ اور معمولی قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔

جاذب رطوبت مرکب

Adsorbent.

ھوالشافی

چارکول (کوئلہ پسا ہوا)	۲۰ گرین
پیک ٹین	۱۰ گرین
بسمتھ کارب	۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر بنا لیجئے۔ اور تھوڑے سے پانی کے ہمراہ کھلا دیجئے۔

یہ دافع عفونت امعاء اور حابس رطوبت پوڈر ہے۔ جو سوء ہضم خمیری سوء ہضم گندہ سوء ہضم اور التہاب امعاء، اعضاء ہضم کے خلل میں اور بچوں کے دستوں میں، غذا کے زہریلے پن میں اور طبل شکم میں بطور جاذب رطوبت وافر، معدہ سوکھانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں چارکول تو جاذب رطوبت قوت رکھتا ہے اور نفخ شکم و سوء ہضم میں گیس ریاح کو دور کرتا ہے۔ اور کھار دار اشیاء کے زہریلے اثر کو زائل کرتا ہے، نباتاتی زہروں کو خون کے اندر پہنچنے سے روکتا ہے اور پیکٹین بھی حابس رطوبت امعاء ہے۔ اور حابس اسہال ہے۔ اور یہ سیب کے چھلکے کا جوہر ہے۔ جو دستوں کے علاج میں ایک موثر دوا ہے۔ لیکن آج کل اس کا استعمال مرتب تسمم امعاء دور کرنے کے لئے خاص ہے۔ اور اسہال کے خلل تو کیمیاوی علاج سے درست کیا جاتا ہے۔ یہ مرکب نسخہ کا زبر تین نام سے سیپلانے شکر غلاف دار ٹکیوں کی شکل میں پیش کیا ہے۔

حابس امعاء مرکب

Intestinal Astrigent.

ہوالشافی

کےاولین	۱۰ گرین
سلفاگوےنڈین	۷½ گرین
پیکٹین	۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر یہ بنا دیجئے۔ اور روزانہ تین بار دیجئے۔

یہ ایک سلفاء دافع اسہال مرکب ہے۔ جو آنتوں سے رطوبت جذب کرتا ہے اور عفونت کو دور کرتا ہے اور اس طرح اسہال کو روکتا ہے سوء ہضم بچوں میں، عصیا دی پیچش، التہاب قولون و امعاء میں مفید ہے۔

Reastop capsules Elixir

۱۔ حابس الدم مرکب

Haemostatic Styptic.

ہوالشافی

وٹامن سی (اسیلین)	۱۰۰ ملی گرام
وٹامن کے (اسٹیکاوٹ)	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ ایک حیاتین مرکب ہے۔ جو خون میں پروتھرومبین خامی کو پورا کرتا ہے اور اس لئے یہ جگر کے امراض میں نزفی رجحان کو کم کرتا ہے اور غیر طبعی جریان خون کو روکتا ہے۔ اور آنتوں سے خون جانا، رحم سے خون جانا، سوڑھوں سے خون جانا، جلد پر سرخ دھبے سے پڑنا اور ناک سے خون جانا کے لئے مفید ہے۔ یہ مرکب بازار میں اسٹیلی سین ساختہ ای مرک بہ شکل ٹکیہ بھی دستیاب ہوتا ہے۔ یہ عام طور پر معمولی نزفی رجحان کو ہی کم کرتا ہے لیکن شدید سیلان خون میں دافع سرایت

معالجہ اور کلاڈوڈن دردن عضلاتی راہ سے اشراب کرنا بھی ضروری ہوتا ہے۔ اور مقامی طور پر کوئی حابس الدم دوا استعمال کرنا چاہیئے۔

ہوالشافی

گلاڈوڈن	انگیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک بہترین حابس الدم (خون روکنے والی) دوا ہے۔ جو نکسیر، آنتوں سے جریان پھیپھڑے سے خون جانا (نفث الدم) (تپ دق۔ اسہال) میں خون تھوکنا۔ اور اندرونی اعضاء کے نزف الدم کے لئے حابس الدم ہے۔ یہ دوا مانع نزف اثر کرتی ہے۔ اور اس لئے حادثاتی نزف میں بہت موثر ہے۔ لیکن عظیم نزف کا علاج تصفیق الدم ہے۔

نمبر ۱۰ ہوالشافی

وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
ریبوٹن (اے ایچ)	۱۰۰ ملی گرام
ایسے ٹومینا فتھون	۱۰ ملی گرام

ان تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے وقت ضرورت پانی کے ہمراہ دیجئے۔

اس میں وٹامن سی اور ایسے ٹومینا فتھون ایکسی لن اور گلیکسو کی تیار کردہ لیجئے۔ اور ریبوٹن ایلین ہنبریز لنڈن کی لیجئے۔ یہ مرکب خون کا جاؤ انجماد کرتا ہے۔ اور نزفی امراض مثلاً نکسیر۔ نزف الدم نزف از رحم۔ نفث الدم۔ آنکھوں میں خون کا چھلکنا۔ اور نوزائیدہ بچہ کے نزفی مرض میں بہت موثر ہے۔ یہ نسخہ تین حیاتین سے مرکب ہے۔ اور خون کے سیلان کو روکنے کے لئے مفید و موثر ہے

حیات افزا مرکب

Vitalising.

ہوالشافی

میتھل ٹیس ٹوسٹیرون	۵ ملی گرام
ایتھنائل آسٹراڈیول	۰۱ ملی گرام
وٹامن بی ۱	۱۲ر۵ ملی گرام
وٹامن بی ۲	۲ ملی گرام
وٹامن بی ۶	۲ ملی گرام
وٹامن بی ۱۲	۵ مائکرو گرام
وٹامن سی	۵۰ ملی گرام
وٹامن ڈی	۱۰۰۰ انٹرنیشنل یونٹس
فولک ایسڈ	۱ ملی گرام
نکوٹینامائیڈ	۲۰ ملی گرام
کیلسیم پانٹوتھینیٹ	۲ ملی گرام
کیلسیم فاسفیٹ	۵ ملی گرام
لیسی تھین	۱۰ ملی گرام

ان سب ادویات کو عمدہ دوا ساز فرم سے حاصل کیجیے اور سب کو ملا کر ایک کیپ سُول میں بھر لیجیے۔

یہ ہارمون، وٹامن اور کیلسیم وجوہر بیضہ مرغ کا مرکب ہے۔ جو حیات افروز اور نشاط انگیز ہے۔ اور اس لئے قبل از وقت بوڑھاپے کو روکتا ہے۔ قوت مردانہ کے گراؤ کو سنبھالتا ہے۔ اور عام انسانی جسم کو قوت، نشاط و حیات عطا کرتا ہے۔ اور مختلف نظام مثلاً عصبی، عضلاتی دوران و عضو تناسل پر کافی اثر انداز ہوتا ہے۔

ہر کیف یہ مرکب محافظ صحت ہے۔ جذباتی تحریک کو اُبھارتا اور غذائی کمزوری کو دُور کرتا ہے۔ اور شہوت کو بڑھاتا ہے۔ یہ مرکب مردوں، عورتوں اور بوڑھوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ ایک بہترین شباب آور ہے۔

نوٹ:- اس مرکب کے اجزا حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہارمون مرکبات مثلاً ۱، ۲، دوا فوبیا کی تیار کردہ بہ شکل ٹکیہ تلاش کیجیے۔ اور وٹامن کیلئے روشن کی تیار کردہ ملٹی وٹامن ٹکیہ لیجیے۔ اور وٹامن بی ۱۲ اور فولک ایسڈ لیڈرلے لیبورٹریز کا لیجئے۔ لیسی تھین جو انڈے کی زردی کا جوہر ہے کسی عمدہ دوا ساز کا لیجیے۔ اس طرح یہ مرکب ذرا سی ہوشیاری سے تیار ہو جائے گا۔ اور بہت ہی موثر ثابت ہو گا۔

خراش آور مرکب

Irritant.

ہو الشافی

ٹنکچر آیوڈین	۲۰ قطرے
روغن کنجد	۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر ایک پھریری سے لگائیے۔

یہ دافع عفونت، محلل اورام مرکب ہے۔ جو متعدد التہابی مزمن اورام پر لگایا جا سکتا ہے یہ معمولی جلد کی خراش پیدا کر کے تحت جلد بافتوں میں کسی قدر استلا پیدا کر دیتا ہے۔ اور اسی طرح ترادش کو چوس لیتا ہے۔ اور گہری بافتوں پر اثر انداز ہوتا ہے یہ مرکب حرارت کا احساس اور خراش پیدا کرتا ہے۔ اس لئے چوٹ کے ورم کو تحلیل کر دیتا ہے۔

خون آفریں مرکب

Hematic. ۱۹-۲-۲۰

ہو الشافی

میکرا فولین گلیکسو		۱ ٹکیہ
وٹامن سی اسپین	۱۰۰	ملی گرام کی ٹکیہ
فرسیلیٹ گلیکسو		۱ ٹکیہ

تینوں کو ایک ساتھ ملائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجیے۔

یہ حیاتین فولک ایسڈ اور فولاد کا بہترین مرکب ہے۔ جو نہایت سریع الاثر خون آفریں دوا ہے۔

یہ فقر الدم کی بعض اقسام مثلاً میکروسائی ٹک انیمیا، مکروسائی ٹک فقر الدم اور اخضریت امیلا چہرہ ہونا، حاملہ کے خون کی کمی اور حیض کی افراط کے سبب خون کی کمی کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔

یہ فقر الدم سے پیدا شدہ حالات مثلاً کمزوری۔ فولاد کی خامی، غذائی خامی، حیاتین کی خامی اور عام کمزوری کیلئے بھی بہت موثر ہے۔ یہ مرکب بازار میں زبراگران کیپ شول ساختہ اسکوئب نام سے بھی دستیاب ہو سکتا ہے۔ اور یہ غذائی خسران و نقصان کے لئے بھی بہت مفید دوا ہے۔

عدد ۲ ھُوالشافی

فیرس سلفیٹ	۳ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
ایسے ٹومینا فتھین	۲ ملی گرام کی ٹکیہ

دکیپی نن (ورل)

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر یہ بنا لیجئے اور دو بارہ دیجئے۔ یہ آئرن، فولاد، وحیاتین سی اور حیاتین کے کا مرکب ہے۔ جو ایک جدید خون آفرین دوا ہے۔ یہ فولاد کا انجذاب کرنے اور اس کو سریع الاثر بنانے کے لئے بہت ہی خوب ہے۔

یہ معدہ و ہضم کے خلل پیدا کرنے سے مبرا ہے۔

اور یہ مرکب بازار میں "نفرٹیبس" ساختہ بی ڈی ایچ نام سے بھی دستیاب ہوتا ہے۔ یہ مرکب ہیموگلوبین کو بڑھاتا اور جسم میں فولاد کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ ہائپوکرومک مکروسائی ٹک انیمیا میں ایک حیرت انگیز دوا ہے۔

اس سے قوت ہاضمہ بڑھتی ہے اور وزن جسمانی زیادہ ہونے لگتا ہے یہ جلد کی رنگت کو سرخ کر دیتا ہے۔ بڑھی ہوئی تلی کو بھی گھٹا دیتی ہے اور رکنگوا خون کو طبعی حالت میں کر دیتی ہے۔

یہ فقر الدم۔ نزف الدم سے فقر الدم حیض کی زیادتی سے فقر الدم نکسیر، نزف از امعاء سے فقر الدم کے لئے بھی بہت موثر ہے۔

عدد ۳ ھُوالشافی

وٹامن بی کمپلیکس و وبی ۱۲ (گلیکسو)	ایک ٹکیہ
سیلن گلیکسو	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر یہ بنا لیجئے اور دن میں تین بار دیجئے۔

یہ حیاتین ب و ب مخلوطیہ و ب ۱۲ و حیاتین ج کا مرکب ہے جو شفا بخش عوامل کا ایک اہم مجموعہ ہے۔

یہ بہت سے امراض سے پیدا شدہ کمزوری مثلاً منہ، زبان اور حلق کی سرایت سے کمزوری قے اور دستوں سے پیدا شدہ کمزوری کیلئے بھی مفید ہے۔ اور بطور ایک عام مقوی کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ بی جی فاس الگزر اور ملٹی سیبرین ٹلی اور یقیر اگر ان وائی ٹکنا کیپ شول بھی بطور مقوی استعمال کئے جا سکتے ہیں۔

دافع اذیما مرکب

Anti-Oedema.

ہوالشافی

ایول (دہوجسیرہ)		۱ ٹکیہ
انکولان		½ ٹکیہ
گلوکوز (شکر ودودھ)		۵ گرین

سب کو باہم ملاکر تین مساوی حصوں میں تقسیم کرلیجئے اور دن میں تین بار دیجئے۔

یہ دافع حساسیت مرکب عروقی عصبی اذیما ارگوں پھوڑوں کی جیم جھراہٹ کے لئے موثر ہے۔ اور ساتھ ہی اچھلنا حساسیت جلد اور ہیجان کو دور کرتا ہے۔ اور بستری کی خراش کو بھی ختم کرتا ہے۔ ایک اثر آفریں دافع اذیما مرکب ہے۔

ہوالشافی ۲

فینو باربی ٹون سوڈیم		½ گرین
ایمنو فائلین		۱ ٹکیہ
ایلبو ڈرودکس		½ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملاکر دو پوڑیاں بنایئے اور حسب ضرورت پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ مسکن، مدر بول، دافع تشنج معدہ اور مسکن اجزاء کا مرکب ہے۔ جو دل کے اذیما کے لئے مفید ہے۔ پیشاب آنے سے دل کا ورم کم ہو جاتا ہے۔

۳ ہوالشافی

سکروز		۵ گرین
گلوکوز		۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور ایسی چھ پوڑیاں روزانہ دیجئے۔ یہ دماغی اذیما کو کم کرتا ہے اگر اس سے آرام نہ ہو تو دو دن ورید کی راہ سے گلوکوز کا انشراب کیجئے۔

۴ ہوالشافی

لینوکسین (بی ویلکم)		۴ ٹکیہ
گلوکوز		۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر دن میں دو بار دیجئے۔

یہ قلبی، دماغی، ریوی اور جسمانی اذیما کے لئے ایک خاص دوا ہے۔ اور جلندھر میں بھی مفید ہے۔

دافع آتشک مرکب

Anti-Luetic

ہوالشافی

وائیوپین (ڈی دی اے فنف)		۱ ٹکیہ
سلفاڈایازین		۱ ٹکیہ
سلفامیزاتھین		۱ ٹکیہ

تینوں ٹکیوں کو باہم پیس کر دو پوڑیاں بنالیجئے۔ اور دس دن تک روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ ایک انٹی بیوٹک سلفا مرکب ہے جس
میں اوّل الذکر دوا تو ایک دافع جراثیم دوا ہے۔
جو آتشک کے ابتدائی درجہ میں بہت موثر ہے۔
معالجہ آتشک (سلفو تھراپی) میں استعمال
کی جانے والی ادویات میں سب سے
موثر سمجھی ہے لیکن دانہ آتشک یا باد فرنگ
آتشک کے بعض اہم ظواہر مثلاً اعضاء تناسل
پر آتشکی زخم ہونا جن میں جراثیم آتشک
(اسپروکیٹا پالیڈم) کا غلبہ ہونا کیلئے پینی سلین
بہت مفید ہے۔

یہ مرکب آتشک کے مریض میں معالجاتی
صدمہ پیدا نہیں کرتا اور نہ کوئی رد عمل ہی اٹھاتا
ہے۔ بلکہ رفتہ رفتہ مرض کے پھیلاؤ کو کم کر دیتا ہے
اگر اس سے دس دن تک فائدہ معلوم نہ ہو تو
زبردست دافع آتشک دوا اپلینی ڈیوڈ لگاؤ روزانہ
عضلاتی راہ سے ہفتہ وار انجکشن لگائیے۔

در اصل یہ مرکب سوزاک، آتشک،
باد فرنگ، غلطامیہ آتشک، سان کے دانہ دار
زخم میں بہت ہی مفید ہے۔ اور آتشکی سرسام
میں تو ایک لاجواب دوا ہے اور عصبی آتشک
قبل از ولادت آتشک، شلل نتا ہٹ میں
بھی مفید ہے۔

مزید دیکھئے

دافع آتشک

Spirocheticidal.

دافع آشوب چشم مرکب

Anti-Ophthalmic.

ہو الشافی

سلفا سیٹا مائیڈ سوڈیم سولیوشن
(الوکیولا) یا آئی مائیڈ

یہ محلول آنکھوں میں ٹپکانے سے آنکھوں کا
التہاب کم ہونے لگتا ہے۔ اور براہ دہن ٹیرامائی سین
کیپسول دیا جا سکتا ہے۔ اور اگر یہ گراں قیمت
ہو تو سلفا میرازین ٹکیہ براہ دہن دیجئے۔

دافع اسقربوط مرکب

Anti-Scorbutic.

ہو الشافی

۱ وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
۲ ڈیکسٹروسول گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔ اور دن میں
تین بار دیجئے۔

یہ حیاتین ج کا مرکب دارالخنزر کا علاج ہے۔ اور
اس کے استعمال سے مسوڑھوں سے خون بہنا، ورم
سرخی دور ہو جاتی ہے۔ اور حیاتین سی کی خامی بھی
دور ہو جاتی ہے۔ جوڑوں کی خراش و سختی بھی کم ہو
جاتی ہے۔ خستہ دانت بھی درست ہونے لگتے ہیں

دافع اختناق الرحم مرکب

Anti-Hysteric

ہُوالشافی

لیمونسال سوڈیم (Luminal Sodium)	½ گرین
ملتان لیڈرلے (Miltan)	½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ایک مسکن جذبات متوازن جذبات اور دافع تشویش مرکب ہے۔ جو عصبی تشویش حیض کی دشواری انقباض، دردِ سر اور دیگر ہسٹریائی علامتوں کو ماند کر دیتا ہے۔ یہ منوم اور سرخی عضلہ بھی ہے۔

1. Bromide Mixture
2. Bromovalerian

دافع ادرار بول مرکب

Anti-Diuretic.

ہوالشافی

ٹنکچر بیلاڈونا	۱۰ قطرے
پانی	۱ اونس

اس میں سے ½ اونس رات کو دیجئے۔

یہ ایک دافع بول فی الفراش ہے۔ اور وہ پیشاب کے زیادہ افراز کو کم کرتا ہے۔ اور اسلئے بچوں کا رات کو پیشاب کر دینا اور بوڑھوں میں کثرت پیشاب ہونا کے لئے مفید ہے۔ اور عام ادرار بول کو روکنے کے لئے پروسٹیٹ غدودی کنسٹرکٹ دورن عضلاتی راہ سے موثر ہے۔ اور بعض اوقات

بچوں میں مثانہ کو کنٹرول کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نسخہ بہت مفید ہے۔

② ہُوالشافی

۱ میتھیڈرین	۱ ٹکیہ (½ گرین)
۲ فینوباربیٹون سوڈیم	۱ گرین

اس کی دو پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ سوتے وقت ایک پوڑیہ دیجئے۔

یہ محرک اور مسکن اعصاب ادویات کا مرکب ہے۔ اور عصبی خلل کے سبب خراط بول میں زیادہ موثر ہے۔ یہ مثانہ کے بوجھ کو متوازن کر دیتی ہے۔

دافع اسقاط حمل مرکب

Anti-Abortion

ہوالشافی

اسٹی بائسٹرول	۵ ملی گرام
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲	۱ ٹکیہ
گلوکوز	حسب ضرورت

تینوں کو باہم ملاکر دو پوڑیاں بنائیے۔ روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ مرکب نسخہ عورتوں میں عادتی اسقاط حمل یا بار بار حمل گرنا کو روکتا ہے۔ جنین کو تندرست رکھتا ہے۔ اور بہ آسانی بچہ کی ولادت کرتا ہے۔ حاملہ عورت پر کوئی برا اثر نمودار نہیں ہوتا۔ اگر زیادہ مقدار میں دینے سے جسم میں گرمی یا تمتماہٹ سی

معلوم ہو تو اس کی مقدار کم کی جاسکتی ہے۔
بہر کیف یہ نسخہ محافظ حمل۔ مانع اسقاط حمل اور معین حمل ہے۔ جملہ رحمی امراض کیلئے بہت ہی مفید ہے۔

دافع اسہال مرکب

Anti Diarrheos.

۱ ھو الشافی

ثقالازول	۱ ٹکیہ
کلورم فینی کول	۷۵۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنا لیجئے۔ اور ۱ پڑیا صبح و شام دیجئے۔
یہ سلفا انٹی بائیوٹک مرکب ہے اس میں اوّل الذکر دوا آنتوں کی جراثیمی سرایت پر قابو کرلیتی ہے۔ اور بچوں کے اسہال میں بہت موثر ثابت ہوتی ہے۔ اور اس میں کلورم فینی کول کا اضافہ زود اثر پیدا کرنے کے لئے ہے جو میعادی بخار کے دستوں کے لئے بہت موثر ہے۔ اسلئے یہ مرکب نسخہ اسہال اطفال، خونی آفرین اسہال۔ تپ محرقہ کے اسہال، التہاب درون امعاء کے اسہال۔ جراثیم ٹائیفائیڈ کے سبب اسہال کے لئے بہت ہی موثر ہے۔ مزید براں اسہال کے فوری کنٹرول کے لئے ایک ایسا ہی مرکب یونی کم لیبوریٹریز نے یونی مائی سین نیو مائی سین کمپونڈ پیش کیا ہے۔ جو دافع سرایت دافع عفونت

اور جاذب رطوبت امعاء ہے۔

---

۲ ھو الشافی

بے سی ٹریسین	۵ ہزار یونٹ
اسٹرپٹومائی سین	۱۲۵ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک کیپ شول میں بھر لیجئے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔
یہ دوا انٹی بائیوٹک ادویات کا مرکب ہے۔ جو زحیر کے سبب اسہال میں موثر ہے۔ اور آنتوں کی سرایتوں میں ایک مفید دوا ہے۔ یہ مرکب اسہال پیچش کے پرانے زخموں کو بھی مندمل کرتا ہے۔ اور بازار میں باسٹرے بے سین ساختہ گلیکسو نام سے ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتا ہے

---

(۳) ھو الشافی

کلورومائی سیٹین	۱ کیپ شول
اسٹرپٹومائی سین (گلیکسو)	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیہ بنا لیجئے۔ اور اس میں سے ایک پڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔
یہ ایک اثر آفریں انٹی بائیوٹک مرکب ہے جو آنتوں پہ دافع جراثیم اثر کرتا ہے۔ اور اسلئے ہیضہ کے اسہال، التہاب قولون کے اسہال کے لئے بہت ہی موثر ہے۔ یہ مرکب بازار میں کلورسٹرپ ساختہ پارک ڈیوس نام سے کیپ شول کی شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔

Chlorostrep Park Davis
Dimycin Glaxo

④ ہُوالشافی

سلفاگوے نڈین	۱ ٹکیہ
اسٹرپٹومائی سین	۱ ٹکیہ
کےاوسین	۱۰ گرین

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔
پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ انٹی بائیوٹک سلفامرکب ہے جو آنتوں کے جراثیم کے لئے فاتق ہے۔ اور اسلئے بچوں کے اسہال، موسم گرما کے اسہال، جراثیمی اسہال اور عفونتی اسہال کے لئے بہت ہی موثر ہے۔ عصیاوی زحیر کےلئے بھی مفید ہے۔ یہ گوئے نی ماسین ساختہ ایبن ہنبریز نام سے دستیاب ہوتا ہے

⑤ ہُوالشافی

کلوزرم فینی کول	۲۵۰ ملی گرام
تھالازول ایم بی	۷ ½ گرین
سلفامیزاتھین	۷ ½ گرین

تینوں کو باہم ملاکر دو پوڑیاں بنا لیجئے۔ اور ہر تیسرے گھنٹے دیجئے۔ یہ انٹی بائیوٹک سلفامرکب ہے۔ جو آنتوں کی سرائتوں میں موثر ہے

یہ مرکب درد بن امعاء التہاب، موسم گرما کے دست بچوں کے اسہال اور سوءِ ہضم (بدبودار یا عفونتی) اسہال کے لئے بھی موثر ہے۔ یہ مرکب سلفانائی سیٹین ساختہ لیپی ٹ نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

اس کے ہمراہ وٹامن بی کمپلیکس مع وٹامن بی ۱۲ ایک ٹکیہ براہِ دہن دی جاسکتی ہے۔

---

۶ ہُوالشافی

سلفاگوے نڈین	۱ ٹکیہ
سلفاڈایازین	۱ ٹکیہ
ارسٹامیڈ	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملاکر تین پوڑیہ بنالیجئے۔ اور ایک پوڑیہ ½ گلاس پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ تین سلفا ادویات کا مرکب ہے۔ جو اعضاء ہضم کی جراثیمی سرائتوں کے لئے ایک کم خرچ بالانشین علاج ہے۔ یہ موسم گرما کے اسہال اور غذائی تسمم کے اسہال روکنے کے لئے بہت موثر ہے۔

دافع التہاب و سرایت مرکب

Anti-Inflammatory and Infective.

ہُوالشافی

Cortisone eye ointment

ہائیڈرو کورٹی سون	۱۰ ملی گرام
نیومائی سین سلفیٹ	۵ ملی گرام
بے سی ٹرے سین	۲۵۰ یونٹس
ویسلین	۲ گرام

سب کو ملاکر آنکھوں کا مرہم بنالیجئے۔ روزانہ لگائیے۔

یہ مرکب دافع التہاب، دافع سرایت اور دافع دارالمفاصل ہے۔ ہارمون اور دافع خورد ادویات کا مرکب ہے۔ انٹی بائیوٹک صفات بھی رکھتا ہے اور دافع التہاب بھی۔ اس لئے بہت موثر دوا ہے۔ اور یہ مرہم بازار میں ہائیڈرو کورٹی سون فورٹی فائیڈ مرہم چشم ساختہ اسکوئب نام سے دستیاب ہوتا ہے

دافع التہاب عصب مرکب

Anti-Neuritic.

ہوالشافی

بیرن	۵۰ ملی گرام ✓
سیلین	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور دن میں تین بار دیجئے۔

یہ حیاتین ب مج کا مرکب ہے جو التہاب عصب کے لئے مغذی و حیات بخش ہے۔ یہ الکوحل کے سبب التہاب عصب حیاتین ب کی خامی کے سبب التہاب کو کم کرتا ہے۔ اور اعصاب کی تسکین کے لئے اس نسخہ میں فینو بار بٹون کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ اور اس کے علاوہ بطور مقوی اعصاب جرمنی کی تیار کردہ دوا سینے ٹوجن بماء ذہن دی جا سکتی ہے۔ یا فاسفو مین ساختہ اسکوئب اجار، کا چمچہ بھر دی جا سکتی ہے۔

دافع التہاب مفاصل مرکب

Anti-Rheumatic.

ہوالشافی

اوسے ڈرین	ا ٹکیہ
دٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور دن میں دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ مسکن الم۔ دافع التہاب اور دافع لجابہ حیاتین کا مرکب ہے۔ جو بہت سے التہابی امراض مثلاً درد عصب۔ درد گھٹیا، عرق النساء، التہاب رباط، التہاب مفصل، سختی گردن، درد کمر اور متعدد گٹھیائی حالتوں میں مفید ہے۔ ایک جدید قابل برداشت ہارمون الاثر مرکب ہے۔

---

۲ ہوالشافی

رائیڈوکسین اسکوئب	۴۰ ملی گرام
* سیلی سلامائیڈ (کلکتہ کیمیکل)	۱۳۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ دافع تشویش اور دافع گٹھیا ادویات کا مرکب ہے جو گٹھیا کے درد، کمر کے ہلکے درد۔ گردن کی سختی (تشنج العنق)، التہاب فائبرین اور بعض فشار دم اعلیٰ جیسے تشویش والے درد کے لئے مفید ہے۔

یہ مرکب بازار میں سالسرپ ساختہ جی ڈبلیو کارنک نام سے ٹکیہ کی شکل میں بھی دستیاب ہوتا ہے۔

۳ ہوالشافی

پیرا کورٹول۔(پی۔ڈی)	۵ ملی گرام
پرومائکول (ولیپی ٹٹ)	۴۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر دس پوڑیاں بنا لیجئے۔اور ایک پوڑیہ صبح و شام پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ہارمون و مسکن جذبات ادویات کا مرکب ہے۔اس میں اوّل الذکر دوا ایک جدید قوی التاثیر دافع گٹھیا دوا ہے۔جو ہائیڈرو کورٹی سون سے چار گنا قوی التاثیر ہے۔اور گٹھیائی بخار، گٹھیائی التہاب مفاصل اور دیگر کوئے جن امراض میں ایک مخصوص گراں قیمت دوا ہے۔

دوسری دوا امیپرو بامیٹ ہے جو ایک نفس و جسم کی مسکن دوا ہے۔اور اعصاب و عضلات کو ڈھیلا کر دیتی ہے۔اس لئے یہ مرکب التہاب مفصل کی متعدد حالتوں میں بہت ہی مفید ہے۔التہاب مفصل کی بے چینی حساسیت اور ورم کو دور کر دیتا ہے۔اور بہت ہی موثر ہے۔

۴ ہوالشافی

ڈاکورٹن (ای مرک)	۵ ملی گرام
اسپیرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

ان تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔

اور دن میں دو بار دیجئے۔

یہ بھی دافع التہاب مفاصل، دافع گٹھیا اور دافع بخار ہے۔اور ہارمون و حیاتین ج و مسکن الم ادویات کا مرکب ہے۔جو درد مفاصل، التہاب رباط، درد کمر اور کوئے جن امراض میں بہت ہی موثر واحد مرکب ہے۔

دافع التہاب مرکب

Anti-Inflammatory.

ہوالشافی

کلورم فلینی کول	ایک پ سول
پریڈنی سلون۔ Prednicort پریڈنی کورٹ	۵ ملی گرام کی ٹکیہ
ویسلین	½ اونس

پہلے تو کلورومائسیٹین (کلورم فینی کول) کا پوڈر باہر نکال لیجئے۔پھر اس میں پریڈنی سولون رڈاکورٹن ساختہ ای مرک) کی ٹکیہ سفوف کر لیجئے۔پھر یہ ایک سفوف بہترین ویسلین میں ملائیے۔اور اس طرح یہ ایک مرہم بن جائے گا۔یہ مرکب مرہم ایک دافع التہاب، دافع سرایت دافع حساسیت ہے۔اور اس لئے یہ مرہم اکزیما کی خراش جلد کی سرایت، جلد کی حساسیت یا خراش جلد میں استعمال کیا جاتا ہے۔یہ مرہم آنکھوں کی حساسیت، ورم، خراش، اور کھجلی میں بھی بہت موثر ہے

Avil Ointment
Anthisan ointment

دافع امراض کولیجن مرکب

Anti-Chologen.

ھُوالشافی

پریڈنی سولون میریڈنی کاربٹ ۵ ملی گرام
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
اسپرین ۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک کیپسول میں بھر کر دیجئے
یہ ایک ہارمون حیاتین مرکب ہے۔

جوڑوں کی الم اور دافع امراض کولیجن مثلاً گٹھیا زہبہ احمراری صلابت جلد وعضلہ کے لئے بہت ہی موثر ہے مزید برآں یہ مرکب درد کی حالتوں مثلاً درد عصب جسمانی درد، التہاب فقرات، درد گٹھیا کے لئے بھی موثر ہے۔ اور ٹیوجن ساختہ مرکب کے نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

۸ دافع انخفاض قلب

Anti-Depression.

ھُوالشافی

اسپرٹ امونیا ایرومیٹک ۱۰ قطرے
پانی ½ اونس
ٹنکچر کارڈمو ۵ قطرے

مکسچر بنایئے۔ اور فوراً تھوڑا تھوڑا دیجئے۔

یہ متعدد اسباب سے پیدا شدہ انقباض قلب مثلاً غشی۔ دل کے فعل کی ناکامی اور پست ماندہ حالت کو معمول پر لانے کے لئے بہت موثر ہے۔ یہ معدہ پر خراش آور اثر کر کے دل کو قوی کرتا ہے۔

دافع انخفاض مرکب

Anti-Depressive.

ھُوالشافی

رٹالین سیبا Ritalin ایک ٹکیہ
ڈیکسٹروز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ محرک اعصاب مرکب ہے جو نفسیاتی محرک بھی ہے۔ اور اسلئے تکان، کمزوری، انخفاض نفس (پستی نفس)، اور درماندگی نفس اور بجھی ہوئی حالت نفس میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مقوی اور محرک کے طور پر بھی کام کرتا ہے جسم کو قوت عطا کرتا، نشاط، مانع مسرت بڑھاتا اور تمام قویٰ کو طاقت بخشتا ہے۔

یہ مرکب تکان کی زیادتی سے تکلیف ہونا۔ جسم کا خستہ و پست ماندہ رہنا۔ ناطاقتی کے لئے بھی تجویز کیا جا سکتا ہے۔ یہ مرکب قوت حافظہ کی کمزوری۔ دماغی شرائین کی سختی و صلابت کے سبب نسیان اور نسیان میں ضعف مقدار میں دیا جا سکتا ہے۔

بہرکیف یہ ایک جدید مرکب ہے جو مقوی نفس و مقوی اعصاب اور محرک نفس ہے۔

نسخہ ۲ ھُوالشافی

ڈیگزے ڈرین	۵ ملی گرام
فینوباربٹون سوڈیم	½ گرین

دونوں کو باہم ملاکر دو پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک محرک و مسکن ادویات کا معتدل مرکب ہے۔ جو انقباض نفس و نفسی مرض کے بعض حالات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ نفسیاتی حرکت کی سستی اور دباؤ میں بھی مفید ہے۔ یہ تکان اور بے خوابی میں مفید ہو سکتا ہے۔ اس میں تشویش و اضطراب دُور کرنے کے لئے فینوباربٹون ہے جو بیخوابی کو بھی دُور کرتا ہے۔ اور یہ اہم مرکب کم ہمتی۔ مُردنی سے بھاگنا۔ اولوالعزمی کا نہ رہنا کام کرنے میں طبیعت نہ لگنا۔ قوت کا احساس نہ رہنا اور غشی رہنا کو دور کرتا ہے۔ بہر کیف یہ مرکب ڈری نامل نام سے بھی دستیاب ہوتا ہے۔

دافع انقباض ذہن مرکب

Anti-Mental Depression,

ھُوالشافی

سرپاسل سیبا	۵ ملی گرام
فینوباربٹون سوڈیم کارڈینال سوڈیم	۱۵ ملی گرام
وٹامن بی۱ (بیرن)	۵ ملی گرام
نکوٹینک ایسڈ	۱۵ ملی گرام

یہ سب ادویات ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوں گی۔ پہلی دوا ریسرپین ہے جو سیبا نے بہت عمدہ پیش کی ہے۔ دوسری مے اینڈ بیکر کی تیار کردہ ہے اور تیسری اور چوتھی دوا گلیکسو لیبوریٹریز نے پیش کی ہے۔ ان سب کو باہم ملاکر دو مساوی حصوں میں تقسیم کرکے دو پوڑیاں بنائیے۔

یہ ایک بہترین مسکن الم، دافع فشار دم اعلیٰ۔ دافع التہاب عصب اور مسکن دماغ مرکب ہے۔ جو اعصابی تشویش کے سبب بھوک نہ لگنا۔ عدم اشتہا، خاموشی یا اُداسی چہرہ پر چھانا۔ پرانے قبض، ذہنی دباؤ۔ آنتوں کی حرکت کی سستی کے لئے بہت موثر ہے۔

یہ مرکب دردِ اعصاب کے التہاب کو سکون دیتی اور اعصاب کے اینٹھن کو دُور کرتی ہے۔ دل کے عصبی امراض میں بھی مفید ہے اور مرض فشار دم اعلیٰ کے لئے بھی موثر ہے۔

بہرکیف السرول، حیاتین کا مرکب بہت ہی کثیر المقاصد ہے۔ اور ذہنی انتشار و اضطراب کو بھی دُور کرتا ہے۔

دافع باہ مرکب

Anti-Erotica.

ھُوالشافی

پوٹاسیم برومائیڈ	۵ گرین
فینو باربٹون سوڈیم	½ گرین
گلوکوز	۵ گرین

ان سب کو ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ سوتے وقت دیجیے۔

یہ منوم و مسکن مرکب ہے۔ جو قاطع باہ بھی ہے۔ اور عورتوں میں خواہش جماع کی زیادتی کو کم کرتا ہے۔ مردوں میں خواہش جماع کو سکون دیتا ہے۔ اور کثرتِ احتلام کو بھی روکتا ہے۔ قابض دماغ بھی ہے۔ اس لئے افراط شہوت کو کم کرتا ہے۔

دافع بدبو مرکب

Anti-Putrefactive.

ھُوالشافی

ٹنکچر مرتھیولیٹ	ہزار میں ایک حصہ کا ٹنکچر (للّی)
پانی	حسب ضرورت

پانی خوب ہلاکر کے استعمال کیا جائے

یہ کثیر المقاصد دافع عفونت محلول ہے جو غیر خراش آور۔ نسبتاً کم سے کم زہریلا اور موثر ہے۔ زخموں کی گندگی کو صاف کر دیتا ہے اور طبی آلات کی صفائی ہاتھوں کی صفائی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

دافع بخار مرکب

Anti-Pyretic.

ھُوالشافی

اسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنا لیجیے۔ اور بخار کے دوران میں بھی چار یا دو دو کے ہمراہ دیجیے۔ یہ مسکن الم اور دافع سرایت مرکب ہے۔ جو معمولی قسم کے بخار میں دافع درد اور دافع بخار کام کرتا ہے۔ نزلہ و زکام کے بخار، التہاب شعبہ کے بخار، درد سر معہ بخار اور دیگر عام حمیات کیلئے ایک عام کثیر المقاصد مرکب ہے۔ یہ پسینہ لاتا اور درد کو دور کرتا اور فوری سکون دیتا ہے لیکن اس سے بخار، درد میں کمی نہ ہو تو مندرجہ مرکب نسخہ دیا جاسکتا ہے۔

ھُوالشافی

کوڈو پائرین	۱ ٹکیہ
وٹامن سی اسیلین	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم پیس کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور

کسی مشروب مثلاً چار یا دُودھ کے ہمراہ دیجئے۔
یہ درجہ حرارت کو کم کرتا ہے۔ اور تحت عرشہ مرکز پر اثر کرتا ہے۔ اور معہ بخار، درد حیض معہ بخار، ملیریا معہ درد، اور دردِ زہ ولادت کے بعد درد، معہ بخار کے لئے بھی موثر ہے۔

---

(۳) ہوالشافی

۱ اے پی سی پوڈر، بوٹس، ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں ٹکیوں کو باہم پیس کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور چار کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔
یہ ایک دافع درد سر اور دافع عصبی درد مرکب ہے۔ جو دافع بخار بھی ہے۔ یہ بخار کی کسل مندی کو بھی دُور کرتا ہے اور نزلہ و زکام میں کسی دافع حساسیت مثلاً ٹرائی کلورمیٹن تھیرنگ ایک ٹکیہ کے ہمراہ بھی دیا جا سکتا ہے۔ اور یہ دافع زکام دوا کوری سیڈین نام سے دستیاب ہوتی ہے۔
نوٹ: بخار کے دیگر اسباب پر غور کرنا چاہیئے جساسیت دوا کا بخار مسکن الم ادویات سے بخار، پی اے ایس سے بخار، کونین سے بخار، اسٹرپٹومائی سین سے بخار سلفا ادویات سے بخار، تھیو رے سل سے بخار گٹھیائی بخار کا علاج دیکھئے متعلقہ عنوان۔

(۴) ہوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
بیرن ۵ گرین
گلوکوز ۵ گرین

ان سب کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی یا چار دُودھ کے ہمراہ دیجئے۔
یہ التہاب عصب معہ بخار کے لئے ایک عمدہ مرکب ہے جو بہت ہی موثر ہے۔

---

(۵) ہوالشافی

کونین سلفیٹ ۱۰ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
ایسپرین ۵ گرام

ان سب کو ملا کر ایک کیپ شول میں بھر لیجئے۔ اور ملیریا کے حملہ سے قبل دُودھ کے ہمراہ دیجئے۔
یہ حیاتین و مسکن الم مرکب بخار کو کم کرنے اور ملیریا کی شدت کم کرنے کے لئے موثر ہے۔

(۶) ہوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
سلفامیزاتھین ۷ ½ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر تین پوڑیاں بنائیے۔

---

*۔ متعدی اور ساری جمیات کے لئے دیکھئے۔ پینی سلین۔ سلفا مرکب۔
اوریئے مائی سین + اومنے سین انجکشن وغیرہ۔

TAB VAXIN

یہ بچوں کے لئے ایک خاص الخاص دافع سرایت دوا دافع بخار مرکب ہے۔ جو بچوں کے حمیات مثلاً وبائی اسہال سے بخار، ورم لوزتین، التہاب شعبہ (برانکائی ٹس) سے بخار چیچک۔ انفلوئنزا، خسرہ، اور کالی کھانسی سے بخار کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔

یہ مرکب وبائی حمیات کی سرایت کو کم کرتا ہے۔ اور ان سے پیدا شدہ بخار کو بھی رفع کرتا ہے۔ اور بچوں کے لئے ایک زبردست ارزاں مرکب ہے۔

TABS VAXIN

---

۷ ہوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
کلورم فینی کول
فورٹی فائیڈ ڈیومیکس اکیپ شول

ان تینوں ادویات کو ۱/۲ مساوی حصوں میں تقسیم کرکے پڑیہ یا بتاشہ میں رکھ کر کھلائیے۔ یہ ایک اینٹی بائیوٹک، دافع سرایت، دافع بخار مرکب ہے۔ جو میعادی بخار۔ ٹائیفائیڈ۔ موتی جھارا۔ اور بچوں کی بروسیلا سرایت کیلئے بہت موثر ہے۔ یہ دستوں کو روکتا، بخار کو کم کرتا ہے۔ درد کمر کو بھی فوری سکون دیتا ہے۔ اور بخار کی شدت سے پیدا شدہ اشتاری حالتوں کو قابو میں کر لیتا ہے۔

۸ ہوالشافی

امینو پائرین ۱۰، گرام
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ۱/۲ پڑیاں بنائیے۔ اور صبح و شام دیجئے۔

یہ ایک خطرناک درجہ حرارت کی تیزی کو کم کرتا ہے اور اس لئے لیوکیمیا۔ ہاجکن کے مرض، حرارت لگنا، مرکزی نظام کی ماؤفیت کے لئے مفید ہے۔ اور عفونت الدم میں بھی بہت زیادہ موثر ہے۔ جراثیمی التہاب درون قلب لمفوما کے سبب بخار کے لئے ایک جادو اثر دوا ہے۔

(گرولیین صاحب کا بیان)

دافع بیش رطوبت معدہ مرکب

Anti-Secretory.

ہوالشافی

پاسن (اپ جان) ۲۵ر۱ ملی گرام
فینوباربیٹون ۸ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنا لیجئے۔ اور دن میں دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ گرد مثانہ کی اعصاب اور سافرازوں رطوبت پر اثر کرنے والی دوا ہے۔ جو آنت کے زخم کے مریضوں میں درد کو فوراً روک

دیتی ہے۔ اور آنتوں کی حرکت کو بھی کم کر دیتی ہے۔
اور معدہ کے افراز کو بھی کم کر دیتی ہے۔
بہرکیف یہ مرکب درد و افراط رطوبت کو
سکون دینے کے لئے ایک موثر ہے۔ اور پامین
الگزر ساختہ آپ جان نام سے بھی دستیاب ہوتی ہے۔

دافع تپ محرقہ مرکّب

Anti-Typhoid.

ھُوالشافی

کلورم فینی کول فورٹی فائیڈ (ڈپومیکس)	ایک کیپ شول
ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

ان تینوں کو باہم ملاکر ایک کیپ شول
میں بھر لیجئے۔ اور روزانہ دو بار دیجئے۔

براڈ بائیوٹک وٹامنی مرکب ہے۔ جو
تپ محرقہ کے لئے مخصوص ہے۔ عام طور پر کلورومائی
سیٹین استعمال کیا جاتا ہے۔ جو مفرد دوا ہے۔
لیکن یہ مرکب نسخہ آنتوں میں حیاتین 'کے' کی خامی
پیدا نہیں ہونے [illegible] اور اس طرح تپ محرقہ کیلئے
بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔ تپ محرقہ کا مخصوص علاج
اور تدابیر علاج اور دستور علاج پر نظر رکھنی چاہئے۔
(دیکھئے تپ محرقہ کا علاج معہ علامات و
علاج)

دافع تخمیر مرکّب

Anti-Ferment. /

Festal

ھُوالشافی

لوئی زم یا لکبی زم	ٹکیہ

Enzyme

یہ ایک مرکب ٹکیہ ہے۔ جو انزائم سے تیار
کی گئی ہے۔ یہ جدید مرکب دافع تخمیر معدہ ہے۔
اور ہاضمہ کی تکالیف مثلاً غذا ہضم نہ ہونا۔ تخمیری
سوء ہضم، طبل شکم، نفخ شکم، دل کی بے چینی ہونا
سینہ بھاری ہونا۔ پیٹ ابھرنا کے لئے بہت
مفید ہے۔ بہرکیف یہ سبزیوں۔ گوشت وغیرہ کو
ہضم کر دیتا ہے۔ اور ہاضم طعام بھی ہے۔

دافع ترشی معدہ مرکّب

Anti-Acidity.

ھُوالشافی

سوڈا بائی کارب	۵ گرین
پیپر منٹ	$\frac{1}{8}$ گرین
آئیل آف جنجر	حسب ضرورت

سب کو ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔

یہ مرکب سوڈامنٹ نام سے بہت مشہور
ہے۔ اور اس لئے یہ ایک عام دوا ہے۔ جو جسم
ترشیت کو کم کرتی ہے اور کھٹی ڈکار آنا۔ سینہ پر
جلن کا احساس رہنا۔ آنتوں کے فعل کا خلل
کے لئے بہت موثر ہے۔ لیکن ڈاکٹر گرولین صاحب

Gelosil, Neutrodona tab.

نے مشورہ دیا ہے کہ کیلسیم کاربونیٹ بہت موثر دافع ترشی معدہ ہے۔۔ Neutradona tab

حال ہی میں جان وائتھ اینڈ برادرس لمیٹیڈ نے ایک خاص مرکب بیبیلاگ پیش کیا ہے جو دافع ترشی اور دافع تشنج امعاء ہے۔ جو عصبی سوء ہضم، آنتوں کی ترشی۔ بعض قرحہ ترش سوء ہضم، امعاء کے درد اور بے چینی کے لئے بہت مفید ہے۔ ایک ٹکیہ پانی کے ہمراہ دی جا سکتی ہے۔

دافع تشنج مرکب

Anti-Spasmodic. ۴۰

ہوالشافی

بارڈینز لکوڈ	۱/۲ سی سی
بی جی فاس الگزر	۱/۲ سی سی

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ صبح و شام دیجئے۔

ر یہ دافع تشنج اور ہاضم طعام و حیاتین کا مرکب ہے جو تشنج کو سکون دیتا ہے عصبی تناؤ کو ڈھیلا کر دیتا ہے اور نشاستہ کی گٹھلی کو بھی پتلا کر کے ہضم کر دیتا ہے۔ اس میں آنتوں کے تشنج کے لئے بیلاڈونا کا کھار ہے۔ اور آنتوں کے سکون دینے کے لئے فینوباربیٹون ہے۔ ہاضمہ کیلئے ٹکاڈیاس ٹیز اور قوت و بھوک لگانے کے لئے بی جی فاس الگزر ہے۔ یہ مرکب تشنجی آلام اندرونی اعضاء کے دکھ، اور عضلات کے تشنج کو دور کرتا ہے۔ اور اس لئے بڑی آنت کے چڑچڑا پن بعض قرحہ کی بے چینی اور تقرحی التہاب قولون، اعضاء بول و تناسل کے خلل اور عسر طمث کیلئے بہت موثر ہے بہرکیف یہ ایک جدید معالجاتی ابلاغ ہے۔ جو اس مرکب میں پیش کی گئی ہے۔

۲؎ ہوالشافی

پیروفے نیل (کروکس)	۱۰۰ ملی گرام
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ صبح و شام دیجئے۔ یہ ایک جدید دافع تشنج نرم عضلہ مرکب ہے جو تشنج کے سبب تکالیف مثلاً معدہ و آنت کا درد، گردہ کا درد، حالبین کا درد، مثانہ کا درد، ایام حیض کا ابتدائی قسم کا درد۔ اور تمام تشنجی دردوں کے علاج میں تجویز کیا جا سکتا ہے یہ عضلات کے تشنج کیلئے ایک مامون الاثر مرکب ہے اور اس کا حلقہ حفاظت بھی بہت وسیع ہے۔

۳؎ ہوالشافی

بیلافولین سینز	۲۵ر ملی گرام
فینوباربیٹون	۵۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک زبردست دافع تشنج مرکب ہے۔ جو نرم عضلہ کے ساختہ اعضاء پر اثر انداز

ہوتا ہے۔ اور عُسرِطمث مع تشنج کو سکون دیتا ہے۔ جذباتی تناؤ۔ ذبحہ صدریہ کے ساتھ جذبات کے تناؤ کو ماند کر دیتا ہے اور جذباتی تسلی کے لئے بھی سکون بخش ہے

---

(۴) ہوالشافی

ٹرے زن ٹین سیبا	۳/۴ گرین
فینو باربیٹون	۱/۴ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ نرم عضلہ مثلاً معدہ کی غشاء مخاطی پر دافع تشنج رکھتا ہے۔ اور اس لئے بعض قرحہ کے درد اور معدہ کے درد کے لئے مفید ہے۔

---

(۵) ہوالشافی

اکسٹرکٹ بیلاڈونا	۱/۸ گرین
فینو باربیٹون	۱۵ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک گولی بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔

یہ دافع تشنج اور مسکن مرکب ہے۔ جو اعضا ہضم کے خلل۔ مثلاً

درد معدہ، درد امعاء، بیش رطوبت کے سبب مروڑ شکم۔ تشنجی سوء ہضم کے لئے مفید ہے لیکن اٹروپین کا اثر مد نظر رکھنا چاہیئے۔ اس سے منہ کی خشکی پیدا ہو جاتی ہے۔

1. Festal tab.
2. Buscopan tab or Injection 2cc
3. [illegible] Zyme

(۶) ہوالشافی

انٹرے نل سیبا	۱۰ ملی گرام
فینو باربیٹون	۱۵ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے

یہ ایک جدید زبردست انٹی کولی نرجک و مسکن امعاء دوا ہے جو درد امعاء درد اعضا ہضم اور بعض قرحہ کے درد و تشنج کے لئے بہت مفید ہے۔

نوٹ:۔ آج کل دافع تشنج مرکبات میں بہت سی پیٹنٹ ادویات دستیاب ہوتی ہیں۔ مثلاً پاپین الگزر، بیلرگال، بان تھین، انٹرے نل، ڈیلیکس۔ نیلان، اسکوبٹ، بیبیلادانتھ، پرے ٹال وغیرہ۔ عام طور پر بیلاڈونا کے مرکبات ہی زیادہ استعمال کئے جاتے ہیں۔

دافع تشنج عروق مرکب

Vascular Anti-Spasmodic.

ہوالشافی

ایلینو فائلین	۰.۱ گرام
پاپاورین ہائیڈرو کلورائیڈ	۰.۰۱ گرام
فینو باربٹون	۰.۰۲ گرام

ان تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ سٹیڈو کورڈ

یہ محرک قلب اور دافع تشنج عروق ہے
اس لئے یہ دمہ کے لئے مفید ہے۔ اور یہ بازار میں
سیڈوکورٹیل کے نام سے دستیاب ہوتا ہے

دافع تشویش مرکب

Anti-Anxiety.

نمبر ۱ ھُوالشافی

لِبٹان لیبڈرے — ۲۰۰ ملی گرام
لیومنال باٹر — ۱/۲ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک جدید متوازن جذبات مرکب ہے۔ جو عصبی امراض کی ایک عام طناب کا مخصوص علاج ہے۔ اور یہ دمہ۔ دردسر۔ بے خوابی۔ فشار دم اعلیٰ حساسیت۔ خُرطمث۔ اور التہاب جلد کے سبب تشویش کو دور کرتا ہے۔

یہ مرکب دماغی مراکز پر مُسکّن اثر کرتا ہے۔ اور غیض و غضب طیش و اضطراب کو ماند کر دیتا ہے۔ اور اس میں اوّل الذکر دوا کو نیل۔ ملٹان نام سے دستیاب ہوتی ہے۔

مزید برآں یہ مرکب نسخہ جسمانی ذہنی عدم توازن کو درست کرتا ہے۔ اور مخالف اثرات سے بھی مُبرّا ہے۔

ھُوالشافی

بی نکٹائی زین ہائیڈرو کلورائیڈ — امگیہ
(اسو می ٹال)
گارڈینال سوڈیم — ۱/۲ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ کھلائیے۔

یہ مرکب نسخہ جدید دافع تشویش ہے۔ اور بوٹس پیور ڈرگ کمپنی کا تیار شدہ دستیاب ہوتا ہے۔ یہ متعدد اقسام کی تشویش اور روحانی عصبی کمزوری کے سبب اضطراب و خوف کے لئے بھی مفید ہے۔

نمبر ۳ ھُوالشافی

میپرنسین — ۴۰۰ ملی گرام
(مائی اے نسین بی ڈی ایچ)
سیکونال سوڈیم — ۳۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک کیپسول میں بھر لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ روزانہ دیجئے۔

یہ مرکب ذہنی و جسمانی تناؤ کو ڈھیلا کرتا ہے۔ اور مامون الاثر مرخی و مسکّن جذبات ہے۔ اور اس لئے یہ جذبات کے تناؤ۔ طناب اضطراب احذباتی بے چینی کو دور کرتا ہے۔ تجارتی کاروباری دباؤ۔ خاندانی افکار دماغی دباؤ۔ اور مایوسی کو کم کرتا ہے۔ اور سن یاس (جبکہ عورت کے حیض رکنے کا زمانہ آجائے) کے وقت بے چینی کو دور کرتا ہے اور

حیض ہونے سے جذباتی تناؤ کو رفع کرتا ہے۔

بہرکیف یہ مرکب ایک کامیاب مُسکّن جذبات ہے اور سیکونے سین نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

---

(۴) ہُوالشافی

بیتھے ڈرین (ویلیم)	۱ ٹکیہ
مائی اے نیسین (پی ڈی ایچ)	۱ ٹکیہ
سائیکلو بارٹیون	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر دو کیپ شول میں بھر لیجئے۔ اور روزانہ صبح و شام ایک کیپ شول پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ محرک نفس اور مرخی عضلہ اور مُسکّن جذبات ادویات کا سہ گونہ مرکب ہے۔ اوّل الذکر دوا عضلات کو انگیختہ کرتی ہے۔ اور دوسری دوا عضلات کے تناؤ کو ڈھیلا کرتی ہے۔ اور تیسری دوا مُسکّن جذبات ہے۔ اس لئے یہ باہمی ردِعمل کا مرکب ہے۔ جو عصبی تشویش کے حالات میں گھبراہٹ اور خوف کو دور کرنے میں موثر ہے۔ جسمانی نفسیاتی خلل کے معالجہ میں ایک مفید مرکب ہے۔ یہ انسان کی عام ذہنی حالت کو متوازن کر دیتا ہے سکون اور اطمینان قلب پیدا کرتا ہے۔ ہیجان کو کم کرتا ہے اور عضلات کو ڈھیلا کر دیتا ہے۔

بہرکیف یہ مرکب متوازن جذبات ہے اور بازار میں انگریزی ساختہ اے ایچ لنڈن کے نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

---

(۵) ہُوالشافی

نمبوتال سوڈیم	۱ کیپ شول
بیتھے ڈرین	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو حصے کر کے دو پوڑیاں بنائیے۔ اور روزانہ ایکبار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ بھی محرک مُسکّن ادویات کا معتدل المزاج مرکب ہے جو انسانی وجدان کو روشن کرتا ہے۔ اور جذبات کی انہیار کو متعادل کر دیتا ہے۔ اور اس لئے تشویش کو دور کرتا ہے۔

---

(۶) ہُوالشافی

ڈولیبیرول (اسکویب)	۱ ٹکیہ
سونیرل (مے اینڈ بیکر)	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور ایک سفوف کی پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ بھی ایک نہایت کثیر الاستعمال مرخی عضلہ مرکب ہے۔ جو عصبی تشویش کے مریضوں میں ذہنی انتشار (ڈھیلا پن) پیدا کرتا ہے۔ غم اور تناؤ کو کم کرتا ہے۔ احساس توازن جذبات پیدا کرتا ہے۔ غم و غضب سے آزادی دلاتا ہے نیند بھی لاتا ہے۔ اور عورتوں میں تشویش کی حالت میں فوراً افاقہ کرتا ہے۔ اور روحانی کمزوری میں بھی مفید ہے۔ لیکن عضلاتی کمزوری

پیدا کرتا ہے۔ طہارت کی خرابی بھی ہو سکتی ہے۔
بہرکیف یہ مرکب دافع تشویش ہے۔ اور بازار میں بالا ایک ساختہ جی ڈبلیو کارنک نام سے دستیاب ہوتا ہے۔ یہ ہیجانی عصبی چڑچڑاپن کیلئے بھی مفید ہے۔

ھُوالشافی

الکالوئیڈ ا — ۳۰۰ ملی گرام
ڈیکسٹرو سول — ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ سوتے وقت دیجئے۔

یہ ایک جدید دافع تشویش مرکب ہے۔ جو جذباتی خلل کے ایک وسیع حلقہ پر حاوی ہے۔ اور سب سے کم زہریلی دوا ہے۔ ذہن پر ناخوشگوار اثرات پیدا نہیں کرتی اور نہ ذہنی بیداری یا حساسیت یا کوئی اور ردِ عمل پیدا کرتی ہے۔

دافع تشنج مرکب

Anti-Thiriac.

ھُوالشافی

ڈی ڈی ٹی — ۱ حصے
بنزو کین — ۱۲ حصے
بنزل بنزوئیٹ ایملشن — حسب ضرورت

ان سب کو ملا کر ایملشن بنا لیجئے۔ اور اس میں سے ایک حصہ لیکر اس میں ۵ حصے پانی ملائیے۔ اور تمام بالوں پر ملئے۔ لیکن آنکھیں بچائیے۔ یہ سر کے بالوں کی جوئیں ختم کر دیتا ہے۔

دافع جذام مرکب

Anti-Leprotic.

ھوالشافی

نائیڈرا زیڈ ور گلیکس — اجکیہ
وٹامن سی — ۱۰۰ ملی گرام
وٹامن بی ۱ — ۱۰ ملی گرام

ان تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ دافع دقی اور دافع جذام مرکب ہے جو جذام مع دق امراض میں مفید ہے۔ ہڈیاں کی دق جلد کی دق کے لئے بہت ہی موثر ہے۔ دیکھئے دیگر دافع جذام ادویات مثلاً سلفیٹرون پیرومیزول پرومین، ڈیپ سون وغیرہ۔

دافع جراثیم مرکب

Anti-Bacterial.

ھُوالشافی

سلفا سومی ڈین (ارشامڈ) — ۲ ۱/۲ گرین
سلفا میزاتھین — ۷ ۱/۲ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنا لیجئے۔ اور

ایک پوڑیہ ایک گلاس پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔ یہ دو سلفا مرکب دافع جراثیم۔ دافع سرایت اور مامون الاثر ہے جو اعضاء تنفس کی تکالیف التہاب شعبہ، ذات الریہ، اور اعضاء بول کی تکالیف، التہاب مثانہ، التہاب مجری بول۔ سوزاک کے جراثیم کو ہلاک کرتا ہے۔ اور آنکھ کی سرائتوں مثلاً ریم زا آشوب چشم، پیپ۔ ڈھیڈ اور سوزش کو دور کرتا ہے۔ بہرکیف سلفا نمائیڈ علاج کا ایک خاص مرکب ہے۔ جو ارزاں سہل الحصول اور موثر ہے۔

۲۱ ہوالشافی

سلفاڈایازین ۷½ گرین
سلفامیرازین ۷½ گرین
سلفاتھیازول ۷½ گرین

تینوں کو باہم ملا کر تین پوڑیاں بنائیے۔ اور ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجیے۔ روزانہ تین بار دینا کافی ہے۔

یہ سہ سلفا مرکب جلد کی سرائتوں مثلاً جمرہ، ہزتشک، دانہ آتشک، ریم زا التہاب جلد، پیپ دار پھنسیوں، فقاع متعدی، اور نظام عصبی کی سرائتوں مثلاً سرسام اور اعضاء تنفس کی سرائتوں مثلاً ذات الریہ التہاب شعبہ، اور اعضاء ہضم کی سرائتوں، ریم زا اسہال، آؤں خون کے ساتھ دست آنا، اور زچہ بخار کیلئے بہت موثر ہے۔ اعضاء بول سرائیتیں۔ مثلاً سوزاک۔ التہاب مجری بول اور التہاب رحم وغیرہ کے لیے بھی مفید ہے۔

یہ مرکب پینی سلین کے ہمراہ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور بازار میں وائیتھ پین ڈی سلفا ساختہ وائیتھ بشکل ٹکیہ اور رینڈیٹڈ سلفا ساختہ اسکوئب نام سے بھی دستیاب ہوتا ہے۔ اور براہ دہن دیا جا سکتا ہے۔ اور سلفا ٹریاڈ ساختہ ریانڈ مبیکہ نام سے بھی یہ مرکب دستیاب ہوتا ہے۔

۲۲ ہوالشافی

پینی سلین ڈی (اے ائیتھ پین ڈی) ایک ٹکیہ
سلفاڈایازین ایک ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجیے۔

یہ پینی سلین سلفا مرکب التہاب دماغ اور دماغی پردے کا ورم یعنی سرسام کے لئے موثر ہے۔ لیکن سرسام میں دماغی پردوں کی ماؤفیت کی حالت میں انٹرتھیکلی پینی سلین کا انشراب بھی کرنا چاہیے۔

۲۳ ہوالشافی

اڈیون ڈومائی سین ایک کیپ شول
اکرومائی سین ایک کیپ شول

دونوں کیپ شول کا پوڈریہ نکال کر دو خالی کیپ شول میں بھر لیجیے۔ اور ایک کیپ شول پانی

کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک زبردست دافع خورد جراثیم مرکب ہے۔ جو سنرمائی سین ساختہ فیزر نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

یہ وسیع الاستعمال موثر اور ۹۵ فیصدی دافع جراثیم دوا ہے جو ذات الریہ، التہاب شعبہ صدریہ، پھیپھڑے کی سرایت، آنتوں کی سرایت، اعضاء بول کی سرایت کو ختم کرتا ہے۔ اور اُن تمام جراثیم کو ہلاک کرتا ہے۔ سلفا ادویات، پینسلین اور دیگر انٹی بائیوٹک ادویات سے قابو میں نہیں آتے۔

نوٹ۔ دافع جراثیم ایک وسیع اصطلاح جس میں دافع خورد عضویات کا حملہ، دافع سرایت، انٹی بائیوٹک، اور دافع فطر و طفیلیہ، دافع عصیات مرکبات بھی شامل کئے جاسکتے ہیں۔ اس لئے ان مرکبات کا بیان حسب موقع دیکھئے۔

مندرجہ ذیل پیٹنٹ مرکبات بطور دافع جراثیم استعمال کئے جاتے ہیں۔

(۱) ایبرالسنتھ ساختہ لیپی ٹٹ
(۲) سنرمائی سین۔ ساختہ فیزر
(۳) سلفامائی سین۔ ساختہ لیپی ٹٹ
(۴) مائی ٹس ٹکلین وی۔ ساختہ اسکوئب
(۵) اکرومائی سین وی۔ ساختہ لیڈرلے

دافع جنون مرکب

Anti-Manic.

(۱) ہوالشافی

سرپاسل سیبا — ایک ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲ — ایک ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ جوہر سرپول اور حیاتین کا مرکب ہے۔ جو متوازن جذبات، تسکین اعصاب اور دافع جنون ہے اعصابی تشویش، ذہنی تکالیف۔ فشار دم علی اور دماغی خلل کے لئے بہت مفید ہے۔

---

(۲) ہوالشافی

فینوبار بٹون — ½ گرین
وٹامن بی ۱ — ۵ ملی گرام
ڈیکسٹروسول — ۵ گرین

ان سب کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔

یہ حیاتین و بار بٹون مرکب دافع جنون شہوت مردانہ و زنانہ ہے۔ اور نظام عصبی کے ہیجان، اضطراب و تشویش کو دور کرتا ہے، روحانی عصبی کمزوری سے پیدا شدہ ہیجانی حالت کو دور کرتا ہے۔ اور بہت عرصہ تک دیا جاسکتا ہے۔

دافع حساسیت مرکب

(۱) ھوالشافی

سیرپ بیناڈرل	اچار کا چمچہ بھر
سیرپ پرونی ورجیانا	اچار کا چمچہ بھر

دونوں کو باہم ملا کر نوش کرائیے۔

یہ ایک دافع حساسیت شربت ہے جو شعبی دمہ حساسیتی دمہ۔ قلبی دمہ۔ حالت دمہ جمی فش دہے فیور، تپ کاہی اور رعروق انف کی حرکت سے ریزش کے لئے مفید ہے۔

---

(۲) ھوالشافی

ان ٹیسٹین	ا ٹکیہ
پائری بنزامین	ا ٹکیہ

دونوں کو ایک ساتھ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ دافع حساسیت ہے۔ اور اس لئے غذائی حساسیت، ہسٹامین، دوسرے سیرم کی بیماری التہاب جلد عام، شری، اکزیما کی خراش، درد شقیقہ، پارکن سونزم کے مرض میں مفید ہے اور ڈی لسٹین ساختہ سیبا نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

(۳) ھوالشافی

سانوبین گیگی	ا ٹکیہ
کیلسیم گلوکونیٹ	۲ گرین
کیلسیم لکٹیٹ	۲ گرین

تینوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنایئے۔ ہر ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ انٹی ہسٹامین اور کیلسیم مرکب ہے۔ جو تمام حساسیتی خللوں میں موثر ہے۔ اور خاص طور پر جلد کے ارتشاح (پانی ساجانا) کو روکنے میں تو بہت ہی قابل قدر ہے۔

یہ مرکب خلیہ کی رقت پذیری پر موثر رکھتا ہے اور شاید مخالف اثرات سے مبرا ہے۔ یہ اثر آفرین مرکب ہے۔ اس لئے خلیہ وعروق شعریہ کی رقت کو کم کرتا ہے۔ اور عام طور پر پتی اچھلنا حساسیتی تپ کاہی، دوا کے توران ادخال خون سے ردعمل رگوں اور اعصاب کے اذیات، ڈنک مارنا۔ اور کاٹنا، ضرب الشمس (سورج میں بیٹھنے سے مرچیں سی لگنا) میں استعمال کیا جاتا ہے۔

---

(۴) ھوالشافی

ڈی لسٹین	ا ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ حیاتین اور انٹی ہسٹامین مرکب ہے۔ جو خراش جلد، سلفا ادویات سے دوائی حساسیت حساسیتی شعبی دمہ، پتی اچھلنا، اور خاص طور پر حساسیتی التہاب انف اور ریزش کے ساتھ زکام کے لئے بہت موثر ہے۔

۴ ھُوالشافی

انگولان	امگمبہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
اے پی سی پوڈر	۵ گرین

ان تینوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے
اور صبح دو دو پہر دو شام دیجئے۔

یہ ایک دافع حساسیت، دافع درد سر اور دافع سرایت مرکب ہے جو زکام کے ابتدائی درجہ میں بہت موثر ہے۔ بالائی تنفس کے نزلہ اور کھانسی اور خراش حلق کے لئے بھی مفید ہے۔

---

۵ ھوالشافی

پرومیتھازین ہائیڈروکلورائیڈ افسر گان	ملیگرام
سیرپ کوڈین فاسفیٹ	ایک چار کا چمچہ بھر
ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ	۲ء۷ ملی گرام

ان تینوں کو باہم ملا کو شربت بنائیے۔ اگر اس میں الگزر فسر گان تناسب سے استعمال کی جائے تو زیادہ اچھا ہو۔ یہ خوشگوار شربت بنائیے۔ اور شربت سُعال کے طور پر چٹائیے۔ یہ دافع حساسیت مرکزی مسکن، اور مقامی مسکن سرفہ دوا ہے۔ جو متعدد اقسام کی کھانسی کو سکون دیتا ہے۔ اور بطور لعوق سُعال حقیقی طور پر موثر ہے۔

اس میں کوڈین تو قابض سُعال ہے اور ایفیڈرین موسع عروق شعبہ صدر ہے۔ اور پرومیتھازین مقامی مسکن اثر رکھتی ہے۔

بہر کیف یہ مرکب نہ صرف انفلوئنزا کے بعد کھانسی میں ہی مفید ہے۔ بلکہ کسی حساسیتی سبب کے کھانسی میں بھی مفید ہے۔ اور تشنج شعبہ جیسا کہ دمہ کی کھانسی میں ہوتا ہے۔ التہاب شعبہ اور کالی کھانسی کے لئے بھی مفید ہے۔

دافع حصات مرکّب

Anti-Lithic.

ھُوالشافی

ایلومینیم ہائیڈروکسائیڈ جیل (ایلیوڈروکس)	۵ گرام
پانی	۴ سی سی
ٹنکچر بیلاڈونا	۵ قطرے

ان سب کو ملا کر تعلیق (محلول) بنا لیجئے۔
اور یہ روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ قابض شکم مرکب ہے۔ جو فاسفورس کو تحلیل کرتا ہے۔ اس لئے گردہ کی پتھری کے مرض میں مفید ہے۔ اور دافع درد گردہ بھی ہے۔

---

۶ ھُوالشافی Pot. citrate

پوٹاسیم سائٹریٹ	۳۰ گرین
ٹنکچر بیلاڈونا	۱۰ قطرے
ایکسٹرکٹ گلائسرائزا یا	۲۰ قطرے
پانی	۱ اونس

1. Corex 3. Tedral

آمیزہ بنا لیجیے بدائے ایک معتاد روزانہ تین بار دیجیے۔ یہ ایک مسکن درد گردہ مرکب ہے۔ اور پتھری کو توڑتا ہے۔ اور جلد ہی چھوٹی چھوٹی گردہ کی پتھریوں کو گھلا دیتا ہے۔ درد گردہ کو کم کرنے کے لئے پیتھی ڈین ہائیڈرو کلورائیڈ۔ یا مارفین کا انجکشن بھی لگائیے۔ یہ مرکب مکسچر مثانہ و مجری بول کی خراش میں بھی خاص طور پر مفید ہے لیکن فاسفیٹ یا کاربونیٹ کی پتھری کو نہیں توڑتا۔ مزید برآں یہ آمیزہ التہاب مثانہ۔ التہاب حوض گردہ کے شدید درجہ میں جبکہ قارورہ بہت ترش ہوتا ہے۔ بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اور یہ مثانہ کی ملتہب سطح میں درد کو دور کرتا ہے۔

دافع حمی اجامیہ مرکب

Anti-Malarial.

ھوالشافی

کونین سلف	۱۰ گرین
اسپیرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور سوڈا لیمن کے ہمراہ دیجیے۔

یہ دافع ملیریا مرکب ہے۔ جو سردی، بخار، درد سر اور کسل مندی کو دور کرتا ہے۔ اگر مریض کو اس سے قبل قبض کشا دوا دیدی جاتی ہے تو اس سے یقیناً بخار اتر جاتا ہے۔ یہ کونین کا ایک عام نسخہ ہے جو مضر اثرات سے مبرا ہے اور دافع بخار ہے۔

نمبر ۲ ھوالشافی

کلوروکین	۱ گرام
کونین سلف	۱/۲ گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک کیپ شول میں بھر لیجیے۔ اور ملیریا کے حملہ سے قبل دیجیے۔

یہ دافع ملیریا ادویات کا مرکب ہے۔ اور ملیریا مارنے والا ہے۔ یہ بعد از طعام دینا زیادہ بہتر ہے۔ یہ حال کی بعض مخصوص بے قاعدہ گیبوں کو بھی ختم کرتا ہے۔

نمبر ۳ ھوالشافی

کلوروکوئن ڈائی فاسفیٹ	۷ ۱/۲ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دودھ کے ہمراہ دیجیے۔

یہ دوا ملیریا کی تمام اقسام کے خلاف موثر ہے۔ ملیریا کے شدید حملہ کے دوران مفید ہے اور پرائماکوین کے ہمراہ بھی دی جا سکتی ہے۔

دافع ملیریا ادویات کا حلقہ بہت وسیع ہے اور ان کا منفرد استعمال زیادہ ہوتا ہے۔

(۱) ڈیراپرم	ساختہ بروز ویلکم
(۲) نواکوئن	ساختہ مے اینڈ بیکر

(۳) کوکوئن ساختہ پارک ڈیوس

(۴) ارالین ساختہ ونتھروپ

(۵) اونوکلور ساختہ آئی سی آئی

(۶) ریلیومیین ساختہ بائر

(۷) پیلیوڈربن ساختہ آئی سی آئی

یہ تمام مفرد دوا مرکبہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہیں۔

دافع خراش جلد مرکب

Anti-Pruritic.

ہو الشافی

فلوری نف ایس لوشن ۳۰ قطرے

روغن نارجیل ۱۰ قطرے

دونوں کو باہم ملاکر مقام ماؤف پر لگائیے۔

یہ ایک دافع خراش (حکہ) اور دافع التہاب مرکب روغن ہے۔ جو ایک ہارمون سے بنایا ہوا نسخہ ہے۔ یہ بہت ہی موثر دافع خراش ہے۔ اور براہ دہن کوئی نہ کوئی اینٹی ہسٹامین دوا مثلاً انکولان ٹکیہ بھی دیجئے

۲ ہو الشافی

لیکوڈ کیلامین لوشن (کرکس) ۱ اونس

پانی ۱ اونس

دونوں کو باہم ملاکر خارش کے مقام پر لگائیے۔

یہ لوشن حرارت جلد خراش جلد اور التہاب جلد کو کم کرتا ہے۔ اور تسکین جلد ہے۔ اور کسی سبب سے خراش کو رفع کرتا ہے۔

دافع دار المفاصل مرکب

Anti-Rheumatic.

۱ ہو الشافی

پریڈنی سولون ۱۲ ملی گرام

اسپرین ۵ گرین

وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

ایلیوڈروکس ۵ گرین

سب کو ملاکر ایک پوڑیہ بنالیجئے۔ اور دن میں تین بار دیجئے۔

یہ متوازن مرکب ہے۔ جو ہارمون ہے اور مسکن الم صفات رکھتا ہے۔ یہ دافع التہاب، دافع گٹھیا ہے۔ اس میں پریڈنی سولون (ڈیلٹا کورٹرل) تو زبردست دافع گٹھیا دوا ہے اور اسپرین وٹامن سی مرکب تو دافع بخار ہی ہے۔ اور وٹامن سی دافع تشویش سہارا اثر رکھتی ہے اور ایلومینیم ہائیڈروکسائیڈ جیل (ایلیوڈروکس) اس مرکب میں ہارمون کا دیرپا اثر رکھنے کی خاطر اور معدہ میں ترشی کی افراط کو کم کرنے کے لئے استعمال کی گئی ہے۔

بہرکیف یہ مرکب کئی طرف سے گٹھیا کو سکون دیتا ہے۔ اور گٹھیا کے سبب جوڑوں میں درد

التہاب مفاصل کے لئے بہت ہی مفید ہے۔
یہ بازار میں مشہور جن ساختہ مرک شارپ ڈوم اور سیلی کورٹن نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

۲ے هو الشافی

امیڈوپائرین ۰٫۲ گرام
پریڈنی سولان ۲ ملی گرام
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ہارمون اور مسکن الم ادویات کا مرکب ہے جو متحدہ الاثر مرکب ہے یہ گٹھیا میں تیز بخار کو کم کرتا ہے۔ اور درد کو رفع کرتا ہے۔ اور گٹھیا کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ اس سے ملتا جلتا مرکب بازار میں پائرا الکورٹن ساختہ ہوچسٹ جرمنی نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

---

③ هو الشافی

سوڈا سیلی سلاس ا گرام
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور ہر تیسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ شدید گٹھیائی بخار کے علاج میں ایک مخصوص مرکب ہے۔ جو درد، ورم اور جوڑوں کی سرخی کو کم کر دیتا ہے اور دافع بخار بھی ہے۔

۴ے هو الشافی

اسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
سلفامیزاتھین ۷½ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ مرکب کسی سابق جراثیمی سرایت کے سبب گٹھیائی بخار میں موثر ہے۔ اور سوزاکی گٹھیا خراش حلق کے ساتھ گٹھیلہ متعلق جھلی میں التہاب کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ بخار کو اتارتا اور مسکن الم اثر کرتا ہے۔

۵ے هو الشافی

میتھل سیلی سلاس ا اونس
روغن کجد ۴ اونس

اس کو روغن کی طرح بنا لیا جائے اور مقامی طور پر عضلات و مفصل پر لگایا جائے۔ یہ مالش جلد کے ذریعہ جذب ہو کر گٹھیا کو کم کرتی ہے اور بازار میں اس کے بہت سے مرکبات مثلاً بنگ نام وغیرہ ہوتے ہیں۔

۶ے هو الشافی

نیوسنکوفین ۰٫۳ گرام
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ مرکب شدید گٹھیا اور مزمن التہاب مفصل میں مفید ثابت ہو چکا ہے۔ اور ایک مامون الاثر مسکن الم ہے۔

دافع درد دندان مرکّب

Anti-Odontalgic.

۱ ہُوالشافی

کلوریٹون	۳۰ گرین
آئیل آف کلو (روغن لونگ)	۱۵ سی سی

دونوں کو باہم ملا کر روغن بنا لیجئے۔ اور پھریری سے دانت کے درد پر لگائیے۔

یہ مسکّن درد دندان ہے۔ اور مقامی درد کو فوراً رفع کرتا ہے۔

---

۲ ہُوالشافی

کوڈو پائرین	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے ایک پڑیہ ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ دافع درد دندان ہے۔ اور بے چینی کو دور کرتا ہے۔ اگر درد سرایت کے سبب ہو تو پینی سلین مرہم چشم دانت کی کھوہ میں لگائیے۔

۳ ہُوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
سلفابنزاتھین	½ ٹکیہ
لیپنڈو سلفا	۱ ٹکیہ

سب کو باہم ملا کر دو پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ کسی سرایت، عفونت کے سبب درد دندان کو دور کرتا ہے اور مقامی طور پر دانت کی کھوہ میں پینی سلین مرہم چشم لگایا جا سکتا ہے

دافع درد شقیقہ مرکّب

Anti-Migraine.

۱ ہُوالشافی

ارگوٹامین ٹارٹریٹ	۲ ملی گرام
کیفین	۱۰۰ ملی گرام
ہسٹان ٹین (ویلکم)	۵۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک کیپ شول میں بھر کر دیجئے۔ یہ ایک دافع حساسیت۔ دافع درد سر مرکّب ہے جس میں اوّل الذکر دو دوائیں کیفرگوٹ ساختہ سینڈوز نام سے دستیاب ہوتی ہے۔ اور ہسٹان ٹین بی ویلکم کی تیار کردہ ہے۔ جو دافع حساسیت ہے۔ اور بہ آسانی دستیاب ہوتی ہے۔ ارگوٹامین تو درد سر اور آنکھ کے خلل پر ایک مخصوص اثر رکھتی ہے۔ لیکن کیفین سے اس کا اثر افزوں ہو گیا ہے۔ بہرکیف یہ مرکّب درد شقیقہ میں متلی اور قے کو بھی روکتا ہے۔ اور اس طرح اس مرض کی علامتوں کیلئے ایک کامیاب دوا ہے۔

---

۲ ہُوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
انکوبلان	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے۔ اور دن میں تین بار دیجئے۔

یہ مسکن الم، دافع حساسیت مرکب ہے۔
جو درد سر مور و شقیقہ کے لئے بہت موثر ہے۔ اور
درد سر بہ سبب نزلہ و زکام اور حساسیتی درد شقیقہ
کے لئے بھی مفید ہے۔

دافع درد عصب مرکب

Anti-Neuritis.

عدا   ھو الشافی

اوسے ڈرین   ا ٹکیہ
کارڈینال سوڈیم   ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے۔
اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔
یہ مسکن الم، دافع بخار اور دافع درد عصب
مرکب ہے۔ جو درد عصب، درد عضلہ مائی الجیا،
درد کمر، سختی گردن، التہاب گرد مفصل، درد کی
حالتوں، جسمانی درد، التہاب فقرات کے
درد کے لئے بہت موثر ہے۔

(2)   ھو الشافی

ڈنامون بی کمپلیکس و بی ۱۲ (کیمکسو)   ا ٹکیہ
کارڈینال سوڈیم   ½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور
دن میں تین بار دیجئے۔ یہ وٹامن دبار بنون
مرکب ہے۔ جو اعصاب کے درد کو
سکون دیتا ہے۔ اور بے چینی
آلام کو رفع کرتا ہے۔ اور اعصاب کے تغذیاتی ناموں
کو متوازن کرتا ہے۔

دافع درد مفصل مرکب

Anti-Arthritis

ھو الشافی

ذاکورٹن   ا ٹکیہ
ملٹان   ا ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر تین پڑیاں بنائیے۔
اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔
یہ ہائیڈرو کورٹی سون اور ایسپرو بامیسٹ
کا مرکب ہے۔ جو درد اور تشویش کو کم کرنے کیلئے بہت
موثر ہے۔ یہ جوڑ کے درد کو کم کرتا ہے۔ اعصاب و
مفصل اور عضلات کی بے چینی کو دور کرتا ہے۔ اور
بطور دافع درد مفصل اثر کرتا ہے۔ اور التہاب عصب،
درد کمر، درد عضلہ اور التہاب مفصل کو قطعی دور
کر دیتا ہے۔ یہ گراں قیمت بازار میں کوڈپسرون
ساختہ مرک امریکہ کے نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

مدا   ھو الشافی

الگی بان کریم   ا ڈرام
بیلین   ا ڈرام

دونوں کو باہم ملا کر مقام ماؤف پر ملنا چاہئے۔
یہ انٹی ہسٹامین اور دافع درد
مرکب ہے۔ جو جوڑ کے درد کو
فوری سکون دیتا ہے۔ التہاب

خائیرین۔ التہاب مفصل اور التہاب عصب کے درد کو بھی سکون دیتا ہے۔

بہرکیف مسکن درد۔ حرارت انگیز دوا ہے۔

---

(۲) ہوالشافی

سوڈا ایسل سلاس	۱۰ گرین
فینو بار ٹبون	½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ یا پانی کے ہمراہ مکسچر بنا کر دن میں تین بار دیجئے۔

یہ دافع بخار اور مسکن الم اور منوم ہے اس لئے مفاصل کے درد کو سکون دینے کے لئے بہت موثر ہے۔

---

(۳) ہوالشافی

سلفا میزاتھین	۱ ٹکیہ
سوڈا بائی کارب	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔ یہ دافع سرایت اور دافع گٹھیا مرکب ہے۔ جو درد مفصل سے بچانے کے لئے بطور دافع سرایت استعمال کیا جا سکتا ہے۔

دافع دِق مُرکّب

Auti-Tuberculosis.

ہوالشافی

آئسونیکس (آئسونیازڈ)	۱ ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲ (گلیکسو)	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں ٹکیوں کو باہم پیس کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ دافع دق۔ مقوی خون مرکب ہے جو تپ دق میں جراثیم کو بھی ختم کرتا ہے اور جسم کو قوت بھی عطا کرتا ہے۔ یہ مرکب نسخہ ایسے مریضوں میں بہت موثر ثابت ہوتا ہے جن کو ریوی تدرن (پھیپھڑے کی دق) ہو۔ اور ساتھ ہی اسٹریپٹو مائی سین کا درون عضلاتی راہ سے انجکشن بھی دلگایا جا رہا ہو۔

بہرکیف یہ مرکب کھانسی۔ بخار کو کم کرتا ہے۔ اور جسمانی اضمحلال اور عام جسمانی کمزوری کو بھی بحال کرتا ہے اور اس سے دوپہر بعد بخار، رات کے پسینے ہر وقت کا بخار اور سینے کی کمزوری بھی کم ہو جاتی ہے۔ اور یہ مرکب بطور دافع دق بہت موثر ہے۔

---

(۲) ہوالشافی

پی اے ایس	۱ گرام
ایلیوڈروکس	½ ٹکیہ
وٹامن سی	[illegible] ملی گرام

سب کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور پانی کے

ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ مرکب اسٹریپٹو مائی سین انجکشن کے ہمراہ تپ دق میں بہت موثر ہے۔ لیکن متلی۔ قے اور زیرِ ناف بے چینی پیدا کرتا ہے۔

---

(۲) ہو الشافی

کنٹے بن	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
ایسپرین	۵ گرین

تینوں کو ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔

یہ مرکب دافع بخار اور رداع سرایت دق ہے۔ اور گرڈ ملین نے لکھا ہے کہ دق میں بہت ہی موثر پایا گیا ہے۔

---

(۳) ہو الشافی

آئسو نیازڈ	۵ر گرام
ایسپرین	۵ گرین
گوے کول کاربونیٹ	۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ دافع جراثیم دق اور دافع بخار مرکب ہے۔ اور دق کے خطرناک دور میں بہت موثر ہے۔

دق کا غذائی علاج، علامیاتی علاج اور ہمارا علاج دیکھئے۔

دیکھئے

ہماری کتاب رہبرِ علاج

دافع دمہ مرکب

Anti-Asthma.

(۱) ہو الشافی Adrenalin

اڈرینالین سولیوشن	ہزار میں ایک حصہ والا
روغن مونگ پھلی	۱ ایمپول

دونوں کو باہم ملا کر ایک سی سی کی مقدار میں انجکٹ کر دیجئے۔ یہ مرکب ایپی نفرین آئیل سولوشن نام سے تیار ملتا ہے۔ یہ مرکب عضلات شعبہ کو ڈھیلا کرتا ہے۔ اور اس طرح مسکن شعبی ہے۔ یہ مرکب بہت سے ناموں مثلاً نکفامائیڈ اڈرینالین نام سے بھی دستیاب ہوتا ہے اس کے علاوہ شعبی دمہ میں کورامین ایفیڈرین کا بھی انجکشن اس کا بدل ہو سکتا ہے۔

Coramine Ephedrin

---

(۲) ہو الشافی

ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ	½ گرین
ٹاؤ ڈکسین (اسکوپ)	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ مسکن جذبات اور محرک تنفس مرکب ہے ایک متعادل مرکب ہے۔ اور اس طرح خون کے بلند دباؤ کو بھی کم کرتا ہے۔ اور تشویش کو بھی دور کرتا ہے۔ اور دمہ میں بطور مسکن جذبات موثر ہے۔

نمبر ۳ هوالشافی

ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ۱ گرین
ٹنکچر اسٹرامونیم ۱۵ منم
سیرپ کوڈین فاسفیٹ ۱ ڈرام
سیرپ پرونی ورجیانا ۱ ڈرام
پانی ½ اونس

ان سب کو ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور ایسی تین بار دیجئے۔ یہ مرکب نسخہ دمہ کا طوفان ماند کرنے کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ اور ایک قدیم دافع دمہ آمیزہ ہے۔ قاموس العلاج کا ایک اہم نسخہ ہے۔

نمبر ۴ هوالشافی

ایمینوفائیلین ۳ گرین
ایلیوڈروکس وائٹ ۴ گرین

دونوں کی ایک پڑیہ بنائیے۔

یہ ایک متوازن خصوصی مرکب ہے جو معدہ کی خراش پیدا کرنے سے مبرا ہے۔ اور بڑی مقدار میں دینے سے بھی کوئی برا اثر نہیں کرتا۔ بلکہ قابل برداشت ہے۔ پائیدار موثر اور خون کی سطح پر برقرار رہنے والا مرکب ہے۔ ایمینوفائیلین ایک مدر بول دوا ہے اور تشنجی دمہ اور قلبی دمہ میں سینہ کے عضلاتی نظام کو کشادہ کر کے فائدہ دیتی ہے۔ اور حقیقی فشل قلب و دل کے امراض میں دل کا خون سے پُر ہونا کے لئے بھی مفید ہے اور ذبحہ صدریہ (سینہ میں گھٹن سی ہونا یا پیش قلب درد) کے لئے بھی موثر ہے۔ بہرکیف یہ ایک براڈ وہن ایمینوفلین مرکب ہے۔ جو پوری شفابخش بحالی کی ضمانت دیتا ہے۔ اور یہ مرکب بازار میں "تھیوڈروکس" ساختہ ریکر لیبوریٹریز کے نام سے بھی دستیاب ہوتا ہے۔

نمبر ۵ هوالشافی

ایمینوفائیلین ۱ گرام
پاپاورین ہائیڈروکلورائیڈ ۰.۰۱ گرام
فینوباربیٹون ۰.۰۲ گرام

یہ تینوں ادویات باہم ملا کر ایک کیپ شول میں بھر لیجئے۔ اور دمہ کے حملہ سے قبل پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ مدر بول بھی ہے اور عروق کے تشنج کو بھی دور کرتا ہے اور دل کے لئے محرک (حرکت میں لانے والا) بھی ہے۔ اس میں دوسری دوا نارکوٹک ہے اور لائسنس سے دستیاب ہوتی ہے ——— اس مرکب کا نام "سیڈو کورڈل" بھی ہے۔ جو مگجل لیبوریٹریز سوئٹزرلینڈ نے تیار کیا ہے۔

نمبر ۶ هوالشافی

ایمینوفائیلین ۶ ٹکیہ
ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ½ گرین کی ۲ ٹکیہ
فینوباربیٹون سوڈیم ۱ گرین کی ۳ ٹکیہ

تینوں ٹکیوں کو پیس کر ایک کیپ شول میں بھر کر دیجیے۔ اس مرکب نسخہ کی بڑی شہرت ہے اور دنیا کی بہت سی دواساز فرمیں اس کو تیار

کر کے فروخت کرتی ہیں۔ لیکن یہ صرف دمہ کیلئے ہی بہت موثر ہے۔

---

(۶)

ہوالشافی

ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ (ایم بی)	½ گرین
گارڈینال سوڈیم (ایم بی)	½ گرین
امینوفائلین - (بی ڈبلیو)	ا ٹکیہ
نیواپی نین - (بی ڈبلیو)	ا ٹکیہ

ان چاروں ٹکیوں کو پیس کر تین پڑیاں بنالیجئے۔ ایک پڑیہ بتاشہ میں رکھکر یا خالی کیپ شول میں بھر کر کھلائیے۔

اس میں اوّل الذکر دو ادویات مے اینڈ بیکر کی تیار کردہ تلاش کیجئے۔ اور آخر الذکر دو دوائیں بروز ویلکم کی لیجئے۔ یہ چاروں ادویات کا مرکب بہت ہی موثر دافع دمہ ہے۔ یہ سب ادویات نہایت ارزاں اور قابل حصول ہیں۔ دمہ کے ہر قسم کے مریض کیلئے موافق ہیں۔

ان ادویات میں ایفیڈرین تو محرک قلب، اور دافع فشارہ دم ادنٰی ہے۔ اور دل کی حرکت کو تیز کرتی ہے۔ خون کے دباؤ کو بڑھاتی ہے۔ اور زیادہ مقدار میں دینے سے بے چینی کا احساس پیدا کرتی ہے۔ لیکن اس کی مصلح فینوباربیٹون (گارڈینال سوڈیم) ہے۔ جو مسکن جذبات اور نیند آور ہے۔ اور اس میں امینوفائلین محرک تنفس ہے جو شرائین اکلیل کو کشادہ کرتی ہے۔ اور مدر بول (پیشاب لانے کا) اثر کرتی ہے۔ اور دل کے فعل کی کمزوری میں مفید ثابت ہوتی ہے۔ اور یہ دمہ کے حملوں میں شعبہ صدر کے نظام عضلات کو ڈھیلا کرتی ہے۔ لیکن کسی قدر محرک تنفس بھی ہے۔ یہ دافع تشنج بھی ہے

ان کے علاوہ اس نسخہ میں نیواپی نین (آئسوپرے نالین سلفیٹ) ایک جدید دافع دمہ ہے۔ جو اس مشہور مرکب میں شامل کی گئی ہے یہ دوا مذکورہ تینوں ادویات میں شامل ہو کر ایک زبردست دافع دمہ مرکب بن جاتی ہے۔ اور ہر قسم کے مریض کے لئے بہت ہی موثر ثابت ہوتی ہے۔ یہ دوا دمہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔

اس مرکب کے پہلے تین اجزاء بہت سے دافع دمہ ادویات میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ مثلاً فرانول۔ ایسے ٹیک ملی۔ تھیوکارڈینال اسماک و انڈرلو المین وغیرہ۔ لیکن یہ نسخہ بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ اگر اس کے استعمال سے غنودگی اور نیند کا غلبہ زیادہ ہو جائے تو فینوباربیٹون نکال دینی چاہئے۔ اگر دل کی بے چینی۔ خفقان۔ اور سرعت قلب بڑھ جائے۔ تو ایفیڈرین نکال دینی چاہئے۔ اس کے متوازن استعمال سے دمہ کا عصبی۔ نفسیاتی اور قلبی طوفان رک جاتا ہے۔ اور مریض پر سکون ہو جاتا ہے لیکن دمہ کے مکمل علاج کے لئے دمہ کی دیگر تدابیر اور

علامتوں کے علاج پر ضرور توجہ دینی چاہئے۔

℞ ھو الشافی

ڈیلٹا کورٹیل گلیکسو (پریڈنی سولون)	۱۵ ملی گرام
امینو فائلین	۸۰ ملی گرام
ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ	۱۰ ملی گرام
فینو باربیٹون	۱۰ ملی گرام
ایلیوڈروکس دائنتھ	۱۰ ملی گرام

ان سب کو ملا کر تین پوڑیاں یا تین کیپ شول بھر لیجئے۔ اور دمہ کے حملہ سے قبل دیجئے۔

اس نسخہ میں اول الذکر دوا ۵ ملی گرام کی ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے جو چار ٹکڑے کی جا سکتی ہے۔ ٹکڑے کرنے کا نشان دیکھ کر لیجئے۔ کیونکہ ایک بہت تیز تر بہدف دوا ہے اور ذرا سی زیادہ مقدار نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ دوسری ادویات برروز ویلکم اینڈ بیکم اور جان وائتھ کی تیار کردہ لیجئے۔ اس طرح یہ نسخہ بہ آسانی بن سکتا ہے۔

یہ ایک کامیاب دافع دمہ نسخہ ہے جو دمہ کے مریض کو یقینی سکون دیتا ہے۔

یہ مامون الاثر، موثر، اثر آفریں علاج بالمرکب کا ایک مشہور نسخہ ہے۔ اس میں ہارمون پریڈنی سولون ہے جو آج کل بڑے بڑے ڈاکٹر استعمال کرتے ہیں۔ اور دیگر اجزاء دمہ کے دیگر نسخوں میں عام استعمال کئے جاتے ہیں اسلئے یہ ہارمون سے موثر کیا ہوا نسخہ دمہ کے بحران کو دور کرنے، دمہ کے بلغم کو خارج کرنے، عصبی طوفان کو ماند کرنے اور شعبہ ریہ کے عضلات کو حرکت میں لانے اور دل و صدر کے افعال کو قوی کرنے کے لئے بہت موثر ہے۔

دافع دورہ مرکب

Anti-Convulsant

℞ ھو الشافی

ٹی کی ٹوٹین (سینڈوز)	۱ ٹکیہ
یومنال	½ گرین

دونوں ٹکیوں کو باہم پیس کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے

یہ ایک قابض دماغ، دافع دورہ مرکب ہے۔ جو صرع کے دورے کو روکتا ہے۔ بعض عصبی امراض کی تحریک میں مسکن اثر کرتا ہے۔ یہ صرع کبیر میں بھی دوروں کو کنٹرول کرتا ہے۔ اور نفس کی محرک صرع میں بھی موثر ہے۔ لیکن یہ مخالف اثرات مثلاً غنودگی۔ طفح جلد، بخار، مرض لمف بھی رکھتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کا استعمال زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ یہ مرکب سینڈوز نے ایک دوسرے نام سے بھی پیش کیا ہے۔

---

۲ ہو الشافی

پوٹاشیم برومائیڈ	۲ گرین
سوڈیم برومائیڈ	۲ گرین
امونیم برومائیڈ	۲ گرین

تینوں کو باہم ملا کر روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ مرکب ثلاثی برومائیڈ کہلاتا ہے۔ جو اختناق الرحم صرع اور رقص اور کزاز کے دوروں کو روکتا ہے۔ مزید براں یہ مرکب دافع صرع، دافع دورہ ہونے کے علاوہ منوم بھی ہے۔ اور بے خوابی میں مسکن ہے۔

---

۳ ہو الشافی

ثیمص فینو بار بٹون	۳ گرین
فینو بار بٹون	½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ یہ ایک دافع دورہ مرکب ہے۔ جو رات کے دوروں میں سوتے وقت استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مسکن دماغ ہے اور دوسرے دماغی امراض میں قابل قدر ہے۔

---

۴ ہو الشافی

ہیسی کون	۱ ٹکیہ
لگولونہ	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے اور صبح و شام پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ دافع دورہ ہے۔ اس لئے سوگی کے علاج میں موثر ہے۔ اور تمام تشنج کے دوروں کو روکتا ہے۔ لیکن ہڈی کے گودے پر کا دباؤ پیدا کرتا ہے۔

نوٹ:۔ دوروں کے متعدد اسباب مثلاً اٹروپین، کیفین، کوکین، ارگٹ، نکوٹین، پکروٹوکسین، کونین، سنٹونین، کچلہ سے دوروں کا بھی لحاظ رکھنا چاہئے۔

---

۵ ہو الشافی

میگ نیشیم سلفیٹ	۵۰ فیصدی کا محلول

یہ محلول امپیول کی شکل میں لیجئے۔ اور اس میں سے دو سی سی دوران عضلاتی راہ سے انجکشن کر دیجئے۔

یہ التہاب مزمن التہاب گردہ اور تشنج رحم میں دافع دورہ اثر کرتا ہے۔ اور رخاص طور پر بچوں کے دوروں کو روکتا ہے۔ یہ مرکزی نظام عصبی کے لئے قابض بھی ہے۔ اس کا فاد زہر کیلسیم کلورائیڈ ہے۔

دافع ذات الریہ مرکب

Anti-Pneumonia.

ہوالشافی

ڈائیو پین ومی سلفا (دانتھ)　　۱ ٹکیہ

وٹامن سی　　۱۰۰ ملی گرام

ایسپرین　　۵ گرین

تینوں کو باہم ملاکر دو پڑیاں بنائیے۔ اور ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ ایک دافع جراثیم نیومو کوکسی ہے۔ اور اس لئے ذات الریہ (پھیپھڑے کے ورم) میں بخار کو کم کرتا ہے۔ درد کو دور کرتا ہے۔ اور ذات الریہ کی تمام ساری علامات کو سکون دیتا ہے۔ اور بہت ہی موثر مرکب ہے۔

---

(۲) ہوالشافی

اسٹرپٹو مائی سین (گلیکسو)　　۱ ٹکیہ

پینی سلین (ٹیبلٹس)　　۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ ایک دافع سرایت مرکب ہے۔ جو دقی ذات الریہ (وہ نیومونیا جو دق کے سبب ہو) کے لئے بہت موثر ہے۔ اگر اس سے آرام نہ ہو تو اسٹرپٹو پینی سلین کا انجکشن لگائیے۔ اور دیگر تدابیر علاج بروئے کار لائیے۔

(۳) ہوالشافی

کلورم فینی کول　　۱ کیپ شول

سلفاڈایازین　　۱ ٹکیہ

دونوں کو ملاکر ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ ایک دافع سرایت "انٹی بائیوٹک سلفا" مرکب ہے جو ایک خاص مرض "کے نیومونیا" میں موثر ہے۔ اور ذات الریہ معہ سرسام میں بھی مفید ہے۔

---

(۴) ہوالشافی

سلفا پائری ڈین (ایم بی ۶۹۳)　　۱ ٹکیہ

سوڈا بائی کارب　　۷½ گرین

دونوں کو باہم ملاکر دو پوڑیہ بنائیے۔ اور ایک ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ مرکب نیوموکوکس (جراثیم ذات الریہ) کے برخلاف بہت ہی موثر ہے۔ اور اس لئے نیوموکوکل نیومونیا میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ آج کل اس کا استعمال تو سا کم ہوگیا ایک ڈاکٹر نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔

مزید دیکھئے۔

ذات الریہ کا بیان

ہماری کتاب

جدید ڈاکٹری

رہبر علاج

میں

دافع ذیابیطس مرکب

Anti-Diabetic.

ہوالشافی

ڈیبوٹامائیڈ ۰٫۵ گرام
وٹامن بی ۱ ۵ ملی گرام
ڈیکسٹروسول ۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

اس میں اوّل الذکر جدید دافع ذیابیطس ہے جو ارٹوسین نام سے ۰٫۵ گرام کی مقدار میں بشکل ٹکیہ دستیاب ہوتی ہے۔ یہ مرکب ذیابیطس شکری میں اعصاب کے التہاب کو بھی دور کرتا ہے۔ اور کثرت بول کو بھی روکتا ہے اور یہ دہن قابل برداشت ثابت ہوتا ہے

بہر کیف یہ مرکب ذیابیطس کی دیگر علامات مثلاً پٹھوں کا درد اعصابی عوارض اور بعض کی بے چینی اور دیگر علامات مثلاً عدم اشتہا، بیری بیری اور ذیابیطس کی پیچیدگیوں کو بھی رفع کرتا ہے۔ مزید براں سوئے ہضم نجیم نحیف کے لئے بھی موزوں ہے۔ خون میں شکر کی قلت بھی دور کرتا ہے مزمن ذیابیطس میں بھی بہت موثر ہے۔

دافع رمد مرکب

Anti-Ophthalmic.

ہوالشافی

سلور نائٹریٹ ۲ فیصدی کا سولیوشن

روزانہ ایک قطرہ نوزائیدہ بچہ کی آنکھ میں ٹپکائیے۔ یہ نہ صرف ایک عمدہ حابس محلول ہے بلکہ قوی دافع عفونت بھی ہے۔

یہ نوزائیدہ بچہ کی رمد (آشوب چشم) کیلئے ایک دستور علاج ہے۔ ڈاکٹر کریڈ کا طریقہ تو یہ تھا کہ وہ اس کو ایک طے شدہ عمل طریق سمجھتا تھا۔ اور بچہ کے پپوٹے صاف کرنے کے بعد اس کو آنکھوں میں ایک قطرہ ڈالتا تھا۔ لیکن پنسلین مرہم چشم استعمال کیا جاتا ہے۔

دافع ریق مرکب

Anti-Sialic.

ہوالشافی

ٹنکچر بیلاڈونا ۵ قطرے
پانی ۱ اونس

اس کو تھوڑا تھوڑا پلایئے۔

یہ لعاب جانے کو روکتا ہے۔ اور منہ کی خشکی پیدا کر دیتا ہے۔

دافع زحیر مرکب

Anti-Dysenteric.

(۱) ہوالشافی

انٹروویو فارم ۱ ٹکیہ

کوئلہ سوختہ ۲۰۰ گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ میں دیجئے۔

یہ دافع زحیر اور جاذب رطوبت امعاء ہے۔ اور قابض بھی ہے۔

---

(۲) ہوالشافی

سلفاگوانیڈین ۱ ٹکیہ

انٹروویو فارم ۱ ٹکیہ

سلفاسیٹامائیڈ ۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنایئے۔

یہ ہر قسم کی زحیر پیچش۔ ذو سلفار یا کیلئے بہت موثر ہے۔ Reostop capsules apal

(۳) ہوالشافی

انٹرپٹومائی سین سلفیٹ ۶۵ ملی گرام

سیبازول ۱۰۰ ملی گرام

سلفاڈایازین ۱۰۰ ملی گرام

سلفامیرازین ۶۵ ملی گرام

ان سب کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو یا تین بار دیجئے

یہ تین زبردست سلفادویات اور ایک

انٹی بائیوٹک دوا کا مرکب ہے جو عیسادی زحیر کے علاج کے لئے موثر ہے۔ یہ زحیر کے شدید درجہ میں بہت ہی موثر ہے اور انتڑیوں میں بہت اچھا اثر کرتا ہے۔ یہ بازار میں انٹرپٹوڑ پاؤڈر ساختہ ایسڈ بیکر نام کے بھی دستیاب ہوتا ہے۔

دافع زکام مرکب

Anti-Catarrhal.

ہوالشافی

اے پی سی پوڈر (ایوسٹ) ۱ ٹکیہ

پیری ٹون ٹیبلیٹ ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنایئے۔ اور ایک پڑیہ پانی یا چائے کے ہمراہ دیجئے۔

یہ مسکن الم اور دافع حساسیت مرکب ہے۔ جو حساسیتی زکام کے لئے ایک موزوں دوا ہے۔ یہ دوا ریزش انف کو روکتی، اور نزلہ کی شدت کو کم کرتی ہے۔ درد سر کو رفع کرتی اور عام حالات مرض میں بحالی وافاقہ پیدا کرتی ہے۔ کھانسی۔ خراش حلق، نزلہ اور حساسیتی عوارض کو فوراً سکون دیتی ہے۔

بہرکیف یہ مرکب ایک جدید اثر آفرین ہے اور مندرجہ ذیل آمیزہ کے ہمراہ بھی دیا جا سکتا ہے

ھوالشافی

سیرپ پرونی ورجیانا	ا ڈرام
سیرپ ٹولو	ا ڈرام
امونیم کلورائیڈ	١٠ گرین
پانی	ا اونس

یہ آمیزہ بنائیے۔ اور بلغم خارج کرنے کیلئے فوراً دیجئے۔ یہ کھانسی کو بھی کم کر دے گا۔

---

(٢) ھُوالشافی

اسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	١٠٠ ملی گرام
سلفامیزاتھین	ا ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس بی ١٢ (گلیکسو)	ا ٹکیہ
انکولان بی ڈی ایچ	ا ٹکیہ

ان سب کو ملا کر دو پڑیاں بنائیے۔ اور ایک پڑیہ فوراً پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ مسکن الم۔ دافع سرایت۔ دافع حساسیت دافع کمزوری ادویات کا مرکب ہے۔ جو زکام کی ابتدائی درجہ میں بخار کو کم کرتا ہے۔ کھانسی کو دور کرتا اور سرایت حلق والف کا خاتمہ کرتا ہے۔ زکام کی وجہ سے ناک سے ریزش کو کم کرتا ہے۔ اور فوری طور پر عام زکام کو آرام پہونچاتا ہے۔ کمزوری اور اضمحلال کو دور کرتا ہے۔

بہرکیف یہ مرکب مریض کی علامتوں کے مطابق استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر مریض غنودگی کی شکایت کرنے لگے تو دافع حساسیت دوا انکولان نکال دینی چاہیئے۔ اور یہ نسخہ صرف تین تک دینا کافی ہو سکتا ہے۔

دافع زکام وبائی مُرکب

Anti-Influenza.

(١) ھُوالشافی

اسپرین	۵ گرین
پروڈنیکس (ڈیوبیکس)	١٠ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنالیجئے۔

یہ مسکن الم اور رجو بہر لحم (پروٹین) کا مرکب ہے۔ جو زکام وبائی کے درد سر کسل مندی۔ کمزوری۔ حمل کے ایام کی ناتوانی۔ اور عدم مصابرت مرض میں بہت موثر ہے۔ یہ برطانیہ میں پلےڈاسل نام سے دستیاب ہوتی ہے۔

---

(٢) ھُوالشافی

پینی سلین	۴ لاکھ
اسٹرپٹومائی سین	½ گرام

یہ مرکب انجکشن عام طور پر اسٹرپٹو پینی سلین نام سے دستیاب ہوتا ہے۔ یہ مرکب دن میں دو دو بار دونوں عضلاتی راہ سے اشراب کرنا چاہیئے۔

یہ مرکب زکام وبائی ہیموفلس کے شدید درجہ میں ذات الریہ اور سرسام کی علامتوں کو رفع کرتا ہے۔ اور دیگر علامتوں کا علاج حسب موقعہ

کرنا چاہیے۔

(۲) ہُوالشافی

ٹیرامائی سین ایف (فیزر)	ایک کیپ شول

یہ مرکب دوا انفلوئنزا کے جراثیم کو بھی ہلاک کرتی ہے اور مریض کو قوت بھی عطا کرتی اور شدید درجہ میں پیچیدگیوں سے بچاتی ہے

دافع سرعتِ قلب مرکب

Brady Cardiac.

(۱) ہُوالشافی

سرپاسل	ٹکیہ
گلوکوز	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ عود الصلیب کے جوہر کا مرکب ری سرپین ہے۔ جو دل کے خفقان اور دل کی نبض کی تیزی کو مدھم کر دیتا ہے۔ بے چینی۔ فشار دم اعلیٰ کا شدید نقصان اور خون کے بلند دباؤ کی علامات کو روکتا ہے۔ اور بے چینی، تشویش اور جنون کی حالتوں میں سرعتِ قلب کو کم کرتا ہے

اس میں ری سرپین (سرپاسل) تو ایک قدیم دافع جنون دوا ہے جو خفقان، فشار دم اعلیٰ اور خون کے بلند دباؤ کو ادنیٰ کر دیتی ہے۔ اور اسلئے یہ مرکب بطور قلب پیدا کر دیتا ہے نبض آہستہ چلنے لگتی ہے۔

(۲) ہُوالشافی

لارگیکٹل ایم بی	ٹکیہ ۱۰۰ ملی گرام

پہلے براہِ دہن پانی کے ہمراہ دیجئے۔ پھر یہ آمیزہ دیجئے۔

(۳) ہُوالشافی

فینوباربٹون سوڈیم	½ گرین
سوڈیم برومائیڈ	۵ گرین
ٹنکچر کارڈمم	۲۰ منم
سیرپ ٹولو	۱ ڈرام
کسکارا سگریڈا	۱۰ منم
اکوا کلوروفارم	۱ اونس

برائے دو خوراک۔ روزانہ دو بار۔ یہ آمیزہ ڈاکٹر باگچی صاحب کا آزمودہ ہے۔

یہ جنون اور رقت ہیں اور درد میں فوری سکون دیتا ہے۔ دل کی بے چینی اور سرعتِ قلب کو روکتا ہے۔ نیند لانا اور سکون دیتا ہے۔

دافع سرفہ مرکب

Anti-Tussive.

ہُوالشافی

الگزر فنرگان (ایم بی)	اچار کا چمچ بھر
سیرپ کوڈین فاسفیٹ	۲۰ قطرے
سیرپ ٹولو	۱۰ قطرے

ان سب کو ملا کر شربت بنائیے۔ اور پانی کے

ہمراہ دیجیئے۔

یہ دافع حساسیت اور مسکن سعال مرکب ہے۔ جو کھانسی کے ابتدائی درجہ میں شعبہ صدر کی رگوں کو کھولنے کے لئے دیا جاسکتا ہے۔ یہ دمہ کی کھانسی انپ کاہی اور زکام کی کھانسی کے لئے بہت ہی موثر ہے۔

---

(۳) ہوالشافی　Cosanne

کوسوم سیرپ (ای مرک)　اچار کا چمچہ ۱/۲

ایفنین کف سیرپ　½ ڈرام

دونوں کو باہم ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیے۔

یہ افشونین اور رنو لکوڈین کا مرکب ہے جو مسکن سعال ہے۔ اور متعدد اسباب سے پیدا شدہ کھانسیوں کے لئے بہت ہی موثر ہے۔

یہ مرکب عام طور پر زکام کے سبب کھانسی دمہ کے سبب کھانسی اور التہاب شعبہ کی کھانسی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

---

(۴) ہوالشافی

سیرپ پریاٹان　۱ ڈرام

سیرپ ٹولو　۱ ڈرام

دونوں کو باہم ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیے

یہ محرک تنفس شربت ہے۔ جو مخرج بلغم بھی ہے۔ اور بعض اقسام کی کھانسی کیلئے بہت مفید ہے۔ یہ شربت کھانسی کو سکون دیتا ہے اور اس طرح کھانسی سے پیدا شدہ بے چینی کو کم کرتا ہے۔ بلغم کو اکھاڑتا ہے۔ اور سینہ کو صاف کرتا ہے۔

---

(۵) ہوالشافی　Zepheral

زلیفرول کف سیرپ　۱ ڈرام

سیرپ پرونی ورجیانا　۱ ڈرام

دونوں کو باہم ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیے۔

یہ ایفیڈرین اور شربت وو د نکرر کا مرکب ہے جو دمہ کی کھانسی۔ التہاب شعبہ کی کھانسی بلغم سے جکڑی ہوئی کھانسی کو دباتا ہے۔ اور مخرج بلغم ہے۔

---

(۶) ہوالشافی

ملکار ڈاڈراپس　۱۰ قطرے

شربت سادہ　۱۰ قطرے

دونوں کو باہم ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیے۔

یہ کھانسی کے لئے ایک مشہور مرکب ہے۔ جو زکام، ذات الریہ، التہاب شعبہ، ضرب و زد کے سبب کھانسی کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ اور عام طور پر بطور مسکن سعال استعمال کیا جاتا ہے۔

(۷) ہوالشافی

بیری ٹن کف سیرپ (اے ایچ)　۱ ڈرام

سیرپ ٹولو　۱ ڈرام

دونوں کو باہم ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیے۔ یہ دافع حساسیت، منفث بلغم مرکب ہے۔ جو زکام اور دق

دمہ۔ انفلوئنزا، زکام کے سبب کھانسی کے لئے بہت موثر ہے۔

نسخہ ھوالشافی

بیتھاڈوئن ہائیڈرو کلورائیڈ ½ گرین
(فائی سپٹون)

گلیسرین	۲۰ منم
پانی	۱۰ منم
سیرپ ٹولو	۷۰ منم

ان سب کو ملا کر مکسچر بنائیے۔ اور تھوڑا تھوڑا چٹائیے۔ یہ ایک مسکن سُعال لعوق ہے۔ جو متعدد اقسام کی کھانسی کے لئے ایک نارکوٹک (نشہ آور) مرکب ہے۔

دافع سرایت مرکب

Anti-Infective.

ھوالشافی

سلفاڈایازین	۱ ٹکیہ
سیبازول	۱ ٹکیہ
سلفامیزاتھین	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر تین پوڑیاں بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ تہ سلفا مرکب ہے۔ جو زبردست دافع سرایت ہے۔ اور عصیادی زحیر، اسہال گرما۔ غذائی تسمم، غیر مخصوص التہاب معدہ و امعاء کیلئے بہت موثر ہے۔

ھوالشافی

کلورم فینی کول	ایک کیپ شول
وٹامن بی کمپلیکس و وی ۱۲	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر دو حصے کر لیجئے۔ اور تباشہ میں رکھ کر دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک بہترین انٹی بائیوٹک حیاتین مرکب ہے۔ جو تپ معوی یا میعادی بخار (آنتوں کے بخار اور سالمونیلا عفونت الدم کے لئے ایک منتخب دوا ہے۔

یہ تپ موجی (ابرہی کوسس) اور شیر خوار بچوں کے التہاب امعاء۔ (معدہ و آنت کے ورم) کے لئے بھی بہت موثر ہے۔ اور بے مثال ذات الریہ میں بھی موثر ہے۔ اور عام طور پر جراثیم کے سبب ذات الریہ (نمونیا) میں تو بہت ہی مفید ہے۔

یہ شیر خوار بچوں کے حلق، قصبہ، شعبہ ریہ کے التہاب میں شاندار نتائج پیش کرتی ہے۔

یہ اعضاء بول سرایت میں بھی موثر ہے۔ اور کولی فارم عضویات کے سبب سرایت میں بھی بارہ گھنٹے میں پورا اثر دکھاتی ہے۔

یہ مرکب کسی قدر کالی کھانسی کے لئے بھی موثر ہے اور مرض کے ابتدائی درجہ میں اچھے نتائج پیش کرتی ہے۔

(۳) ھُوالشافی

کلورو مائی سیٹین ہائیڈرو کورٹی سون	ایئر ڈراپس

یہ مرکب قطورالاذن ہے۔ جو پارک ڈیوس کا تیار کردہ دستیاب ہوتا ہے۔

یہ کان میں ٹپکانے سے کان کا درد سرایت اور التہاب ختم کرتا ہے۔ کان کے درمیانہ حصے کا التہاب عفونت اور ایکزیما کو بھی رفع کرتا ہے۔ اور کان کے سرائتی امراض کا دفعیہ کرتا ہے۔

(۴) ھُوالشافی

اسٹریپٹو مائی سین	ایک گرام پوڈر
سلفامیزاتھین	۷½ گرین
کےاولین	۷ گرین

تینوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ آنتوں کی دق، اسہال اور عصباوی زحیر کے لئے بہت مفید ہے۔ اور جاذب رطوبت امعاء دافع سرایت امعاء اور دافع دق مرکب ہے۔

(۵) ھوالشافی

آئسونیکس	۵۰ ملی گرام
وٹامن بی کمپلیکس بی ۱۲	ایک ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار دیجئے۔

یہ دافع دق حیاتین آمیز مرکب ہے۔ جو جلد کی دق پھیپھڑے کی دق، امعاء کی دق کے لئے بہت موثر ہے۔

نوٹ:- ناک کے لئے پینی سلین ایفیڈرین قطورالانف اور کان کے لئے پینی ایئر ڈراپس، جلد کیلئے پینی سلین مرہم اور چشم کے لئے پینی سلین آئی آئنٹمنٹ، اور حلق کے لئے پینی سلین لوزنجز وغیرہ استعمال کئے جاتے ہیں مفصل سرائتوں کے معالجہ کے لئے دیکھئے ہماری کتاب اینٹی بائیوٹک علاج اور رہبر علاج۔

دافع سوزاک مرکب

Anti-Gonorrhea.

ھُوالشافی

ڈائیہائیڈرو وی سلفاوانتھی	۱ ٹکیہ
سلفامیزاتھین	۲ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے اور ہر دو سرے گھنٹے دیجئے۔ یہ دافع سرایت مرکب ہے جو سوزاکی سرائتوں کے علاج میں موثر ہے۔ یہ مجری بول کے التہاب، التہاب مثانہ، التہاب غدہ قدامیہ کی سرایت اور تمام سوزاکی سرائتوں میں ایک نہایت عمدہ دوا ہے۔

یہ سوزاکی قرحہ کو مندمل کرتا ہے۔ اور مرض کی شدت میں کمی پیدا کرتی ہے۔ اور اگر اس سے

جراثیم سوزاک (گونو کوکس) کا صفایا نہ ہو تو پینی سیلین
۸ لاکھ کا دردن عضلاتی راہ سے انشراب لگانا چاہیے
اور اس مقصد کے لئے پینی ڈیورس نحنہ والا نحو ایک
موثر پینی سیلین ہے۔
سوزاک کے جراثیم کا قلع قمع کرنے کے لئے
اکرومائی سین، ٹیرامائی سین اور ریو مائی سین
بھی بہت موثر ہیں۔ لیکن مذکورہ بالا دافع سرایت
مرکب ارزاں اور معیاری ہے۔

Diamine penicillin 12 lac Damex

نمبر ۲ ہوالشافی

فینو سیین (ڈیومیکس)	اٹکیہ
گان ٹری سیین (ردوش)	اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنالیجیے۔ اور
دن میں دو بار دیجئے۔
یہ پینی سیلین اور سلفا مرکب ہے۔ جو سوزاکی
سرائتوں کے لئے بہت ہی موثر ہے۔ اس سے پیپ
جانا۔ قارورہ میں جراثیم سوزاک کا نمودار ہونا
اور جبری پیدا کا سرایت کا زور پکڑنا اور سوزاکی آشوب
چشم ہونا۔ بہت جلد کافور ہو جاتے ہیں بہر کیف یہ
ابتدائی اور پیچیدہ سرایت سوزاک کیلئے ایک
موثر دوا ہے۔ اور عام استعمال کے لئے بہت
ہی موزوں ہے۔

DIAMINE Penicillin

Diamine penicillin 12 lack Dumex

دافع سیلان الرحم مرکب

Anti-Leucorrhea.

ہوالشافی

ڈیسولان (اشیلاگ) اٹکیاف

یہ مرکب نارمولا دافع سرایت فیبل ہے جو
براہ رحم استعمال کیا جاتا ہے۔ اور سیلان الرحم میں جو
کو ختم کر کے سکون دیتا ہے۔ اگر اس سے آرام نہ ہو تو
ٹیرامائی سین ویجی نال ٹیپ (فیزر) براہ رحم
استعمال کرنی چاہیئے۔ اور براہ دہن کوئی ملٹی وٹامن
مرکب مثلاً ملٹی سیبرین دینی چاہیے۔ تاکہ کمزوری بھی
دور ہو جائے۔

دافع شحم مرکب

Anti-Fat.

ہوالشافی

تھائرائیڈ اکسٹرکٹ	۱۵ ملیگرام
گلوکوز	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنالیجیے۔ اور
پانی کے ہمراہ دیجیے۔ یہ ایک دافع سمن مفرط
مرکب ہے۔ جو قلت درقیہ کے مریضوں میں موٹاپا
کو کم کرتا ہے۔ اور گنٹھاپن، مخاطی اذیما۔ لمد مرض
میں بھی مفید ہے لیکن اس کا اندھا دھند استعمال
اچھا نہیں ہوتا۔ یہ پرانے قبض اعضاء اور اسقاط حمل

Macrostelin inj cc 12 cc ... Insolate ... Etocalcium ... defrom

میں بھی مفید ہے۔ اور چنبل و دیگر جلد کی پرانی بیماریوں میں بھی مفید ہے۔

---

۲ ہوالشافی

نبزے ڈرین ۲٫۵ ملی گرام
وٹامن بی کمپلیکس ودبی ۱۲ ۱ ٹکیہ
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
گلوکوز ۵ گرین

ان سب کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ امفیٹامین اور وٹامن بی اور سی کا مرکب ہے۔ جو موٹاپے کے علاج میں قابض اشتہا ہے۔ اور کمزوری سستی اور کند ذہنی کے ساتھ انحطاط میں بھی مفید ہے۔

یہ مرکب شرابیوں کے موٹاپے میں بھی مفید ہے۔ اور غشی کے علاج میں بھی موثر ہے۔ لیکن فشار دم اعلیٰ، ہیجانی، الکلیل شرائین قلب کے مرض میں بہت مضر ہے۔

---

۳ ہوالشافی

میتھے ڈرین ۲٫۵ ملیگرام
فینو باربٹون ۱/۴ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے۔ یہ موٹاپے کے علاج میں ایک قابض اشتہا دوا ہے۔ اور نفس و ذہن کے لطور کو دور کرتی ہے۔

دافع شہیقہ مرکب

Anti-Pertussis.

۱ ہوالشافی

پنٹو باربٹون سوڈیم (نمبیوٹال سوڈیم) ۱/۸ گرین
کیلسیم آیوڈائیڈ ۷ گرین
ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ۱/۸ گرین
کوڈین سلفیٹ ۱/۴ گرین
سیرپ آف ٹولو ۲۶ منم
سیرپ پرونی ورجیانا ۱۱۵ منم
الکوحل ۷ فیصدی۔ حسب ضرورت

یہ شربت بنا لیجئے۔ اور چار کا چمچہ بھر چٹائیے۔

یہ ایک موثر مسکن سعال (کف سیڈیٹو) مرکب ہے جو کھانسی کو مکمل سکون دیتا ہے۔ اور سانس کی تنگی دور کرتا ہے جتنا مخاطی سے بلغم کو اکھاڑتا ہے۔ اور رات کی نیند نہ آنے کی بےچینی دور کرتا ہے اور اس لئے کالی کھانسی یا داء الشہیقہ میں موثر ہے۔ اس کے ہمراہ سرایت اعضاء تنفس دور کرنے کے لئے سلفا میزاتھین وٹامن سی مرکب بھی دینا چاہئے۔ اور اگر مرض بہت شدید ہو تو اوریومائی سین یا ملیئیٹ بھی دیا جا سکتا ہے۔ اور آج کل کلورم فینی کول فورٹی فائیڈ ساختہ ڈیومیکس ایک قابل انتخاب دافع سرایت (کالی کھانسی) دوا ہے۔

دافع صداع مرکب

Anti-Cephalgic.

ھُوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ یا چار کے ساتھ دن میں تین بار دیجیے۔ یہ ایک عام دافع درد سر مرکب ہے۔ جو درد سر بہ سبب درد عصب، درد سر بسبب شوارش جیض، درد سر بہ سبب بخار اور درد سر بسبب گٹھیا میں فوری سکون دیتا ہے یہ ایک بے ضرر اثر آفرین مرکب ہے۔ جو مُسکّن الم اور دافع بخار بھی ہے۔

---

(۲) ھُوالشافی

اے پی سی پوڈر (بوٹس) ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام
وٹامن بی کمپلیکس ویدی بی ۱۲ (گلیکس) اٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر دو پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی یا چار کے ہمراہ ہر دو سہ گھنٹے دیجیے۔

یہ مُسکّن الم اور حیاتین کا مرکب ہے۔ جو دافع درد سر اور مُسکّن اوجاع۔ دافع کمزوری ہے۔ یہ حیاتین اور کمزوری میں درد سر کو رفع کرتا ہے۔ اور ایک عام کثیر الاستعمال مرکب ہے۔

(۳) ھُوالشافی

کوڈوفرپلیڈین ایک ٹکیہ
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجیے۔

یہ مُسکّن الم مرکب ہے۔ جو بے خوابی کے سبب درد سر گٹھیلی کے سبب درد سر اور کان کے درد کے ساتھ درد سر اور دیگر عصبی دردوں کے ساتھ درد سر میں موثر ہے۔

---

(۴) ھُوالشافی

مائی اے نسین (بی ڈی ایچ) ۰٫۵ گرام
فینوباربٹون ½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور سونے سے پہلے پانی کے ہمراہ دیجیے۔

یہ مرخی عضلہ اور منوم مرکب ہے۔ جو تناؤ کے سبب درد سر اور درد کمر، درد عرق عصبی جلدی مرض کے سبب درد سر میں فوری سکون بخش دوا ہے۔

یہ تشویش و اضطراب کے سبب درد سر میں ایک موثر دوا ہے۔ اور خواب آور ہے۔

---

۵ ھوالشافی

اے پی سی پوڈر ۵ گرین
کونین سلفیٹ $\frac{1}{4}$ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔
یہ مرکب دافع درد ہے۔ جو ملیریا کے سبب درد سر اور نزلہ کے سبب درد سر میں موثر ہے

---

۶ ھوالشافی

اکوانل ۴ر گرام
گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڈریہ بنائیے۔ اور ایک پوڈریہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔ فشار دم اعلیٰ اور عسر طمث، دمہ، اور بے خوابی کے سبب درد سر میں مفید ہے۔ یہ مسکن جذبات مرکب ہے۔ کیونکہ یہ دافع تشویش مرکب ہے۔

نوٹ:۔ درد سر کے دیگر اسباب اور ان کے مکمل علاج کے لئے نسخہ جات۔ دیکھئے ہماری کتاب "درد سر اور اس کا علاج" اور دافع درد شقیقہ مسکن الم اور دافع بخار عنوان بھی دیکھئے۔

ڈاکٹری دواؤں کے افعال و خواص
جاننے کے لئے میٹریا میڈیکا اردو
مصنفہ ڈاکٹر اعوان پڑھیے

دافع صرع مرکب

Anti Epileptic

۱ ھوالشافی

فینو باربٹون $\frac{1}{2}$ گرین
پوٹاسیم برومائیڈ ۵ گرین
گلوکوز ۵ گرین

ان سب کو ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ کئی دن تک دیجئے۔
یہ باربٹون برومائیڈ مرکب ہے۔ جو قابض دماغ اور دافع مرگی ہے۔ اور اس لئے یہ مرگی کے دوروں، بچوں کے دوروں، داء الرقص اور اختناق الرحم کے لئے مفید ہے۔ اس کے علاوہ نمبری برومائیڈ الگز ساختہ نیز کال کیمیکل براہ دہن دی جا سکتی ہے۔ یہ برومائیڈ و باربٹون مسکن کہلاتا ہے۔ اور دماغی دباؤ و ذہنی ابطال پیدا کرتا ہے۔ بے خوابی میں بھی مفید ہے۔ اور یہ ایک عام دافع صرع مرکب ہے

---

۲ ھوالشافی

برومیورال (نال جرمنی) ۲ر گرام
فینوباربٹون $\frac{1}{2}$ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دن میں دو بار دیجئے۔ یہ دافع صرع مرکب ہے۔ اور عصبی خلل میں درد کھانسی یا ہذیان پیدا نہیں کرتا ہے۔ اور بطور مسکن جذبات

ایک مفید مرکب ہے۔

نمبر۳ ھوالشافی

فینائی ٹوئن سوڈیم	۱۰ گرام
گلوکوز	۵ گرام

دونوں کو باہم ملا کر روزانہ تین بار دیجئے۔ یہ ایک موثر دافع صرع دوا ہے اور چالیس فیصدی مریضوں میں ایک کامیاب دوا ہے اس کے ہمراہ فینوبار بٹون بھی شامل کیا جا سکتا ہے بہر کیف یہ مرکب غذا سے پہلے دینے سے بہت ہی موثر ثابت ہوتا ہے

نوٹ: دافع صرع، قابض دماغ اور دافع دورہ ادویات ایک ہی گروپ میں شامل کی جاتی ہیں۔ اس لئے ان تینوں عنوانات کو دیکھئے۔

گارڈینال، ٹن سوڈیم، ٹرائی ڈیون، مائی سولین ہیکوٹی اور فینو بار بٹون کا بیان دیکھئے ہماری مخصوص کتاب مرگی اور اس کا علاج۔

دافع صدید مرکب

Anti-Pyogenic.

ھوالشافی

پینی سلین مرہم	ا حصہ
سیبازول مرہم	ا حصہ

دونوں کو باہم ملا کر مقام ماؤف پر لگائیے۔ یہ دافع جراثیم مرکب ہے جو جلد کی ریزہ اسرائٹوں کا قلع قمع کرتا ہے۔ یہ جلد کا تنقیح، معدیہ اور متعفن کا خاتمہ کرتا ہے۔ اور دفاع متعدی، پھوڑا پھنسی رکیمر اجلدی امراض، التہاب، ریش حجامی ثانوی درجہ کو نار فارسی جلد کا چکنا، ورپھٹنا، جلد کی سطح کی سرائتوں کیلئے ایک نہایت مفید مرہم ہے

نمبر۴ ھوالشافی

اکرومائی سین ایس ایف

یہ وٹامن اور ایک اینٹی بائیوٹک مرکب ہے جو براہ دہن دیا جا سکتا ہے۔ اور یہ اندرونی پائیوجینک سرائتوں کو ختم کرتا ہے۔ اور یہ دافع صدید و دافع نشوونما جراثیم ہے۔

نوٹ: مزید دیکھئے۔ دافع سرایت، دافع جراثیم اور دافع عفونت مرکبات کا عنوان۔

دافع طاعون مرکب

Anti-Plague.

Anti-Bubonic

Streptomycin Inj.

ھوالشافی

سلفاڈمی ڈین - ڈی ایم بی ا	ٹکیہ
اسٹریپٹومائی سین ڈکٹیک سوبر	ا ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ اینٹی بائیوٹک سلفا مرکب ہے جو گلٹی دار

طاعون میں بہت ہی موثر ہے۔ اور اگر اس سے آرام نہ ہو تو سلفا ڈایازین براہ دہن ایک ٹکیہ ویکیا اسٹرپٹومائی سین کا درون عضلاتی راہ سے انشراب کیا جائے۔ یہ طریقہ علاج طاعون کی گلٹی کو دبا دیتا ہے۔ بخار اور سرایت کا خاتمہ کر دیتا ہے۔

دافع عسر طمث مرکّب

Anti-Dysmenorrhea.

ہوالشافی

اسپابین (اسپلاگ)	۲۵ر گرام
امیڈوپائرین	۲۵ر گرام
کیفین	۰۵ر گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ روزانہ دو بار دیجئے۔ دوسرے دن مقدار کم کر دیجئے۔

یہ دردناک حیض کے لئے ایک مسکّن الم مرکّب ہے۔ جو درد کو سکون دیتا ہے اور تشنج کو رفع کرتا ہے۔

اس میں اوّل الذکر دوا عصبی و عضلاتی تشنج کو دور کرتی ہے اور اسی وقت مسکّن الم اثر بھی کرتی ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے اجتماعی اثر پیدا نہیں ہوتا۔ اور نہ دوا کی عادت کا خطرہ ہوتا ہے۔

اس میں امیڈوپائرین ایک نمایاں دافع درد اثر رکھتی ہے۔ اور دافع تشنج بھی ہے اس مادہ کا اثر کیفین کے اضافہ سے اور بڑھ گیا ہے جو خون کی رگوں کو کھول دیتی ہے۔ اور دوران خون کو بھی رواں کرتی ہے۔

بہرکیف یہ مرکّب عسر طمث۔ دشواری حیض یا درد حیض۔ (ماہواری کی تکالیف) کے لئے ایک موثر دوا ہے اور بازار میں ایڈس میں ساختہ سپلاگ نام سے دستیاب ہوتی ہے۔

نمبر ۲ ہوالشافی

بیلا فولین	۱ر ملی گرام
ارگوٹامین ٹارٹریٹ	۳ر ملی گرام
فینوباربٹون	۲۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور حیض آنے سے پہلے دیجئے۔ یہ ایک مسکّن نظام عصبی ہے جو دردان افزائی قسم کے وظیفی خلل یعنی عسر طمث کے لئے بہت موثر ہے۔ یہ سن یاس (طبعی بندش حیض) کے لئے مفید ہے۔ اور نظام خود آئین کے خلل کو درست رکھنے کے لئے ایک کامیاب دوا ہے۔ یہ بازار میں بیلرگال ساختہ سینڈوز نام سے بھی دستیاب ہوتی ہے۔

ہوالشافی

کوڈوپائرین	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکّن الم مرکّب ہے۔ جو ایام ماہواری کے درد کو فوری سکون دیتا ہے اور دافع بخار و منوم بھی ہے۔ ویگانین نام سے دافع عسر طمث یہی مرکّب ہے۔

دافع عصبی درد مرکب

Anti-Neuralgic.

نسخہ

ہو الشافی

پوٹاشیم برومائیڈ ۵ گرین
گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ہر دوسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ ایک منوم مسکن دوا ہے۔ جو بعض اوقات عصبی درد کو سکون دیتا ہے۔ اور خاص طور پر غصہ و غضب تشویش اور کام کی زیادتی کے سبب درد عصب میں موثر ہے۔ یہ کلورل ہائیڈ برومائیڈ ٹنکچر کی شکل میں بھی عصبی درد کے لئے بہت موثر ہے۔

(۲) ہو الشافی

کونین سلفیٹ ۵ گرین
اسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک کیپسول میں بھر کر دیجئے۔ یہ ایک دافع بخار اور مسکن الم مرکب ہے۔ جو عصبی درد اور درد سر کے لئے بہت موثر ہے

نمبر۳ ہو الشافی

لنی منٹ ٹیری بنتھی نائی ۱ ڈرام
روغن کنجد ۱ ڈرام

دونوں کو ملا کر مقام ماؤف کی مالش کی جائے

یہ جلد کے محمر — اور عصبی درد میں مُضاد خراش آور کے طور پر کام کرتا ہے۔ اور اس طرح عصبی درد کو سکون دیتا ہے۔ اس کے علاوہ خربق (کٹکی) کے بیج کا کسی روغن میں پکا کر استعمال کرنا بھی عصبی درد کے لئے مُفید پایا گیا ہے۔

دافع عفونت مرکب

Anti-Septic.

ہو الشافی

سیٹاولون پوڈر (آئی سی آئی) ۵ گرین
پانی ۱ اونس

ان سب کو ملا کر محلول بنا لیجئے۔ اور پھریری سے لگائیے۔ یہ ایک دوہرا اثر رکھنے والا دافع عفونت محلول ہے۔ جو قاتل جراثیم اور مُصفّی جلد بھی ہے۔

یہ زہریلے اثرات سے مُبرا ہے۔ اور خراش جلد بھی پیدا نہیں کرتا اور ایک کامیاب دافع عفونت ہے۔ لہذا یہ احراق، زخموں میں گندے مادہ کو دور کرتا ہے۔ اور اس طرح معالجوں کا نعم البدل ہے۔

اِس محلول کے دھبے جلد سے آسانی سے دُور کئے جا سکتے ہیں۔ یہ سستا مرکب ہے جو بطور اعادہ بین ہر گھر میں رکھا جا سکتا ہے۔ اس کو کریم بھی تیار شدہ دستیاب ہوتی ہے۔

(۲) ہُوالشافی

ڈیٹول	۱ حصہ
پانی	۱۰ حصے

دونوں کو باہم ملانے سے دُودھ جیسا پانی بن جائے گا۔ یہ محلول سرایت کے خلاف حفاظت کرتا ہے اور اس لئے آلات کو پاک وصاف کرنے یا ہاتھوں کو عفونت سے پاک کرنے، آپریشن سے قبل جلد کو بے عفونت رکھنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے یہ ولادت کے وقت فن دایہ گری میں بھی بطور دافع عفونت استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ دوا جلد کی عفونت اور سرایت کو فوری طور پر ختم کرتی ہے

---

(۳) ہُوالشافی

Cibazol Pow

سیبازول پوڈر	۵ گرین

اس پوڈر کو جلد پر چھڑکئے۔ یا زخموں پر لگایئے یہ سفوف مقامی طور پر دافع عفونت ہے۔ اور احراق، زخم اور گھاؤ وغیرہ کی عفونت دُور کرتا ہے۔

Cicatrin Powder

Antiseptic cream

(۴) ہُوالشافی

انٹی سیپٹک کریم (ایم بی)	½ اونس
ویسلین	½ اونس

دونوں کو باہم ملا کر مرہم یا کریم بنا لیجئے۔ اور جلد پر لگایئے۔ یہ ایک جدید دافع عفونت دوا ہے۔ جو تمام معمولی جلد کے امراض کے لئے مفید ہے۔ اس میں پروپامڈین شامل ہے۔ ایک زبردست دافع جراثیم بھی ہے۔ اس لئے یہ مرکب جلد کی سرایت آنکھ و کان، ناک کی سرایتوں کا قلع قمع کرتا ہے۔ اور گندے زخم۔ گھاؤ اور سرائتی امراض کو جلد مندمل کرتا ہے۔

---

(۵) ہُوالشافی

کاربولک ایسڈ	۱ حصہ
پانی	۱۰۰ حصے

اس کو محلول بنا لیجئے۔ یہ دافع جراثیم محلول بن جائے گا۔ یہ آلات کو جراثیم سے پاک کرنے اور سرایت زدہ حصہ جسم پر داغ دینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مخدر ہے لیکن گنگرین پیدا کر دیتا ہے۔ جلد کے امراض میں خراش جلد کو سکون دینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مخدر، کاوی اور دافع عفونت اور دافع جراثیم ہے۔

نوٹ۔ دافع عفونت ایک وسیع اصطلاح ہے۔ جس میں انٹی بائیوٹک دافع سرایت، دافع جراثیم مصفی جلد اور دیگر دافع عفونت مرکبات مثلاً سلفا مرکبات، صابون، فینول کے مرکبات، سب ہی شامل کئے جاتے ہیں۔ اور پارہ کے مرکبات جو دافع عفونت ہیں۔ اس گروپ میں شامل کئے جاتے ہیں۔ ان کے نسخہ جات سے قدیم فارماکوپیا بھرے پڑے ہیں۔

واقع فالج مرکب

Anti-Paralysis.

ہوالشافی

پوٹاسیم کلورائیڈ ۵ گرام

پانی ۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار دیجئے۔

یہ اختیاری عضلات کے انقباض پر ایک خصوصی اثر رکھتا ہے۔ اور اس لئے خاندانی زمانوی شلل امور دوری فالج میں ایک موثر دوا ہے اور حملہ کے دوران میں جب پوٹاسیم کی خامی سے فالج بڑھ رہا ہو یہ دوا براہ دہن استعمال کی جاتی ہے۔ اور اس سے سیرم پوٹاسیم بڑھ کر فالج ختم ہو جاتا ہے۔

مزید براں یہ دوا زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے تھکن عضلاتی کمزوری میں عضلاتی انقباض کو بھی بحال کرتی ہے اور مینیر صاحب کے مرض میں روزانہ کئی بار استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس کے ہمراہ گوشت کی یخنی بھی دینی چاہئے۔ تاکہ پوٹاسیم میں غذا کی ثباتت ہو جائے۔ اگر پوٹاسیم سے کوئی زہریلا ردِعمل نمودار ہو تو گلوکوز برابر دیتے رہنا چاہئے

نوٹ۔ تمام فالج کے علاج کے لئے ڈاکٹر خان جرگ نے بخار سے علاج بہت عمدہ بتلایا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اگر فالج کے مریض کو ملیریا بخار کے مریض کی تطعیم کر دی جائے اور اس طرح بخار پیدا ہو جائے یا مصنوعی حرارت سے بخار پیدا کر دیا جائے تو فالج کو آرام ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ صرف طریقہ مرکزی نظام عصبی کی آتشک کے لئے ہی مفید ہے۔

Rx ہوالشافی

وٹامن بی ۱ ۵۰ ملی گرام

وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور ان میں تین بار براہ دہن دیجئے۔

یہ عضلہ قلب کی کمزوری کے سبب فالج میں مفید ہے۔ اور التہاب عصب، حافظہ کے فقدان قوت ہاضمہ کے فقدان اور فشل قلب مع تنگی نفس کے لئے مفید ہے۔

واقع فشار دم اعلیٰ مرکب

Anti-Hypertensive.

Rx ہوالشافی

ری سرپین وسر پاسل .۲۵ ملی گرام

ہینوفلین ½ ٹکیہ

فینوباربیٹون ½ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔

یہ ایک اثر آفرین سکون جذبات مرکب ہے جس میں خون کے دباؤ کو اونچا کرنے کے مکمل صفات موجود ہیں۔ یہ مقدار اسراد رہبر کو کم کرتا ہے۔ اور روزانہ

احساس زندگی پیدا کرتا ہے۔ معمولی بطوءِ القلب
بھی پیدا کرتا ہے۔ اور کم سے کم مخالف اثرات مثلاً
سستی۔ درد سر اور غنودگی پیدا کرتا ہے۔

مـ۲ ھُوالشافی

اڈلفین سیبا	۱ ٹکیہ
گلوکوز	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور روزانہ دو بار دیجئے۔ یہ سرپاسل اور ہائپرے سولین کا مرکب ہے۔ جو دافع ضغط الدم (خون کا دباؤ کم کرنے والی) دوا ہے۔ یہ ہائیڈرالازین اور ریسرپین مرکب کہلاتا ہے۔ جو فشار دم اعلیٰ کے علاج میں ایک جدید موثر دوا ہے۔ یہ ابتدائی فشار دم اعلیٰ، خبیث فشار دم اعلیٰ، حاملہ کے تسمم کے سبب خون کے بلند دباؤ کو کم کرنے کے لئے مفید ہے۔ یہ نہایت احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے کیونکہ یہ بعض مریضوں میں خفقان، دوار، سر کمزوری، درد سر، متلی، قے، اور وضعی ادنیٰ دباؤ، جوارح کا خدر، استلاء الف، دمعہ، التہاب ملتحمہ چشم بھی پیدا کر دیتا ہے

مـ۳ ھوالشافی

پرسٹی نال (کروکس)	۱ ٹکیہ
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور روزانہ دو بار دیجئے۔ یہ کئی ادویات کا مرکب ہے جو فشار دم اعلیٰ کے علاج میں ایک مسکن دوا۔ اور خون کے بلند دباؤ کو اعلیٰ کرنے کیلئے ایک مامون الاثر مرکب ہے

---

(۴) ھُوالشافی

سرپاسل سیبا	۱ر ملی گرام
ایبنوفلین	۱ر گرام
ریبوٹن	۱۰ ملی گرام
وٹامن بی	۵۰ ملی گرام

ان سب کو ملا کر ایک کیپسول میں بھر کر دیجئے۔

یہ اسرجول اور وٹامن کا مرکب ہے جو جذباتی تناؤ میں توازن قائم کرتا ہے اور رگوں کو کھولتا ہے۔ اور گردہ کی عدم کفایت میں ادرار بول پیدا کرتا ہے۔ اور روحانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اور اس طرح فشار دم اعلیٰ میں ایک اطمینان بخش ثابت ہوتا ہے۔

مـ۵ ھُوالشافی

ڈگیولائی سین ٹی (ایم بی)	۱۲۵ ملی گرام
راؤڈکسین (اسکوئب)	۱۲۵ر ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں ایکبار دیجئے۔

یہ فشار دم اعلیٰ کے علاج میں ایک حقیقی اثر آفریں مرکب ہے۔ جو خون کی حرکت پر ایک مسکن اثر رکھتا ہے۔ اور فشار دم اعلیٰ کی علامات مثلاً درد سر اور خفقان کو سکون دیتا ہے۔

دافع فطر مرکب

Anti-Fungal-
(Fungicidin).

ھوالشافی

کوپر سلفیٹ	۱ حصہ
پانی عقیم	۱۰۰ حصے

دونوں کو باہم ملا کر محلول بنایئے۔ اور خارجی طور پر جلد پر لگایئے۔ یہ محلول بطور قاتل فطر جلد پر لگایا جاتا ہے۔ اور جلد کے مرض افطر جلد۔ ایپی ڈرموفائی ٹوسس کے علاج میں استعمال کیا گیا ہے۔

۲؎ ھوالشافی

ایسٹیر و سان کریم (گیگی)	۱ حصہ
ویسلین	۲ حصے

دونوں کو باہم ملا کر جلد پر لگایئے۔ یہ ایک دافع فطر، قاتل فطر دوا ہے جو دافع سرایت بھی ہے۔ اس لئے جلد کی سرائتوں میں مقامی طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

۳؎ ھوالشافی

ٹیٹراسائیکلن ہائیڈروکلورائیڈ	۲۵۰ ملیگرام
نس ٹے ٹین	۲۵۰۰۰۰ یونٹس

دونوں کیپسول کھول کر ایک بڑے کیپسول میں بھر دیجئے۔ یہ ایک جدید انٹی بائیوٹک، دافع فطر مرکب ہے، جو ایک میدان شمار کھتا ہے یہ مرکب دوا نہایت قابل برداشت ہے۔ اور عورتوں میں رحم کی مونیلیا سرایت یعنی فلاح رحم کو ختم کرتا ہے۔ اور اس لئے خراش فرج و سیلاج الرحم (جس سے اخراج) کو دور کرتا ہے۔ یہ مرکب حاملہ عورتوں اور ذیابیطس کی عورتوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اور التہاب رحم۔ التہاب عنق الرحم التہاب مجری بول، نفاس کی عفونت، التہاب بار یطون، التہاب امعاء، سوزاک اور دیگر ساری امراض کے لئے بھی موثر ہے۔ یہ بوڑھی، معمر اور کمزور عورتوں میں کوئی ضرر نہیں دیتا۔ اور منہ آنا کیلئے بھی مفید ہے۔

۴؎ ھوالشافی

مائی کوسس ٹے ٹین	۱ ٹکیہ
گلوکوز	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ کھلایئے۔ یہ ایک موثر دافع فطر دوا ہے۔ اور مقعد کی مونیلیا سرایت کے برخلاف موثر ہے۔

۵؎ ھوالشافی

مرساجل (گلیکسو) جیلی	۱ حصہ
ویسلین سادہ	۲ حصے

دونوں کو باہم ملا کر جلد پر لگایئے۔ یہ جلد کی فطری سرائتوں مثلاً جلتا پیر، خراش دھوبی، داد لغار کے لئے مفید ہے۔ اور دوبارہ سرایت سے بچاتا ہے۔

دافع فقرالدم مرکب

Anti-Anemic.

نمبر ۱

ہوالشافی

فرسو سلفیٹ (ڈیسیکیٹڈ)	۱ ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس و وٹامن بی ۱۲	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔

یہ فولاد و حیاتین کا مرکب ہے۔ جو ہائپوکرومک بکرہ و ساتی تک فولاد کی خامی کے فقرالدم میں ایک جادو اثر ہے۔ اور خون کے سرخ ذرات یا ہیموگلوبن کو بڑھانے کے لئے ایک معقول علاج ہے یہ مرکب قوت ہاضمہ کو بڑھاتا، جلد کے رنگ کو طبعی حالت میں لاتا ہے۔ اور زبان کے سر حلمہ کو بحال کرتا اور بڑھی ہوئی تلی کو معمول پر لاتا اور گنگوا ناخنوں کی ساخت کو طبعی کر دیتا ہے۔ اور فولاد کے مفرط فقدان (جیسا کہ نزف الدم، افراط سیلان حیض میں ہوتا ہے) اور شیر خوار بچوں کے فقرالدم، حاملہ کے فقرالدم اور دیدان امعاء میں فقرالدم اور اخضریت (چہرہ پہ زردی چھا جانا) کے لئے بھی ایک مخصوص دوا ہے۔ یہ مرکب فولاد و حیاتین کی خامی کے سبب فقرالدم میں ایک موثر علاج ہے اسقربوط، مرض الورد اور شحم بالبراز (پاخانہ میں چربی آنا) شکمی مرض کے لئے بھی مفید ہے۔ بہرکیف یہ مرکب ایک عام مقوی بھی ہے۔ اور خون آفرین بھی ہے اور سستا بھی ہے۔

نمبر ۲ ہوالشافی

آئیو بان سولیوشن (امی مرک)	۲ سی سی

دو سی سی کی مقدار میں دروں عضلاتی راہ سے عضلہ الوی پہ انشراب کر دیجئے۔

یہ وٹامن بی کمپلیکس اور لیور ایکسٹریکٹ کا مرکب ہے جو فقرالدم کی بعض اقسام میں بہت ہی موثر ہے۔ اور غذائی فقرالدم، منطقہ حارہ کا فقرالدم، سنگرہنی کا فقرالدم، مہلک فقرالدم، کمزوری، حاملہ کا فقرالدم کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ مزید برآں یہ کثرت جگر اور استسقاء کے علاج میں بھی مفید پایا گیا ہے۔

نمبر ۳ ہوالشافی

وٹامن بی ۱۲	۲۵ مائکروگرام
فولک ایسڈ	۲٫۵ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔

یہ حیاتین کا مرکب سنگرہنی میں بہت مفید ہے اور اس لئے منہ اور زبان کے زخموں کو ٹھیک کر دیتا ہے۔ اور خاص طور پر دستوں، بدہضمی کو بھی درست کر دیتا ہے۔ اور حاملہ کے فقرالدم کے لئے بھی مفید ہے۔

۴ ھوالشافی

وٹامن بی ۱۲ — ۱۰ مائیکرو گرام

فولک ایسڈ — ۲ ملی گرام

وٹامن سی — ۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور روزانہ تین بار دیجئے۔ یہ مکروسائیٹک فقرالدم کے لئے ایک مفید مرکب ہے جو بہ آسانی تیار کیا جاسکتا ہے۔ اور اس کے ہمراہ لیور اکسٹرکٹ کا اشراب بھی کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ۔ فقرالدم متعدد اسباب سے پیدا ہوتا ہے اور بعض اہم امراض مثلاً سرطان، لیوکیمیا، مزمن التہاب گردہ، جگر کے عوارض، ہڈی کے گودے کا خراب ہونا، یرقان، سموم، قلت ورقیہ حیاتین کی خامی میں عام ہو جاتا ہے اسلئے معقول سبب کی تشخیص کرنا ضروری ہے۔ عام طور پر وٹامن مرکب مثلاً ٹی سیبرین، فیرا سیبرین (للی) اور تھیراگران، اسکوب، اور بیکاڈیکس (گلیکسو) اور ٹی وٹاپلیکس، ڈیپلیکس، وغیرہ حیاتین خامیوں میں استعمال کی جاتی ہیں۔

اس کتاب میں کئی مشہور پیٹنٹ ادویات مثلاً کوری سیڈین۔ میسر دفن۔ ٹمپوجن (مرک) ویگانین۔ پلے نوسل۔ سیڈ کوروڈل۔ ڈی ٹیٹن، سلفاٹریاڈ کانٹومین سیبلا (وائتھ) سٹرے پے سین (گلیکسو) ایڈس مین سونرگان سیٹی بیون وغیرہ کے فارمولے بتائے گئے ہیں۔

دافع قلاع مرکب

Anti-Moniliasis.

ھوالشافی

نسٹے ٹین — ۱ لاکھ یونٹ

کٹوز — ۹۵ گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور روزانہ ایک بار دیجئے۔

یہ دافع فطر، دافع جراثیم مرکب ہے۔ جو قلاع دہن (منہ آنا) قلاع رحم (اندام نہانی) میں سفید جھلی پڑنا کے لئے ایک موثر دوا ہے۔ یہ مرکب رحم کے لئے ویجی نال ٹیبلیٹ (مائکوسٹے ٹن) ساخت اسکوب نام سے دستیاب ہوتا ہے۔ یہ مرکب مہبل سے بدبو سیلان کو صاف کرتا ہے، اور ایام ماہواری سے قبل شدید خراش رحم ہونے کو روکتا ہے اور رحم کے سفید جھلے، پیشاب کی تنگی کو رفع کرتا ہے۔

بہرکیف یہ مرکب قلاع دہن اور قلاع رحم کے لئے ۹۸ فیصدی موثر ہے۔

۵ ھوالشافی

وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲ (گلیکسو) — ۱ ٹکیہ

وٹامن سی — ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیا بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بارہ دیجئے۔ یہ وٹامن بی اور سی مرکب ہے جو اینٹی بائیوٹک ادویات کے استعمال

کے بعد قلاع دہن کو روکتا ہے۔ اور مُفید قلاع اور اسہال وغیرہ کے لئے مُفید ہے۔

---

۳ ہُوالشافی

نئی فنگیسن سولوشن (لونل جرمنی) ۲ سی سی

یہ سولوشن ایک پھُریری سے قلاع پر لگائیے

یہ دافع فطر اور دافع قُلاع جلد ہے۔ جو داد اور دیگر فطری امراض کے لئے مُفید ہے۔

دافع قے مُرکب

Anti-Emetic.

۱ ہوالشافی

بروجھازین (فرنگان) ۱۵ ملی گرام

فینوباربٹون (سونے رل) ۷۵ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک کیپ شول میں بھر کر دیجئے۔ یہ دافع حساسیت مسکن و منوم دوا کا مرکب ہے۔ جو زبردست مسکن جذبات اثر رکھتا ہے۔ یہ مرکب دافع قے اثر بھی رکھتا ہے۔ اس میں اوّل الذکر دوا دافع حساسیت، دافع متلی ہے۔ اور دوسری دوا باربٹون گروپ سے تعلق رکھتی ہے۔ اور گہری نیند آور ہے اس لئے یہ مرکب حمل کے ایام کی ابتدائی قے میں بہت ہی موثر ہے اور بازار میں سونزگان ساختہ مے اینڈ بیکر نام سے دستیاب ہوتی ہے۔

۲ ہُوالشافی

انگوٹان بی ڈی ایچ ۱ ٹکیہ

گلے ڈوکسین (گلیکس) ۲۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور متلی سے قبل پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ دافع حساسیت دوا اور وٹامن بی ۶ کا مرکب ہے۔ جو حاملہ کی متلی کے لئے بہت ہی موثر ہے۔ اور ریڈیو ایکس ریز سے علاج کے وقت التہاب عصب میں بھی موثر پائی گئی ہے۔

---

۳ ہُوالشافی

فینوباربٹون سوڈیم ½ گرین

وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

وٹامن بی ۱ ۵ ملی گرام

پائری ڈوکسین ۲۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک دافع قے اور مسکن جذب دوا ہے۔ یہ متلی کو بھی روکتی ہے۔

Tore con tab. ۴ ہُوالشافی

ایوومین (ایم بی) AVOMINE ۱ ٹکیہ

گلوکوز ۵ گرین

ان دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ یہ ایک کثیر المقاصد دافع قے مرکب ہے۔ جو حمل کے دوران میں قے، سفر کے دوران میں قے،

کان کے ڈھول کے خلل کے سبب قے میں اور بچوں
کے علاج میں قے کے لئے بہت ہی موثر دوا ہے یہ
آپریشن کے بعد قے کو روکنے کے لئے بھی مفید ہے
بہرکیف یہ متلی اور قے کے مسئلہ کو حل کرتی ہے۔
اور ایک دافع حساسیت دوا ہے مخالف اثرات
سے مبرا ہے۔

دافع کزاز مرکب

Anti-Tetanic.

ھوالشافی

کلورل ہائیڈریٹ	۱،۷ گرام
پوٹاشیم برومائیڈ	۵ گرین
سیرپ سادہ	۱۰ قطرے
پانی	۱ اونس

سب کو ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور دن میں تین
بار دیجئے۔ اور ساتھ ہی انٹی ٹیٹانس ٹوکسن کا درون
عضلاتی انشراب کیجئے۔ یہ مرکب دافع دورہ ہے۔
اس لئے کزاز ہوا، رقص (کوریا) اور اختلاج رحم
(بچہ دانی کی اینٹھن) کیلئے مفید ہے۔

(۲) ھوالشافی

لیومنال	½ گرین
بی جی فاس الکزیر	۱۰ قطرے

دواؤں کو باہم ملا کر روزانہ دو بار دیجئے۔
یہ مسکن اور مقوی ہے۔ اور اسلئے کزاز کے معمولی درجے

میں مفید ہے۔
دافع ملیریا دیکھئے دافع حمی اجابیہ
دافع مونیلیا سرایت دیکھئے فلاغ
دافع نشو و نما جراثیم دیکھئے
انٹی بائیوٹک اور دافع جراثیم و دافع سرایت مرکب

دافع نزلہ مرکب

Anti-Coryza.

ھوالشافی

اے پی سی پوڈر	۵ گرین
ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ	½ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

ان تینوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور
پانی کے ہمراہ دن میں دو یا تین بار دیجئے۔
یہ ایک مسکن درد، محرک تنفس اور دافع
نزلہ مرکب ہے جو درد، کھانسی، خراش حلق اور
کسل مندی کو رفع کرتا ہے۔ اس کے ہمراہ
سیرپ پریاٹان بھی دیا جاسکتا ہے۔ یہ بلغم کو بھی
اکھاڑتا ہے۔ اور ناک کے بھٹم کو بھی رفع کرتا
ہے۔ مزید دیکھئے دافع زکام مرکب

دافع نوبت مرض مرکب

Anti-Periodic.

(۱۶) ھُوالشافی cetamol

اسپرین ۵ گرین P.R. A.P.C

کونین سلفیٹ ۵ گرین

وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔
اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ مُسکّنِ الم، دافع بخار مرکب ہے۔ جو ملیریا اور دیگر درد کے ساتھ بخاروں کے لئے مفید ہے۔ اور عام دافع بخار مرکب ہے۔

دافع نزف مرکب

Anti-Haemorrhagic.

ھُوالشافی

اربولین ایک ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔
اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔
یہ ایک ارگٹ کا مرکب ہے جو اندرونی نزف مثلاً ولادت کے بعد نزف (سیلان خون)، اور استحاضہ (زیادتی حیض) اور سن یاس کے نزف کو روکتا ہے اور نامکمل اسقاط حمل میں بھی نزف کو روکتا ہے لیکن زیادہ دنوں تک استعمال نہ کرنا چاہئیے۔ اگر اس سے آرام نہ ہو تو سیتھرجن ساختہ سینڈوز کی ٹکیہ براہ دہن دینی چاہئے۔

---

۱۷ ھُوالشافی

وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

ایسے ٹوبینا فتھقون ۱۰ ملی گرام

ریوٹن ۲۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین یا چار بار دیجئے۔
یہ ایک دافع نزف حیاتین مرکب ہے، جو خاص طور پر رجحان نزف کے کنٹرول میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اس لئے یہ عروق کی غیر طبعی نزاکت و رقیت نزفی علامتوں (اسنٹرووم) اور رفتار دم اعلیٰ میں آنکھوں میں سُرخی آجانا کے لئے مُفید ہے۔
مزید براں یہ مرکب اسٹیپٹی بیون ساختہ امی مرک نے ٹکیہ کی شکل میں پیش کیا ہے۔ جو آپریشن سے پہلے اور آپریشن کے بعد نزف اور ولادت کے دوران نزف، دانت اکھاڑنے کے بعد نزف جراحی یا دندانی مداخلت کے بعد نزف کو روکنے کے لئے مُفید ہے۔

---

(۲۰) ھوالشافی

ٹنکچر آف اوپیم ۱۰ منم

پانی ۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور پلائیے۔

یہ آنتوں سے نزف اور آنتوں میں چھید ہونے میں خوب سے بہتر دوا ہے۔ اور یہ پیچیدہ تشویش کو دور کرتی ہے۔ اور نزف میں جبکہ مرکز نزف نہ معلوم ہو اس کا استعمال قابل قدر ہوتا ہے (گرولین صاحب کا بیان)

---

(۱) ہُوالشافی

کلاؤڈن	ا ٹکیہ
گلوکوز	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ سیلان خون کے ہر چشمہ کو روکتا ہے۔ اور اس لئے نزف از ریہ (نفث الدم خون تھوکنا) اور نزف از معدہ (خون بہنا) اور دماغی نزف کیلئے مُفید ہے۔

نوٹ۔ نوزائیدہ بچے کے رجحان نزف کو روکنے کیلئے وٹامن کے اسنکاوٹ روش بہت عمدہ ہے اور تسدّدی یرقان جس میں نزف کا رجحان ہو کے لئے بھی وٹامن کے مُفید ہے۔ اور سنگرہنی تپ محرقہ اور بواسیر کے نزف کو روکنے کے لئے ان امراض کے مخصوص نسخہ جات دیکھئے۔

بیرونی نزف کو روکنے کے لئے فائبرین فوم پھٹکری اور دیگر مرکبات مُفید ہیں۔ تھرفین تمام زخموں کے لئے ایک مُفید دوا ہے۔

دافع یرقان مرکب

Anti-Icterus.

ہُوالشافی

میگ سلف	۳۰ گرین
پانی	۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور پلائیے۔

یہ ایک مدر صفرا مرکب ہے۔ جو مزمن التہاب مرہ صفرا اور نزلاتی یرقان (پیلیا یا کمل باؤ) میں استعمال کیا گیا ہے۔ اور یہ ایک دست آور مرکب ہے۔

---

(۲) ہُوالشافی

کیلسیم گیزی نیٹ (گلیکوسو)	۱۰ گرین
بیوٹین (وائتھ)	½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ایلنو الیٹڈ مرکب ہے۔ جو او دیات مثلاً سنکھیا، پارہ، فاسفورس وغیرہ کے جگر پر زہریلے اثر سے پیدا شدہ یرقان کے لئے مُفید ہے جگر کی کمزوری سے پیدا شدہ یرقان کے لئے سیرپ یتھیونین وپہ کولین ساختہ البرٹ ڈیوڈ بہت مُفید مرکب ہے۔ جو بہ راہ دہن مدت تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔

نوٹ۔ ساری یرقان کیلئے دیکھئے اینٹی بائیوٹک مرکبات اور وٹامن کے مرکبات۔

Glucose 50cc
Becovex 1cc
B.12 1cc
Pot. citras 10gr.
Tr. Hyoscyamus 10 min
Aqua
T.D.S

دَورہ انگیز مرکّب

Convulsant.

دیکھئے قابضِ دماغ اور دافع صرع مرکبات، لیبنارڈل، کورامین وغیرہ۔

شافی حکّہ مرکّب

Anti-Soric.

ھوالشافی

یوریکس کریم	۱ ڈرام
ویسلین	۱ ڈرام

دونوں کو باہم ملا کر جلد پہ ملیئے۔

یہ خراشِ جلد، حکّہ اور کھاج کو دُور کرتا ہے۔ اس کے ہمراہ براہِ دہن کیلیم سنڈوسٹن ٹکیہ استعمال کرنی چاہیے۔ یا سونٹرل جیلی جلد پر لگانا چاہیے

Sandosten Injection

یہ ایک دافع خراش یا شافی حکّہ مرکب ہے

اس کے علاوہ حکّہ کے دیگر اسباب مثلاً جلد کی مرائیت، جلد کی حساسیت، جلد کا التہاب، بڑھاپے کی جلد کی تکلیف، یورما، یرقان، مارفین اور دیگر ادویات کے اثرات کا بھی علاج کرنا چاہیے۔ دافع تشویش مرکب فینوباربٹون، ایلیفنڈرین بھی دیا جاسکتا ہے۔

شافی نقرس مرکّب

Anti-Podagric.

ھوالشافی

کولچی سین	$\frac{1}{25}$ گرین
سوڈا سیلی سلاس	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

Indocid capsules

یہ ایک مانع التہاب، دافع درد اور شافی نقرس مرکّب ہے جو جوڑوں کے درد اور بخار کو بھی رفع کرتا ہے۔ اور سی سینکوبٹ ساختہ فانڈر نام سے ٹکیہ کی شکل میں بھی دستیاب ہوتا ہے۔ یہ مرض کے شدید حملہ میں فوری سکون دیتا ہے۔ لیکن درت اور سستی پیدا کرنے کا رجحان رکھتے ہیں۔ یہ درد و ورم کو ۲۴ گھنٹے میں اُتار دیتا ہے۔

Butalgin capsules

۲ ھوالشافی

ڈاکورٹن	۱۵ ملی گرام
ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔

یہ نقرس کے شدید درجہ میں حیرت انگیز مرکّب ہے اور ایک قابلِ انتخاب مرکّب ہے جو نقرس کے لئے مخصوص ہے۔ اس کے ہمراہ بستر پہ آرام، غذا

اور دیگر تدابیر علاج بروئے کار لانی چاہئیں۔

یوری کوشورک مرکب

Ucosuric.

(۳۰) ھوالشافی

کولچی سین	۱ ملی گرام
بینے مڈ	۵ر گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔

یہ نقرس کے شدید درجہ میں اور مزمن التہاب مفاصل میں ایک قابل انتخاب دوا ہے

(۳۱) ھوالشافی

ارگٹا پائرین	آمکیہ
سوڈا سیلی سلاس	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ دافع درد اور مسکن الم اور شافی نقرس ہے۔

یہ کتاب اردو زبان میں اپنی قسم کی پہلی کتاب ہے جس میں جدید طب کی زبردست ترقیات اور جدید ادویات پیش کی گئی ہیں۔ یہ کتاب مشغول طبیب کے لئے ایک سچی رفیق ہے۔

قابض دماغ مرکب

Cerebral Depressant.

(۳۲) ھوالشافی

پوٹاسیم برومائیڈ	۵ گرین
فینو باربیٹون	½ گرین
ڈیکسٹروز	۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک دافع دورہ، قابض دماغ مرکب ہے جو باربیٹون اور برومائیڈ مرکب کہلاتا ہے۔

یہ تشویش دماغی کو کم کرتا ہے۔ اور غضب و ہیجان کو رفع کرتا ہے۔ اور عصبی کمزوری میں عصبی درد کو کم کرتا ہے۔ زیادہ کام کرنے سے تکان کو دور کرتا ہے۔ بے چینی سے بے خوابی میں نیند لاتا ہے۔ شراب پینے سے ہیجان کو دور کرتا ہے۔ عورتوں کو شہوت کی زیادتی کو کم کر دیتا ہے۔ عصبی قسم کی دل کی ہیجانی حالت میں اور فعلی یا عضوی مرض نفس اسائی کو سیس، میں بھی مفید ہے۔

یہ مرکب دافع مرگی، اور مسکن جذبات بھی ہے۔ اور اس لئے داء الرقص (مرض کوریا) اختناق الرحم (ہسٹریا)، اور بچوں کے کھیچڑوں میں بھی دافع تشنج ہے۔

قابض اعصاب مرکب

Depressant of Nerves.

ھوالشافی

اسکوپولامین (ہائیوسین)	$\frac{1}{150}$ گرین
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ مرکزی نظام عصبی کے دبانے کے لئے ایک نارکوٹک دوا ہے، جو جنون کی حالت میں بہت ہی موثر ہے۔ پُرسکون نیند لاتی ہے اور تازہ دم اُٹھاتی ہے۔ لیکن دن کے وقت ہیجان کو کنٹرول کرنے میں زیادہ مفید نہیں ہے۔ ممکن ہے، اور اس سے ہیجان بڑھ جائے۔ یہ دوا مرکزی نظام عصبی قسم کے لرزے وکپکپی کی بعض اقسام میں فائدہ کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے، اور اس لئے یہ جنسی ہیجان (شہوت کی زیادتی) کو کم کرتی ہے۔ یہ منوم یا مسکن درد تو زیادہ نہیں ہے۔ لیکن بعض تجارتی مرکبات مثلاً بنلان (اسکوبٹ) اور ریٹنڈری کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے۔ پیتھیڈین اور مارفین کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے۔ القصہ یہ دوا (اسکوپولامین) جو کمزور کرنے والے اعضاء کی غیر طبعی سرگرمی کے سبب بے خوابی کے لئے خاص طور پر مفید ہے، اور لرزہ کی بعض اقسام میں بھی مفید ہے۔

مزید برآں ہائیوسین فالج لرزاں (رعشہ سے فالج) میں کپکپی کو سکون میں بہت مفید ہے اور دماغی مرض پارکن سونزم (رعشہ) میں ایک نمایاں بحالی پیدا کرتی ہے۔ عضلات کی عام سختی کو کم کر دیتی ہے۔ چہرہ و جوارح (ہاتھ پیر وغیرہ) کے لرزے کو کم کر دیتی ہے۔ آنسو اور لعاب کی زیادتی کو ختم کر دیتی ہے۔ گفتگو کو بحال کرتی اور ذہنی منظر کو اور زیادہ روشن کر دیتی ہے۔ اگر ہائیوسین دستیاب نہ ہو تو ٹنکچر اسٹرامونیم یا ٹنکچر بیلاڈونا مکسچر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

بہر کیف ہائیوسین بچوں کے دماغی فالج میں بھی فالج کے تشنج کو کم کرنے میں مددگار ہوتی ہے۔ اور سمندری متلی، ہوائی متلی کو رفع کرنے میں بھی مفید ہے۔

قابض قلب مرکب

Cardiac Depressant.

ھوالشافی

پرونسٹل (اسکوبٹ)	۵ گرین
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنا کر دیجئے۔

یہ دوا بطین قلب کے عضلات کی بے چینی کو دبا دیتی ہے اور کم سے کم زہریلا اثر رکھتی ہے۔ اس لئے بطین قلب (اذن قلب) کی بے قاعدگی کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس دوا کے متواتر استعمال سے لیوکوپینیا پیدا ہو جاتا ہے۔

۲۔ ہوالشافی

کوینیڈین سلفیٹ ۰٫۲ گرام

ڈیکسٹروسول ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پہلے بطور تجربہ دیجئے اور اگر ضرورت پڑے دن میں کئی بار دیجئے۔

یہ عضلہ قلب (مایوکارڈیم) پر قابض اثر کرتی ہے۔ اور اس لئے اذین قلب کے ریشہ انقباض کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے۔ اور دورے دار سرعت قلب، بطین قلب کے سرعت قلب اور رفرفہ قلب میں ایک مخصوص دوا ہے۔ لیکن اول الذکر کونین نہیں ہے۔ بلکہ کوینیڈین ہے۔

یہ دوا انقباض قلب، غش قلب مطرانی مرض قلب اور بوڑھے افراد کے کلانی قلب میں قطعی مضر ہے۔ اور دوا سے موافقت نہ کرنے والے افراد میں بھی منع ہے۔ اور دمہ توقیف تنفس کے مریضوں میں بھی نہ دینی چاہئے۔

قابض عضلہ شرائین مرکب

دیکھئے

نائٹرو گلسرین، ایمائل نائٹریٹ اور

دافع فشار دم مرکبات

قابض تنفس مرکب

Respiratory Depressant.

℞ ہوالشافی

مارفین سلفیٹ ¼ گرین

اٹروپین سلفیٹ [illegible] گرین

اسی سی کی مقدار کا ایمپول حاصل کیجئے۔

یہ دوا قابض تنفس اور دافع سعال ہے۔ اور قابض دردبھی ہے۔ اور نرم عضلہ کا تشنج پیدا کرتی ہے۔ یہ عصب راج کی محرک ہے۔

قابض شکم مرکب

دیکھئے حابس اسہال مرکب اور دافع درد مرکب

قابض عروق مرکب

Vasoconstrictor.

ہوالشافی

ایفیڈرین پیریوین نیزل سولیوشن

ایک فیصدی کا محلول استعمال کیجئے۔

یہ نافازولین وانانازولین کا مرکب ہے جو خون کے دباؤ پر قابض اثر رکھتا ہے اور اسلئے ناک کی غشا مخاطی (لعابدار جھلی) میں ورم کو

کم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور التہاب انف (ناک کی سوزش) اور تپ کاہی (ہے فیور) میں مفید ہے۔ اور ناک کے امتلاء (خون کا ناک میں بھر جانا) کے لئے بھی مفید ہے۔

اس کے زیادہ استعمال کرنے سے غنودگی پیدا ہو جاتی ہے اور مقامی غشاء مخاطی میں خراش بھی ہو جاتی ہے اور دوبارہ امتلاء بھی ہو سکتا ہے۔ عام طور پر یہ مرکب ہزار میں ایک حصہ کا محلول کی شکل میں سیبا کا تیار کردہ دستیاب ہوتا ہے۔ نیو سینفرین بھی ایسا ہی اثر رکھتی ہے۔ (مزید دیکھئے نمبر ۳ ڈرینالین سیلمہ)

۲۰۔ (۲) ہوالشافی

ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ	۱ گرین
فینو باربیٹون	½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ قابض عروق اور مسکن مرکب ہے جو خون کے دباؤ کو بلند بھی کرتا ہے۔ اور سکون بھی دیتا ہے۔ شرح نبض کو بڑھاتا ہے۔ اگر دل کی حرکت تنفس کی حرکت بڑھاتا ہو تو اس میں سے فینو باربیٹون نکال دیا جائے۔ ایفیڈرین زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے بے چینی کا احساس پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لئے فینو باربیٹون کی ضرورت پڑتی ہے بعض اوقات ایفیڈرین کے ہمراہ

اڈرینالین کا سولوشن بھی ناک کے امتلاء اور دمہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جو دافع حساسیت اور قابض عروق ہوتا ہے۔ اور یہ تپ کاہی و دمہ میں عام استعمال کیا جاتا ہے۔

ایفیڈرین بذات خود خون کے دباؤ کی کمی میں موثر ہے۔ اور براہ راست محرک تنفس بھی ہے۔

قابض تنفس مرکب

Respiratory Depressant.

ہوالشافی

سیرپ کوڈین فاسفیٹ	۲۰ قطرے
سیرپ سادہ	۲۰ قطرے

دونوں کو باہم ملا کر تھوڑا تھوڑا چاٹا کیجئے۔

یہ ایک قابض تنفس اور قابض سعال مرکب ہے۔ جو کھانسی کے دھسکہ کو دباتا ہے۔ اس کے علاوہ مارفین کا تحت الجلدی انجکشن بھی قابض تنفس ہے۔

نوٹ:۔ نارکوٹک مرکبات مثلاً کوڈین، ہیروئن، یا پاویرین قابض تنفس ہیں۔ ان کے مرکبات اس کے میدان سے باہر ہیں۔

قابض سعال مرکب

Coughing Depressant

دیکھئے۔ کوڈین، مارفین، ہائی کوڈان

قابض قے مرکّب

دیکھئے دافع قے ادویات

قبض کشا مرکّب

Laxative.

ہُوالشافی

کیلومل ۳۲ ملی گرام

فیناف ثقالین (کستوفین) ۱۶۲ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنایئے۔

اور دودھ کے ہمراہ دیجئے۔ یہ قبض کا فوری علاج ہے۔ جو خوب کام کرتا ہے۔ اور دو گھنٹے میں دست لاتا ہے۔ لیکن کیلومل مسوڑھوں کا ورم پیدا کر دیتی ہے۔ گلابی Bara Dawa Khana

نمبر ۲ ہُوالشافی

ایلوفین پلز۔ (پی ڈی) ۱ گولی

ایک تا تین گولی روزانہ سوتے وقت

یہ ایلوئن کمپونڈ ٹیبلیٹ ہے۔ جو قبض کشا ہے۔ اور جگر کی سُستی کے سبب قبض میں مفید ہے۔ گلابی : قبض کشا

نمبر ۳ ہُوالشافی

الکزر کسکارا سگریڈا ۳۰ منم

ٹنکچر بیلاڈونا ۱۰ منم

کلوروفارم واٹر ½ اونس

برائے دو بار

یہ مُسکّن اور ملیّن مرکّب ہے۔ جو اینٹھن کے ساتھ قبض میں مفید ہے۔

نمبر ۴ ہُوالشافی

پرسے نڈ (اسپینڈ ونز) ۲ گولی

کستوفین انگیہ

دو گولی سوتے وقت دی جائے۔

یہ سنا و فیناف ثقالین کا مرکّب ہے۔ جو قبض کو دُور کرتا ہے۔ اور عادتی قبض میں بہت موثر ہے۔

نمبر ۵ ہُوالشافی

پٹوڈیلگار فورٹ ایک چائے کا چمچہ بھر

یہ روزانہ چند دن تک دیا جائے۔

یہ قبض کو دُور کرتا ہے۔ اور ملیّن ہے۔

1. Brotlax
2. Castosal
3. Farolax

* قابض اور مشغول افعال اعضاء وہ ہے۔ جو کسی فعل کی سرگرمی کو ماند کر دے یا اس کی حرکت کو روک دے۔

Agrol - Eno

(پن وارم) اور کدو دانوں (راونڈ وارم) کیلئے ایک قابل انتخاب دوا ہے لیکن بعض مریضوں میں قے پیدا کر دیتی ہے۔ اس کو زیادہ عرصہ تک استعمال نہ کرنا چاہیے۔ بچوں کو مناسب مقدار میں دینا چاہیئے۔

یہ سیرپ پائپرازین بھی کہلاتا ہے۔ جو یورپ میں سیرپ بلیے سڈ اور ٹکیہ کی شکل میں انٹے ہسل ساختہ بی ڈی ایچ کے نام سے مشہور ہے۔ اور انٹے پار الگزرہ ساختہ بروز ویلکم بفریڈ وارم (سوطیے) کو بھی ایک ہفتہ میں قلع قمع کر دیتی ہے۔

---

(۲) ھو الشافی

ٹھمڈ ٹیبلٹ ۱۰۰ ملی گرام

(ڈائی تھیازین آیوڈائیڈ)

گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ روزانہ تین بار دیجئے۔

یہ ایک جدید مرکب ہے جو قابل دیدان، مخرج دیدان ہے۔ یہ بہت سے اقسام کے دیدان امعاء (کیڑوں) کو خارج کرنے اور قتل کرنے میں موثر ہے۔ یہ بڑے بڑے دیدان مستطیل اور خفریڈ وارم (فیتے دار کیڑے)، چرنے، کدو دانے اور کلبلا رسے نما کدو دانے (ہک وارم) کے خلاف موثر ہے۔ اور بیف ٹیپ وارم کے خلاف بھی موثر ہے۔

(۲) ھو الشافی

جنشین وائلٹ (دہلی) ۱۰ ملیگرام کی ٹکیہ

کسٹوفین ۱ ٹکیہ

پہلے اوّل الذکر ٹکیہ دیجئے۔ پھر میتن دوا کسٹوفین دیجئے۔ یہ ایک پن وارم، راؤنڈ وارم (چرنوں) کے لئے ایک موثر دوا ہے۔ جو قاتل دیدان مشہور ہے۔

یہ دوا جگر، اور گردہ کے نازک امراض میں مضر ہے۔ اور متلی و قے پیدا کر سکتی ہے۔

نوٹ۔ قاتل دیدان ادویات و مرکبات کا حلقہ بہت وسیع ہے۔ اور ان میں گذشتہ سالوں میں میل فرن اولیورزن، چینوپوڈیم سیگنل رلیسار لسینول، ٹیٹرا کلورا ایتھی لین، کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ اور انٹی منی کے مرکبات استعمال کیے جاتے تھے۔ لیکن اب مذکورہ بالا جدید مرکبات نے زیادہ اہمیت حاصل کر لی ہے۔ اور کسٹوفین تو زمانہ قدیم کی ایک خاص قاتل دیدان دوا تھی۔ جواب متروک ہو گئی ہے۔

کاسر ریاح مرکب

Carminative. (۵)

(۱) ھو الشافی

ٹنکچر کارمی نیٹو ۳۰ قطرے

پانی ۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر دن میں دو بار دیجئے۔

یہ فراری روغن اور اسپرٹ ایمونیا
ایرومیٹک کا مرکب ہے۔ جو عام طور پر اشتہاء کو
بڑھاتا ہے اور بعد از طعام گرانی شکم (پھلاؤ کے
احساس) کو ماند کرتا ہے۔ اور گیس کو خارج کرتا ہے
یہ نفخ امعاء اور پھلاؤ کو سکون دینے کے لئے بہت
موثر ہے۔ تشنج اور مروڑ شکم کو بھی کم کرتا ہے اور
ہاضمہ کو تحریک دیتا ہے۔

---

(۲) ہوالشافی

سوڈامنٹ (پوٹش) ۲ ٹکیہ

دو ٹکیہ بعد از طعام پانی کے ہمراہ دیجئے۔
یہ سوڈا، زنجبیل اور جوہر پودینہ کا مرکب
ہے۔ جو امعاء و معدہ پر اثر کرتا ہے۔ اور ہاضم
طعام ہے۔ اور بطور کاسر ریاح نفخ شکم، گرانی
شکم اور شکم کے پھلاؤ میں مفید ہے۔
نوٹ۔ جدید طب میں کاسر ریاح مرکبات بہت
کم استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور ان کی معالجاتی
اہمیت جدید مرکبات نے لے لی ہے۔ گذشتہ
زمانہ میں اختناق الرحم میں بھی کاسر ریاح مرکب
ہینگ اور سنبل الطیب استعمال کیا جاتا تھا۔ جو
اب متروک سا ہوگیا ہے۔

1. Alloes & Myrrh tab.
2. Q ~~salpha~~ capsules
3. Seat Angle tent-

کاوی مرکب

Caustic.

ہوالشافی

کاربولک ایسڈ ۱ حصہ

گلسرین ۹ حصے

دونوں کو باہم ملا کر جلد کے لئے استعمال کیجئے۔
یہ ایک دافع عفونت اور کاسٹک مرکب
ہے جو بطور دافع خراش داد وغیرہ میں استعمال
کیا جاتا ہے۔ یہ جلد کے لئے مخدر بھی ہے۔
نوٹ۔ قلمی شورہ اور سلور نائٹریٹ بھی بطور
کاوی استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن آج کل ان
کا استعمال متروک ہوگیا ہے۔

Redoil

مانع حمل مرکب

Anti-Conseptive
Constraseptive.

فینل مرکیورک ایسی ٹیٹ جیلی (۵ ہزار میں ایک
حصے کی)

یا

کنرام اسپٹو جیلی (آرتھو)

یہ جیلی اندرون رحم ایک سلائی کے ذریعہ
استعمال کی جاتی ہے اور بطور قاتل جراثیم منی
عمل کرتی ہے۔ اس کا استعمال فیملی پلیننگ امور میں
عام ہوگیا ہے

Apoil & Ergot Capsules

۲۔ ھُوالشافی

سوڈا بائی کارب ۶۴ر۱ گرام
ٹارٹرک ایسڈ ۱۲ر۱ گرام
ٹولوئین سلفون کلورامائیڈ ۰۱۲ر گرام
خوشبو بحسب ضرورت
بورق ۲ر۱ گرام

یہ مرکب گائنوزین ساختہ کوٹس اینڈ کو کے نام سے ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔

یہ مرکب کامیاب دافع عفونت اور دافع بدبو مانع حمل ہے۔ اور مانع نشو ونما اثر رکھتا ہے۔ اور بطور محذر مانع حمل دوا ہے۔ اس کا استعمال درون رحم کیا جاتا ہے۔

۳۔ ھُوالشافی

کونین سلفیٹ ۱۰ گرین
کاسٹر آئیل ۳۰ منم
سیرپ سمپل ۵ منم

پہلے کونین کو لیموں کے رس میں حل کر لیجئے۔ پھر کاسٹر آئیل اور شربت ملاکر پانی کے ساتھ روزانہ ایک ماہ استعمال کرائیے۔

یہ ایک مسقط جنین مرکب ہے۔ جو پہلے وضع حمل کے دوران میں رحم کے انقباض کو بڑھانے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔ لیکن اب اس کا یہ اثر کمزور سمجھا جاتا ہے اور اس کے بجائے مسقط جنین ارگٹ کا کھار خیال کیا جاتا ہے

مانع ریق مرکب

Anti-Sialic.

ھُوالشافی

ٹنکچر بیلاڈونا ۶ر سی سی
پانی ½ اونس

دونوں کو ملاکر آمیزہ بنائیے۔ اور براہ دہن دیجئے۔ یہ اعضاء معدہ و امعاء سے افراز رطوبت اور لعاب جانے کو روکتا ہے۔

مانع فربہی مرکب

Reducing.

۱ ھُوالشافی

وٹامن بی کمپلیکس و وبی ۱۲ ا ٹکیہ
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
میتھے ڈرین ½ ٹکیہ

Ritalin Methedrine

سب کو ملاکر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک قابض اشتہار اور دافع موٹاپا ہے۔ اس کے ہمراہ تھائرائیڈ بمقدار ½ گرین بھی دی جاسکتی ہے۔

مانع منی مرکب

Spermicide.

دیکھئے مانع حمل مرکب

مانع نزف مرکب

Styptic.

(۱) ھوالشافی

پھٹ کری (ایلم)	۱ حصہ
پانی	۹ حصے

دونوں کو ملاکر سولوشن بنا لیجئے۔ اور مقامی طور پر جلد پر لگائیے۔

یہ بطور غرغرہ حابس حلق ہے اور بطور لوشن جلدی امراض میں مفید ہے۔ اور یہ بافتوں سے سیال کو کھینچ لیتا ہے، یہ ناک اور دانت سے خون بہنے کو روکتا ہے۔ اور بطور حابس الدم مفید ہے۔

✓ پھٹکری کا سفوف دافع عفونت اور حابس جلد بھی ہے۔ اور پھٹکری کا محلول بواسیر کے خون کو بھی بند کرتا ہے۔ فلطاجیہ (کنڈھی لوماٹا) سے خون بہنے کو بھی روکتا ہے جنتک پھٹکری کا شک اثر بھی کرتی ہے۔

Vitamin K　　Inj. calcicate

---

(۲) ھوالشافی

فیرک کلورائیڈ	۱ حصہ
پانی	۹ حصے

دونوں کو ملاکر لوشن بنائیے۔ اور خارجی طور پر لگائیے۔ یہ ایک مانع نزف دوا ہے۔ اور خون کی پروٹین کو تہ نشین کرتی ہے۔ اور اس طرح زخموں سے جاری ہوئی خون کی کوٹھریوں کے سیلان خون کو روکتی ہے۔ یہ طریقہ علاج صرف عروق شعریہ سے سطحی ارتشاح کو ہی روکنے کیلئے مفید ہے۔ اور نقطہ نزف سے فوری ملتے ہی یہ دوا شریانین کو سکیڑ دیتی ہے۔

فیرک سلفیٹ یا مون سل سولوشن (امریکہ کی نیشنل فارمولری کا نسخہ) بھی بطور مانع نزف استعمال کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ۔ مزید دیکھئے مقامی جامد خون ادویات مثلاً تھرومبین، فائبرین فوم، جیلاٹین اسفنج اور وٹامن کے، کے مرکبات اور دافع نزف مرکبات کا عنوان۔

مبرد مرکب

Refrigerant Cooling.

(۱) ھوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
ڈیکسٹروسول	۱۰ گرین

ان سب کو ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک مسکن بخار اور دافع پیاس مرکب ہے۔ جو بخار کی تیزی میں پیاس کو بھی سکون دیتا ہے۔ اور بخار بھی اتارتا ہے۔

---

(۲) ھُوالشافی

سیرپ اورنج	۱ ڈرام
ڈیکسٹروسول	۵ گرین
پانی	۱ اونس

ان سب کو ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور پلائیے۔ یہ مسکن اور مفرح قلب ہے۔ اور بخار و پیاس کو کم کرتا ہے۔

متوازن جذبات مرکب

Tranquilizer.

ھُوالشافی

میپروبامیٹ	۲۰۰ ملی گرام
فینوباربیٹون	۱۵ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا کر دیجئے۔ یہ مسکن جذبات اور مُرخی عضلات مرکب ہے جو عصبی تشویش، اضطراب، قلق اور نفسیاتی کمزوری کے لئے مفید ہے۔ اور بازار میں مپرفن نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

محافظ جلد مرکب

Protective.

ھُوالشافی

ٹنکچر بنزوئن کمپونڈ	۱ حصہ
ویسلین	۱۰ حصے

دونوں کو باہم ملا کر مرہم بنائیے۔ اور جلد پر لگائیے۔ یہ بطور تلیین جلد کام کرتا ہے۔ اور اس لئے گمرونڈے، گٹھنا، موچ، پھٹے ہوئے ہونٹ و ہاتھ پیر، اعراق وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ذرور مرکّب

Dusting Powder.

(۱) ھُوالشافی

کیلشیم کاربونیٹ	۱ حصہ
ٹالک	۱ حصہ
کے اولین	۱ حصہ
اسٹارچ	۱ حصہ

سب کو ملا کر سفوف بنا لیجئے۔ اور جلد پر چھڑکئے۔ یہ جلد کی خراش کو دور کرتا ہے اور زخم کو ہوا سے بچاتا ہے کیڑوں کے لگنے سے بھی بچاتا ہے۔

٭ مانع سُعال Cough Inhibitor. دیکھئے مانع سرفہ مرکب

مُبرّد و مسکن بخار و پیاس، ٹھنڈا کرنے والی دواء۔

اور اس لئے جلد کی حفاظت کرنے والا مرکب ہے

محافظ جنین مرکب

Protective of Pregnancy.

فولی کوسٹڈ (یو ہر مگز)	۰.۵ ملی گرام
(ایتھل آئسٹرا ڈیول)	
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲	ا ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور ایک ماہ تک ایک پڑیہ روزانہ دیجئے۔

یہ ہارمون و حیاتین کا مرکب ہے جو مسکن رحم اور دافع تشنج بھی ہے اور اس لئے حمل میں رحم کو طاقت دیتا ہے اور اس طرح جنین کی حفاظت کرتا ہے۔ مزید براں یہ مرکب رحم کے زنانی مرض، استحاضہ، قلت حیض اور عدم حیض میں بھی مؤثر ہے۔ بہر کیف یہ مرکب مزمن التہاب اندام رحم اور انقطاع رضاعت کے لئے بھی مؤثر ہے۔

عورتوں کو سیلان الرحم اور ورم رحم سے بھی بچاتا ہے۔ اور بہت ہی مؤثر مرکب ہے۔

Bayers tonic

محرک اعصاب مرکب

Stimulant.

(۱)

ہو الشافی

لائکور اسٹرکنین ہائیڈروکلورائیڈ	۵ منم
ایسڈ ہائیڈروکلورک ڈل	۱۰ منم
کلوروفارم واٹر	½ فلوئیڈ اونس

یہ آمیزہ بنائیے۔ اور روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ ایک محرک اعصاب مکسچر ہے۔ جو حرام مغز (النخاع) کو حرکت میں لاتا ہے۔ اور تلخ مقوی بھی ہے۔ اس لئے ہاضم اعضاء پر مقامی اثر کرتا ہے۔ ڈاکٹر مرگر دلیمن نے اپنی علم الادویہ کی کتاب میں لکھا ہے کہ یہ بطور عام محرک نظام عصبی اور بطور مقوی قابل قدر نہیں ہے۔ نہ ناطاقتی یا مرض قلب میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پہلے یہ اعصار تنفس کے انقباض یا غشی میں استعمال کیا جاتا تھا۔

B.12 + B.1 Proberon
ProberON
Testoveron 25mg

(۲)

ہو الشافی

امفیٹامین	۲.۵ ملی گرام
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک محرک اعصاب مرکب ہے جو نفس کی انقباضی حالت غشی اور کمزوری

Tonum = Nerve Tonic

* محافظ جلد اور مسکین جلد ایک ہی اصطلاح میں شمار کی جاتی ہے۔ دیکھئے مسکین جلد مرکبات

نفسیاتی حرکت کی کمزوری میں استعمال کیا جاتا ہے لیکن یہ بطور محرک نظام عصبی قوت کا احساس بڑھانے کیلئے استعمال نہیں کیا جاتا اور نہ کام کی قوت کو ہی بڑھانے کے لئے زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔ اس کا فشارِ دم اعلیٰ میں استعمال مضر ہے۔

۲۷

هو الشافی

کیفین سوڈیم بنزوئٹ ۵ر گرام

اس کا سولوشن امپول میں دستیاب ہوتا ہے

یہ دو دو بار عضلاتی راہ سے انشراب کیجئے۔

یہ مرکب انجکشن مرکزی نظام عصبی پر خاص اثر کرتا ہے۔ اور اس نے عصبی خستگی میں دماغ کو حرکت میں لانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مرکز تنفس پر اس کا اثر اسقوط قوت میں قابل قدر پایا گیا ہے۔ اور یہ شراب کے زیادہ پینے والے افراد میں بطور ضاد زہر استعمال کیا جاتا ہے۔ اور تحت جلدی راہ سے اس کا انشراب بہت ہی موثر ہے۔

۲۸

هو الشافی

کارڈیازول ۱ر گرام

ڈیکسٹروسول ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔

یہ وسط دماغ پر اثر کرتا ہے اور بار شوان کے خمار کو دور کرتا ہے۔ اور محرک قلب ہے محرک تنفس اور مفرح بھی ہے۔ دل و رگوں کے سقوط میں محرک ہے۔

محرک امعاء مرکب

Intestinal Stimulant.

هو الشافی

کارباکول (ڈوریل) ۲ ملی گرام

ڈیکسٹروسول گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک کولی نرجک مرکب ہے۔ جو آنتوں کے ایلاوس اور بکود احتفار بول میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اور دیرپا اثر رکھتا ہے۔ سست آنتوں کو فوراً حرکت میں لاتا ہے۔ لیکن زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے خطرناک طویل تحریک امتلی، قے، ادنی خون کا دباؤ، البلود ذب، دمہ کا سا رد عمل پیدا کر دیتا ہے۔

یہ مرکب آنتوں کے میکانی سُدّے میں استعمال نہ کرنا چاہیئے۔

هو الشافی

پروسٹگمین برومائیڈ (روشن) ۱ ملی گرام

ڈیکسٹروسول ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک کولی نرجک مرکب ہے۔ جو آنتوں کے ایلاوس اور قولون کی کلانی میں عضلاتی تشنج

کو کم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور جبلک عضلاتی کمزوری میں بھی مفید ہے۔

یہ زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے متلی، قے اور خون کا دباؤ بھی پیدا کر دیتا ہے۔ اور دمہ کا سا حملہ بھی پیدا کر سکتا ہے۔

مزید دیکھئے روشن علاج بالادویہ میں پروسٹگمین کا بیان۔

نوٹ۔ انتڑیوں کی حرکت کو بڑھانے کے لئے عام طور پر مسہل، جلاب اور ملین ادویات استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً سقمونیا، جلاپہ، بیگ سلف یکولس، اسپغول، سنا، ریوند چینی، پیرافین لکوڈ، کسکارا سگریڈا اور کاسٹرآئیل وغیرہ۔

محرک تنفس مرکب

Respirtary Stimulant.

۱۷

ھوالشافی

امینو فلین	۱/۲ گرام
ایفیڈرین ہائیڈروکلورائڈ	½ گرین
ایلیوڈروکس	۵ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک محرک تنفس، دافع تشنج مرکب ہے جو دمہ کے مریضوں میں شعبہ صدر کے عضلاتی نظام کو ڈھیلا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

اور اکلیل قلب کی علقیت میں شرائین تاج قلب کو پھیلانے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایک مؤثر مدر بول بھی ہے۔ اور پیشاب کو بڑھا کر گردہ پر اثر کرتا ہے لیکن یہ مرکب معدہ و امعاء کی کسی قدر بے چینی پیدا کر دیتا ہے لیکن ایلیوڈروکس کا اضافہ اس خطرہ سے نجات دلاتا ہے۔ اور اگر بے خوابی اور بے چینی زیادہ ہونے لگے تو فینوبار بیٹون ½ گرین اس مرکب میں شامل کر دینا چاہئے

۲

ھوالشافی

اسپرٹ ایمونیا ایروميٹک	۱۰ قطرے
پانی	½ اونس

اس کا آمیزہ بنایئے۔ اور پلایئے۔

یہ غشی میں بطور محرک تنفس اور محرک دوران خون استعمال کیا جاتا ہے۔

۳

ھوالشافی

سیرپ پوٹاشیم (گائیکولیٹ)	ا چائے کا چمچہ
سیرپ ٹولو	۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر لعوق بنایئے اور چٹایئے

یہ محرک تنفس لعوق ہے۔ جو کھانسی میں بلغم کو اکھاڑتا ہے۔

نوٹ۔ مزید دیکھئے۔ ایفیڈرین کو رامین مرکب اور امنیٹامین و ہیتھے ڈرین وغیرہ۔

مُحرک قلب مرکّب

Cardiac Stimulant.

ہُو الشافی Digoxin

ڈجوکسن (بی ڈبلیو)	ا؍ گرام
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ قلب کے مطراتی مرض میں زیادہ مفید ہے۔ اور صمام اوسطی کے فشل میں بھی قابل قدر ہے اور یہ دل کی سرگرمی کو بڑھا دیتا ہے۔ اسلئے سُرُوقِ قلب کے رکود، دل کے اتساع، اذیا اور دیگر نشل قلب کے دجوہات میں موثر ہے۔

یہ دوا پھیپھڑوں کے ذریعہ دوران خُون کو بحال کرتی ہے اور دماغ کو خُون فراہم کرتی ہے۔ اور عُروق کے انقباض کی قوت کو گھٹا دیتی ہے۔ اور دوران خُون کو طبعی حالت پر لے آتی ہے اور عام طور پر شریان کا دباؤ و تناؤ ادنی رکھتی ہے۔

بہرکیف یہ دوا قلب کے اکثر امراض کے لئے بہت مُفید ہے۔

نوٹ ۔ مزید دیکھئے۔ اوڈرے نرجک مرکبات

مُحرک دِماغ مرکّب

Cerebral Stimulant.

ہُو الشافی

(۱) میتھے ڈرین	۱ ٹکیہ
(۲) وٹامن بی کمپلیکس بی ۱۲	۱ ٹکیہ
(۳) وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔

یہ ایک محرک دماغ اور مقوی مرکب ہے۔ جو دماغی کمزوری، اعصاب کی کمزوری اور عام کسل مندی کے لئے بہت موثر ہے۔ اور سُستی ذہن کو بھی رفع کرتا ہے۔

نوٹ ۔ مزید دیکھئے دافع انقباض مرکّب۔ محرک اعصاب مرکّب۔ وغیرہ۔ اور کیفین و کورامین وغیرہ ادویات۔

Tonum (Albert DAVID) البرٹ ڈیوڈ
Restorative nerve tonic

مخدّر جلد مرکّب

Anesthetic.

ہو الشافی

اسٹے تھین آئنٹمنٹ	½ اونس
ویسلین	۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر جلد پر لگا دیجئے۔

یہ ایک مخدر (جلد کو بے حس کرنے والا) مرہم جو جلد پر لگانے سے اس کو سکون دیتا ہے۔

Embrocation. Bots

اس لئے یہ مرہم مقامی درد اور بے چینی یعنی بواسیر، تشقق مقعد، معمولی احراق، ڈنبل، کاٹنا، ڈنک مارنا اور عام جلد کی سرائیتوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مزید براں یہ مرہم بطور مدہن آلات بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ نیز کیبنال مرہم بھی یہی صفات رکھتا ہے اور پروکین مرہم بھی اس مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

---

(۲) ہُوالشافی

سیبوی کین (ٹکلیک سو)	۲ سی سی
اڈرینالین سولوشن	۱ سی سی

(ہزار میں ایک حصے کا محلول)

دونوں کو باہم ملا کر سولوشن بنائیے اور جلد پر لگائیے

یہ محدّر اور محرک محلول ہے۔ جو دانت اکھاڑنے کے بعد ورفریزش کو روکنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر اس محلول سے اڈرینالین نکال دی جائے تو یہ محلول (یعنی پروکین ہائیڈروکلورائیڈ) بھی محلول بطور مقامی مسکن الم استعمال کیا جاتا ہے۔

یہ التہاب فائبرن (درد کمر) میں شدید تشنج میں، سردی درد اور کھرنڈ دل کے درد میں حدت کو سکون دیتا ہے۔ اور معمولی جراحات (زخموں وغیرہ) میں مقامی تخدیر پیدا کرتا ہے۔

(۳) دہ آنکھ کے لئے ایتھوکین آئی ڈراپس آنکھ میں ٹپکائیے اور جلد کے لئے اناٹزولین کریم (این تسٹیمین کریم) لگائیے۔ اور حلق کیلئے بنزوکین لوزنجز سوچائیے۔ حلق کی بے چینی دور کرنے کے لئے ٹائروزٹ لوزنجز (شارپ ڈوہم) ایک بہترین مرکب ہے۔ جو سوچا جا سکتا ہے۔

محرش مرکّب

Irritant.

دیکھئے خراش آور مرکّب۔

مدرِ بول مرکّب

Diuretic.

(۱) ہوالشافی

ڈایاموکس (لیڈرلے)	۱ ٹکیہ
ایلیوڈروکس	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک جدید مدربول (پیشاب لانے والا) مرکب ہے جو دافع دورہ، دافع مرگی بھی ہے اور اس لئے مرگی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مرض گلوکوما (سبز موتیا بند) کے علاج میں بھی مفید پایا گیا ہے۔ یہ مرکب بطور مدربول حمل کے آخری ایام قبل از حیض تناؤ جس کے نتیجہ میں چہرے پیروں پر ورم ہو جاتا ہے، سمن مفرط (موٹاپا) اور مزمن قلب اور حاملہ کا تسمم الدم میں تجویز کیا جاتا ہے۔

۲ **بُوالشافی**

اینفو فائیلین (بی ہیلکم)	۱ ٹکیہ
ایلیو ڈردکس	۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ دوا فشل قلب کے مخصوص مریضوں میں پیشاب لاتی ہے۔ اور اس طرح دل پر عروقی وریدی دباؤ کو کم کر دیتی ہے۔ یہ دوا دمہ کے بحران، دمہ کے شدید حملے اور ذوبحہ صدریہ کے حملوں کو دُور کرنے کے لئے بھی موثر ہے۔ یہ محرک تنفس، مرخی عضلات شعبہ، مدر بول اور دافع دمہ صفات رکھتی ہے
اس مرکّب میں بے خوابی دُور کرنے کیلئے فینوباربیٹون ½ گرین تک شامل کیا جاسکتا ہے۔

③ **بُوالشافی**

ایمونیم کلورائیڈ	۱۵ گرین
اسپرٹ ایمونیا ایرومیٹک	۱۰ منم
لکوڈ ایکسٹرکٹ آف لیکورس	۱۵ منم
پانی	۱ اونس

یہ مکسچر بنائیے۔ اور دن میں دو یا تین بار دیجئے۔ یہ ایک مدر بول آمیزہ ہے۔ جو منفث بلغم بھی ہے۔ یہ مدر بول، از نشہ انگیز اور منفث بلغم مرکب ہے۔ جو خراش آور اور غثیان آور بھی ہے۔ عام طور پر یہ افراز شعبہ کو قے لاکر نکال دیتا ہے۔ اور بطور منفث بلغم مفید ہے۔ جسم میں پہونچکر یہ یوریا میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اور ہائیڈروکلورک ایسڈ کو آزاد کر دیتا ہے۔ یہ قارورہ کی مقدار کو بڑھاتا ہے۔ اور خوب پیشاب لاتا ہے۔ اور پیشاب کو ترشی بھی کر دیتا ہے۔ اس لئے یہ جلندھر، اذیما، اور عسر طمث میں استعمال کیا جاتا ہے۔
اور پارہ کے مرکبات سے قبل بھی بطور مدر بول استعمال کیا جاتا ہے۔ مزید برآں یہ مرکب نزلہ و زکام کی کھانسی میں کسی دافع حساسیت دوا مثلاً پیری ٹن ٹیبلٹ کے ہمراہ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور دافع سعال مفید ہے۔

Pot. citras 10 gr
~~Tr. Hyoscyamus 20 min~~
Syp. Aurantii 20 min
Aqua 1 oz

④ **ہُوالشافی**

تھیوبرومین سوڈیم سیلی سلیٹ (ڈائیورے ٹین)	۰٫۵ گرام
ایلیو ڈرڈکس	۷ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک نہایت موثر مدر بول مرکّب ہے۔ جو اذیما کو دُور کرتا اور خوب ادرار بول کرتا ہے یہ نہ بے آبی پیدا کرتا ہے اور اخراج نمک ہی کرتا ہے بلکہ گردہ کی عدم کفایت کے مریضوں میں جبکہ پارہ کے مرکبات کا استعمال مضر ہو یہ خوب کام کرتا ہے اور زہریلے اثرات سے بھی مبرا ہے۔
یہ خفتی فشل قلب میں بھی مفید ہے۔ اور بطور محرک قلب بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اسلئے

Dewitt's Kidney & Bladder p

پھیپھڑے کے اوڈیما، نشیمی بہرین مفید ہے۔
اس حالات مرض میں مدربول اور مقوی قلب اثر کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ پارہ کے مرکبات کے ہمراہ اثر افزا بن ہو جاتا ہے۔
نوٹ۔ مدربول ادویات کا حلقہ بہت وسیع ہے۔ جس میں پارہ کے مرکبات مثلاً مرسےلی، سیلرگان، اور نیو ہائیڈرین، کاربامائیڈ اور تھیوبرین وغیرہ شامل ہیں۔ استعمال کئے جاتے ہیں۔ مذکورہ بالا تمام مرکبات نہایت کثیر الاستعمال ہیں۔ اور بہت موثر ہیں۔

مُدرِ حیض مرکب

Emmenogogue.

۱۸

ھوالشافی

فرسولیٹ ٹبلٹ	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
فولی کوسیڈ	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجیے۔

یہ ایک فولادی، حیاتین وہارمون کا مرکب ہے۔ جو عسر طمث، بندش حیض، قلت حیض اور دیگر ماہواری کی تکالیف میں موثر دوا ہے یہ فولاد شامل رکھتا ہے۔ اس لئے اخضریت (اینیمیا) اور خون کی کمی میں زود اثر ہے۔ اور فولی کوسیڈ ومنفصل آکسرا ڈیول ایک مدر حیض اور محافظ رحم دوا ہے۔ اس لئے یہ مرکب ایک بہترین محافظ نسواں ہے اور مخالف اسقاط سے مبرا ہے۔

---

(۲) ھوالشافی

ہین الٹروجن (آرگے نن)	۱ ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس بی ۱۲	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ ماہواری سے پندرہ دن پہلے دیجیے۔

یہ ایک ہارمون وحیاتین مرکب ہے۔ جو بندش حیض اور ایام ماہواری کی بیقاعدگی اور عسر طمث کے لئے بہت موثر ہے۔ یہ مقوی رحم اور مقوی خون بھی ہے اس لئے رحم کی تکالیف دور کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔
نوٹ۔ مزید دیکھئے دافع عسر طمث مرکبات اور امونیم کلورائیڈ مرکب ایلو اور ایسٹروجن ادویات بھی مدر حیض ہیں۔

Duraboliar
Inj. Durabolin

مُدرِ صفرا مرکب

Cholagogue Choleritic.

ھوالشافی

کولکٹریبا بی ڈی ایچ،	۱ ٹکیہ
فینوباربیٹون	½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی

کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک اثر آفرین مدر صفرا مرکب ہے۔ جو صفراوی نظام کے سیلاب کے دروازے کھول دیتا ہے اور مسکّن دافع تشنج اور مدر صفرا اثر کرتا ہے اور اس لئے صفراوی قبض، صفراویت، غیر متحجری والے التہاب مرارہ صفرا اور رکو و صفرا میں بعد از طعام استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن شعبی دمہ کے مریض میں مُضر ہے۔

℞ ہُوالشافی

بائی کولیس	۱ ٹکیہ

یہ بات کو پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک عام بازاری مدر صفراء دوا ہے۔ جو قبض اور صفرا کے رکاؤ کے سبب علامتوں میں مُفید ہے۔

مرخی عضلہ مرکب

Relaxant.

ہُوالشافی

ڈسیپرول	۴۰۰ ملی گرام
سیکو باربیٹال	۳۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک مسکّن مرخی عضلہ مرکب ہے جو ذہنی و جسمانی تناؤ کو کم کرتا ہے۔ اور ایک کامیاب مسکّن جذبات ہے۔ یہ جذباتی بے چینی، خاندانی پریشانی دباؤ اس یا اس کی بے چینی، قبل از حیض تناؤ کو دُور کرتا ہے۔ اس میں میفینیسین (ٹولیسیرول) ایک مرخی عضلہ دوا ہے۔ اور باربیٹون ایک مسکّن جذبات ہے۔ لہذا یہ مرکب مامون اور جدید مرخی ہے۔

℞ ہُوالشافی

اکوانل	۱ ٹکیہ
فینو باربیٹون	¼ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔

یہ ایک جدید مسکّن و مرخی عضلہ مرکب ہے۔ جو تناؤ، بے چینی اور تشویش و اضطراب کو دُور کرتا ہے۔

نوٹ: مزید دیکھئے دافع تشویش مرکب، مسکّن جذبات مرکب، متوازن جذبات مرکب وغیرہ۔

مزیل شعر مرکب (بال صفا)

Depilatory.

[۱۷] ہُوالشافی

℞ بیریم سلفائیڈ	۱ اونس
چاک پوڈر	۴ اونس

دونوں کو باہم ملا کر پوڈر بنائیے اور ضرورۃً پانی میں ملا کر لیسی سی بنا کر بالوں پر لگائیے۔

دو تین منٹ لگا رہنے کے بعد ایک کند چھری سے جلد کو صاف کر دیجئے۔

یہ ایک کاسمٹک بال صفا پوڈر ہے۔ جو بالوں کے اُوپر لگانے سے اُن کو نرم کر کے اُڑا دیتا ہے اور بازاری بال صفا پوڈر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے یہ پوڈر گلسیرین میں ملا کر لگانے سے بال صفا صابن بن جاتا ہے۔ یہ پوڈر جلد کے داد اور اکزیما کو بھی دُور کرتا ہے۔ اور زبردست کادی ہے

مُسکّن مرکّب

Sedative.

ہوالشافی

فینو باربٹون	۳۰ ملی گرام
ڈیکسٹروس Glucose	۵ گرین

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور سوتے وقت دیجئے۔ یہ ایک موثر مسکن ہے۔ جو منوم بھی ہے۔ اس لئے عصبی کمزوری، مرگی، بیخوابی، صبح کی بیداری میں مفید ہے

مُسکّن الم مرکّب

Analgesic. ۱۰

ہوالشافی

کوڈو پارین	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکّن، دافع درد مرکب ہے۔ جو عصبی درد، درد سر، درد دنداں، عرق طمث کے درد، انفلوئنزا کے درد میں مفید ہے۔

ہوالشافی

سوڈا سیلی سلاس	½ گرین ۰.۵ ۲ ملی گرام
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام
فینو باربٹون	۱۵ ملی گرام ¼ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ مُسکّن الم مرکّب ہے۔ جو گٹھیا کے درد، جوڑوں کے درد، درد کمر اور عصبی درد کے سکون کے لئے بہت موثر ہے۔ یہ یورک کو شورک بھی ہے اس لئے گٹھیا میں مفید ہے اور عضلاتی درد، مفصل کے درد، درد سر معہ بیخوابی، اور عسر طمث کے درد میں بھی مفید ہے۔ یہ ایک اثر آفریں مرکب ہے۔ جو ایسپرین اور فینو باربٹون مرکّب کا مقابلہ کرتا ہے۔

ہوالشافی ۳

ایسپرین	۳ گرین
فیناسیٹین	۲ گرین
کیفین	½ گرین

یہ اے پی سی پوڈر کہلاتا ہے۔ روزانہ ایک یا دو بار دیا جا سکتا ہے۔ اس کے ہمراہ وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام شامل کی جا سکتی ہے۔ یہ ایسپرین

کمپونڈ بھی ہے۔ اور ایک ہسٹر جس ٹک کبی نیشن ہے

یہ درد سر، درد عصب اور دیگر تمام عصبی

اوجاع میں مفید ہے۔

نمبر ۱۴ ہو الشافی

پنٹو باربیٹون سوڈیم	½ گرین
ایسپرین	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے

یہ مسکن الم اور منوم مرکب ہے جو درد سر معہ

بیخوابی اعصبی درد میں مفید ہے۔

نمبر ۱۵ ہو الشافی

بسکوپان (Buscopan)	ا ٹکیہ

ایک ٹکیہ برا و دہن دیجئے۔

یہ ایک مسکن درد، دافع تشنج دوا ہے جو

حشوی درد اور پیٹ کے درد کے لئے بہت ہی

مفید ہے۔ اور درد کو سکون دینے کے لئے مارفین

کا نعم البدل ہے۔

نوٹ۔ آلام و اوجاع (درد) کے سکون کیلئے

بہت سی ادویات استعمال کی جاتی ہیں۔ جن میں

نار کوٹک ادویات مثلاً پیتھی ڈین۔ فائی سیپٹون،

کوڈین فاسفیٹ، ڈلاوڈڈ وغیرہ بھی شامل ہیں۔

مزید دیکھئے مقامی مخدر ادویات برائے

دافع درد جلد۔ عام مخدر ادویات، دافع تڑمشی

معدہ اور دافع تشنج مرکبات اور عروقی محرک

مرکبات وغیرہ اور پنزکو فین۔

مسہل جنین مرکب

Oxytocic.

نمبر ۱ ہو الشافی

اربولین	ا ٹکیہ
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔

اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ارگٹ کا جوہر مرکب ہے۔ جو نامکمل

اسقاط حمل میں رحم کے لیجہ کو حرکت میں لا کر جنینی

کو خارج کر دیتا ہے۔ اور اس لئے ولادت کے بعد

نزف میں مفید ہے۔

نمبر ۲ ہو الشافی

کونین سلفیٹ (Q. Sulphas)	۲۰ گرین
اربولین	ا ٹکیہ
کاسٹر آئیل	۲۰ قطرے
پانی	ا اونس

ان سب کو ملا کر ایک مکسچر بنائیے۔

یہ ایک معمولی مسقط جنین مرکب ہے۔

جو بعد ولادت گندے میلے کو خارج کر دیتا ہے

لوٹ۔ مزید دیکھئے مانع حمل مرکبات۔

مُسہلہ مُرکّب

Purgative Cathartic.

ہُوالشافی

میگ سلف	۳۰ گرین
شربت سادہ	۱۰ قطرے
پانی	۱ اونس

ان کو ملاکر آمیزہ بنایئے۔ اور پلایئے۔

یہ ایک آبی دست آور مرکب ہے۔ جو سخت قبض میں سُدّوں کو خارج کر دیتا ہے۔ اور عام مُسہلہ دوا ہے۔

ہوالشافی

بروک لیکس	½ ٹکیہ
کیلومل	½ گرین

دونوں کو ملاکر دودھ کے ہمراہ سوتے وقت دیجئے۔ یہ قبض کو دُور کرنے کے لئے ایک مُسہلہ مرکّب ہے جو مروڑ کے ساتھ دست لاتا ہے۔

نوٹ۔ دیکھئے جلاب، ملیّن شکم و نمکین دست آور مرکبات، کمپونڈ لکورس پوڈر۔ شربت سنا۔ کسکارا سگریڈا۔ اپیرا ئین لکو ڈ ایرے نڈ، فینافتالین۔ ایلوئن وغیرہ۔

مُشتہی و مُغذی اطفال مُرکّب

Appetizer Nutritive.

ہُوالشافی

سرپا سِل	۰.۰۲ ملی گرام
وٹامن بی ۱ (انیرن)	۵ ملی گرام
وٹامن بی ۱۲ (گلیک سو)	½ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔

یہ بچوں کی قوت ہاضمہ کو بڑھاتا، اور ان کی نشوونما کو تیز کرتا ہے مُسکّن جذبات، مقوی اعصاب، اور مقوی اورویات کا مرکب ہے۔ یہ بچوں کا چڑچڑاپن دُور کرتا اور پُورے جسم کو طاقت دیتا ہے یہ بازار میں فری جی واٹ ام سے دستیاب ہوتا ہے۔

مُعرّق مُرکّب

Diaphoretic.

ہوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک دافع بخار اور پسینہ آور مرکب ہے۔ جو پسینہ لاتا اور بخار اُتارتا ہے۔

مُفرّح مرکب

Restorative.

ھوالشافی

ٹونیازہ دل (ٹول)	اسی سی

یہ درون وریدی راہ سے اشراب کیا جاتا ہے۔

یہ ایک نشاط انگیز دوا ہے جو محرک ورطہ دماغ ہے۔ اور محرک نخاع و دوران انگیز ہے اسلئے انشقاق ذہن اور نفسیاتی خلل میں مفید ہے۔ باربیٹون مرکبات کے زہریلے اثرات کا فادزہر ہے۔ اور گہری تنویم کو دُور کرتی ہے۔

مزید دیکھئے کورامین اور ایفیڈرین مرکب اور نشاط انگیز مرکبات۔

مُقوّی عام مرکب

Tonic general.

ھوالشافی

ٹنکچر آف نکس وامیکا	۵ منم
ٹنکچر کارڈ کم	۲۰ منم
سیرپ سادہ	۶۰ منم
کلوروفارم واٹر	۱۲۰ منم

ان سب کو ملا کر ایک آمیزہ بنائیے اور روزانہ دو بار قبل از طعام دیجئے۔ یہ ایک تلخ مقوی معدہ مرکب ہے جو قوت اشتہاء کو بڑھاتا یعنی بھوک لگاتا ہے جس کی وجہ سے نفسیاتی و عصبی کمزوری دُور ہونے لگتی ہے۔ اور حرکت دُودیہ کو بڑھاتا جس سے قبض رفع ہوجاتا ہے۔ رطوبت معدی کے سیلان کو بڑھاتا ہے جس سے ذائقہ درست ہوتا اور ہاضمہ درست رہتا ہے۔ اور شدید بیماری کے بعد ذہنی بے چینی کو دُور کرتا ہے اور بگڑے ہوئے ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔ اس سے ملتے جلتے بعض تجارتی مرکبات بھی دستیاب ہوتے ہیں۔ لیکن جدید طب میں جوہر کچلہ کی اہمیت نہیں رہی ہے

ھوالشافی

اڈیکسولین	۲ کیپسول

روزانہ پانی کے ہمراہ دیا جائے

یہ ایک مقوی دوا ہے جو بچوں کی کمزوری اور شدید کمزوری کے لئے بہت موثر ہے۔

ج. مقوی۔ وہ دوا ہے جو عضلہ کے لہجہ کو بڑھاتی ہو۔ اس مقصد کے لئے نیشنل فارمولوی برطانیہ نے اسٹرکینن (کچلہ) کو مقوی قرار دیا ہے۔ صفحہ ۲۴ نیشنل فارموی۔ لیکن عام طور پر آج کل وہ دوا مقوی ہے جو احساس شادمانی و صحت عام پیدا کرتی ہو۔ مقوی خون وہ ہے۔ جو خون آفرین ہو۔

مقوی باہ مرکب

Aphrodisiac Sex Tonic.

ہوالشافی

یوہمبین ہائیڈروکلورائیڈ (سیبیا)	۱ ٹکیہ
پیپرنڈرین سیبا	۱ ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲	۱ ٹکیہ
فیرونی کم سینڈوز	۱ ٹکیہ

ان سب کو ملا کر ایک کیپسول بھر کر دیجئے۔

یہ ایک مقوی باہ، محرک باہ اور عام جسمانی مقوی مرکب ہے جو اعضاء تناسل میں ایستادگی پیدا کرتا ہے اور اعصاب میں حرکت لاتا ہے۔ قلت خون کو دور کرتا ہے اور مردانہ ہارمون کی کمزوری کو بھی رفع کرتا ہے اور حیاتین ب کی کمزوری کو بھی رفع کرتا ہے۔ اور متواتر استعمال کیا جا سکتا ہے بوڑھوں اور کمزور افراد کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ اس کے ہمراہ مردانہ کمزوری دور کرنے کے لئے ڈاپی پی آرگے نن کا دو سی سی درون عضلاتی انجکشن کرنا چاہیئے۔ تاکہ افزائش منی کے ساتھ قوت مردانہ بھی بڑھ جائے۔

مزید
دیکھیئے
حیات افزا مرکب

مقوی جگر مرکب

Liver Tonic.

ہوالشافی

لیڑی کاسن (روشی)	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور دن میں دو بار دیجیئے۔ یہ ایک مقوی جگر وحیاتین مرکب ہے، جو جگر کے امراض مثلاً کیبت جگر اور جگر کی چربی کے انحلال اور غذائی خامی اور جگر پر زہریلے سموم کے اثر کے سبب امراض سے پیدا شدہ کمزوری کیلئے ایک نہایت عمدہ مرکب ہے۔ یہ ایک لیپوٹروپک مرکب ہے جو غذا بخش جگر ہے اور کیبت جگر (جگر کے سکڑنے اور بڑھنے کے سبب) التہاب جگر میں بھی بطور مقوی مفید ہے۔ عام طور پر ہندوستان میں سیرپ میتھونین ود کولین بہمراہ آب تازہ بہت مفید مقوی جگر مرکب ہے۔ جو ارزاں اور کثیر الاستعمال ہے

(۲) ہوالشافی

میتھونین	۱ ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

ان تینوں کو ملا کر دو پڑیاں بنایئے۔ اور صبح وشام پانی کے ہمراہ دیجئے یہ ایک مقوی جگر اور مقوی خون مرکب ہے جو بعض امراض کے زہریلے اثرات سے جگر کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

[illegible] هوالشافی

سوڈا بائی کارب　　۱۰ گرین
انفیوزن جنشین کو　　۳۰ منم
کلوروفارم واٹر　　½ اونس

آمیزہ بنایئے۔ اور دن میں دو بار قبل از طعام دیجئے۔ یہ ایک قدیم مقوی جگر اور مشتہی مرکب ہے۔ جو جگر کی کمزوری سے پیدا شدہ ہاضمہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے اور بھوک لگاتا اور عام جگر کی نازلت کو کم کرتا ہے۔

نسخہ　　هوالشافی

سیرپ متھیونین وو کولین　　اچار کا چمچہ بھر
سیرپ سادہ　　اچار کا چمچہ بھر

دونوں کو باہم ملاکر کئی ہفتے تک دیجئے۔ یہ ایک مقوی جگر مرکب ہے۔ جو جگر کے امراض مثلاً کبیت جگر (جگر کا سکڑنا) اور یرقان کے لئے بہت موثر ہے

مقوی دماغ مرکب

Cerebral Tonic.

هوالشافی

وٹامن بی کمپلیکس (وٹامن بی ۱۲ گلیکسو)　　۱۰ ٹکیاں
گلوٹامک ایسڈ　　دو ٹکیاں
شربت سادہ　　۴ اونس

ان سب کو ملاکر مالٹ بنا لیجئے۔

یہ ایک بہترین معیاری مرکب ہے جس میں وٹامن اور دیگر مقوی اجزا شامل ہیں۔ یہ مرض کے مختلف بحرانی درجات میں بطور اضافہ غذا تجویز کیا جاسکتا ہے یہ نہایت خوشگوار، بہ آسانی قابل ہضم و مستند مرکب ہے۔ یہ ایک بڑا چمچہ بھر پانی میں ملاکر روزانہ دو یا تین بار دیا جاسکتا ہے۔ کمزور بچوں کے لئے ایک بالیدگی بخش مقوی مرکب ہے اور عام طور پر یہ عام جسمانی کمزوری دودھ پلانے والی ماؤں اور لاغری، فقرالدم (خون کی کمی)، اور نقاہت، کسی پرانی بیماری یا شدید بیماری کے بعد کمزوری، گنگ ذہنی، دماغی خستگی میں تجویز کیا جاتا ہے اس کے ہمراہ فیرس گلوکونیٹ (فیروفی کم ساختہ سینڈوز) کی ٹکیہ بھی دی جاسکتی ہے۔ اور گلاکسو فاسفیٹ کا کوئی مرکب مثلاً مالٹو مین بھی استعمال کیا جاسکتا ہے

مقوی رحم مرکب

Uterotonic.

هوالشافی

میتھرجن (سینڈوز)　　۱۲۵ر ملی گرام
وٹامن سی　　۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم پیس کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ ان میں ایک شکر غلاف دار ہے اس کو بھی پیس لیجئے۔ اس طرح دونوں باہم استعمال کی جاسکتی ہیں۔

یہ ایک زبردست مقوی رحم مرکب ہے جو نزف الرحم استحاضہ حیض کی زیادتی اور شدید نزف از رحم کی مریضاؤں میں بہت ہی موثر ہے۔

مزید براں یہ ایام نفاس میں رحم کو مندمل کرتا ہے اور نفاس میں جریان خون کو روکتا ہے۔ اور نامکمل اسقاط حمل میں بطور حابس الدم دیا جا سکتا ہے۔ یہ بعد ولادت نزف رحم اور وضع حمل کے تیسرے درجہ میں بھی مفید ہے۔ اور زبردست قابض رحم بھی ہے۔

مُقوی قلب و اعصاب مرکّب

Neurocardiac.

ھُوالشافی

کونین ہائیڈرو برومائیڈ	۵۰ ملی گرام
اکسٹرکٹ بیلاڈونا	۵ ملی گرام
فینوبار بٹون	۱۵ ملی گرام
اکسٹرکٹ آف ولیرین	۳۰ ملی گرام

ان سب کو ملا کر ایک گولی بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ روزانہ دو بار دیجئے۔ یہ ایک مُسکّن تشویش قلب دوا ہے۔ اور دل کے فعل کی خرابی اور دل کے اعصاب کی کمزوری کے لئے مفید ہے۔

کونین اور سنبل الطیب کا جوہر تو مقوی قلب ہے بیلاڈونا اور فینو بار بٹون مسکّن جذبات ہے اسلئے یہ مرکب دل کے افعال کو درست رکھتا ہے۔

مُلطف مرکّب

Demulcent.

ھُوالشافی

ایلومینیم ہائیڈروکسائیڈ جیل (ایلیوڈروکس)	الکیہ
فینوبار بٹون	۱/۴ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ملطف امعاء و معدہ مرکّب ہے۔ جو بعض قرحہ کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ رُب معدی کو متعادل کر کے درد کو سکون دیتا ہے۔ اور گردہ کی بعض اقسام کی پتھریوں کو تحلیل کر دیتا ہے لیکن آنتوں میں قبض پیدا کرتا ہے۔

---

۲ ھُوالشافی

بسمتھ کاربونیٹ	۵ گرین
کے اولین	۱۰ گرین
ایلیوڈروکس	۷ گرین

ان سب کو ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک حابس رطوبت اور دافع ترشی معدہ و ملطف معدہ مرکب ہے جو اسہال ترشی معدہ اور خراش معدہ کے لئے مفید ہے۔

اس سے مماثل مرکب ڈوولسا پوڈر ہے جو امعاء کی بے چینی دور کرنے کے لئے ایک عوامی استعمال کا مرکب ہے۔

نوٹ۔ جلد کے لئے ملطف مرکبات دیکھئے۔
جلدی امراض کا علاج میں السی، وسیلین، اسٹارچ، برا لگا کشتہ، زنک آکسائیڈ وغیرہ۔

ملین شکم مرکب

Aperient.

ہوالشافی

اکزر کر کارا سگریڈا	۳۰ منم
ٹنکچر آف بیلاڈونا	۱۰ منم
کلوروفارم واٹر	½ اونس

سب کو ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور پلائیے۔
یہ ایک ملین شکم اور دافع درد شکم آمیزہ ہے۔ جو قبض کو دور کرتا ہے اور اجابت لاتا ہے۔

نوٹ:- پیرافین ایملشن، گلیسرین سپوزیٹری کیلومل اور سلفر مصفی بھی ملین شکم ہیں۔ اور کاسٹر آئیل بھی ملین ہے۔

مزید دیکھئے مسہل مرکب، جلاب مرکب مدر صفرا اور مفرغ صفرا آبی دست آور مرکبات

منفث بلغم مرکب

Expectorant.

17 ہوالشافی

پیری ٹن	۲ ملی گرام
امونیم کلورائیڈ	۱۰۰ ملی گرام
سوڈیم سائٹریٹ	۴۴ ملی گرام
سیرپ سادہ	۴ سی سی

سب کو باہم ملا کر لعوق سا بنا لیجئے۔ اور چٹائیے۔ یہ ایک دافع حساسیت منفث بلغم مرکب ہے۔ جو بچوں کے لئے بھی موزوں ہے یہ کھانسی کی ان تمام اقسام کے علاج میں تجویز کیا جاتا ہے جن کے لئے کسی منفث بلغم کی ضرورت ہو۔
یہ چپکدار بلغم کو خوب پتلا کر دیتا ہے اور اس کو خارج کرنے میں مدد دیتا ہے یہ ایک موثر دافع امتلاء بھی ہے۔ اس لئے بالائی اعضائے تنفس کے امتلاء کے علاج میں قابل قدر ہے اور خاص طور پر زکام کے ساتھ امتلاء میں موثر ہے۔
یہ ناک کی ریزش کو دور کرتا اور اعضائے تنفس کے عام موسمی نزلہ میں خوش آئند سکون دیتا ہے۔ اور التہاب شعبہ اور شعبی ذات الریہ میں بھی مفید ہے۔
یہ مرکب بازار میں پیری ٹن لنکٹس ساختہ ایلن ہنبریز کے نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

Ephedrine 1/2 gr — 1/2 tab.
P.R (Analgin) — [illegible] tab.
Barliton 1/2 gr — 1 tab.
1 Powder

۲ ھُوالشافی

امونیم کلورائیڈ	۱۵ گرین
لائکوہ امونیا ایرومیٹک	۱۰ منم
لکوڈ اکسٹرکٹ آف لکورس	۱۵ منم
(رُب السوس سیال)	
پانی	½ اونس

ان سب کو ملا کر آمیزہ بنایئے اور صبح و شام دیجئے۔ یہ ایک منفث بلغم اور دافع سُعال آمیزہ ہے۔ جو خراش حلق، زکام، کھانسی اور التہاب قصبہ میں مُفید ہے۔

نوٹ۔ مزید دیکھیئے۔ دافع سُعال مرکبات اور پوٹاسیم آئیوڈائیڈ مکسچر دمہ کے مریضوں میں منفث بلغم ہے۔ پیاز اور رطارطار ایمیٹک بھی قدیم منفث بلغم ہیں۔ سیرپ اپیکاکوانہا بھی منفث بلغم ہے۔

مُنوّم مرکّب

Hypnotic.

ھُوالشافی

پنٹو باربٹون سوڈیم	۹۰ ملی گرام
بیوٹو باربٹون	۶۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور سونے سے قبل پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ باربی ٹوریٹس کا ایک سریع الاثر مرکب ہے۔ جو تمام رات سکون دینے کے لئے کافی ہے اس میں پنٹو باربٹون سوڈیم (نیمبوٹال سوڈیم) تو سُست اثر کرنے والی منوّم دوا ہے۔ اور بیوٹو باربٹون (سونیرل) تمام رات کی بے چینی کو دُور کرنیوالی دوا ہے۔ لہٰذا یہ سریع الاثر مرکب بیخوابی، ارق کے لئے ایک مُفید دوا ہے۔ یہ غنودگی اور خمار کا احساس بھی کم رکھتی ہے۔ اور بازار میں بڈورمال ساختہ ایبٹ لیبارٹری نام سے دستیاب ہوتی ہے۔

---

۳ ھُوالشافی

کوسی نال باربٹون	۵۰ ملی گرام
بیوٹو باربٹون	۳۰ ملی گرام
فینو باربٹون	۵۰ ملی گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک کیپ شول میں بھر لیجئے۔ اور سونے سے قبل پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ بھی تین باربٹوں ادویات کا مرکب ہے۔ جو پُر سکون نیند لاتا ہے اور باربٹون خمار سے مبرّا اثرات پیدا کرتا ہے۔ کوسی نال باربٹون نیند کا فوری آغاز کرتی ہے۔ اور دوسری دونوں ادویات گہری نیند لاتی ہیں۔ ممکن ہے اس کے استعمال سے بچہ کو کوئی نقصان نہ پہونچا ہو۔ البتہ اس میں فینو باربٹون طویل الاثر نیند آور دوا ہے۔

بہرکیف یہ مرکب خینذنہ آنا، بے خوابی جاگنا، ارق کے لئے بہت موثر ہے اور بعض بے خوابی کے ساتھ عوارض مثلاً ہضمی قرحہ۔ فشار دم اعلیٰ، دمہ، حیض سے قبل تناؤ۔

سن یاس کی بے چینی اور حالت ہیجان کے علاج میں بطور معاون دیا جاسکتا ہے۔ اور یہ ان تمام مریضوں کے لئے موزوں ہے جو نیند کی ضرورت رکھتے ہیں۔

یہ مرکب بازار میں انگلینڈ کا ساختہ دائتھ بہ شکل ٹکیہ دستیاب ہوتا ہے۔ vesparex

ہوالشافی

ڈائی ہائیڈرو ارگوٹامین اسپنڈوز ۱/۱ گرین
ہائیوسین ہائیڈروبرومائیڈ ۱/۱۰۰ گرین
باربیٹون سوڈیم ۳/۴ گرین
بیوٹو باربیٹون سوڈیم ۱/۴ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔

یہ ارگوٹامین و باربیٹون کا مرکب ہے۔ جو مرکزی نظام عصبی پر اثر کرتا ہے۔ اور بہت سریع الاثر نیند آور دوا ہے۔

یہ شدید بیخوابی کے مریضوں میں بھی پر سکون نیند لاتا ہے۔ اور ایک بہترین مسکن جذبات دوا ہے۔

یہ دوا غنودگی پیدا کئے بغیر بیش ہیجان اور عصبی تناؤ کو ماند کر دیتی ہے۔ اور حرکی نفسیاتی ہیجان کو پر سکون کر دیتی ہے۔ اور راق کے سخت مریضوں میں بہت موثر ثابت ہوتی ہے۔

بہرکیف یہ مرکب خاص طور پر بوڑھے مریضوں کے لئے جو دماغ صلابت شرائین میں مبتلا ہو اور بہت بے چین رہتے ہوں بہت مفید ہے۔

اور بچوں کے لئے رات کے خوف کرنے میں موثر ہے ان کو نصف مقدار میں دینی چاہیے۔

یہ مرکب نسخہ گلوکوما کے مریضوں کو نہ دینا چاہئے۔ کیونکہ اس میں بیلاڈونا شامل ہے اور جگر و گردہ کے فعل کی کمزوری کے مریض میں بھی مضر ہے۔ Sonalgin tab.

۱۴ ہوالشافی

ڈوورس پوڈر Pulv. Ipecac ۲ گرین
اے پی سی پوڈر ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ رات کو دیجئے۔

یہ منوم اور دافع درد ادویات کا مرکب ہے جو خاص طور پر زکام وبائی اور چھپاتی نزلہ اور رات کی کھانسی میں مفید ہے۔

۱۵ ہوالشافی

کاربرومیل ۵ گرین
فینوباربیٹون ۹۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک کیپسول میں بھر کر دیجئے۔ یہ مرکب نسخہ بھی بیخوابی کو دور کرنے کے لئے موثر ہے اور شدید زہریلے نفسیاتی ظواہر سے بچاتا ہے۔ اور بیخوابی کے علاج میں بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ نسخہ نویسی کا نکتہ: باربیٹون مرکبات کے ہمراہ الکوحل ضرور شامل کیجئے۔

۱۶ ہو الشافی

کوڈوپائرین	۱ ٹکیہ
فینو باربیٹون سوڈیم	½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ معمولی بے خوابی اور درد معہ بعض مخصوص بخار مثلاً زکام، بائی اور گردن توڑ بخار کے مریضوں میں قابل قدر ہے۔ دافع درد اور منوم مرکب ہے۔

---

۱۷ ہو الشافی

وٹامن بی ۱	۱۰ ملی گرام
فینو باربیٹون سوڈیم	½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور دن میں تین بار دیجئے۔ یہ وٹامن و باربیٹون مرکب ہے۔ جو عصبی درد کے سبب بےخوابی، تکان کے ساتھ بے خوابی اور زیادہ کام کے سبب بےخوابی میں مفید ہے۔ اس میں وٹامن سی بھی شامل کی جا سکتی ہے۔

موئے افزا مرکب
Hair Tonic.

۱ ہو الشافی

کے،ہ میڈیشنل ہیر ٹنکچر	۱۰ قطرے
(لخوہ ڈمارک جرمنی)	
روغن کنجد	۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر سر کے بالوں پر لگائیے۔

یہ ٹنکچر و روغن کا مرکب ایک موثر دوا ہے۔ یہ بالوں کا فقدان عصبی قسم کا گنجہ پن، فطری قسم کا گنجہ پن، کسی متعدی یا کمزوری کرنے والے مرض سے پیدا شدہ گنجہ پن کے لئے بھی مفید ہے کبھی ضرر سے پیدا ہونے والے بالوں کے اضرار کو بھی دور کرتی ہے۔ بالوں کے داد، اور جلد کے التہاب معہ سیلان دہن، جس کی چکناہٹ سے سر سے ٹوپی بھی اتر جاتی ہے، کے لئے بھی موثر ہے یہ ایک عام دوا ہے۔

---

۲ ہو الشافی

سیلی سلک ایسڈ	۲ فیصدی
پریسی پیٹیڈ سلفر (گندھک مصفیٰ)	۲ فیصدی
موم ایملشن کرنے والا	۹۶ فیصدی

ان سب کو ملا کر ایملشن بنائیے۔ یہ ایک پومیڈ ہے۔ یہ کھوپڑی کو اچھی حالت میں رکھتا ہے، اور بفا بھوسی جھڑنا سے بچاتا ہے۔ بالوں کے التہاب کو رفع کرتا ہے۔

ہاضم مرکب
Digestive.

ہو الشافی

کیمی زم	۱ ٹکیہ
لیوی زم	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم پیس کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے یہ ایک خمیر ہاضم مرکب ہے جو

جو انزائم کی خامی میں تعویض پیدا کرتا ہے اور اضافی ہاضم قوت فراہم کرتا ہے ماورایک بنیادی غذا ہے جو عدم ہاضمہ کے حالات میں ضروری ہے ۔

یہ مرکب خمیری سوء ہضم، طبل شکم، گرانی شکم، سینہ پر دل کی تکلیف کے ساتھ بھراؤ سا اور ربر میں مفید ہے۔ یہ حمل کے ایام میں نفخ شکم سے بھی بچاتا ہے اور متعدی امراض کے علاج کے بعد بطور ہاضم تجویز کیا جا سکتا ہے۔ یہ دونوں ادویات جرمنی کی تیار کردہ ہیں۔ اور نباتاتی خمیر ہیں۔

ہُوالشافی

گلوٹامک ایسڈ	۱ گرام
وٹامن بی	۱۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دیجئے۔ یہ ایک ہاضم اور مقوی اعصاب مرکب ہے جو عدم اشتہاء کے لئے مفید ہے۔

نمبر ۳ ہُوالشافی

پیپ سین	۳۰ ملی گرام
فینو باربٹون سوڈیم	¼ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ صبح و شام دیجئے۔ یہ ایک ہاضم اور مسکن امعاء مرکب ہے جو سوء ہضم اور ناکافی ترشی رطوبت معدہ میں مفید ہے۔

نمبر ۴ ہُوالشافی

لکوئر لکاٹو یاسٹینز (بی ڈی)	۱۰ قطرے
پانی	۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر آمیزہ بنائیے۔ اور پلائیے یہ ایک ہاضم مرکب ہے جو سوء ہضم اور معدہ کے رس کی عدم موجودگی میں مفید ہے یہ نشاستہ کی گٹھلیاں بھی گھلا دیتا ہے ۔

ہالک طفیلیہ مرکب

Insecticide.

ہُوالشافی

گیمکزین پوڈر	۱۰ گرین
وینی شنگ کریم	۱ اونس

دونوں کو باہم ملا کر جلد پر لگائیے یہ ایک زہریلی دوا ہے لیکن خارش یا کھجلی کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے۔

ہُوالشافی

ڈی ڈی ٹی	۱۰ گرین
روغن معہ پانی (پھینٹا ہوا)	۱ ڈرام
بنزوکین	½ گرین
بنزائل بنزوئیٹ	۱۰ گرین

ان سب کو ملا کر ایملشن بنائیے۔ اور لگائیے۔ یہ جوؤں کا ٹنا اور خارش کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے۔

٭ ہاضم وہ دوا ہے جو معدہ و امعاء میں ہاضمہ کا عمل پورا کرا دیتی ہو۔ جیسے پیپ سین، ایسڈ ہائیڈرو کلورک ڈل، بائی سالٹ، پیپسین، اور نباتاتی خمیر وغیرہ

اشاراتِ علاج

THERAPEUTIC INDEX.

اِس مختصر قاموس علاج (ڈکشنری آف ٹریٹمنٹ) میں تاثیرات اَدویہ کے تحت دیئے ہُوئے اَمراض۔ حالاتِ مرض۔ عوارض اور تاثیراتی اصطلاحات کا ایک بہترین معالجاتی اشاریہ درج کیا گیا ہے۔ ایک مرض کے متعدد صفحات کا اندراج نہیں کیا گیا ہے۔ اور صرف اُن ہی اَمراض کی فہرست بلحاظ اُردو حروف تہجی دی گئی ہے۔ جو جدید طب میں مروّج ہیں۔

اُمید ہے قارئین کرام کے لئے یہ رہنمائے علاج اور اشاریہ علاج بہت ہی مُفید اور آسان ثابت ہوگا۔

۸۶

جدید ڈاکٹری

نسخہ جات

حصہ دوم

کمبی نیشن تھراپی

از قلم

ڈاکٹر بشیر الدین عصری

مصنف

قرطاس مجربات۔ آزمودہ دوائیں جیبی امراض النساء جیبی علم الشراب،
جدید ڈاکٹری کتاب العلاج۔ جدید رہبر علاج۔ دافع ذیابیطس علاج
فارماکوپیا۔ جیبی ہسپتال۔ علاج عصری۔ مرگی اور اس کا علاج۔
درد سر اور اس کا علاج۔ جدید ڈاکٹری نسخہ جات حصہ اول علاج بالجواہر وغیرہ۔

ایڈیشن ۱۹۶۴ء

ناشرین

اعوان پبلی کیشنز ۲۲ لارنس روڈ لاہور

روپے

مطبوعہ
(دین محمدی پریس بل روڈ لاہور)

پیش لفظ

اِس کتاب میں عملی ، کافی اور جدید موضوع کے ساتھ نسخہ جات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور بنیادی اُصول۔ جدید تصوّرات کے ساتھ زبردست شفابخش نسخہ جات کی اہمیّت بتلائی گئی ہے۔ اور طب کے طالب علم کے لئے علم تاثیر کی ترقّی کا ایک عظیم عطیہ پیش کیا گیا ہے۔

اُمید ہے۔ کہ یہ کتاب بھی تمام اہم دواؤں کی شفا بخشی بتلانے کے ساتھ ساتھ عامل طب کے لئے بھی بہت مُفید ثابت ہو گی۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے۔ کہ وہ میری اس کوشش کو کامیاب بنا دے۔ آمین۔

خادمِ طب

ڈاکٹر بشیر الدین عصری

تاریخ تصنیف

جمعہ

۱۶ اکتوبر ۱۹۵۹ء

فہرست مضامین

تمہیدی اشارات

ایک جدید اُستاد ڈاکٹر برڈ نے اپنی جدید تاثیرات کی کتاب میں لکھا ہے۔

"فی الحال مُشترکہ دوا دارو ہی سب سے زیادہ
اچھا استعمال معلوم ہوتا ہے" یعنی بہ نسبت اکیلی دوا
کے کئی دواؤں کا استعمال زیادہ فوقیت رکھتا ہے۔
اور تمام مریض ایک ہی دوا سے قابُو میں
نہیں آتے ہیں۔ لہذا ادویات کا ماہرانہ اِنتخاب
بہترین نتائج حاصل کرنے کے لئے بہت ہی اہم ہے"

اس بیان سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ علاج بالمرکّب کی آج کل بہت اہمیّت ہے ہم نے اس کا ایک عام اندازہ اِس سے لگایا ہے کہ آج کل بڑی سے بڑی دوا ساز فرم مرکب دوا کو ہی زیادہ اہمیت دے رہی ہے۔ اور علاج بالا دویہ میں مُفید مُرکّب ادویات کو بڑا ہی اچھا مقام مل رہا ہے۔

موجودہ زمانہ میں بہت سے ایسے اَمراض پائے جاتے ہیں جو مشترکہ علامتوں سے پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ مثلاً سرایت کے ساتھ حساسیّت اور درد کے ساتھ بخار اور کمزوری کے ساتھ سرایت عام حالتیں پائی جاتی ہیں۔ ان کا بھی علاج مرکب ادویات سے ہی کیا جاتا ہے۔ اِس لئے ہمارے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم مُرکّب طریقہ علاج کو اپنے عمل طب میں زیادہ سے زیادہ فوقیت دیں۔

علاوہ ازیں بعض ایسے نئے مادہ بھی ہیں جو اکیلے استعمال کرنے سے کوئی ایسا ردعمل کھڑا کر دیتے ہیں۔ جس سے اس کا دَبانا مشکل ہو جاتا ہے۔ مثلاً ایک دافع حساسیّت دوا اتھیفورین ہے۔ جو پارکنسن صاحب کے مرض میں بھی مفید ہے۔ اگر اِس دوا کو ہم ارگٹین کے ہمراہ دیتے ہیں تو یہ ایک زبردست دافع پارکنسن مرض مرکب بن جاتا ہے۔ جو انگریزی شکل میں امریکہ میں عام

استعمال کیا جاتا ہے۔

اسی طرح ہم بیلاڈونا۔ فیبنو بار بٹون کو مشترک استعمال کرتے ہیں۔ اور فائدہ اُٹھاتے ہیں ان حالات میں یہ ضروری ہو گیا ہے۔ کہ اس کتاب میں زیادہ سے زیادہ مُرکب نسخوں کے فوائد بیان کئے جائیں۔ یہی موجودہ وقت کی سب سے اہم ضرورت ہے۔

علاج بالادویہ کے فن کے میدان میں پہلے محقق برنارڈ فنٹس نے اپنی تصانیف کے خلاصہ میں لکھا ہے" نسخہ معالجاتی جدو جہد کی کل محراب کی کنجی ہے۔ یہ ایک طرف تو مریض کی تشخیص وتبشیر و انداز پر قائم ہے تو دوسری طرف تاثیر و علم شفا سے متعلق طبیب کے علم پر ہے"

اس لئے آج کل نسخہ یا مرکب علاج کی بڑی ہی اہمیت ہے۔ اور مرکب نسخوں کے بارے میں طے شدہ اصطلاحات بھی استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً منفرد مرکب۔ بہترین مرکب۔ متوازن مرکب۔ جدید مرکب۔ زود اثر مرکب اور قابل اعتماد مرکب وغیرہ۔ ان حالات میں ہماری یہ کوشش واقعی وقت کی اہم ضرورت کو پورا کرتی ہے۔

تاریخ اشاعت

یکم مئی ۱۹۶۷ء

خادم طب

ڈاکٹر بشیر الدین عصری

دستخط منصف

بشیر الدین عصری

1/5/64

* برنارڈ فنٹس = ولادت ۱۸۷۴ء - انتقال ۱۹۴۰ء

علاج بالمرکب اور نسخہ نویسی کی مثال

ذیل میں ایک مغربی ممالک کے ڈاکٹروں کا نسخہ نویسی کا نمونہ دیا جاتا ہے۔ جو ایک علاج بالمرکب کی اہمیت بھی ظاہر کرتا ہے۔

میری الزبتھ بوزے ایم ڈی

ٹیلیفون نمبر ۲-۶۹۸۰ ۲۰۱ سنٹر ایونیو رجسٹریشن نمبر ۴۹

تقرر ڈینور۔ کولاروڈو۔ امریکہ

نام .... مسز جے ایل اسمتھ عمر ...... مورخہ ۳ جون ۱۹۵۷ء

پتہ .... ۱۷۰۹ ارجے روڈ

ہوالشافی

Rx

* فینو باربٹون سوڈیم	۲	۵	گرام
ٹنکچر بیلاڈونا	۴۵		سی سی
ٹنکچر کارڈمم کمپونڈ	۴۵		سی سی
پیپر منٹ واٹر	۲۴۰		سی سی

مکسچر بنائیے۔

ایک چائے کا چمچ بھرے کر پانی میں ملاکر دن میں تین بار دیجئے۔

دوبارہ فائل کیا ۱-۲-۳ ایم ڈی

نوٹ:۔اسی طرح یہ نسخہ ہندوستان میں بھی نقل کیا جاسکتا ہے۔

---

* ۲/۵ گرام

مشہور ادویاتی کتب

11 Drug Compeadia.

آج کل ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں سب سے زیادہ ادویات ایجاد کی جارہی ہیں۔ جن کی تعداد کئی ہزار تک پہونچ گئی ہے۔ اسلئے کتابوں کی اشاعت بھی بہت زیادہ کی جارہی ہے۔

امریکہ کی سرکاری کتابیں حسب ذیل ہیں۔

۱۔ یونائیٹڈ اسٹیٹس فارماکوپیا (یو۔ ایس۔ پی)

۲۔ نیشنل فارمولری۔ (این ایف)

۳۔ ہومیوپیتھک فارماکوپیا آف یو۔ ایس۔ اے۔

ان میں ذکر کی ہوئی ادویات "سرکاری" یا آفیشیل کہلاتی ہیں۔ امریکہ کی سرکاری قرابادین ۱۸۷۰ء سے شائع کی جارہی ہے اور اب ایک بورڈ آف ٹرسٹیز کے ماتحت شائع کی جاتی ہے۔ ہر پانچویں سال ملک کے بڑے بڑے اطبار سائنس داں اور فارمیسی داں شریک ہو کر ایک کانفرنس کرتے ہیں۔ جس میں اس پر غور کیا جاتا ہے۔ نیشنل فارمولری ۱۹۵۵ء سے سرکاری ہو گئی ہے اور یہ سب سے پہلے ۱۸۸۸ء میں شائع ہوئی تھی۔ اس میں بہت سے مرکب نسخے درج ہیں۔ مگر اشاراتِ علاج نہیں ہیں۔

ان کے علاوہ ایک مشہور کتاب نیو اور نان آفیشیل ڈرگس بھی شائع کی جاتی ہے۔ اور دواؤں کی کونسل اپنے زیر معائنہ شائع کرتی ہے۔ یہ کونسل قومی جماعت ہے۔ جو اس کی نگرانی کرتی ہے۔

امریکہ کی طبی کونسل ایک رسالہ موسوم بہ "جرنل آف امریکن میڈیکل ایسوسی ایشن بھی شائع کرتی ہے جس میں ڈاکٹروں کے تجربات، دواساز فرموں کے اشتہارات اور رپورٹیں شائع کی جاتی ہیں۔

امریکہ میڈیکل ایسوسی ایشن ایک اور کتاب "یوزفل ڈرگس" یعنی مفید ادویات شائع کرتی ہے یہ جیبی سائز کی ایک کتاب ہوتی ہے۔ جس میں مختصر عملی بحث کی جاتی ہے۔ اور ضروری ادویات درج کی جاتی ہیں۔

امریکہ کی ایک سب سے بڑی دائرہ المعارف کتاب کا نام ہے ڈسپنسری آف یونائیٹڈ اسٹیٹس آف امریکہ۔ یہ کتاب دواؤں کے بارے میں مکمل معلومات جدید طرز میں پیش کرتی ہے۔ اس کا ۲۵واں ایڈیشن ۱۹۵۵ء میں شائع ہوا تھا۔ اس میں سرکاری دواؤں کا ذکر ہے۔ اور برٹش فارماکوپیا، بین الاقوامی فارماکوپیا

اور غیر سرکاری۔ جدید ادویات کا بھی بیان ہے۔

یہ کتاب بہت سے عام موضوعات بھی شامل رکھتی ہے۔ مثلاً انٹی بائیوٹک۔ ریڈیو آئسوٹاپ وغیرہ۔

اس کے علاوہ امریکہ کے بڑے بڑے ہسپتال بھی فارمولری اور ہینڈ بک شائع کرتے ہیں۔ جن میں ادویات و مرکبات کا ذکر ہوتا ہے۔

برطانیہ کی ادویاتی کتب

برطانیہ کی ایک سرکاری کتاب برٹش فارما کوپیا (بی پی) ہے جو یو ایس پی کے مساوی درجہ رکھتی ہے۔ یہ متحدہ حکومت برطانیہ۔ برطانوی نوآبادیات اور تاج کی نوآبادیات میں ایک سرکاری کتاب ہے۔ یہ برطانیہ کی قرابادین کمیشن شائع کرتا ہے۔ جو جنرل میڈیکل کونسل کے زیر ہدایت مقرر ہوتا ہے۔ برٹش فارما کوپیا میں مندرجہ ادویات پر بی پی کا لیبل لگایا جاتا ہے۔

برطانیہ کی دوسری کتاب برٹش فارمیسوٹیکل کوڈیکس (بی پی سی) ہے۔ جو برطانیہ عظمی کی فارمیسوٹیکل سوسائٹی شائع کرتی ہے۔ اس کا درجہ نیشنل فارمولری کے مساوی ہے۔

کناڈا کی حکومت بھی فارمولری شائع کرتی ہے جس میں فارمولے۔ مرکبات اور جدید ادویات درج ہوتی ہے۔ یہ کتاب (سی ایف) کہلاتی ہے۔ اس کا ساتواں ایڈیشن ۱۹۴۹ء میں کناڈا کی فارمیسوٹیکل انجمن نے شائع کیا تھا اس کو کناڈا کے خوراک و ادویات قانون کے تحت سرکاری مانا گیا ہے۔

کناڈا کی میڈیکل ایسوسی ایشن (انجمن طب) نے ایک خاص کتاب فزیشن کی فارمولری (طبیب کی بیاض) بھی شائع کی ہے۔ جس میں نسخہ جات دیئے گئے ہیں۔ یہ کناڈا میں عمل طب میں عام استعمال کئے جاتے ہیں۔

بین قومی ادویاتی کتب

بہت سے ملکوں نے اپنی سرکاری کتابیں شائع کی ہیں۔ جرمنی نے فارماکوپیا ۱۹۲۶ء میں از سر نو ترتیب دیا اور فرانس نے کوڈیکس ۱۹۳۸ء میں از سر نو ترتیب دیا۔ زیکوسلواکیا۔ اسٹونیا۔ یوگوسلاویا۔ ترکی۔ پولینڈ اور ہندوستان نے بھی فارماکوپیا شائع کیا ہے

امریکہ کی قرابادین کا اردو ترجمہ موجود نہیں ہے۔ بلکہ اندلیسی زبان میں اس کا ترجمہ فروخت ہوتا ہے۔

بین الاقوامی قرابادین کا نام "فارما کوپیا انٹرنیشنالس یعنی آئی پی (I-P) ہے۔ جو ۱۹۵۱ء میں عالمی تنظیم صحت نے شائع کیا تھا۔

غیر سرکاری کتاب الادویہ

Non-official Drug Compendia.

مندرجہ ذیل امریکہ کی بہترین کتاب الادویہ ہیں۔ جو عام طور پر عمل طب میں استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ سب انگریزی زبان میں ہیں۔

۱۔ نیو اور نان آفیشل ڈرگ

مطبوعہ از جے بی لپن کوٹ کمپنی فلڈلفیا　امریکہ

۲۔ ماڈرن ڈرگ انسائیکلوپیڈیا تھیراپیوٹک انڈیکس

(جدید ادویات کا دائرۃ المعارف اور اشاریہ شفائیات)

مطبوعہ از ڈرگ پبلیکیشنز انکارپوریٹڈ　نیو یارک

۳۔ دی مرک انڈیکس آف کیمیکلس اینڈ ڈرگس

مطبوعہ از مرک اینڈ کمپنی رہوے نیو جرسی　امریکہ

۴۔ فزیشنز ڈیسک ریفرنس ٹو فارمیسوٹیکل اسپیشلٹیز اینڈ بائیولوجیکلز

مطبوعہ از میڈیکل اکنامکس اورڈیل نیو جرسی

باب (۱)

آلام و اوجاع

Pain Syndromes Pains and Aches.

فہرست عنوانات

آنکھ میں درد

Pain in the Eye.

ہوالشافی

کوڈوپارٹرین	½ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور چاء یا دودھ کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک مسکن الم دوا ہے جو آنکھ کے درد و دردِ سر کو دور کر دیتی ہے۔ اگر سرایت کے سبب ہو تو آنکھ میں کلورم فینی کول مرہم چشم لگائیے۔ اور آنکھ کے امراض کا علاج بھی کیجئے۔

آنتوں کی دق میں درد

Pain in the G.I.T.B.

ہوالشافی

اسٹریپٹومائی سین	۱ ٹکیہ
بسمتھ کارب	۵ گرین
انٹرے ٹل	۱ ٹکیہ

ان سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک دافع دق مسکن درد امعاء مرکب ہے، جو اعضائے ہضم (معدہ و امعاء) کے درد کو فوراً سکون دیتا ہے۔

آنتوں کی رسولی میں درد

Pain in Intestinal Tumor.

ہوالشافی

بارڈیز	۱ ٹکیہ
پامین ٹیبلٹ	۱ ٹکیہ

دونوں کو ایک ساتھ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ دافع درد امعاء دوا ہے! اور رسولی کے درد کو دور کر دیتی ہے۔ لیکن آنتوں کی رسولی کا علاج بذریعہ آپریشن کرنا ضروری ہے۔

اسہال میں درد

Pain in Diarrhea.

ہوالشافی

سیرپ کوڈین فاسفیٹ	۱ ڈرام
سلفاڈایازین	۱ ٹکیہ

پہلے شربت میں ٹکیہ کو حل کر کے معلق کر لیجئے، اور پھر دن میں دو یا تین بار یہ شربت پلائیے۔

یہ دافع درد اسہال مرکب ہے۔ جو آنتوں کی خراش التہاب اور سرایت کو بھی دور کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ٹنکچر کیمفر کمپونڈ پانی کے ہمراہ بھی دیا جا سکتا ہے۔ جو ایک مفید حابس اسہال دوا ہے۔ اور اسہال کو روکنے کے لئے ملطف دوا "بسماگ" کی ایک ٹکیہ بھی دی جا سکتی ہے۔

اسٹرپٹو عُصیاوی بخار میں درد

Pain in Strepto-Bacillary Fever.

ھُوَ الشافی

سلفاڈایازین — اٹکیہ

کوڈوپائرین — اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور پانی یا چار کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک دافع سرایت، مسکن الم مرکب ہے۔ جو جراثیم کو بھی ہلاک کرتا ہے بخار کو بھی دُور کرتا ہے اور درد بھی رفع کرتا ہے۔ ایک عام کثیر استعمال مرکب ہے۔ اور بہت ہی موثر ہے۔ لیکن قبض کی حالت میں اس کا استعمال مفید نہیں ہوتا۔

اعصاب میں درد

Pain in Nerves.

ھُوَ الشافی

وٹامن بی-۱ (ایبرن) — ۱۰۰ ملی گرام

اے پی سی پوڈر (بوٹس) — اٹکیہ

ہیرو بامبیٹے (ملٹان) — ½ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر بنائیے۔ اور دن میں تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک دافع التہاب عصب، مسکن الم اور متوازن جذبات، مُرخی عضلات مرکب ہے۔

جو درد سر، درد عصب، عصبی درد، درد عرق النساء کے درد اور درد شقیقہ اور تمام آلام و اوجاع میں ایک مسکن دوا ہے۔ یہ حیاتین، مسکن الم، متوازن اشیاء کا مرکب ہے۔ جو متعدد اقسام کے دردوں میں فوری سکون بخش دوا ہے۔

اعلیٰ فشار دم میں درد

Pain in Hypertension.

ھوالشافی

سرپاسل — اٹکیہ

ملٹان — اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور ایک پوڑیہ درد سر سے پہلے اور دوران فشار دم اعلیٰ میں دیجئے۔

یہ ایک دافع فشار دم اعلیٰ مرکب ہے جو عصبی تشویش، درد سر اور درد اعصاب کو رفع کرتا ہے اور خفقان، سرعت قلب، وہم و خوف اور قلبی بےچینی کو بھی دُور کرتا ہے اور بہت ہی موثر نیند آور ہے۔

التہاب امعاء و معدہ میں درد

Pain in Gastritis and Enteritis.

ھوالشافی

انٹرے ٹل سیبا — اٹکیہ

فینو باربیٹون — ½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر یہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکن امعاء دوا ہے۔ جو معدہ کی رطوبت زائد کو کم کرتی ہے۔ اور دافع افراز امعاء ہے۔

۲ھو الشافی

سوڈا منٹ	۱ ٹکیہ
ایلبو ڈروکس	½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڈریہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ بعد از طعام دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک مسکن امعاء ہاضم اور مسکن درد بعضی قرحہ ہے اور شورہضم میں مسکن درد ہے۔

التہاب نبقراس میں درد

Pain in Pancreaitis.

ھو الشافی

پامیین الگزر۔ (آپ جان)	اچار کا چمچ بھر
الگزر بی جی فاس	اچار کا چمچ بھر

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دن میں تین بار پلائیے۔ یہ ایک مسکن ہاضم اور مقوی مرکب ہے جو لبلبہ کے ورم کے ساتھ ہونے والے درد میں مفید ہے۔ جو درد کمر۔ زیر ناف درد اور قے کے لئے بھی مفید ہے۔ جو اس مرض کی ایک عام علامت ہے۔ اگر اس سے سکون نہ ہو تو مارفین اگر دہیں کا ونہ ربع عضلاتی راہ سے انجکشن لگائیے۔ یہ شدید درد کو سکون دے گی۔

حد شدید میں تصفیق الدم بروئے کار لائیے۔

التہاب جوف الف میں درد

Pain in Sinusitis

ھو الشافی

نبزے ڈرین (محلول)

یہ لوک وار خلی ناک پر لگائیے۔ اور پھر

کوڈو پارین	½ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملی گرام

ایک پوڈریہ بنا کر چار کے ہمراہ دیجئے۔ اور اگر ناک میں غشاء زیادہ ہو تو نبزے ڈرین سلفیٹ کی ایک ٹکیہ السپرین کے ہمراہ دیجئے۔ اس سے ناک کے مرض کا امکان کم ہو جائے گا۔ اور درد وسر امتلاء الف کو سکون مل جائے گا۔

التہاب باریطون میں درد

Pain in Peritonitis.

ھو الشافی

اسٹرپٹو ٹریاڈ (ایم بی)	۱ ٹکیہ
بارٹو بیز (پی ڈی)	۱ ٹکیہ

دونوں ایک ساتھ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک دافع سرایت امعاء (دافع دق اور دافع التہاب امعاء) اور مسکن درد مرکب

ہے۔ جو زیریں شکم کی بے چینی، شکم کی دق کی سرایت اور درد کو دُور کرتا ہے۔ لیکن علاج بالحرارت (ہیلیوتھیراپی) بھی بہت موثر ثابت ہو چکا ہے۔ لیکن کیموتھیراپی سے زیادہ اچھا نہیں ہے۔ اس کے بعد کوئی عمدہ و مقوی دوا "بی جی خاص" دینی چاہیے۔

التہاب زائدہ دُودیہ میں درد

Pain in Appendicitis.

ہُوالشافی

انٹروے ٹل — ۱ ٹکیہ

سلفاڈایازین — ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔ اور دن میں تین بار دیجئے۔ یہ مسکّن درد اور دافع سرایت مرکب ہے۔ جو چھوٹی آنت (زائدہ دودیہ) کے التہاب درد کو کم کرتا ہے۔ اور اسٹرپٹومائیسین کا انجکشن لگانا اور بطور مقوی کوئی دوا دینا یا بعد ازاں آپریشن کرا دینا بھی ضروری ہے۔ بطور دافع سرایت اور گومائیسین کیپ شول بہا و دہن بہت موثر ہے۔

Pergatore (Dolcolax) carminative Bromide

التہاب عصب میں درد

Pain in Neuritis.

ہُوالشافی

وٹامن بی ۱ (انیرن) — ۱۰۰ ملیگرام

اسپرین — ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک مغذی اعصاب اور مسکّن درد مرکب ہے۔ جو التہاب کثیر اعصاب مثلاً عرق النساء کے درد۔ ران کے درد اور تمام اعصاب کے درد میں ایک بہت موثر دوا ہے۔

---

1. Butalgin capsules (opal)
2. R.R

التہاب عضلہ میں درد

Pain in Muscle.

ہُوالشافی

ارگاپائرین — ۱ ٹکیہ

وٹامن سی — ۲۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع درد عضلہ نسخہ ہے جو ہر قسم کے عضلاتی درد کو دُور کرتا ہے۔ اور مقامی طور پر انگلی پان بام (وائٹمنٹ) لگائیے۔ یا مندرجہ ذیل مرکب مرہم لگائیے۔

ہُوالشافی

منتھول — ۱ حصہ

منتھیل سیلی سلیٹ — ۲ حصے

ویسلین سفید — ۶ حصے

ان سب کو ملا کر مرہم سا بنائیے۔ اور مقام ماؤف پر مالش کیجئے۔

Embrocation (Boots)

Rubon (Balm)

التہاب فائبرین میں درد

Pain in Fibrositis.

ہُوالشافی

ادسے ڈرین　　اٹکیہ

وٹامن سی　　۲۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم پانی کے ہمراہ کھلایئے۔

یہ ایک مسکن درد، دافع سرایت۔ دافع التہاب مرکب ہے۔ جو کمر کے درد جوڑوں کے درد کو رفع کرتا ہے۔ یہ دوا انفلوئنزا کے سبب درد، گردن توڑ بخار کے سبب درد کو بھی رفع کرتی ہے۔ یہ گردن۔ کندھا کمر کے درد کو بھی روکتی ہے لیکن شدید درد میں بستر پر آرام ضروری ہے

(۲) ہُوالشافی

اسپرین　　۱۰ گرین

Sonalgin

سونیرل (ایم بی)　　۲ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے یہ مسکن درد اور منوم مرکب ہے۔ جو درد کم کر کے درد فائبرین کو دُور کرتا ہے۔

(۳) ہُوالشافی

کوڈو پائرین　　اٹکیہ

فینوباربٹون　　½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک مسکن الم مرکب ہے۔ اور فوری درد کو سکون دیتی ہے۔ اور مقام ماؤف پر بیلاڈونا پلاسٹر ساختہ جانسن لگایئے۔ یا کوئی محمّر جلد پیسٹ لگایئے۔

التہاب قولون میں درد

Pain in Colitis.

ہُوالشافی

کوڈین فاسفیٹ　　½ گرین

بیلافولین (سینڈوز)　　اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور حسب ضرورت پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ مروڑ اور درد کو رفع کرتا ہے۔ اور قولون کے درد میں فوری سکون دیتا ہے۔

۲　ہُوالشافی

انٹرے ٹل　　اٹکیہ

سکسی نل سلفا تھیازول　　اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں چار بار دیجئے۔

یہ دافع سرایت۔ التہاب قولون اور یہ دافع درد امعاء، مرکب ہے۔ جو بڑی آنت کے التہاب۔ ورم اور تقیح کو کم کرتا ہے۔ بخار اور تسمم کے وجوہ کو بھی کم کرتا ہے۔ اور بہت موثر ہے۔　　مزید دیکھئے۔

التہاب قولون کا علاج

التہاب مفصل میں درد

Pain in Arthritis.

ہُوالشافی

سوڈا اسیلی سلاس ۱۰ گرین

سوڈا بائی کارب ۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک بہت مفید مسکن الم مرکب ہے۔ جو گٹھیا میں جوڑوں کے درد کو دُور کرتا ہے۔

نمبر۲ ہُوالشافی

اسپرین ۱۰ گرین

وٹامن سی ۲۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں چار بار دیجئے۔

یہ ایک دافع درد مفصل دوا ہے جو ہر قسم کے درد مفاصل کو سکون دیتی ہے۔ اس کے علاوہ درد کو فوری سکون دینے کے لئے کوڈو پائرین ایک ٹکیہ براہ دہن دی جاسکتی ہے۔ اگر اس سے آرام نہ ہو تو ارگاپائرین کی ایک ٹکیہ براہ دہن دی جاسکتی ہے۔

یہ دوا گٹھیا کے امراض میں نہایت موثر سکون بخش دوا ہے۔ لیکن مخالف ردِ عمل بھی رکھتی ہے۔ یہ اسپرین نہیں ہے۔ بلکہ ایک زہریلی دوا ہے۔ اور معدہ سے خون جاری کر دیتی ہے۔

نمبر۳ ہُوالشافی

کوڈوپیرون ا ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر دو پڑیہ بنائیں۔ اور ایک پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ کوڈی سون بیپروبامیٹ کا مرکب ہے۔ جو التہاب مفاصل کے درد میں بہت موثر ہے۔

نمبر۴ ہُوالشافی

فولک ایسڈ ا ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر دیجئے۔ یہ ایک دافع فقرالدم مرکب ہے جو درد مفاصل کے مریضوں کو مذکورہ بالا مرکبات کے ہمراہ دینا چاہئے۔

التہاب لُب عظم میں درد

Pain in Ostitis.

ہُوالشافی

ارگاپائرین ا ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو پانی کے ہمراہ ایک دم دیجئے۔

یہ ایک دافع درد دوا ہے۔ جو ہڈیوں کے درد میں بہت مفید ہے۔ مگر خطرناک ہے۔

B. A. D. M. P. S

التہاب مثانہ میں درد

Pain in Cystitis.

ہوالشافی

پائرمی ڈیم	۱ ٹکیہ

پہلے ایک ٹکیہ براہ دہن دیجئے۔ پھر یہ مکسچر دیجئے۔

ہوالشافی

پوٹاس سائٹراس	۳۰ گرین
پوٹاس بائی کارب	۲۰ گرین
ٹنکچر ہائیوسائمس	۲۰ گرین
پانی	$\frac{1}{2}$ اونس

یہ آمیزہ ہر چھٹے گھنٹے دیجئے۔ یہ دافع تشنج ہے اور درد مثانہ کو فوراً کم کرتا ہے اس کے علاوہ مثانہ کی سرایت ختم کرنے کے لئے پینی سلین، اسٹرپٹو مائی سین انجکشن لگائیے۔ یا گان ٹرمی سین کی ایک ٹکیہ براہ دہن دیجئے۔

التہاب گردہ میں درد

Pain in Nephritis.

ہوالشافی

فینو باربٹون	$\frac{1}{2}$ گرین
ڈیکٹرسول	۵ گرین

دونوں کو پانی کے ہمراہ دیجئے۔

التہاب ایلاؤس میں درد

Pain in Ileitis.

ہوالشافی

الگزرپامیین	اچار کا چمچہ بھر
پانی	۱ اونس

یہ آمیزہ روزانہ تین بار دیجئے۔ اور اسہال کو روکنے کے لئے سیرپ کوڈین فاسفیٹ $\frac{1}{2}$ چمچہ بھر دیجئے۔ اور غذائی کمزوری کا بی جی فاس سے علاج کیجئے۔

امراض دندان میں درد

Pain in Dentology.

ہوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام
سلفامیزاکخفین	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت سوافع درد اور دافع امراض دندان مرکب ہے۔ جو دانت کے درد خستہ دانت کے درد اور عفونت دندان میں بہت موثر دوا ہے۔ اس کے ہمراہ کو ڈوپائرین ایک ٹکیہ دی جا سکتی ہے اور دانت کی کھوہ میں پینی سلین

کا مرہم لگایا جاسکتا ہے۔ اور درد کو دُور کرنے کے لئے کلورل کیمفر مرکب لگایا جاسکتا ہے۔

امراض اذن میں درد

Pain in Otology.

ہوالشافی

ایفیڈرین ۱ ٹکیہ
ارجیرول ۱ گرین
پانی ۲ سی سی

ان سب کو ملا کر لوشن بنائیے۔ اور گرم کر کے ڈراپر سے کان میں ڈالئے یہ درمیانہ کان کے شدید ورم میں مفید ہے۔ کان کی لعاب دار جھلی کے ورم کو کم کرتا ہے۔ اور کان کے دباؤ کے مرض کان میں مفید ہے۔

ہوالشافی

نیئیڈ سلفا ۱ ٹکیہ
ایسپرین ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ کان کی سرایت کے سبب درد کان کو دُور کرتا ہے اور بخار، درد کو بھی فوراً کم کرتا ہے۔

Clove oil =

امراض النساء میں درد

Pain in Gynaecology.

ہوالشافی

ایڈسن یپن (شیلانگ) ۱ ٹکیہ
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے اور چار یا دو دودھ کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک مسکن الم دوا ہے۔ جو عسر طمث (دشواری حیض) کے درد میں ایک بہترین دوا ہے۔ یہ عروقی پھیلاؤ کرتی اور حیض کے دوران کو رواں کرتی ہے۔ اور ساتھ ہی درد کو بھی رفع کرتی ہے۔

ہوالشافی

ڈائی نیسٹرول (گھبیک سم) ۲ ملیگرام
ایسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور دن میں دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک ہارمون مسکن الم مرکب ہے۔ جو عدم حیض کے سبب درد رحم اور رحم کے درد پستان کے درد اور تمام حیض کی تکالیف کے لئے ایک موثر دوا ہے۔ یہ ۲۵ دن تک دی جاسکتی ہے۔ لڑکیوں، نوجوان عورتوں میں ایک محافظ صحت دوا ہے۔

(۳) ہوالشافی

عقاقرایڈ ٹکیہ ۱۵ ملیگرام

گلوکوز ۵ گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے ۔ یہ جریان خون از رحم کے حالات میں ایک عمدہ دوا ہے ۔ اور رقیہ کی خامی کے سبب تکالیف مثلاً رحم میں چربی کی زیادتی کے سبب حیض کی دشواری ہونا میں مفید ہے ۔

(۴) ہوالشافی

کوڈویائرین ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے ۔ اور چار کے ہمراہ یا دودھ کے ہمراہ زچہ کو دیجئے یہ ایک مسکن درد دوا ہے جو زچہ عورتوں میں کھیلن کے درد After Pains کو فوراً تسکین دیتی ہے اس سے میلا خوب خارج ہونے لگتا ہے اور پیڑو کا یاچی درد ۔ دردِ شکم کافور ہو جاتا ہے ۔ اس کے ہمراہ عفونت دور کرنے کیلئے سلفا میزاتھین کی ایک ٹکیہ بھی دیجئے اور طاقت کے لئے بی جی فاس ایک چار کا چمچہ بھر روزانہ تین بار پلایئے ۔ B.G.Phos

بے خوابی میں درد
Pain in Insomnia.

ہوالشافی ۔ سونالجین (ایم بی) ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے یہ رات کے درد سر معہ بے خوابی کو دور کرتا ہے ۔ اور بے خوابی کے ساتھ درد گٹھیا میں بہت موثر ہے اور دافع بخار بھی ہے ۔

(۲) ہوالشافی

ادب لی ون (اشیر نگ) ۲۵۰ ملیگرام

اسپرین ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا کر پانی کے ہمراہ دیجئے ۔ یہ ایک منوم اور مسکن درد مرکب ہے ۔ جو دردِ معدہ بے خوابی میں بہت موثر ہے ۔ اس سے نیند آکر درد رفع ہو جاتا ہے ۔ اوّل الذکر دوا منوم ہے ۔

تشنج معدہ میں درد
Pain in Gastric Spasm.

ہوالشافی

بامین الگزر ایک چار کا چمچہ بھر

بی جی فاس الگزر ایک چار کا چمچہ بھر

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ پلایئے ۔ یہ ایک دافع تشنج معدہ اور مقوی معدہ مرکب ہے ۔ جو دردِ معدہ حاد ہضمی قرحہ کے درد میں ایک مسکن دوا ہے ۔ اس کے علاوہ بارڈرین ٹکیہ (پی ڈی) آزمائی جاسکتی ہے اور انٹرے نل ڈیپلیکس سیبا کی ایک ٹکیہ براہ دہن دی جاسکتی ہے معدہ کے تشنج کو کم کرنے کے لئے ملتان لیڈرلے کی ایک ٹکیہ بھی دینا مفید ہو سکتا ہے ۔

estal tab. Busco pan tab.

Bardosi (Park Davis)

Millan - Lyderle

تکزّز میں درد

Pain in Tetany.

ہُوالشافی

کیلسیم لیکٹیٹ ۱۵ گرین
ایسپرین ۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں چھ بار دیجئے۔ یہ ایک کیلسیم ایسپرین مرکب ہے جو بچوں کے درد و تشنج اطراف و جوارح کو سکون دیتا ہے۔ اس کے علاوہ کیلسیم ڈی ریڈوکسان (روش) کی تین ٹکیاں روزانہ دینی چاہئیں اور تشنج و درد کو رفع کرنے کے علاوہ کیلسیم کی خامی۔ الکالی مادہ کا بڑھاؤ بھی دُور کرنا چاہیئے۔

تالوے میں درد

Pain in Palate.

ہُوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
سلفامیرازین ایک ٹکیہ
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

سب کو باہم ملاکر دو پوڑیاں بنائیے۔ اور ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ حلق کے امراض مثلاً سرایت لوزتین و حلق، خراش حلق اور درد گلو میں ایک دافع سرایت مسکن درد دوا ہے اور تالوے کی عفونت کو دُور کرتی اور اس طرح درد کو بھی روکتی ہے۔

جوارح میں درد

Pain in Extremities.

ہُوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور ایک پڑیہ چائے کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکن الم مرکب ہے جو جسم کے درد ہاتھ پیروں کے درد اور اطراف جسم کے درد میں ایک مفید کثیر الاستعمال دوا ہے۔ اس کے علاوہ عرق النسا کے سبب درد جوارح میں پرازولیفین ساختہ سیبا کی ایک گولی بڑھا دینا بھی مفید ہے۔

جوڑ میں درد

Pain in joint,

ہُوالشافی

ارکوڈوپائرین ایک ٹکیہ
وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
ڈاکورٹن ۵ ملی گرام

سب کو باہم ملاکر دو پوڑیاں بنائیے اور دن میں دو بار دیجئے۔ یہ دوا درد عضلہ و رباط کو سکون دیتی ہے اور متاثرہ جوڑوں کی حرکت کو کھولتی ہے درد کو کم کرتی ہے اسکے علاوہ جبارہ اور مقامی حرارت میں لگانا بھی مفید ہے اور پیرافین سے غسل کرانا۔ اور مالش کرانا بھی مفید ہے اور براہ وریدی شدید و عظیم درد میں ارگاپائرین ایک ٹکیہ

دی جاسکتی ہے۔ یہ دن میں تین ٹکیاں تک دی جاسکتی ہے۔ مگر ایک مخالف اثر کی دوا ہے۔

چہرہ کا درد

Pain in the Face.

ھوالشافی (۱)

اسپرین ۵ گرین
ملتان فیلڈرے ۱/۲ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے یہ ایک دافع درد اور دافع تشویش مرہ باؤ دوا ہے۔ جو تار کے خلل کے سبب چہرہ کے عصبی درد میں مفید ہے یہ اختناق الرحم، عصبی مرض کے سبب درد ابرو میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی (۲)

لائگوکین ہائیڈروکلورائیڈ ۵ فیصدی

اس کے چند قطرے متورم حصوں کے ارد گرد انجکشن سے لگایئے یہ بوسیدگی دندان کے سبب درد ابرو کے لئے بہت مفید ہے اور دانت کا درد رفع کرنے سے ہی درد ابرو۔ درد صداع (کنپٹی کا درد) دور ہو جاتا ہے۔

مزید براں کوسٹن صاحب کے مرض جباڑے کا درد۔ زبان کا درد۔ ضرر سر اور چہرہ کو ماؤف کرنے والے کسور کا بھی علاج کیجئے۔

لائکوپرڈکین ہائیڈروکلورائیڈ

ھوالشافی (۳)

ایسیرین سلفیٹ ۱ حصہ
آب مقطر ۹۰ حصے

دونوں کو باہم ملاکر محلول بنا کر آنکھ کے اندر ٹپکایئے۔ یہ درد ابرو بہ سبب گلوکوما کے لئے مفید ہے۔

ھوالشافی (۴)

بحسابیت کے سبب درد ابرو کے لئے مفید ہے۔

درد ابرو کے دیگر اسباب مثلاً التہاب جوف الف پیش چشم درد۔ اجواف الف کی پرانی سرایت۔ سلوڈ صاحب کا عصبی درد۔ بغل کی مزمن سرایت۔ سرطان الف وحلق۔ قاعدہ دماغ کی رسولی۔ حسی اعصاب کا خلل۔ کن پٹی کی شرائین کا التہاب۔ درد شقیقہ سے عصبی درد پر توجہ دینی چاہیئے۔

(مزید دیکھئے ہماری کتاب جدید عمل طب میں)

حلق میں درد

Pain in Larynx.

ھوالشافی (۱)

Vim. Ipecac

وائنم اپے کاک ایک چاء کا چمچہ بھر
پانی ۱ اونس

دونوں کو باہم ملاکر پلایئے۔ یہ گرم غرارہ کرنے کے بعد پلایا جاسکتا ہے۔ یہ قے لاکر درد تشنج کو کم کر دیتا ہے اور اس کے بعد درد بہ سبب زکام اسپرین وٹامن سی کب دیجئے اور بطور مسکن الم مندرجہ ذیل مرکب مفید ہے۔

ہو الشافی

ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱/۴ گرین
فینو باربٹون ۱/۴ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور سوتے وقت دیجیے۔ یہ دافع تشنج اور مسکن ہے۔ اور بار بار حملہ کو روکتا ہے۔ اس کے علاوہ سرایت کے سبب درد جلن کو کم کرنے کے لئے پینی سلین لوزنجز ایک قرص چوسائیے۔ اور ٹائرو ذرٹ لوزنج بھی دی جاسکتی ہے تمباکو اور شراب سے قطعی پرہیز کرائیے حیاتین آمیز غذا دیجیے۔ اور جوف انف کی پرانی سرایت کا قلع قمع ہے۔

خصیوں میں درد
Pain in Testes.

ہو الشافی

اسٹل بائسٹرول ۵ ملیگرام
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام
ایسپرین ۵ گرین

سب کو ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔ یہ ہارمون معالجہ ہے جو دافع درد خصیہ ہے۔ اور اس کے علاوہ بیلاڈونا پلاسٹر پر فورٹیڈ جانسن خصیہ پر چپکانا بھی مفید ہے۔ بستر پہ مکمل آرام اور فوطوں کو سہارا دینا بھی ضروری ہے۔

عورتوں میں خصیہ رحم کا درد بھی ہو سکتا ہے۔ جو زیریں شکم پر گرمائی لگانے بمسکن الم دوا دینے۔

سرایت رحم کو دور کرنے کے لئے پینی سلین کا انجکشن لگانے اور بستر پر آرام کرنے سے دور ہو سکتا ہے۔

گماگلوبیولین ایا دو سی سی کا انجکشن (فی پونڈ جسمانی وزن) مفید ہو سکتا ہے۔

خبیث رسولی میں درد
Pain in Malignant Tumor.

ہو الشافی

امیڈوپائرین ۲ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام
ایسپرین ۵ گرین

ان سب کو ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور چاء کے ہمراہ دیجیے۔ یہ مسکن الم مرکب ہے جو کسی رسولی یا سرطان کے سبب درد میں مفید ہے۔ رسولی کا جراحی علاج ضروری ہے۔

کمر میں درد
Pain in Lumbago.

ہو الشافی

ایسپرین ۵ گرین
فینو باربٹون سوڈیم ۱/۲ گرین
بیرن ۱۰ ملیگرام

تینوں کو ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور دن میں دو بار پانی کے ہمراہ دیجیے یہ ایک مسکن الم اور منوم مرکب ہے۔ جو عضلاتی جہد اور جذباتی تشویش کے سبب کمر درد میں مفید ہے۔

۲۔ ھوالشافی

ڈولسیرول ۱ ٹکیہ

ریمی سوپین ۱/۲ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں دو دو بار دیجئے۔ یہ ایک مرخی عضلات مرکب ہے۔ جو فشار دم اعلیٰ۔ ذبحہ صدریہ تشویش۔ عضلاتی تشنج کے سبب شدید درد میں مفید ہے۔

مزید دیکھئے درد کمر کے اسباب مثلاً

۱۔ التہاب فائبروزن۔

۲۔ گٹھیا و نقرس۔

۳۔ فقرات کا دباؤ

۴۔ اختناق الرحم کے رجحانات

۵۔ گٹھیائی وراثت۔ ۶۔ زکام و سردی۔

۷۔ مقامی عفونت۔

۸۔ بعض متعدی امراض مثلاً انفلوئنزا۔ گردن توڑ بخار اور بارن ہام صاحب کا مرض۔

۹۔ عضوی امراض۔ ۱۰۔ اوجاع ظہری۔

۱۱۔ جھیلی اعصاب کے امراض۔

۱۲۔ التہاب رماؤ النخاع۔ پولیو۔

۱۳۔ گردہ کی دق۔

۱۴۔ شعبہ صدرہ و مانہ کا سرطان۔

۱۵۔ لیوکمیا اور باجٹ صاحب کا مرض۔

۱۶۔ عضلات کمر۔ شکم و بین اضلاع کا درد۔

۱۷۔ التہاب رباط و کندھے کی سردی۔

۱۸۔ کندھے کے گرد مفاصل کا التہاب

ضروری ہدایات

۱۔ بستر پر آرام اور مقامی آرام ضروری ہے۔

۲۔ خشک حرارت کے ذریعہ جسمانی علاج کیجئے۔

۳۔ درد اور تشنج کو کم کرنے کے لئے مالش مفید ہے۔

۴۔ ماؤف حصے پر پروکین کا انجکشن لگائیے۔

۵۔ موٹاپے کو کم کرنا چاہیئے۔

دیافرغما میں درد

Pain in Diaphragm.

ھوالشافی

۱ ایسپرین ۵ گرین

۱ وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنا کر دیجئے یہ مسکن الم ہے اور اس لئے درد دیافرغما کو کم کرتا ہے۔

دل میں درد

Pain in Heart.

ھوالشافی

گلائسرائیل ٹرائی نائٹریٹ ملیگرام

رائوڈکسین ۱/۲ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور درد کو کم کرنے کے لئے آکسیجن لخلخہ سونگھائیے۔ یہ مرکب انجائنا۔ (ذبحہ) درد کے خلاف ایک موثر ہتھیار ہے۔ مزید دیکھئے۔ انضمام قلب۔ علائیہ جسد۔ اکلیل قلب کی علقیت۔ فشار دم اعلیٰ۔ فشل قلب

قلب کی آتشک۔ تشنج اکلیل قلب۔ ذبحہ جبد۔ شریانی صلابت۔ جذباتی جہد اور کاروباری ذمہ داریاں ذبحہ کی بستر ہیں۔ اور بحران جذبات و شدید ذبحی حالت صدمہ اور نازک صدمہ وغیرہ۔

دماغی پردوں کی دِق میں درد

Pain in Meningitis

ہُوالشافی

اسٹرپٹومائی سین	اٹکیہ
سلفاڈریاڈ	اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ دافع سرسام مرکب ہے۔ جو درد کو بھی دُور کرتا ہے۔

ذُبحہ صدریہ میں درد

Pain in Angina Pectoris.

ہُوالشافی

برانڈی	ا فلوئڈ اونس
پانی	۱ اونس

دونوں کو ملا کر پلا دیجئے۔ یہ سب سے پہلی امداد اولین دوا ہے۔ جو حملہ کو فوراً سکون دیتی ہے۔

ہُوالشافی

امینو فائلین	اٹکیہ
فینو باربیٹون	½ گرین
ایلیو ڈروکس	½ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ حملہ سے پہلے دیجئے۔ یہ ایک مسکن ذبحہ صدریہ (ہیش قلب درد۔ سینہ کے اردگرد درد) کے لئے مرکب ہے۔ اور نیند آور ہے۔ اگر اس سے بھی درد کم نہ ہو تو مارفین کا انجکشن تجویز کیجئے۔ ذبحہ صدریہ کا بیان جدید عمل طب میں دیکھئے۔

ذیابیطس شکری میں درد

Pain in Diabetes Mellitus.

ہُوالشافی

ٹالبوٹامائیڈ	اٹکیہ
وٹامن بی	۵ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع ذیابیطس شکری اور دافع التہاب و درد مفاصل مرکب ہے۔ جو ذیابیطس میں عصبی درد کو کم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ پروٹامین زنک انسولین کا انجکشن بھی لگانا چاہئے اور غذائی تدابیر پر توجہ دینی چاہئے۔

رخوتِ عظام میں درد

Pain in Osteomalacia.

ہُوالشافی

کیلشیم ڈسی ٹمین (گلکیک سم)	اٹکیہ
اسپرین	۵ گرین

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں تین بار

پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ حیاتین ڈ کی کمزوری کو دُور کرتا ہے۔ اور اس لئے بالغ افراد کے مرض کساح میں درد کو رفع کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ہڈیوں کی رخوت کا سب سے عام سبب سیلان تخم بالبراز بھی دُور کرنا چاہئے۔ اور کیلسی فیرول کی ۵۰ ہزار یونٹس کی ٹکیہ ہفتہ میں تین بار دینی چاہئے۔

(۲) ہُوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
کیلشیم لیکٹیٹ ۲۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک مسکن درد اور دافع کساح مرکب ہے۔ جو حاملہ عورتوں میں رخوت عظام کو دُور کرتا ہے۔

ریوی دق میں درد

Pain in Pulmonary Tuberculosis.

ہُوالشافی

اربازائیڈ ایک ٹکیہ
ایسپرین ۵ گرین
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲ ایک ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع دق، مسکن الم اور دافع التہاب مفاصل مرکب ہے جو حیاتین ب کی خامی کو بھی دُور کرتا ہے۔ اور جسم کے آلام کو بھی رفع کرتا ہے۔

ریوی سدادیت میں درد

Pain in Pulmonary Embolism.

ہُوالشافی

ہیروئین ہائیڈروکلورائیڈ ۵ فیصدی محلول

یہ دو سی سی کی مقدار میں درون پلیورا راہ سے انشراب کی جاتی ہے۔ اور درد اور بے چینی کو فوری سکون دیتی ہے۔

زیر شراشیف درد

Pain in Epigastric.

(۱۶۰) ہُوالشافی

بارڈینز Bardene ایک ٹکیہ
بی جی فاس BG Phos اچار کا چمچہ بھر

پہلے بارڈینہ کی ٹکیہ براہِ دہن دیجئے پھر بی جی فاس پانی کے ہمراہ پلائیے۔ یہ ناف کے نیچے درد کو سکون دیتا ہے۔ اور مسکن و مقوی معالج ہے۔

سالمونیلا سرایت میں درد

Pain in Salmonellosis

ہُوالشافی

کلورم فینی کول فورٹی فائیڈ (ڈوبیمکس) } ایک کیپ شول
وٹامن سی ۵ گرین
ایسپرین ۵ گرین

تینوں کو ملا کر بہمراہ آب تازہ دیجئے۔ یہ تپ محرقہ میں درد ماسعاء بخار اور درد سر کے لئے مفید ہے۔ انٹی پائیوٹک مسکن الم ہے۔ درد معدہ کو دُور کرنے کیلئے سوڈا منٹ یا انٹرمیٹل ٹکیہ دی جاسکتی ہے

سرسام میں درد

Pain in Meningitis.

ہُوالشافی

سلفاڈایازین	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام
ایسپرین	۱۰۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ مسکن درد سر اور دافع سرسام ہے۔ اور بخار و درد کو فوراً رفع کرتا ہے۔ سرسام کا مخصوص علاج بھی کیجئے۔

سدادیت میں درد

Pain in Embolism.

دیکھئے نارجین اور ہیپارین کا استعمال

سر میں درد

Pain in Head.

ہُوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دیجئے یہ دافع درد اور دافع بخار ہے اور بہت ہی مفید کثیر الاستعمال مرکب ہے۔

ہُوالشافی

ملٹان (البیڈرلے)	۱۲۵ ملیگرام
ایسپرین	۴۰۰ ملیگرام

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور دن میں ایک یا دو بار حسب ضرورت پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک مسکن درد اور نفسیاتی و جسمانی ظواہر کے درد کو ضابطہ میں لانے کیلئے بہت موثر ہے اور تشویش کے سبب درد سر میں تو بہت ہی مفید ہے

ہُوالشافی

کیفرگوٹ (سینڈوز)	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے اور درد شقیقہ کے سبب درد سر میں بوقت دیجئے۔

یہ آدھا سیسی کے سبب درد سر میں بہت موثر مرکب ہے۔ جو عروقی تناؤ کو دُور کرتا ہے اور سخت درد سر کو رفع کرتا ہے۔

درد سر (صداع) کے دیگر اسباب کا حسب موقع علاج کیجئے۔ مثلاً قبض۔ صفراویت۔ سوء ہضم۔ فشار دم اعلیٰ بے خوابی۔ مزمن التہاب جوف الف۔ تشویش۔ اختناق الرحم۔ نفسیاتی بے چینی وغیرہ۔

Pain in Carcinoma.

سرطان میں درد

ہوالشافی

نوالجین اٹکیہ NOVALGIN

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام celin Ascorbon

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ مسکن درد ہے اور اس لئے ہر قسم کے سرطان کے درد میں مفید ہے۔

سینہ میں درد

Pain in Chest.

دیکھئے ذبحہ صدریہ اور دیافرغا میں درد

سوزاکی سرایت میں درد

Pain in Gonococal-Infection.

ہوالشافی

سلفاڈایازین اٹکیہ

گان ٹری سین اٹکیہ

دونوں کو ملا کر ایک دو پوڑیاں بنائیے۔ اور ان میں سے ایک پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ دافع سرایت سوزاک مرکب ہے اس کے ہمراہ روغن صندل ۵ قطرے کسی کیپ شول میں بھر کر دیئے جاسکتے ہیں اور پینی سلین انجکشن لگانا چاہیئے۔

سیرم کی بیماری میں درد

Pain in Serum Sickness.

ہوالشافی

انکولان اٹکیہ

ایسپرین ۵ گرین

دونوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ سیرم کی بیماری میں جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ اور جلد کی بےچینی کم کرنے کے لئے کیلامین لوشن لگائیے۔

شریانی صلابت میں درد

Pain in Arteriosclerosis.

دیکھئے متفیو گارڈینال کا استعمال

طاعون کی گلٹی میں درد

Pain in Plague.

ہوالشافی

اے پی سی پوڈر اٹکیہ

سلفاڈایازین اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ دافع درد اور دافع سرایت طاعون ہے۔

عرق النسا میں درد

Pain in Sciatica.

۱۱۶ ھوالشافی

نوالجین ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

ڈاکورٹن ۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع درد اور ہارمون مرکب ہے جو گٹھیائی قسم کے درد میں مسکن ہے۔

(دیکھئے التہاب فائبرین میں درد)

عرجان متوقف میں درد

Pain in Claudication Intermittent.

ھوالشافی

پرزکولین ۱ ٹکیہ

ایک ٹکیہ براہ دہن پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک پرزکول و فینوباربیٹون کا مرکب ہے۔ جو عرجان متوقف (لنگڑا پن) کے درد میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ وٹامن ای۔ ویسٹ جرم آئل ایک کیپسول براہ دہن دینا چاہیے۔

عروقی عصبی اذیما میں درد

Pain in Angioneurotic Oedema.

ھوالشافی

ایول (ہوچیسٹ) ۱ ٹکیہ Avil

ایسپرین ۵ گرین

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیا بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ دافع حساسیت اور مسکن الم مرکب ہے جو رگ داہ صاب کے ہلکے ورم کو تحلیل کر دیتا ہے۔ اور درد کو بھی سکون دیتا ہے۔ اس کے علاوہ ہائیڈروکورٹیسون کی ایک ٹکیہ براہ دہن دینا بھی مفید ہے۔ پتی اچھلنا۔ دوا کی حساسیت۔ ہر دیئون کی حساسیت۔ ذہنی ہیجان اور مقامی سرایت اور رکے دانتوں کی سرایت بھی زیر غور رکھئے۔

عسر طمث میں درد

Pain in Dysmenorrhea.

ھوالشافی

بنزے ڈرین سلفیٹ ۲/۵ ملیگرام

ایسپرین ۱۶۰ ملیگرام

فیناسیٹین ۱۶۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور ہر تیسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ ایک دافع عسر طمث و دشواری حیض مرکب ہے۔ رحم کی رگوں کی پژمردگی کے سبب جو عسر طمث ہوتا ہے اس میں یہ رگوں کو کھولتا ہے اور حیض کے درد کو کم کرتا ہے اور مزمن درد سر۔ درد کمر۔ التہاب عصب۔ عصبی درد۔ مفاصلی درد گٹھیا۔ جوڑوں کی بے چینی اور درد شقیقہ میں بھی مفید ہے لیکن نہایت خشکی ذہن پیدا کرتا ہے۔ وریدکے درد اور التہاب انف کو بھی رفع کرتا ہے۔ درد حیض سے دو دن پہلے دینا زیادہ مفید ہے۔

۲۔ ہوالشافی

میفے نیسن	۲۵۰ گرام
سیلی سیلامائیڈ	۱۸۰ ملیگرام
کیفین سائٹراس	۳۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور دن میں ہر چار گھنٹے بعد دیجئے۔ یہ مرخی عضلات اور مسکن جذبات مرکب ہے حیض سے پہلے تناؤ اور حیض کے بعد تناؤ میں مفید ہے۔ اور دافع تشویش ہے لیکن اس سے بہتر ملتان اسپرین مرکب ہے۔

۳۔ ہوالشافی

ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ	⅛ گرین
پوٹاسیم برومائیڈ	۳ گرین
اکسٹرکٹ ہائیوسائمس (سفوف)	½ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے یا کسی کیپ شول میں بھر کر دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک دافع تشنج۔ دافع عسر طمث مرکب ہے جو مسکن جذبات اور محرک حیض ہے مسکن رحم بھی ہے۔

۴۔ ہوالشافی

امونیم کلورائیڈ	۱ر۳ گرام
پیریلامین	۱ر۲ ملیگرام
ہائیوسین ٹیبلٹ	۵ر ملیگرام
کیفین	ر۰۳ گرام

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور روزانہ تین بار بعد از طعام حیض سے سات دن پہلے دیجئے۔ یہ قبل از حیض علامتوں کو دور کرنے کیلئے ایک بہترین مرکب ہے۔ اور اس نے درد سر و درد کمر کو رفع کرتا ہے اور مسکن مدربول اور مدر حیض ہے۔ دافع تشنج بھی ہے۔ اور قبل از حیض تناؤ بھی دور کرتا ہے۔

۵۔ ہوالشافی

اڈرسین (اشیلاگ)	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے اور ایک پوڑیہ پانی یا چائے کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک دافع درد حیض مرکب ہے جو رحم کی دبی ہوئی رگوں کو کھولتا ہے اور درد کو فوراً سکون دیتا ہے اور اس کے ہمراہ منشٹروجن ٹکیہ ساختہ آرگےنن روزانہ دو بار دی جاسکتی ہے۔ کمزوری دور کرنے کیلئے بی جی فاس یا ڈیورول ساختہ ڈیومیکس پانی کے ہمراہ دی جائے۔

عصبی کمزوری میں درد

Pain in Nervous Debility.

(۱) ہوالشافی

اڈالین (بائر) ۱۲۰ ملیگرام

فیناسٹین ۱۸۰ ملیگرام

وٹامن ب (ایرن) ۲ ملیگرام

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور روزانہ ایکبار سوتے وقت ایک پوڑیہ دیجئے یہ عصبی درد کے سبب بیخوابی، قبل از حیض تناؤ اور ہیجانی بے چینی اور عصبی درد کے لئے بہت موثر ہے مسکن جذبات ہے۔

(1) Buyerstonic بائر
(2) Tonum برٹش ڈرگ ہاؤس

(۲) ہوالشافی

ڈیپوروفلی، ڈیڈیمیکس (اچار کا چمچ بھر

پانی ۱ اونس

دونوں کو ملاکر آمیزہ بنایئے۔ اور دن میں تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے، اور ساتھ ہی درد کو رفع کرنے کے لئے ملٹان اسپرین مرکب دیجئے۔ یہ ایک جدید دافع کمزوری، دافع عصبی ہلاکت اور نہاف عصبی مرکب ہے۔ جو نامردی، کمزوری، عصبی درد، اور جسمانی تکان دور کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔

عصباوی زحیر میں درد

Pain in Bacillary Dysentory

ہوالشافی

سلفاڈایازین اٹکیہ

سوڈامنٹ اٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت امعائیہ دوا ہے۔ جو درد شکم معہ زحیر اور آؤن خون کیجے دستوں بخار میں ایک موثر دوا ہے اس کے علاوہ شکم پر گرم سکائی (ربوتل کے ذریعہ) کرنا بھی مفید ہے بستر پر آرام قطعی ضروری ہے۔ (مزید دیکھئے سلفائی علاج میں نفا لازول۔ سلفا میزاتھین)

عضلات میں درد

Pain in Muscles.

(۱) ہوالشافی

ارگا پائرین اٹکیہ

وٹامن سی ۲۰۰ ملیگرام

دونوں کو ایک ساتھ پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع درد عضلہ اور مسکن درد دوا ہے لیکن مرض قلب و جگر میں مضر ہے۔

(مزید دیکھئے اسپرین، ادوسے ڈرین۔ اے پی سی پوڈر، اور نووالجین وغیرہ۔

عصبی آتشک میں درد

Pain in Neurosyphilis.

ہوالشافی

فینوسبین اٹکیہ

اسپرین اٹکیہ

سلفامیزاتھین اٹکیہ

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے یہ ایک ۔ اینٹی بایوٹک سلفا مرکب ہے۔ جو پٹھوں کی آتشک کے درد کو دور کرتا ہے۔ اس کے ہمراہ پینی ڈیپور کا دردن عضلاتی راہ سے انشراب بھی کیجئے۔

فتق میں درد

Pain in Hernia.

ہوالشافی

ایسپرین	۵ گرین
فینو باربٹون	½ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پُڑیہ بنایئے۔ اور درد کو دُور کرنے کے لئے سوتے وقت دیجئے۔ اور فتق کا جراحی آپریشن کرایئے۔

فشل قلب میں درد

Pain in Heart Failure.

ہوالشافی

مارفین ہائیڈرو کلورائیڈ	¼ گرین

دردن عضلاتی راہ سے انشراب کیجئے۔ یا پیتھی ڈین کی ایک ٹکیہ براہ دہن دیجئے۔

یہ تو ایک عارضی علاج ہے۔ جو ایک ماہر طبیب بھی انجام دے سکتا ہے۔ پہلے سبب کو معلوم کیجئے خلل انضمام قلب۔ فشار دم اعلیٰ شریانی صلابت اور ذبحہ صدریہ وغیرہ۔

اس نازک حالت کا علاج ہسپتال میں کرایئے۔

قرحہ امعاء میں درد

Pain in Gastric Ulcer.

ہوالشافی

انٹرے نل	۱ ٹکیہ
بسمتھ کارب	۵ گرین
ایلیوڈرکس	½ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ دافع درد امعاء ہے اور قرحہ کے سبب درد کو فوراً رفع کرتا ہے۔ پاپین انگزائم بھی براہ دہن دی جاسکتی ہے۔

قصبہ مری کے مرض میں درد

Pain in Oesophageal Disease.

دیکھئے کہ جراحی عمل کی کتاب اور التہاب مری و تقرح مری اور شدید عسر بلع اور درد حلق وغیرہ سرایت دُور کرنے کے لئے ٹائرو تھریسن لوزنجز چوسانی چاہیئے۔

کہبت جگر میں درد

Pain in Cirhosis of Liver.

ہُوالشافی

نیوبین (دوانتھ)	۱ ٹکیہ
اسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ جگر کے امراض مثلاً جگر کا سکڑنا۔ جگر کی چربی کا پگھلنا اور درد جگر کے لئے ایک بہترین مرکب ہے۔ جو درد جگر کو بھی رفع کرتا ہے۔ اور مقوی جگر ہے اس کے ہمراہ سیرپ میتھیونین دو کو لیبن ایک چائے کا چمچ بھر پانی کے ہمراہ روزانہ ۳ بار دینا چاہئیے اور جگر کے دوران خون کو درست کرنے کے لئے لیور اکسٹرکٹ وٹامن بان ساختہ امی مرک ۱ کا ۲ سی سی کی مقدار میں انجکشن لگانا چاہئیے۔

گٹھیائی بخار میں درد

Pain in Rheumatic Fever.

ہوالشافی

اسپرین	۲۲ ر گرام
سوڈیم سائٹریٹ	۴۹ ر گرام
وٹامن سی	۲۰۰ ملیگرام

ان سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور روزانہ ۲ بار بعد از طعام دیجئے۔ یہ ایک دافع درد مفاصل مرکب ہے۔ اور سخت حاد اور مزمن التہاب مفاصل و گٹھیا میں دیا جا سکتا ہے اور شدید گٹھیا میں زیادہ مقدار میں زیادہ دنوں تک دیا جا سکتا ہے۔ اسپرین کے ہمراہ سوڈا سیلی سلاس بھی ملایا جا سکتا ہے۔

[۲] ہُوالشافی

کوڈوپائرین	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ اور چائے کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک مسکن الم۔ دافع بخار۔ دافع گٹھیا مرکب ہے۔ جو درد کو فوری طور پر سکون دیتا ہے۔ اس کے علاوہ اسپرین وٹامن سی اور ہائیڈروکورٹی سون مرکب بھی دیا جا سکتا ہے

گٹھیائی مرض قلب میں درد

Pain in Rheumatic Heart Disease.

ہُوالشافی

سلفامیزاتھین	۱ ٹکیہ
پینی سلین (وی)	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

سب کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار بعد از طعام دیجئے۔

یہ ایک دافع سرایت مرکب ہے جو گٹھیا کے سبب مرض قلب میں درد کو سکون دیتا ہے۔ اور بہت ہی موثر ہے۔

گیس گنگرین میں درد

Pain in Gasgangıene

ہوالشافی

سلفاڈایازین	۱ ٹکیہ
اسپرین	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔ اور وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام بھی روزانہ کئی دن تک کھلائیے۔ یہ معالجہ زخم کے سبب گلاؤ وسرایت کو دور کرتا ہے۔ اور درد کو رفع کرتا ہے۔

گردہ میں درد

Pain in Kidney.

ہوالشافی

یوپے کو (ای مرک)	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ دافع درد گردہ ہے۔ اور اسکے ہمراہ مارفین انجکشن بھی لگائیے یا پیتھی ڈین کا اشراب کیجئے۔

گردن میں درد

Pain in Neck.

ہوالشافی۔

ڈولسیرم (اسکوئب)	۱ ٹکیہ
اسپرین	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے یہ دوا مرخی عضلات ہے۔ اور دافع درد ہے۔ اس لئے گردن کا درد و کمر کا درد رفع کرتا ہے۔ اسپرین وٹامن سی مرکب بھی مفید ہے۔ تشویش کے سبب درد میں ملتان اسپرین مرکب مفید ہے۔

Barlitone
Codopyrine T.D.S

لقوہ میں درد

Pain in Bell's Paisy.

ہوالشافی

اسپرین	۵ گرین
وٹامن بی ۱	۵۰ ملیگرام

Berin 100 mg 1cc
Cyglamen 1000 mg 1cc daily for 1 days.
Inj. B complex

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے یہ ایک مسکن درد عصب اور دافع شلل (فالج) مرکب ہے۔ جو مقامی التہاب عصب کو بھی سکون دیتا ہے اور درد میں عضلاتی راہ سے وٹامن بی ۱ کا اشراب بھی کرنا چاہیئے۔ اور حرارت لگانا۔ اور مقوی اعصاب ادویات استعمال کرنا بھی مفید ہے۔

لیوکیمیا میں درد

Pain in Leukemia.

ہوالشافی

ہائیڈروکورٹی سون رو	۵ ملی گرام
اسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

ان سب کو ملاکر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں ایکبار دیجئے۔ یہ لیو کمپا (سفید ی خلایا) میں درد کو سکون دیتا ہے۔ اور مُسکن الم۔ دافع لیو کمپا بھی ہے۔

ماساریقی نزف میں درد

Pain in Mesenteric Hemorrhage.

ھُوالشافی

اسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام
وٹامن کے (ہنگاوٹ)	½ ٹکیہ

سب کو ملاکر ایک پڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ پیٹ کی جھلیوں کی رگوں کے پھٹنے سے درد کو سکون دیتی ہے اور تپ دق۔ التہاب باریطون میں ماساریقی نزف میں درد کو سکون دیتی ہے۔

(مزید دیکھئے نزف اور دق)

مرہ صفرا کی پتھری میں درد

Pain in Cholalethiasis.

ھُوالشافی

ڈی کولین	۱ ٹکیہ
فینو باربیٹون	½ گرین

دونوں کو پانی کے ہمراہ دیجئے۔ اور مارفین کا انجکشن بھی لگائیے۔ اور فقرالدم و قبض کا بھی علاج کیجئے۔ اور پتھری کا جراحی علاج کیجئے۔ پیتھی ڈین کی ایک ٹکیہ براہ دہن درد کو رفع کرنے کے لئے دی جاسکتی ہے۔

معدہ کے سرطان میں درد

Pain in Gastric Caneer.

ھُوالشافی

بار ڈیز	۱ ٹکیہ
بی جی فاس	اچار کا چمچہ بھر

پہلے ایک گولی بار ڈیز دیجئے۔ پھر بی جی فاس پانی کے ہمراہ پلایئے۔ یہ مقوی اور مسکن الم معالجہ ہے جو درد معدہ اور سرطان معدہ کے درد کو دور کرتا ہے سرطان معدہ کا علاج کوئی نہیں ہے۔

معدہ میں درد

Pain in Stomach.

دیکھئے التہاب معدہ اور درد معدہ کے لئے متعدد اسباب مثلاً سوء ہضم، ہیضی قرحہ اور آنتوں کی دق اور التہاب باریطون وغیرہ۔

نقرس میں درد

Pain in Gout.

ھُوالشافی

سوڈا اسیلی سلاس	۱۰ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی
کے ہمراہ دیجئے۔ یہ مسکن الم مرکب ہے۔ جو
درد اور بخار کو کم کرتا ہے اور ایک بہترین مرکب ہے۔

(۲) ہُوالشافی

ارگاپائرین ۱ ٹکیہ
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔
یہ شدید نقرس کے لئے ایک بیش قیمت دوا ہے جو
یوری کوسواک ہونے کے علاوہ مقامی مسکن الم بھی
ہے۔ یہ ۹۸ فیصدی مریضوں میں مفید ہے۔

(۳) ہُوالشافی

ایسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام
ڈاکورٹن ۲ ملیگرام
میپروبامیٹ ۲۰۰ ملیگرام

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے
ہمراہ روزانہ دو بار دیجئے۔ یہ مسکن الم ہوا فع نقرس
ہارمون مرکب ہے جو شدید نقرس میں بہت موثر
ہے۔ یہ ذہنی و جسمانی بے چینی کو بھی دور کرتا ہے
اور گٹھیا کے حملہ سے بھی بچاؤ کرتی ہے یہ مسلسل
استعمال کرنے سے شاندار نتائج حاصل
ہوتے ہیں۔

نمونیا میں درد
Pain in Pneumonia.

ہُوالشافی

فینو سیسن ۱ ٹکیہ
کوڈو پائرین ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیہ بنائیے۔ اور
چائے کے ہمراہ دیجئے۔ اور ساتھ ہی سینہ پر کے
اوبلین پولٹس کا پلاسٹر لگائیے۔ یہ پلورا کے
درد کو فوراً دور کرتا ہے۔ اور اعلیٰ بخار بے چینی
بیخوابی کو بھی کم کرتا ہے۔ اور بہت موثر ہے
نمونیا کا موثر علاج اکرومائی سین کیپ شول ہے

ہضمی قرحہ میں درد
Pain in Peptic Ulcer.

ہوالشافی

ایلیوڈروکس ۱ ٹکیہ
فینوباربٹون ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔
یہ ایک مسکن امعاء ہے۔ اور معدی زخم معدہ
کے درد کو سکون دیتی ہے۔
کمزوری، قے، تشویش، اور غذائی خامی
کا علاج بھی کیجئے۔ (دیکھئے ہضمی قرحہ
کا علاج)

آلام کی دوسری فہرست

درد	طریقہ علاج و مخصوص دوا
وضع حمل میں درد۔ دردِ زہ	بیرن ۵۰ ملیگرام براہِ دہن دیجئے۔
نظام عصبی میں ضرر کے سبب درد	ایسپرین ملٹان مرکب
احساس درد	ایسپرین وٹامن سی مرکب
غلط تصور کے سبب درد	ملٹان ٹکیہ براہِ دہن
نفسیاتی یا روحانی کمزوری کے سبب درد	ملٹان اور ڈیوریول مرکب
ایام حیض کے دوران درد	کوڈو پائرین
درد نفس	ملٹان ایسپرین مرکب
گھیٹن کا درد جو نفاس کے وقت ہوتا ہے	کوڈو پائرین وٹامن سی مرکب
کھانا کھانے کے بعد درد شکم	سوڈامنٹ ٹکیہ براہِ دہن
نیند کے ابتدائی درجہ میں درد	ایسپرین فینو باربٹون مرکب
تبدیلی مقام کا درد، دماغی درد	ایسپرین وٹامن سی مرکب

باب (۲)

سلفونمائڈس سے علاج

Sulphonamide Therapy.

فہرست عنوانات

۲۱ - ذات الریہ مع زکام وبائی
۲۲ - ران کا اریکی مسلعٔہ
۲۳ - زکام عام
۲۴ - زکام وبائی سرایت
۲۵ - ثر خبادہ
۲۶ - سرسام
۲۷ - سوزاکی سرسام
۲۸ - طاعون

(۲۹) عضیادی زجیر
(۳۰) کلیب سیبلا سرایت
(۳۱) گردہ کی سرایت
(۳۲) گوبلی التہاب گردہ
(۳۳) گٹھیائی التہاب مفصل
(۳۴) سدحہ را پار
۵- فہرست ۱۰ سلفا ادویات سے متاثرہ حالات مرض)

سلفانمائڈس سے علاج
Sulphonamide Therapy.

۱۹۳۲ء میں ایک جرمن ڈاکٹر جرہارڈ ڈوماگ نے معلوم کیا کہ ایک رنگ آزو ڈائی جس کو پرونٹوسل کہا جاتا ہے۔ چوہے کی سرایت دور کرنے میں بہت موثر ہے۔ اس نے اس پر خوب تجربہ کیا اور بہت سے قابل حل رنگوں پر تحقیقات کی اور اس طرح اس نے نیو پرونٹوسل مادہ طب میں داخل کیا۔

ابتدائی تجربات سے معلوم ہوا کہ پرونٹوسل عفونت الدم خون پاش سرایت میں ہی مفید ہے۔ اس کے بعد یہ دوا لندن میں ملکہ چارلوٹ کے ہسپتال میں ایک طبیب نے استعمال کی اور پھر ڈاکٹر پیرن لونگ اس کا استعمال مشاہدہ کرنے کے لئے لندن گیا۔ اور وہاں سے یہ رنگ مریکہ لایا گیا۔ بعد ازاں معلوم ہوا کہ یہ رنگ نہیں تھا۔ بلکہ یہ ایک ایسا مادہ تھا جو جسم میں تحلیل ہو جاتا ہے اور بہت مفید قاتل جراثیم ثابت ہوتا ہے۔ اس کو سلفانلامائڈ کہا جانے لگا۔ پھر ڈاکٹر ای کے مارشل نے اس پر تحقیقات کی۔ اور بڑی تحقیق کے بعد ۵ ہزار سلفا ادویات و مرکبات معلوم کئے گئے۔ اور ان میں سے بعض واقع سرایت ظاہر ہوئے۔ جن کا بیان ذیل میں درج ہے۔

سلفانمائیڈ معالجہ کے اشارات

۱۔ گان ٹری سین (وش) ۔ یہ اعضاء بول کی جراثیمی سرایتوں میں ایک کثیر الاستعمال دوا ہے۔ اور نہایت قابل حل دوا ہے اور سوزاک میں بہت ہی مفید ہے اور ایک بہترین دافع عفونت بول سلفا دوا ہے۔ بر اوردہن ایک ٹکیہ صبح۔ دوپہر شام دی جاتی ہے۔ اور بہت مفید سلفا موکسا زول ہے۔

۲۔ الکو سین (سیبا) ۔ یہ بھی تناسل و اعضاء بول کی سرایتوں کے لئے ایک بہت موثر دوا ہے۔ اور آنتوں میں قابل جذب ہے۔ اس لئے یہ سوزاک عفونت بول و اعضاء بول کی سرایتوں میں عام استعمال کی جاتی ہے۔

۳۔ سلفاڈایازین۔ یہ دوا ۱۹۴۰ء میں تخلیق کی گئی اور یہ اعضاء ہضم میں کمی کے ساتھ قابل (لیڈرلے) جذب ہے۔ دماغ کے نخاعی سیال میں پائی جا سکتی ہے اس لئے براہِ دہن سرسام میں موثر ہے۔

۴۔ سلفامیرازین۔ یہ دافع جراثیم صفات رکھتی ہے اور اعضاء ہضم میں قابل جذب ہے۔ اس لئے (آئی۔سی۔آئی)۔ سلفاڈایازین کے ہمراہ پیچش اور التہاب امعاء اور بچوں کے اسہال میں دی جاتی ہے۔ براہ دہن روزانہ دو بار یا تین بار دی جا سکتی ہے۔

آنکھوں کی سرایت۔ ایریزا آشوب چشم اور متعدی حمیات مثلاً خسرہ۔ چیچک، اور جلدی تکالیف مثلاً پھنسی نکلنا۔ گندے زخم میں ایک مفید کثیر الاستعمال ہے۔ اور کم سے کم زہریلی ہے۔ بہ شکل ٹکیہ عام استعمال کی جاتی ہے۔

۵۔ سلفاسکسی ڈین۔ یہ بھی ایک دافع جراثیم امعاء دوا ہے۔ جو بڑی آنت (قولون) کے زخم والے (شارپ ڈوہم) التہاب کو دور کرتی ہے اور عضیاوی زحیر آپریشن کے بعد آنتوں کے زخم کو مندمل کرتی ہے اور نہایت کثیر الاستعمال دوا ہے۔ بہ شکل ٹکیہ استعمال کی جاتی ہے۔

۶۔ سلفابیٹامائیڈ۔ یہ بھی ایک قابل حل سلفا دوا ہے۔ جو اعضاء بول کی سرایت میں مفید ہے لیکن زیادہ تر اس کا ۳۰ فیصدی کا محلول آشوب چشم میں آنکھ میں ٹپکایا جاتا ہے اور یہ ایک غیر خراش آور سوڈیم سالٹ ہے۔ اور دیگر سلفا ادویات کے ہمراہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

۷۔ سلفامیرازین۔ یہ ایک قابل حل سلفا دوا ہے لیکن اب اس کی جگہ سلفاڈایازین نے لے لی ہے۔ دیگر سلفا ادویات کے ہمراہ بہت استعمال کیا جاتا ہے۔

۸۔ سلفاتھیازول۔ یہ ۱۹۴۱ء سے ۱۹۴۶ء تک خوب استعمال کیا گیا۔ لیکن اب صرف جلدی امراض (سیبازول) میں ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ امریکہ کی کتاب "دوا اور مرکب" نے نکال دیا گیا ہے۔ تاہم اب بھی طبی پریکٹس میں عام استعمال کیا جاتا ہے۔

۹۔ سلفاسلیتھی زول۔ یہ نہایت قابل حل سلفا دوا ہے۔ اور اس لئے اعضاء بول کی سرایتوں میں (انقبوسل قل) مفید ہے۔ یہ التہاب حوض گردہ۔ التہاب مجری بول۔ التہاب مثانہ اور التہاب غدہ قدامیہ بہ سبب جراثیم متاثرہ بہ سلفا ادویات میں استعمال کی جاتی ہے۔ براہ دہن ۲۵۰ تا ۵۰۰ ملی گرام دن میں ۵ بار دی جا سکتی ہے۔

۱۰- سلفاگوے نڈین - یہ قولون میں برقرار رہ جاتی ہے۔ اس لئے اس کو جراحت قولون کے بعد اور پہلے براہ دہن استعمال کرتے ہیں۔ یہ آنتوں پر قاتل جراثیم اثر کرتا ہے اور بہت کم استعمال کیا جاتا ہے۔

۱۱- پتھالائل سلفاسیٹامائڈ (ٹالسوٹین) } یہ دوا دیوار امعاء میں منتشر ہو جاتی ہے اس لئے آنتوں کی سرایتوں میں مفید ہے مثلاً معمولی ابتدائی عسیاوی پیچش اور گرد و زحیر اور تقرحی التہاب قولون میں یہ ۵۰۰ ملی گرام ٹکیہ کی شکل میں استعمال کی جاتی ہے۔

۱۲- سلفاتھالیڈین (تھالازول ایم بی) } یہ تھالائل سلفاتھیازول ہے۔ جو آنتوں کی جراحت کے مریضوں میں استعمال کی جاتی ہے۔ اور تقرحی التہاب قولون (بڑی آنت کے زخم) میں بھی مفید ہے۔ اور بعض اوقات امیبیاویت دتپ محرقہ کے بعد اسہال میں بھی استعمال کی جاتی ہے۔ براہ دہن بشکل ٹکیہ دی جاتی ہے۔

۱۳- سلفامیتھوکسی پائری ڈازین- (لیڈرکاٹن کائنیکس) } یہ ایک جدید سلفا دوا ہے۔ بیکن نہایت گراں قیمت ہے۔ یہ قارورہ میں نہایت قابل حل ہے اس لئے اعضاء بول کی سرایتوں میں استعمال کی جاتی ہے۔ ایک ٹکیہ براہ دہن دی جاتی ہے زیادہ مقدار میں دینے سے دردسر پیدا ہو جاتا ہے۔ عام دستیاب ہوتی ہے۔ PenBritin Capsule Capsules

Pen Britin capsules

Septran tabs "

کم موثر اور متروک سلفا ادویات

۱- سلفانلامائیڈ- ۱۹۳۶ء

۲- سلفاپائری ڈین- (ایم بی ۶۹۳) ایجاد ۱۹۳۹ء۔

یہ اب صرف بعض جلدی امراض میں مفید ہے۔

۳- سلفا ایتھل ڈیازول-

براہ دہن استعمال کی جانے والی سلفا دوا امریکہ میں استعمال کی جاتی ہے۔

۴- ازلفی ڈین- ایک گرام ہر چھ گھنٹے التہاب قولون تقرحی میں مفید ہے۔ امریکہ میں استعمال کی جاتی ہے۔

۵- سلفامائی لون- (مارفانل)

یہ گنگرین کیلئے بطور مقامی استعمال کی جاتی ہے۔ اور امریکہ میں ہی دستیاب ہوتی ہے۔

مقامی استعمال کیلئے سلفا ادویات

۱- سیبازول کریم۔ (سیبا)

یہ جلد کی سرائتوں۔ زخموں اور رخسار خاطی کے زخم کے علاج میں کسی قدر مفید ہے۔ جلنا اور سطحی جلد کی سرایتوں کے علاج میں بھی تجویز کی جاتی ہے۔ کسی کپڑے پر لگا کر مقام ماؤف پر لگا دیا جائے۔

۲- مار فانل لوشن

یہ خارجی التہاب اذن اور مزمن التہاب وسطی اذن (درمیانہ کان کا ورم) میں ایک فیصدی کا سولوشن روزانہ کان میں ٹپکایا جاتا ہے۔ یہ قاتل جراثیم دوا ہے۔

۳- سلفاسیٹامائیڈ سوڈیم

۳۰ فیصدی کا محلول اور ۱۰ فیصدی کا مرہم

یہ قاتل جراثیم ہے۔ اور ریش کے خون اور مواد کی موجودگی میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اور زہریلے اثرات سے مبرا ہے۔ کان۔ آنکھ کی۔ سرایتوں میں عام استعمال کیا جاتا ہے۔

۴- گانٹری سین۔ (روش)

اس کا چار فیصدی کا محلول شدید اور مزمن التہاب ملتحمہ چشم (آشوب چشم) میں استعمال کیا جاتا ہے۔

سہ سلفا مرکب

Trisulfa Combination.

سلفامیرازین	ہوالشافی	۱، گرام
سلفاڈیازین		۲، گرام
سلفابیٹامائیڈ		۲، گرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ ہر چھٹے گھنٹے ایسی ایک پڑیہ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک مرکب سلفا نما نسخہ ہے۔ جو ذات الریہ (نمونیا) کے جراثیم سے پیدا شدہ سرایت، دماغی پردوں کے جراثیم کی سرایت اور خون پاش جراثیم کی سرایت/اعضاء بول کی عفونت کو ختم کرتا ہے۔ اور جہاں سلفا ادویات تجویز کی جاتی ہیں۔ ان ہی حالات میں یہ استعمال کیا جا سکتا ہے اور بقول ڈاکٹر بڑا ایک اطمینان بخش مرکب ہے۔ بچوں کو حسب عمر و وزن دیا جا سکتا ہے۔

1. Madribon tab.
2. Bayercanatab.

دافع سرایت مرکب

Anti Infective Co.

فینوسیین	۱ لاکھ یونٹ
سلفا میزاتھین	۱ ٹکیہ
سلفاڈایازین	۱ ٹکیہ
وٹامن بی ۱	۵ ملیگرام
نکوٹینامائیڈ	۱۰ ملیگرام

ان سب کو ملا کر ۲ پوڑیہ بنائیے اور ہر چوتھے گھنٹے

مریض کی عمر کے مطابق دیجئے یہ دافع سرایت اور وٹامن مرکب ہے۔ جو سلفا ادویات اور پنسلین کے تمام اشارات علاج رکھتا ہے، بچوں میں اسہال کو روکتا ہے۔ اور متعدی امراض شلاً ذات الریہ سرسام۔ اور سرایت کو دفع کرتا ہے۔ اور جلد کی سرائتوں میں بھی موثر ہے۔

مسکن درد اعضاء بول

Urogenital Analgesic.

ہو الشافی

پائری ڈیم	۱ ٹکیہ
گان ٹری سین	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔

سلفا نمائڈ مرکب ہے جو اعضاء بول کی سرائتوں کے علاج کے لئے ایک بہترین مرکب ہے۔ یہ بول کی عفونتوں میں درد کو سکون دیتا ہے اور ان حالات میں موجود ہونے والی عام بے چینی کو روکتا ہے۔

یہ مرکب درد مثانہ، پیشاب کرتے وقت تکلیف ہونا۔ سوزاک میں درد قضیب ہونا۔ اور عفونت اعضاء بول یعنی احلیل کے التہاب کے درد کو رفع کرتا ہے اور بہت ہی موثر ہے۔

De Witts Tab.

سلفا ادویات کیلئے سرسری اشارات

اگرچہ سلفا ادویات نہایت ارزاں ہیں۔ لیکن انٹی بائیوٹک ادویات کی تاثیر نے ان کو پچھاڑ دیا ہے۔ اور اب ان کا استعمال بطور شفابخش مندرجہ ذیل امراض میں ہوتا ہے۔

امیبیاویت

Amebiasis.

ہوالشافی

سلفا گوانیڈین ۱ ٹکیہ

انٹرو ویوفارم ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور یہ پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجیے یہ ایک دافع جراثیم امیبیاویت اور دافع التہاب امعا مرکب ہے۔ جو اسہال پیچش (آؤں خون) اور زحیر امیبیاوی کے لئے مفید ہے۔

Reostop capsules
Intestopan capsules

التہاب باریطون

Peritonitis.

ہوالشافی

اسٹرپٹومائی سین وگلیکس ۱ ٹکیہ

سلفا ٹمریاڈ ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ ہر چوتھے گھنٹے دیجیے۔ اور ساتھ اسٹرپٹومائی سین ایک گرام کا ورید یا عضلاتی راہ سے انجکشن بھی لگائیے۔ یہ ایک دافع التہاب باریطون پردہ صفاق کا ورم مرکب ہے۔ جو براہ دہن کئی روز تک استعمال کیا جا سکتا ہے اس سے ورم، بخار اور سرایت میں یکایک کمی آجاتی ہے۔ اور مریض آرام محسوس کرنے لگتا ہے۔ پیٹ کا اندرونی ورم کم ہونے لگتا ہے۔ متلی اور قے کو روکنے کیلئے لارگیکٹل براہ دہن دی جا سکتی ہے۔

التہاب جوف انف

Sinusitis.

ہوالشافی

پنڈ سلفا (اسکوئپ) ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۵۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجیے۔ یہ ناک کے اندر کی سرایت وعفونت کو بھی ختم کر دیتا ہے اور فوری سکون مل جاتا ہے درد اور بے خوابی کیلئے کوڈوپائرین ½ ٹکیہ براہ دہن دی جا سکتی ہے مشترکہ معالجہ بہت ہی مفید ثابت ہوتا ہے۔

التہاب حلقوم
Laryngitis.

ہُوالشافی

سلفامیرازئین ۱ ٹکیہ

وٹامن سی (سیبلین) ۱ ٹکیہ (۵ گرین)

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور چار دن پانی کے ہمراہ دن میں چار بار دیجئے۔

یہ دافع سرایت، دافع درد مرکب ہے۔ جو خراش حلق اور سوزش حلق کو سکون دیتا ہے بخار اور کسل مندی کو بھی دور کر دیتا ہے۔ اگر اس سے آرام نہ ہو تو ٹائرہ زرسٹو ٹرنچ یا پینی سلین لوزنج چوسانی چاہئیے

Archidyclin capsules 1 cap 5
Ledermycin capsules 250 mg

التہاب شعبہ
Bronchitis.

ہُوالشافی

الکوسین (سیبیا) ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ بچہ کو نصف مقدار میں دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت، سلفاجیانین سی مرکب ہے۔ جو شعبہ صدر کی سرایت (کھانسی۔ بخار، بلغم کی زیادتی) کے لئے ایک موثر دوا ہے۔ بڑ بچوں میں التہاب شعبہ بر سبب جراثیم کے خلاف موثر ہے اور ذات الریہ (ڈبہ الطفال) اور مزمن شعال کے لئے بھی مفید ہے۔ اگر التہاب شعبہ صدر حساسیتی ردعمل کے سبب ہو تو سیرپ فنےڈل یا سیرپ پیری ٹن براہ دہن چٹائیے اور اگر بخار بھی ہو تو مذکورہ بالا مرکب میں اسپرین بھی ملائیے۔

التہاب باربطون
Peritonitis.

ہُوالشافی

سلفاڈایازین ۱ ٹکیہ

سلفامیرازئین ۱ ٹکیہ

اسٹرپٹو مائی سین سلفیٹ ۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ایک سلفا اینٹی بائیوٹک مرکب ہے۔ جو نوزائیدہ بچہ کی عفونت خون، سرایت امعاء اور زخموں کی غلط فراہمی کے سبب التہاب باربطون (پردہ صفاق کے ورم) کے لئے ایک موثر دوا ہے اس کے علاوہ آئیو ٹائی سین سلفا یانیڈ سلفا بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

زیادہ شدید حالتوں میں اسٹرپٹو مائی سین کا انجکشن لگائیے۔ اور سریع معالجہ

Vigorous Therapy.

بروئے کار لائیے۔

التہاب لوزتین

Tonsilitis.

ھُوالشافی

پنٹرڈ سلفا　　ا ٹکیہ
وٹامن سی　　۱۰۰ ملیگرام

ان سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت حلق مرکب ہے جو جراثیم کے سبب لوزتین (بادام حلق) کے رساؤ اور سرایت میں موثر ہے۔ یہ بخار، کسل مندی، نگلنے میں دقت کو رفع کرتا ہے۔ اور بڑھے ہوئے متورم لوزتین کو سکون دیتا ہے۔ سفیدی کے رساؤ کو روکتا ہے۔ مزید براں نائٹروزنٹس لوزنجز بھی براہ دہن چوسانی چاہئے۔ اس سے حلق کے لمف دار غدود کا ورم بھی جاتا رہتا ہے۔ شدید حالات میں اوریو مائی سین کیپ شول براہ دہن دیا جاسکتا ہے۔ اور مزمن کھانسی کے لئے سیرپ فنے ڈل مفید ہے۔ یہ لگاتار التہاب انف میں ریزش کو بھی روکتا ہے۔

التہاب دروں قلب

Endocarditis.

ھوالشافی

کلورم فینی کول　　ا کیپ شول
الگوسین　　ا ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ نئی بائیوٹک سلفا مرکب ہے جو خون پاش جراثیم کے سبب دل کے غلاف کے ورم کو ختم کرتا ہے۔ اور اعضائے تنفس جلد اور دانتوں کی سرایت کو بھی دور کر دیتا ہے۔ اور معمولی بخار، عدم اشتہا، بھوک نہ لگنا، گراوٹ کو بھی کم کر دیتا ہے۔

۲　ھُوالشافی

سوڈا سیلی سلاس　　۵ گرین
سلفا میرازین　　ا ٹکیہ
وٹامن سی　　۱۰۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں تین بار دیجئے۔ یہ گٹھیا کے سبب حمی قلب میں مفید ہے۔ اور بخار، کسل مندی، دل کے مرمر (ایک قسم کی آواز) کو کم کرتا ہے۔ اور فرش ناخنوں کے نیچے دھبوں کو بھی ختم کر دیتا ہے۔ تلی کا بڑھاؤ بھی جاتا رہتا ہے۔

اسٹریپٹو کوکل سرایت

Streptococcal Infection.

ھُوالشافی

پینی سیلین وی کے (فینوسیپن)　　ا ٹکیہ
سلفاڈایازین　　ا ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت مرکب ہے۔ جو ناک کی ریزش اخراج کو روکتا ہے۔ کان کے درمیانہ ورم کو تحلیل کرتا ہے اور خراش حلق، التہاب لوزتین کو کم کرتا ہے۔ گٹھیائی بخار اور التہاب گردہ میں سرایت

کو ختم کرتا ہے۔ التہاب حلق، التہاب جلد، التہاب رکاز شعر (بالوں کی عفونت جلد) اور سرخ بخار کی سرایت کو رفع کرتا ہے۔ اور جلد کی سرایتوں مثلاً بریم زا جلدی امراض، (قلاع متعدی) دنبل، پھوڑے پھنسی، اکزیما کی ثانوی سرایت، التہاب غدد، عفونت الدم، ریزا التہاب مفصل اور التہاب جبیل کو بھی سکیڑ دیتا ہے اور اسٹرپٹو کو کل امراض کیلئے مفید ہے۔

بروسیلوسس (تپ موجی)

Brucellosis. ★

ہُوالشافی

اسٹرپٹوٹریاڈ Streptotriad	اٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ایک دافع سرایت مرکب ہے جو سلفا اور اسٹرپٹومائی سین سے بنا ہوا ہے۔ یہ بخار، کسل مندی، درد مفصل، کلائی ڈھال اور وہ باؤ کو دور کرتا ہے اور شام کا بخار بھی جاتا رہتا ہے۔ شدید درجہ میں بستر پر آرام ضروری ہے۔ دودھ صاف کرکے دینا چاہئے۔

1. Streptomycin Injection
2. cytamen 100 mg
3. 1.21.11 4. Multivitamin

تقیحی التہاب قولون

Ulcerative Colitis.

★

ہُوالشافی

تھالازول	اٹکیہ
اسٹرپٹومائی سین	اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت مرکب ہے جو اسہال، فقدان خون، اور تسمم الدم (خون کا زہریلا پن) کے لئے مفید ہے۔ بخار کو روکتا ہے اور آنتوں کی چھلی ہوئی جھلی کو مندمل کرتا ہے۔

جمرہ

Anthrax.

ہُوالشافی

پینی سلین وی	اٹکیہ
سلفاڈایازین	اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک دافع سرایت ہے۔ جو جلد کے جمرہ میں جلد کے ضرر کو دور کرتا ہے۔ اس کے ہمراہ نیو آرسا فینامین ۰ء۳ گرام روزانہ چار دن تک وریدی عضلاتی راہ سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بدریہ کے جمرہ کیلئے بھی مفید ہے یہ اُون چھنٹے والوں کا ایک مرض ہے۔

جذام کی سرایت

Leprotic Infection.

ھُوالشافی

سلفیٹرون	۱۰۰ ملیگرام
وٹامن بی ۱۲	ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت جذام مرکب ہے۔ جو جلد۔ ناک کے کوڑھ کو دُور کرتا ہے۔ اور سلفا ڈایازین بھی اسٹرپٹومائی سین کے ہمراہ دیا جا سکتا ہے اس سے کوڑھ کے زخمات جلد مندمل ہو جاتے ہیں۔ مڈی ڈی مالیس براہِ دہن دی جا سکتی ہے اور ہرہ میں بھی ایک مفید دوا ہے۔

جلدی سرائتیں

Skin Infections

ھُو الشافی

سلفاڈایازین	ٹکیہ
سوڈا بائی کارب	۷½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع عفونت جلدی مرکب ہے۔ جو جلد کی سرائتوں مثلاً پھوڑے پھنسی۔ ہرپرا جلدی امراض۔ متعدی التہاب جلد۔ گھاؤ۔ گندے زخم اور تمام عفونتوں کیلئے مفید ہے۔ پیپ کو ختم کرتا ہے اور جراثیم کے حملہ کو روکتا ہے اس کے ہمراہ پینی سلین انجکشن بھی لگایا جا سکتا ہے اور وٹامن سی لیطبیر و فاع بھی دی جا سکتی ہے۔

جوفی علقیت

Nasal Thrombosis.

ھُوالشافی

پنٹڈ سلفا	ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ناک کے اوپری حصّے کی عفونت، سرایت کو ختم کرتا ہے اور ناک کی ریزش۔ غدود کا ورم، مواد کا جاؤ، بلغم کا جاؤ، ناک کی سرایت سے غشاء مخاطی کا اذیما بھی حل کر دیتا ہے اور التہاب جوفِ انف کی سرایت میں بھی مفید ہے۔

جگر کا پھوڑا

Liver Abscess.

ھُوالشافی

پینی سلین وی	۱ ٹکیہ
اسٹرپٹو مائی سین	۱ ٹکیہ
سلفا میزا تھین	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت مرکب ہے۔ جو جگر کی سرائتوں مثلاً عفونت دم۔

یقینی آلدم اور نفخی التہاب مرارہ کے سبب شریان جگر اور خراج جگر میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ اسٹرپٹومیسین سلین کا انجکشن بھی لگائیے اور کوئی مقوی جگر حیاتین مرکب بھی دیجئے۔

چیچک
Small Pox.

ہوالشافی

سلفامیرازین	ایک ٹکیہ
ایسپرین	۲ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

سب کو ملا کر دو پڑیاں بنائیے اور ایک پڑیہ روزانہ سات دن تک پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت، دافع بخار مرکب ہے۔ جو چیچک کے ابتدائی درجہ میں بڑی روک تھام کرتا ہے اور دیگر عفونت جلد اور بخار سے بچاتا ہے۔ شدید حالات میں یہ زیادہ مفید نہیں ہوتا چیچک کا مکمل علاج کسی علاج کی مکمل کتاب میں دیکھئے، یہ مرکب چھوٹے بچوں میں بہت ہی موثر ہے۔ اور بہت سی پیچیدگیوں سے نجات دلاتا ہے۔

حمٰی قرمزیہ
Scarlet Fever.

ہوالشافی

پینی سلین وی	ایک ٹکیہ
سلفاڈایازین	ایک ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیے اور یہ ایک پڑیہ پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک مفید محافظ مرکب ہے جو حلق کی شدت سے بچاتا ہے۔ اور سلفاڈایازین کے علاوہ الکوسین یا گان ٹرمی بھی شامل کی جا سکتی ہے۔ یہ ایک دستور علاج ہے۔ جو سرخ بخار میں بروئے کار لایا جاتا ہے۔ پروکین پینی سلین تین لاکھ یونٹس کا روزانہ عضلاتی راہ سے انجکشن بھی لگایا جا سکتا ہے۔

اور بستر پر آرام، ہلکی غذا اور رال کالامین مکسچر دینا بھی ضروری ہے غرغرہ سے منہ صاف کرنا اور گرم پانی پر کے اولین پولٹس باندھنا اور کوڈوپائرین ایک ٹکیہ درد سر رفع کرنے کے لئے دینا بھی مفید ہے۔ معمولی سرخ بخار کے لئے ایک عمدہ علاج ہے۔

دمہ کی سرایت
Infection of Asthma.

ہوالشافی

الکوسین	ایک ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بارہ دیجئے۔ یہ سرد بلوں کے التہاب شعبہ کے ساتھ ہونے والے دمہ میں بہت ہی مفید مرکب ہے جو اعضائے تنفس کی شدید سرایت پر قابو پا لیتا ہے۔ اور قابل قدر خدمت انجام دیتا ہے یہ مرکب اینٹی بایوٹک معالج اور دافع سرایت

معالجہ اور ہائیڈرو کورٹی سون معالجہ کے ساتھ بھی بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

ذات الریہ اور زکام وبائی

Pneumonia.
Influenza Meningitis.

ٹیرامائی سین ہوالشافی ایک کیپ شول

سلفامیزازین ۱ ٹکیہ

پہلے ٹیرامائی سین کیپ شول دیجئے۔ پھر سلفا میرازین کی ٹکیہ براہِ دہن پانی کے ہمراہ دیجئے۔ مشترکہ طریقہ استعمال بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔

یہ دو ادویات زکام وبائی کے سر سام میں امپانک بحالی پیدا کرتی ہیں۔ اور ہیموفلس جراثیم کو ہلاک کر دیتی ہیں۔ سرایت اور بخار کا قلع قمع ہو جاتا ہے اور دماغی پردوں کی ماؤفیت ختم ہو جاتی ہے۔ اور پھر حیاتین معالجہ بروئے کار لانا چاہئے۔

ران کا اریکی سلعہ

Granuloma Inguinale.

ہوالشافی

اسٹرپٹو سٹر باڈ ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں ۲ بار دیجئے۔

یہ اعضاء تناسل، ران اور اس کے گرد کے زہر آلود مرض کو دور کرتا ہے۔ اور قرحہ مزمن کو ختم کرتا ہے۔ تناسل کی سرایت والے دانے بھی دور ہو جاتے ہیں اس کے علاوہ کلورم فینی کول بھی مفید ہے مناسب نصاب علاج سے قطعی آرام ہو جاتا ہے، ورنہ مریض کو پیچیدگی ہو کر خطرہ ہو جاتا ہے۔

زکام عام

Common Cold.

ہوالشافی

سلفامیزاتھیین ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

انکولان ½ ٹکیہ

ایسپرین ۵ گرین

ان سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور چار کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت دافع حساسیت مرکب ہے۔ جو زکام میں سرایت حساسیت، التہاب الانف عفونت انف کو ختم کرتا ہے اور زکام کے ابتدائی درجہ میں بہت موثر ہے۔

زکام وبائی سرایت

Influenza.

ہوالشافی

ایلوٹائی سین سلفا ہوالشافی ۱ ٹکیہ

ایک ٹکیہ صبح و شام پانی کے ہمراہ دی جائے یہ زکام کی سرایت کو دور کرنے کیلئے بہت موثر ہے

جو ایرائی تفرو مائی سیین اور سلفا ادویات کا مرکب ہے۔ اس کے علاوہ ٹیرامائی سین اور اگرومائی سین بھی موثر ہے۔ بخار اور کسل مندی کیلئے اسپرین وٹامن سی مرکب دیجئے۔

سُرخباده

Erysipelas.

ہُوالشافی

تیلنڈ سلفا	۱ ٹکیہ
اسپرین	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ خون میں ہر طرح بہنے اور رسنے۔ اور بخار کو فوراً روک دیتا ہے۔ اور زہریلے بافتوں کی شدید سرایت کو پھیلنے سے روک دیتا ہے یہ دانتوں کی سرایت، حزب و زمہ کی سرایت، لوزتین و ناک کی سرایت کے سبب سُرخباده میں موثر ہے مقامی طور پر فی بالسلفا مرہم لگانا چاہئے۔ اور پینی سلین کا انجکشن بھی لگایا جا سکتا ہے۔

سرسام

Meningitis.

ہُوالشافی

سلفامیزاتھین	۱ ٹکیہ
فینوسیین (اسکوئب)	۱ ٹکیہ
سلفاڈایازین	۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیے۔ پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک سلفا اور اینٹی بائیوٹک مرکب ہے جو دماغ کے پردوں کی سرایت یعنی سرسام کو کم کرتا ہے۔ اور دماغ کی جھلی سے جراثیم کا قلع قمع کرتا ہے اور ایک بڑا اینٹی بائیوٹک معالجہ ہے۔ جو عام استعمال کے لئے بہت ہی موزوں ہے۔ سرسام کی دیگر تدابیر علاج حسب قاعدہ بروئے کار لائیے۔ یعنی اسٹرپٹومائی سین کا انجکشن اور وٹامن معالجہ بھی بروئے کار لائیے۔

سُوزاکی سرسام

Gonococcal Meningitis.

ہُوالشافی

سلفا تھریاڈ	۱ ٹکیہ
سوڈا بائی کارب	۷½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ سوزاکی جراثیم کے سبب التہاب سحایا اور عفونت الدم میں بہت موثر ہے۔ پینی سلین کا درون عضلاتی راہ سے انشراب بھی بہت موثر ہے۔ مزید دیکھئے سرسام کی اقسام۔ دقی سرسام زکامی وبائی سرسام، خناقی ریوی سرسام اور عفونتی سرسام۔

DIAMINE Penicillin
12000,00 Dumex

DIAMINE

سوزاکی آشوب چشم

Gonorrheal Ophthalmia.

ہُوالشافی

البوسڈ آئی ڈراپس

روزانہ آنکھ میں دو بار ٹپکائیے اور براہ دہن سلفاڈایازین ایک ٹکیہ دیجیے۔

+ طاعون وحمّی موجی

Plague and Brucellosis.

ہُوالشافی

اسٹرپٹومائی سین (گلیکسو) ٹکیہ

سلفاڈایازین ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور دن میں تین بار پانی کے ہمراہ دیجیے۔ یہ ایک اینٹی بایوٹک سلفا مرکب ہے جو طاعون اور تپ موجی کے جراثیم ہلاک کرتا ہے اور اسٹرپٹومائی سین (ایبسٹرین) کے انجکشن کے ہمراہ استعمال کیا جا سکتا ہے یہ براہ دہن روزانہ تین بار دیا جا سکتا ہے۔ درد کو دور کرنے کے لئے کوڈوپائرین دی جا سکتی ہے۔

عصیاوی زحیر +

Bacillary Dysentery.

ہُوالشافی

۱ تھالازول ٹکیہ

۱ انٹروویو فارم ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجیے۔ یہ عصیاوی زحیر کی چاروں اقسام مثلاً خفیف زحیر متوسط شدید زحیر اور معمولی زحیر اور پرانی زحیر کے لئے ایک مفید مرکب ہے یہ خون والی دستوں کے ساتھ اسہال اور درد مروڑ شکم اور شدید اسہال و تسمم آکم کے لئے بہت موثر ہے۔ یہ بخار، دست، اور درد شکم کو فوراً کم کر دیتا ہے اور مروڑ دار دستوں کو روک دیتا ہے۔ یہ وبائی مرض میں مفید ہے۔ جٹپاکے وقوع کو کم کرنے کے لئے کورٹیسون استعمال کیجیے۔ مذکورہ بالا سوئی سرایت کے خلاف بھی بہت موثر ہے۔ اور علاج کی مدت بارہ۱۲ دن سے زیادہ نہ ہونی چاہئے۔

1. Restop capsules [illegible]
2. [illegible]ntestopan capsules

کلیب سیلا سرایت

Klebsielia Infection.

ہُوالشافی

سلفاڈایازین ٹکیہ

سلفامیرازین ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔ یہ مخاطی یا لیبدگیولا کے سبب سرایت، اعضائے تنفس کے نزلاتی التہاب اور وفات الریہ۔ بدبو کے دہن اور تمام کلیب سیلا جراثیم کے خلاف موثر ہے۔ (نوٹ) کلیب ایک جرمنی ماہر جراثیم کا نام ہے جو ۱۹۱۳ء میں فوت ہو گیا تھا۔ اس کے نام سے ہی یہ سرایت مشہور ہے۔

گٹھیائی بخار

Rheumatic Fever.

ہُوالشافی

سلفاڈائی ڈین Mezathin میزاتھین	ٹکیہ
پینی سلین وی	ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام
ایسپرین	۵ گرین

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ گٹھیائی بخار میں ایک حفظِ ماتقدم علاج ہے جو کئی سال تک براہ دہن دیا جا سکتا ہے۔ یہ جوڑوں کے درد، سرایت معاصل اور علامات کی شدت کو دور کرنے کے لئے بہت مؤثر ہے۔ یہ خون پاش اسٹرپٹوکوکس حامل مرض کو دور کرتا ہے اور شرح نمو کو بھی گھٹاتا ہے۔ فقر الدم کو دور کرنے کیلئے فیرس سلفیٹ ۱۵۰ ملی گرام روزانہ تین بار دیجئے۔ درد کھانسی۔ التہاب گرد قلب فشل قلب اور کاذب اسوجاج قلب، درد شکم اور خرابی قلب کا علاج بھی کیجئے۔

گردہ کی سرایت

Renal Infection.

ہُوالشافی

لیڈرکائن (لیڈرلے)	ٹکیہ
گلوکوز	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ ایک پوڑیہ دیجئے۔ یہ ایک دافع اعضاء بول سرایت دوا ہے جو پروٹیس سرایت کو دور کرتا ہے۔ اور زخم بافتوں کی سرایت میں بھی مفید ہے۔

گوبکی التہاب گردہ

دیکھئے التہاب گردہ

گٹھیائی التہاب مفصل

Rheumatoid Arthritis.

ہُوالشافی

نپڈیہ سلفا	ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے یہ سلفا پینی سلین جیاتین مرکب ہے جو سرایت کے ماسکہ کے سبب یعنی دانت۔ لوزتین کے اخراج کے سبب گٹھیا میں جوڑوں کے پتھرا جانے کے لئے مفید ہے لیکن اس مرض کی مخصوص دوا ہائیڈروکورٹی سون ہے جس کا بہترین کوڈلیپرون ٹیبلیٹ ہے۔

مدورا پاء

Madura Foot.

ہُوالشافی

نی باسلف پاؤڈر

یہ پوڈر مقام ماؤف پر چھڑکئے۔ یہ مرکب سفوف پیچیدہ مرض "مدورا فوٹ" کے لئے مفید ہے۔ یہ زخم پار۔ اخراج مواد فطری سرایت اور گہری بافتوں کے گلاؤ اور پیپ، بافتی سرایت کو ختم کرتا ہے مواد اور دانوں کو بھی ختم کر دیتا ہے

Mycota powder
Silazal dusting powder

متعدی آشوب چشم

Ophthalmia Contagious.

ھُوالشافی

سلفامیٹا بائیڈ سوڈیم ۱ حصہ
زنک ایسڈ ۱ حصہ

دونوں کو باہم ملا کر خوب باریک سُرمہ جیسا کر لیجئے۔ اور ایک سلائی سے متاثرہ ماؤف آنکھ میں لگائیے یہ ایک دافع سرایت چشم دوا ہے۔ جو بطور سُرمہ بہت ہی موثر ہے یہ شدید متعدی التہاب ملتحمہ چشم ہے۔ کو یا کھانا۔ بامنی اور رگڑوں میں ثانوی سرایت اور متاثرہ جراثیم کے سبب آنکھ کی سرایت دور کرنے کیلئے بہت ہی مفید ہے بطور فرسٹ ایڈ (امداد اولین) صنعتی امراض چشم کے علاج میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اس میں آپ سقطر شامل کر کے آئی ڈراپس بھی بنایا جاسکتا ہے۔ پھر آنکھ میں ٹپکانا چاہیے۔

نواسیری اجواف

Fistulous Sinuses.

ھُوالشافی

سلفاڈیازین ۱ ٹکیہ
اسٹرپٹومائی سین ۱ ٹکیہ
وٹامن بی کمپلکس بی ۱۲ (گلیکسو) ۱ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک دافع سرایت مرکب ہے۔ جو ناسور۔ نواسیر اور کنٹھ مالا ودقی اجواف (گنٹھیلیاں) کو گھلا دیتا ہے۔ اور ریم زا رساؤ کو بھی روک دیتا ہے اس کے ہمراہ اور یومائی کیپ شول بھی دیا جاسکتا ہے۔ یہ مقعد کے ناسور کو بھی رفع کر دیتا ہے۔ اور بہت موثر مرکب ہے۔

1.7.4.11 (Isorex) Multivite
S. Streptomycin Inj. daily

نوٹ: قدیم نسخہ جات سے فارما کوپیا بھرے پڑے ہیں۔ لیکن اس کتاب میں صرف جدید ترین موثر نسخہ جات درج ہیں۔ جن میں سینکڑوں پیٹنٹ ادویات کے تجارتی "راز" ہیں۔

سلفا ادویات سے متاثرہ دیگر امراض وحالات مرض کی فہرست

نام سرایت یا مرض	طریقہ علاج و سلفا مرکب
جلد، چشم اور ناک کان حلق کی سرائیتیں	نی باسلف مرہم یا مرہم چشم لگائیے۔ اور براہ دہن سلفا ڈایازین ٹکیہ دیجئے۔
زخم، جراحت، حادثہ، گنگرین، احراق نار، قرحہ،	سلفانمائیڈ مرہم یا نی باسلف مرہم لگائیے
فقاع، ماہی جلد، التہاب رکاز جلد، دُنبل، سرایت زدہ، نار فارسی، التہاب ریش حجامی جھاسہ، انگل بیل،	نی باسلف مرہم لگائیے۔ اور براہ دہن سلفا ڈایازین ٹکیہ دیجئے۔
قرنیہ چشم و قرنیہ ملتحمہ چشم کا التہاب	سلفا بیٹامائڈ لوشن آنکھ میں ٹپکائیے،
خارجی کان کا التہاب درمیانہ کان کا التہاب کان میں چوٹ کے بعد سرایت	نی باسلف مقامی طور پر لگائیے اور سلفاڈایا زین ٹکیہ براہ دہن دیجئے۔
بغل کی پھنسی (لنگرالی)	سلفا ڈایازین براہ دہن دیجئے۔ اور ڈیٹول کے محلول سے پھنسی کا منہ نرم کر کے مواد کی نکاسی کر دیجئے۔
التہاب جوف الف مزمن التہاب جوف الف و بلغمیہ ناک کا التہاب	سلفامیرازین وٹامن سی مرکب دیجئے۔ اور نی باسلف لوشن ناک میں لگائیے۔
التہاب مجری بول۔ پیشاب گاہ کی نالی کا ورم	نی باسلف لوشن احلیل میں ٹپکائیے۔ اور سلفا ڈایازین و پینی سلین براہ دہن دیجئے۔

عفونتی خراش حلق	سلفامیزاتھیین و ٹامن سی مرکب
مولیصلہ منی کا التہاب	سلفاڈایازین و سوڈا منٹ مرکب
التہاب جبیض رحم	سلفاڈایازین بینی سلین مرکب
التہاب حوض گردہ	سلفاڈایازین یا لیڈر کا ٹن
نفاس کی عفونت	سلفاڈایازین ڈوٹکیہ روزانہ پانی کے ہمراہ
التہاب غدہ قدامیہ	لیڈر کا ٹن
موخر التہاب مبال	سلفاڈایازین سوڈامنٹ مرکب
ذات الجنب	سلفاڈایازین ۔ البیرین و ٹامن سی مرکب
التہاب ورید عفونتی	سلفاڈایازین
التہاب غشاء عظم	سلفاڈایازین
التہاب غدہ پستان	سلفاڈایازین و ٹامن سی مرکب
التہاب لمف	سلفاڈایازین
قصبی ذات الریہ	سلفاڈایازین سلفامیزاتھیین مرکب
سوزاکی گٹھیا	سلفاڈایازین لیڈر کاٹن مرکب
تقیح غدہ	سلفاڈایازین
التہاب برنج	سلفاڈایازین
منطقہ حارہ کی بد (گلٹی)	سلفاڈایازین

باب (۱۳)

حیاتین سے علاج

Vitamin Therapy.

فہرست عنوانات

(۸) مانع رفت حیاتین

Anti-Permeability.

وٹامن پی۔ (حیاتین ف)

ان کے علاوہ فولک ایسڈ (خون افزا) نکوٹینامائیڈ۔ کیلسیم پانٹوتھینٹ اور بایوٹن وغیرہ بھی حیاتین کے زمرہ میں شامل کئے جاتے ہیں۔

حیاتین الف

Vitamin A.

یہ ایک تحم حل پذیر وٹامن ہے۔ جو آکسی ڈیشن کے درجہ میں قائم رہتی ہے۔ اور حرارت کے ساتھ قوت مزاحمت اچھی رکھتی ہے۔ کیروٹین میں بطور محافظ موجود رہتی ہے۔ زرد اور سبز پتے دار نباتات میں، مچھلی کے روغن جگر۔ دودھ اور انڈے میں بھی پائی جاتی ہے۔

افادہ۔ یہ وٹامن ہڈی۔ دانتوں کی نشوونما کے لئے ضروری ہے۔ اور قوت باصرہ زیر حلبہ بافتوں کے طبعی افعال کے لئے بھی ضروری ہے۔

مرکبات۔ وٹامن اے بشکل ٹکیہ ایروویٹ (Aerovit) ساختہ روشن نام سے دستیاب ہوتی ہے۔ اولیو وٹامن اے۔ کاڈلیور آئیل ایملشن۔ ہالی بٹ ایملشن اور روغن جگر ماہی میں بھی پائی جاتی ہے۔

مقدار خوراک۔ بالغ افراد کے لئے مقدار ۵ ہزار انٹرنیشنل یونٹس دوران حمل میں ہے۔

زچہ عورتوں کے لئے ۶ ہزار تا ۸ ہزار یونٹس ہے۔

وٹامن اے کے نقائص

اگر وٹامن اے زیادہ مقدار میں بہت عرصے تک دی جاتی ہے تو افراط حیاتین الف کی علامات نمودار ہو جاتی ہیں۔ مثلاً

گنجہ پن۔ خراشی جلد۔ ہڈی کا درد اور کلائی جگر

وٹامن اے کے شفا بخش اثرات

نام خامی حیاتین	معناوگی اور طریقہ علاج
بچوں اور بالغوں میں دیر سے نمو ہو۔	کارڈ لیور آئیل کی جسم پر مالش کی جائے۔
قوتِ باصرہ کا نقص	وٹامن اے روغن آنکھ میں لگایا جائے۔
رات کا اندھاپن۔ نوجہ نزمی	وٹامن اے براہِ دہن دی جائے۔
رنگ اور روشنی کا اندھاپن۔ (رتوندھ)	وٹامن اے براہِ دہن دی جائے۔
طبقہ قرنیہ، صلبیہ میں اختلاط ہونا۔ آنسو کے غدود ملتحمہ میں خرابی آنا۔	وٹامن اے براہِ دہن دی جائے
خشکیٔ چشم اور رخوت قرنیہ	وٹامن اے براہِ دہن دی جائے۔ اور آنکھ کی حفاظت کی جائے
اعضا تنفس۔ جوف الف۔ شعبہ صدر اور اعضا بول کی سرایت	اسکات امیلشن براہِ دہن استعمال کیا جائے۔

وٹامن اے سے علاج بالمرکب

نجز الف (بد بوئے ناک)

Ozena.

ہوالشافی

ایروویٹ ½ ٹکیہ

گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور تین دن تک روزانہ بعد از طعام دیجئے یہ ناک کی بدبو دور کرتا ہے۔ اور ذبول کے ساتھ التہاب الف اور سنگ نما اُبھار کو روکتا ہے۔ اور ذبول انف کو ختم کرتا ہے۔

ثوران خشکی جلد

Phrynoderma.

ہوالشافی

ایروویٹ ۱ ٹکیہ

روزانہ براہِ دہن بشکلِ ٹکیہ استعمال کی جائے یہ دوا نزدوری میں مکا آٹھانے کے سبب التہاب عصب اور جلدی جلد مع ثوران جلد کیلئے بہت موثر ہے جلعلی خشکی اور بھُوسی جھڑنا کو بھی رفع کرتی ہے

پُھپاسہ

Acne.

ہوالشافی

ایروویٹ ½ ٹکیہ

گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دس دن تک روزانہ دیجئے۔ یہ پھپاسوں کے دانے سیاہ دانے چہرہ۔ سینہ اور کندھوں کے پھپاسے۔ سینگ نما اُبھار کو روک دیتا ہے اور خطوں میں اسٹل بائسر طول ۵ ملی گرام کے ہمراہ استعمال کیا جاسکتا ہے یہ جلد کے بعض امراض مثلاً فرنیت۔ فرج کی سطح کا سفید ہونا اور جلد کے نقشر (چھلکا سا گرنا) اور خشکی جلد کو آرام دیتا ہے۔ پھپاسہ کے علاج میں مقامی طور پر گندھک زنک لوشن بھی آزمانا چاہیئے۔ اور دائیو فارم مرہم ساختہ سیبا بھی مفید ہے۔ سلفر کے اولین پیسٹ بھی لگایا جاسکتا ہے۔

شکمی امراض

Coeliac Diseases.

ہوالشافی

ایروویٹ ½ ٹکیہ

گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔
اور روزانہ دو بار دیجیے۔

یہ اعضاء ہضم کے بعض خلل مثلاً تقرحی التہاب قولون، تبکمی مرض، ناقص انہضام اسہار، حیاتین الف۔ سیلان شحم یا لبراز اور امراض مرہ صفراء امراض بنقراص جہاں حیاتین الف کی خامی ہو یہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

بچوں میں اعضاء تنفس اور اعضاء ہضم میں حیاتین الف کی خامی کے دور کرنے کے لئے عام طور پر اڈیکسولین قطرات براہ دہن استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ نظام عصبی کے اختلاطی حالات، مرض ضرب الشمس اور گردہ کی پتھری کے حفظ ماتقدم کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے۔

قبل از حیض تناؤ

Premenstrual Tension.

ھُوالشافی

ایمرووٹ	½ ٹکیہ
ملتان لیبڈرے	¼ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔

یہ عورتوں میں حیض کے بعد قبل کی سرطلی بافت کی بیش قرینت کو روکتا ہے اور فشار دوم، ملی کو سکون دیتا ہے، اور بہت موثر ہے۔

حیاتین ب۱

مقوی اور دافع کمزوری حیاتین

Vitamin B_1.

یہ انیورین ہائیڈرو کلورائیڈ اور تھیومین کلورائیڈ بھی کہلاتی ہے یہ بہت موثر انزائم ہے جس کے افعال ترشہ دہ دودھ کے جاؤ سے بچاتا ہے۔ یہ دیگر انزائم نظام میں بھی موثر ہے۔ یہ حیاتین آنتوں میں بخوبی ہضم ہو جاتی ہے۔ کسی قدر عضلات جگر۔ گردہ قلب اور دماغ میں ذخیرہ ہو جاتی ہے۔

بالغ فرد کے لئے روزانہ غذائی الاؤنس ۲ر۱ ملی گرام ہے۔ حمل اور ایام زچگی میں ۵ر۱ ملی گرام ہے۔

وٹامن بی۱ کے مرکبات

عام طور پر وٹامن ب۱ ٹکیہ۔ سولوشن برائے انجکشن کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے سب سے زیادہ کثیر الاستعمال حیاتین ب۱ بیری ان ساختہ گلیکسو اور تھیرو ساختہ روش ہے۔ جو ۵ر۰، ۱ اور ۵۰ اور ۱۰۰ ملی گرام کی سفید ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے اور علاج بالمرکبات میں ان ہی کو زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

حیاتین ب۱ سے علاج بالمرکب۔

حیاتین ب۱ کی خامیاں بہت کثیر الوقوع ہیں۔ سب سے اہم حیاتین ب۱ خامی مرض بیری بیری ہے۔ جس میں شدید عدم اشتہاء۔ التہاب کثیر اعصاب۔ بعض الضباب، تحت جلد اذیما۔ جوارح کا شلل اور دل کی عدم کفایت معہ سرعت قلب۔ ہر۔ اذیما پائی جاتی ہیں۔ پیلاگرا کے سبب التہاب اعصاب۔ الکوحل کے سبب التہاب عصب اور حمل ذیابیطس شکری کے سبب التہاب عصب میں حیاتین ب۱ استعمال کی جاتی ہے۔

نوٹ:۔ اس میں زمانہ قدیم کی مشترکہ دواؤں کی طرف توجہ نہیں دی گئی کیونکہ ان کی معالجاتی اہمیت نئے معالجات کے سامنے ہیچ ہے۔ پس اس کتاب میں زیادہ سے زیادہ مرکب نسخوں کے فوائد جدید تصورات کے ساتھ دل کھول کر بیان کئے گئے ہیں۔ (بشیر الدین عصری)

حیاتین ب کے چند اہم اشارات علاج

آلام

Vague Pain and Aches.

ھُوالشافی

بیرن ۱۰ ملی گرام
اسپرین ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے یہ ایک دافع درد اور مسکن الم مرکب ہے۔ جو بین اضلاعی درد سہ اضلاعی درد بڑھے ہوئے انحلالہ بخار وغیرہ میں بہت موثر ہے۔ یہ عصبی درد۔ درد سر عضلاتی درد اور تکان دور کرنے کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

انقباض ذہن

Mental Depression.

★ ھُوالشافی

بیرن ۵ ملی گرام
بینیزے ڈرین ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ دو بار از طعام دیجئے۔ یہ محرک اعصاب اور مقوی اعصاب مرکب ہے جو نقصان کو دور کرتا ہے اور ذہن کی سستی اور دباؤ کو کم کرتا ہے اور بیداری ذہن پیدا کرتا ہے اور عام کمزوری

موٹاپا کے لئے مفید ہے۔

التہاب کثیر اعصاب

Polyneuritis.

ھُوالشافی

بیرن ۵ ملیگرام
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے یہ التہاب کثیر اعصاب۔ حاملہ کے التہاب عصب اور الکوحل کے سبب التہاب عصب کے لئے ایک مقوی اعصاب مرکب ہے یہ پٹھے کی کمزوری کو دور کرتا ہے اور عصبی علامتوں کو سکون دیتا ہے۔

بے خوابی

·nsomnia.

ھُوالشافی

بیرن ۱۰ ملی گرام
فینو بار بٹون ½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور سوتے وقت روزانہ دیجئے یہ ایک منوم و مقوی اعصاب ہے جو ضعیف نیند اور بے خوابی معہ تکان و درد عصب کے لئے مفید ہے یہ حد درجہ

چڑچڑاپن اور آلام کو بھی دُور کرتا ہے ۔

تکان

Fatigue.

ہُوالشافی

بیرن ۱۰ ملیگرام
اے پی سی پوڈر ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ دیجیے یہ دافع درد اور دافع تکان مرکب ہے۔ جو درد سر ذہنی سستی اور کمزوری کے لئے بھی مفید ہے ۔

حاملہ کی قے

Vomiting of Pregnancy.

ہُوالشافی

بیرن ۵ ملیگرام Barin
این ٹسٹین ½ ٹکیہ Antistine Ciba

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجیے ۔

یہ دافع حساسیت اور دافع قے مرکب ہے۔ جو حاملہ کی قے کو روکتا ہے اور عصبی درد سے بچاتا ہے۔ لیکن غنودگی پیدا کر دیتا ہے۔ ایوین ایم بی ایک عمدہ دافع قے دوا ہے ۔

Antistine (Ciba)
Barin - (Alkk)

دردِ سر

Headaehe.

ہُوالشافی

بیرن ۱۰ ملیگرام
اسپرین ۵ گرین
ملٹان ½ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ بوقت ضرورت دیجیے۔ یہ مسکن درد اور متوازن جذبات مرکب ہے جو عصبی نفسیاتی درد کے لئے مفید ہے۔ نیند آور اور فرحت افزا ہے۔ ذہنی خلش کو بھی دُور کرتا ہے۔ اس میں سے اسپرین خارج کی جا سکتی ہے۔ اور متواتر استعمال کرایا جا سکتا ہے۔ یہ اختناق الرحم کے دردِ سر کے لئے بھی مفید ہے ۔

دوارِ سر

Vertigo.

دیکھئے بیرن فینوباربیٹون مرکب ۔

شلل

Ataxia.

ہُوالشافی

نبرول ۵۰ ملیگرام
گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ہاتھ پیروں کے شلل۔ لرزہ کو کم کرتا ہے۔ اور جسم کے شلل (آنکھ کا لوکوپلیجیا) اور بھینگا پن اور قلت لہجہ (اپھونیا) کو بھی دفع کرتا ہے اورنہ بچوں کے دماغی فالج میں بھی بذریعہ اشراب استعمال کیا جاتا ہے۔

سوءِ ہضم

Dyspepsia.

ہوالشافی

بیرن	۵ ملیگرام
انٹروویوفارم	½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ دافع سوءِ ہضم ہے۔ آنتوں کی کمزوری کے سبب تخمر۔ ناسور امعاء، مزمن اسہال اور زحیر کیلئے مفید ہے۔

عام کمزوری

General Weakness.

ہوالشافی

وٹامن سی — 500 ملی گرام

بیرن	۱۰ ملیگرام
ڈیکسٹروسول	۱۰ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ وٹامن سی کے ہمراہ دیجئے یہ عام کمزوری اور تھکان کو دُور کرتا ہے حمل کے فعل کی کمزوری قوت ہاضمہ کی کمزوری اور قلت لہجہ جسم۔ عصبی کمزوری عصبی خلل۔ عدم اشتہا اور فقدان اشتہا کے لئے ایک موثر دوا ہے۔

قبض

Constipation.

ہوالشافی

بیرن	۵ ملیگرام
گلوکوز	۵ گرین
ملتان	½ ٹکیہ

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ عضلاتی و عصبی تناؤ کے سبب قبض کیلئے بہت مفید ہے۔ اور کسی مقوی اعصاب مرکب کے ہمراہ دی جاسکتی ہے اور آنتوں کے لہجہ کی سستی کو بھی درست کر دیتا ہے اور متلی و قے کے لئے بھی مفید ہے۔

Benerva = Roche
Injections tabs

دیگر فہرست امراض و حالات مرض جو حیاتین بٹ کے استعمال سے صحت یاب ہوتے ہیں۔

حالات مرض	دوا مرکب یا طریقہ علاج
دردِ زہ (ولادت کا درد)	بنروا ۵۰ ملی گرام ۱۰ ٹکیاں فوراً ولادت سے پہلے دی جائیں۔ اس کے استعمال سے درد گھٹنے لگتا ہے اور ولادت آسان ہوجاتی ہے، یہ مسہل ولادت ہے۔
عرق النساء کا درد اور درد کمر	بیرن اور ایسپرین مرکب۔
لقوہ اور مرض بیری بیری	بنروا کا درونِ عضلاتی راہ سے انشراب کیجئے۔ Berin - 100 mg 1 c.c daily
ہذیان مزمنی۔ ذہنی کمزوری۔ دماغی خلل، عصبی کمزوری، کسل مندی، چڑچڑاپن،	بیرن ۵۰ ملی گرام وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام یہ مرکب بہت دنوں تک استعمال کرائیے۔
شرحِ تحوّل کی زیادتی۔ بخار اور غدۂ درقیہ کی کلانی۔ عضلات کے فعل کی سرگرمی۔ جھلک سقے۔	بیرن ۱۰ ملی گرام براہِ دہن حسبِ ضرورت دیا جائے۔
اعضائے ہضم کے خلل۔ فقدانِ اشتہا اور قبض وغیرہ	بنروا ۱۰۰ ملی گرام یا وٹامن بی کمپلیکس کا کوئی مرکب دیا جائے۔

بیرن ۱۰۰ ملی گرام 1 c.c روزانہ لگائیں۔

حیاتین ب۲

Vitamin B_2.

یہ حیاتین بصارت کی طبعی میکانیت کے لئے ضروری ہے اور یہ جسم میں ہائیڈروجن فراہم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس حیاتین کی خامی سے جسم عروقی نظام کے ذریعہ تنفس لینے لگتا ہے۔ اور یہ وٹامن ریبو فلیوین کہلاتی ہے۔

مرکبات

ریبو فلیوین ۱۰ ملی گرام ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے۔ اور بی فلیوین ساختہ روشن بہت عمدہ ہے۔

حیاتین ب۲ سے علاج بالمرکب

التہاب لسان

Glossitis.

ہوالشافی

بی فلیوین	۵ ملیگرام
فرسولیٹ	۱ ٹکیہ

دو ٹکڑوں کو ایک ساتھ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ فولاد و حیاتین کا مرکب ہے جو سرخ زبان اور دہن کے گوشوں کے شگاف اور سوزش دہن کے لئے بہت مفید ہے۔ ہونٹوں کی سرخی ورم اور پھٹاؤ منہ کے گوشوں میں سطحی پھٹاؤ کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

التہاب جلد

Dermatitis

ہوالشافی

بی فلیوین	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱ ٹکیہ

یہ سیلان دہن کے ساتھ التہاب جلد اور بعض جلد کے امراض مثلاً شدید احراق و ضربا کسی بیماری کے بعد جلدی ضربہ کو مندمل کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔

بصری تکان

Visual Fatigue.

ہو الشافی

بی فلیوین ۱ گولیاں

ریڈ وکسون فورٹس ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

Redoxion

یہ مرکب التہاب ملتحمہ چشم۔ نور ترسی۔ قوت باصرہ کی کمزوری۔ قرینہ چشم کی عروق کا امتلاء اور مرکز قرنیہ کا امتلاء دُور کرتی ہے۔ اور آنکھوں کے بعض امراض کے لئے بہت موثر ہے۔ اس کے علاوہ یہ جلتی آنکھوں کو بھی سکون دیتی ہے اور کسل مندی کمزوری اور فقدان وزن کو بھی رفع کرتی ہے۔ اور زبان کے ورم اور عسر بلع کے لئے بھی مفید ہے۔

حیاتین ب۶

Vitamin B_6.

پائری ڈوکسین

Pyridoxine Hyd.

یہ حیاتین پروٹین اور جوہر لحم کے تغیر و تبدل میں ایک اہم پارٹ ادا کرتی ہے۔ اور بعض مخصوص عصبی علامتوں کو سکون دیتی ہے اور یہ مرض پیلاگرا میں جہاں نیاسین ناکام ہو کمزوری کو دور کرتی ہے۔ اور ربوفلیوین سے ناکام مریضوں میں التہاب زبان و خراش دہن کو بھی سکون دیتی ہے۔ اور جدید طب میں دافع قے زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ اور اس کے متعدد اشارات علاج ابھی زیر تجربہ ہیں۔ یہ وٹامن بی کمپلیکس کا ایک اہم جزو بھی ہے۔

تجارتی مرکبات

یہ دوا ۱۰ تا ۵۰ ملی گرام کی مقدار میں استعمال کی جاتی ہے۔ اور گلے ڈوکسین ساختہ گلیکسو بینادون ساختہ روش کے نام سے بہ شکل ٹکیہ دستیاب ہوتی ہے۔

اشارات علاج اور علاج بالمرکب

یہ صرف حاملہ کی قے اور عام قے میں ہی دافع حساسیت ادویات کے ہمراہ زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ اور فالج لرزاں میں بھی سکون بخش ہے۔ اور شعاعی مرض میں ایک موثر دوا پائی گئی ہے۔

حاملہ کی قے اور متلی

نسخہ

ھو الشافی

انکولان ۱/۲ ٹکیہ
گلے ڈوکسین ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ قبل از طعام دیجئے یہ صبح کی متلی اور حاملہ کی قے کو روکتی ہے۔ اور ریڈیشن معالجہ سے پیدا ہونے والی قے کو بھی روکتی ہے۔ انکوڈوکسین نام سے بازار میں یہ مرکب دستیاب ہوتا ہے۔

نسخہ

ھو الشافی

گلے ڈوکسین ۱ ٹکیہ
سبین ۱۰۰ ملیگرام
فینو باربیٹون ۱/۲ گرین

تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک دافع قے مرکب ہے۔ اور یہ عصبی علامات مثلاً بے خوابی۔ بے چینی۔ کمزوری اور دوار سر کو بھی دور کرتا ہے۔

حیاتین ب۱۲ Vitamin B_{12}.

اس حیاتین کا سب سے اہم طبعی فعل یہ ہے کہ یہ خون کے سُرخ خلیات کو معمول پر کر دیتی ہے۔ اور یہ دیگر حیاتین ب مخلوطیہ کی طرح خلیات کے ساتھ تحول پر اثرانداز ہوتی ہے۔ اور جسم کی نشو و نما کے لئے ضروری حیاتین ہے۔ اور رماد و پیورین اور پارٹی مڈین کی تخلیق کرتی ہے۔

مرکبات

یہ سیانو کو بالا بین اور دافع فقر الدم حیاتین بھی کہلاتی ہے۔ زیادہ تر انجکشن کے ذریعہ استعمال کی جاتی ہے۔ براہ دہن بشکل ٹکیہ میکرابین نام سے گلیک سو نے پیش کی ہے۔ یہ فولک ایسڈ کے ہمراہ میکرا فولین نام سے دستیاب ہوتی ہے۔

وٹامن بی ۱۲ سے علاج بالترکیب

عام طور پر یہ فقر الدم جہلک فقر الدم میں ہی استعمال کی جاتی ہے لیکن فی الحال مندرجہ ذیل مرکبات مرض سنگرہنی اور دیگر امراض میں بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور یہ پارساختہ ائرمر لیبوریٹریز اور ایری فول ساختہ روشن نام سے دستیاب ہوتا ہے۔

فقر الدم

Anemia.

ھو الشافی

وٹامن بی ۱۲ (گلیک سو)	۱ ٹکیہ
فولک ایسڈ (لیڈرلے)	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ فقر الدم بسبب سنگرہنی اور کمزوری کے لئے مفید ہے۔ اس کے ہمراہ فرسولیٹ ٹبلٹ بھی شامل کی جاسکتی ہے۔ اور یہ ایڈیسن صاحب کے فقر الدم میں بھی مفید ہے۔

متاخر جسمانی نمو Retarded Physical Development

ھو الشافی

میکرابین	۱ ٹکیہ
فیرو فی کم	½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ بچوں میں وزن کی کمی کو پورا کرتا ہے اور جسم کی طبعی نشوونما کو بڑھاتا ہے۔ اور بطور مقامی عام استعمال کیا جاسکتا ہے۔ فقدان اشتہار اور قوت حیات کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

(مزید دیکھئے بی جی خاص، ملٹی وٹا پلیکس اور آئلوبان مرکب)

وٹامن بی ۱۲ کے دیگر اشارات علاج

حالات مرض	طریقہ علاج
۱۔ تہلک فقر الدم ۲۔ میگالو بلاسٹک فقر الدم ۳۔ سنگرہنی کا فقر الدم	وٹامن بی ۱۲ اور فولک ایسڈ مرکب آئلوبان درون عضلاتی راہ سے ہر تیسرے دن ۲ سی سی
فوقیت نمو اور بڑھاؤ	وٹامن بی ۱۲ اور ری سرپین مرکب
حساسیتی حالات۔ مثلاً دمہ۔ شری	وٹامن بی ۱۲ اور کیلیم اوسٹی لین (ساختہ گلیکسو) بذریعہ اشراب مفید ہے۔
التہاب عظم و مفاصل	وٹامن بی ۱۲ اور فولک ایسڈ
وجع ایرو۔ بین الضلاعی درد الکحل و ذیابیطس سے التہاب عصب	وٹامن بی ۱۲ اور اسپرین مرکب
داء المفاصل	وٹامن بی ۱۲ انجکشن
مزمن جلدی امراض مثلاً مقامی اور مزمن التہاب جلد	وٹامن بی ۱۲ اور کیلیم لکٹیٹ مرکب
جگر کے امراض	میتھونین + وٹامن بی ۱۲ مرکب یا لٹری سین مرکب مفید ہے۔
بچوں میں ابتدائی اسہال تقرحی التہاب قولون	وٹامن بی ۱۲ اور فولک ایسڈ مرکب

نوٹ:۔ ان حالات مرض میں وٹامن بی ۱۲ کی معتاد گی ۲۵ تا ۵۰ مائکرو گرام ہفتہ میں دو بار ہے۔

حیاتین ب مخلوطیہ

Vitamin B. Compiex.

یہ حیاتین تمام وٹامن بی ۱، بی ۲، بی ۶ اور بی ۱۲ کا مرکب ہے جو حیاتین بی کمپلیکس کہلاتا ہے۔ اس میں نکوٹینا مائیڈ اور کیلسیم پانٹوتھینیٹ بھی شامل ہوتا ہے۔ اور یہ ایک کثیر الاستعمال دافع کمزوری مرکب ہے۔

تجارتی مرکبات

عام طور پر مندرجہ ذیل مرکبات بہ شکل ٹکیہ اور گولی شکر غلاف دار دستیاب ہوتے ہیں۔

۱۔ بی کمپلیکس بی ۱۲ ٹبلٹ	ساختہ گلیک سو
۲۔ بیپ لیٹ	ساختہ انگلو فرینچ ڈرگ کمپنی
۳۔ بیکوزم	~~ساختہ روش سوئٹزرلینڈ~~ Dumex
۴۔ بی کمپلکس	ساختہ ڈیومیکس

اشاراتِ علاج اور علاج بالمرکب

وٹامن بی کمپلیکس مندرجہ ذیل عوارض و امراض کے لئے مفید ہے۔

۱۔ کمزوری

۲۔ معدہ و امعاء کے خلل

۳۔ اعصاب کے امراض

۴۔ جلد کے امراض وغیرہ

ضعف

Debility.

وٹامن بی کمپلیکس و بی ۱۲ (گلیک سو) ایک ٹکیہ

سیلین ۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک مقوی اعصاب مرکب ہے۔ جو طاقت کے فقدان کمزوری۔ ناتوانی۔ تکان۔ نقاہت (مرض کے بعد کمزوری) میں ایک مفید دوا ہے۔ یہ عدم اشتہاء۔ اسہال۔ قے۔ تخمہ۔ مزمن قبض کیلئے۔

مفید ہے۔ اور عصبی عوارض مثلاً درد و آلام۔ عصبی درد۔ عصبی بے چینی۔ چڑچڑاپن۔ اور بے خوابی کے لئے مفید ہے

عصبی کمزوری

Neurasthenia. ✓

ہوالشافی

وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲ ۱ ٹکیہ

ملٹان ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے

یہ متوازن جذبات، مقوی اعصاب مرکب ہے۔ جو اعصاب و عضلات کے انقباض کو دور کرتا ہے۔ شدید عدم اشتہا، سُرعت قلب اور ذہنی بے چینی کو سکون دیتا ہے۔ اس میں ملٹان کے بجائے فینو باربیٹون ½ گرین بھی شامل کی جا سکتی ہے۔

نفسیاتی کمزوری

Psychas thenia.

ہوالشافی

وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲ 1½ ٹکیہ

گلوٹامک ایسڈ 7½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک مقوی دماغ و اعصاب مرکب ہے جو دماغ کی سستی قوت حافظہ کی کمزوری۔ کمزوری دماغ میں موثر ہے۔ اور دماغی خلایا کیلئے محرک اعصاب ہے۔ بچوں کی ذہنی سستی کو بھی دور کرتا ہے۔ اور ان کے ذہن کو بیدار و روشن کرتا ہے۔ مزید برآں یہ نیوروسیس (عصبی بے چینی) میں بھی مفید ہے۔ اور ذہنی تکان کو بھی دور کرتا ہے۔ اور بڑھاپے کی ذہنی کمزوری کو بھی رفع کرتا ہے۔

حیاتین ج

Vitamin C.

اسکاربک ایسڈ

Ascorbic Acid.

یہ حیاتین درون خلیہ مادوں مثلاً کولے جن- ہیاورونک ایسڈ- ڈینٹین- عنصر و ف ہڈی کا گودہ وغیرہ کی پیداوار کو بڑھاتی ہے۔ یہ برقی ماہ پارہ کی طرح خدمت انجام دیتی ہے۔ اور تحول و آکسیجن کے مابین ایک برقی سواری گاڑی کا کام کرتی ہے۔ یہ حیاتین خون کو بڑھاتی- سیلان خون کو روکتی اور سرایت کا حملہ روکنے میں مدد دیتی ہے۔ اور خون آفرین اجزاء کو بڑھاتی ہے۔

اس حیاتین کا دوسرا اہم طبعی فعل یہ ہے۔ کہ یہ امینو ایسڈ کا تحول اور ٹائیروسین کا تحول آسان کر دیتی ہے۔ یہ حیاتین بہت سی دیگر ادویات مثلاً وٹامن اے- ڈی- وٹامن ای اور بی ۱۲ کے ہمراہ ملا کر خوب استعمال کی جاتی ہے۔ مسکن الم ادویات مثلاً ایسپرین اور کورٹی سون کے ہمراہ بھی بہ آسانی استعمال کی جاتی ہے۔

یہ حیاتین انسانی جسم کے لئے ضروری ہے۔ اور اس کی ضرورت شیر خوار بچے، بڑے بچے، بڑھاپے میں زیادہ پڑتی ہے۔ اور عام طور پر حسن افزا حیاتین کہلاتی ہے۔ بچہ کے جسم کو نکھارتی ہے اور خلایا کو مضبوط رکھتی ہے۔

تجارتی مرکبات

وٹامن سی اسکاربک ایسڈ کے بہت سے تجارتی ناموں سے دستیاب ہوتی ہے۔ سب سے بہتر

Ascorbon Dumex　۱- بیبلن　ساختہ گلیک سو

۲- ریڈوکسان　ساختہ روش ہے۔

جو ۵۰، ۱۰۰، ۲۰۰، ۵۰۰ اور ۱۰۰۰ ملی گرام کی ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہیں۔ اور دیگر ادویات کے ہمراہ بہ آسانی شامل کی جا سکتی ہیں۔

اشارات علاج

وٹامن سی ایک خاص مرض "اسقربوط" اسکروی کا حفظ ماتقدم اور علاج ہے۔ اور وٹامن سی کی کمزوری کے سبب سُوء تغذیہ اور عدم اشتہاء کا بھی علاج ہے۔

یہ حیاتین بعض مخصوص نزفی حالات دعروقی رقّت پذیری کو بھی دُور کرتی ہے۔ اور بعض اقسام کا فقرالدم بھی اس سے صحت یاب ہو جاتا ہے۔ یہ بعض اہم سرایتوں مثلاً خناق دبائی التہاب مفصل۔ التہاب لُب عظم اور کالی کھانسی و دیگر شدید امراض سرایتوں میں بھی بطور اضافہ شفا بخش تدبیر کے براہ دہن استعمال کی جاتی ہے۔ بیرزخموں اور کسور میں روزانہ ۱۰۰ یا ۲۰۰ ملی گرام براہ دہن استعمال کی جاسکتی ہے۔ یہ شدید قے اور اسہال میں بطور سکون بخش دوا کے براہ دہن دی جا سکتی ہے اور حمل وزچگی کے دنوں میں حاملہ کو ۱۰۰ تا ۲۰۰ ملیگرام روزانہ کئی ہفتے تک دی جاسکتی ہے اور جو بچے مصنوعی دودھ پیتے ہیں ان کو بھی شربت سادہ میں ملا کر دی جاسکتی ہے۔ آپریشن اور بعد از آپریشن بھی بطور مقوی خون دی جاسکتی ہے۔ یہ زخم کو جلد مُندمل کر دیتی ہے۔

حیاتین سی سے علاج بالمرکب

خستگی دنداں اور پائیریا

Dental Caries.

and Pyorrhea.

ہُوالشافی

۱۔ ادسٹو کیلسیم گلیک سو	ایک ٹکیہ
۱۔ سیلین	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے یا کیلسیم ڈی ریڈوکسان کی ایک ٹکیہ صبح وشام چوسائیے۔ یہ ایک مقوی مسوڑھوں مرکب ہے جو مسوڑھوں کے التہاب خستگی دنداں اور جوشش دہن اور دانتوں کے امراض کو دُور کرنے کے لئے بہت موثر ہے۔ اور پائیریا کا جراحی علاج کرنے کے بعد اس کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے اور یہ مسوڑھوں سے سیلانِ مواد کو روکتا ہے۔

حمیات اور بخار

Fever and Pyorexia.

ہُوالشافی

ڈیسپرین	۱۵ گرین
سیلین	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور چار کے ہمراہ دن میں چار بار دیجئے۔ یہ ایک دافع بخار اور مسکن درد مرکب ہے۔ جو شرح استحالہ کے بڑھنے سے متعلق تمام بیماریوں میں مفید ہے

یہ خشکی دندان کے درد، موسمی کھانسی، معمولی بخار اور اعصاب و عضلات کے درد۔ کان کے درد اور طیریا بخار کے درد اور حمیات مثلاً گٹھیا بخار مزمن سرایتوں کا بخار اور زہریلے اثر سے بچاؤ کو دور کرنے کے لئے بہت موثر ہے۔

عدم اشتہاء اور سوء تغذیہ

Anorexia and Malnutrition.

ہو الشافی

وٹامن بی	۵ ملیگرام
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ حیاتین خامیوں کے سبب قبض، عدم اشتہاء، بھوک نہ لگنا اور نزلہ زکام کے درد میں مفید ہے۔ یہ مقوی خون بھی ہے ایام حمل و زچگی میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اسقربوط

Scurvy.

ہو الشافی

ریڈوکسان	۲۰۰ ملیگرام
شربت گلاب	اچار کا چمچ بھر

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ یہ شربت پلایئے یہ شربت دافع غذائی خلل ہے جو غذا کے حیاتین سی کی خامی کو پورا کرتا ہے۔

یہ بچوں میں کمزوری کیل سندی اور طبعی پیدائشی کے فقدان کو رفع کرتا ہے۔ اور جسم کے کسی حصے میں عروق سے پیدا ہونے والے نزف کو روکتا ہے

سوڑھوں سے خون جانا پیوریا کے سے وجہ پڑنا اور خون کی پھٹکیاں سی پڑنا کو بھی دور کرتا ہے۔

یہ بڑی بڑی ہڈیوں کے نیچے سیلان خون کو بھی روک دیتا ہے اور درد جو ذرا سی حرکت سے شدت اختیار کر لیتا ہے کو بھی دور کرتا ہے اور بچوں کا فالج بھی دور ہو جاتا ہے۔ یہ تحت جلدی بافتوں اور عضلات کے اندر سیلان خون کو بھی روکتا ہے اور التہاب فم و فقر الدم کو بھی دور کرتا ہے اور بوتل سے مصنوعی دودھ پینے والے بچوں میں حیاتین ج کی خامی کو پورا کرتا ہے۔ اور بچوں میں حسن افزا ثابت ہوتا ہے یہ بوڑھے افراد میں بھی وٹامن سی کی خامی کو پورا کرتا ہے یہ بچوں کا منہ آنا (التہاب فم) کو بہت جلد آرام دیتا ہے اور اسقربوط کی دیگر تمام علامتوں کو سکون دیتا ہے۔

داء المفاصل

Rheumatism.

ہو الشافی

ہائیڈروکورٹی سون	۲ ملیگرام
اسپرین	۵ گرین
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

ان سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ

دن میں تین بار دیجئے۔

یہ دافع گٹھیا مرکب ہے۔ جو جوڑوں کے درد۔ متعدد حساسیتی حالات مثلاً دمہ۔ وغیرہ میں بھی بطور دافع درد کام کرتا ہے۔

یہ التہاب خائبرین اور گٹھیائی بخار دو نقرس کے لئے بھی مفید ہے۔

نزفی حالات

Haemorrhagic States.

ھوالشافی

وٹامن سی ... ۲۰۰ ملیگرام

وٹامن کے (اینڈکاوٹ) ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ اخراج دنداں کے بعد سیلان خون۔ دماغی نزف۔ اسقربوط کے سبب سیلان خون۔ معدہ سے نزف۔ التہاب قولون کے سبب آنتوں سے سیلان خون پچش کے سبب سیلان خون۔ پھیپھڑے سے سیلان خون ہونا اور دیگر نزفی حالات میں ایک موثر دوا ہے۔

یہ نوزائیدہ بچے کے نزفی حالات۔ خون چھلکنا اور زچہ کے نزفی امراض کے لئے بھی بہت موثر دوا ہے۔ اور سیلان خون اور رحم کے اکثر حالات میں بھی ایک مخصوص مرکب ہے۔

اشارات علاج کی ایک جامع فہرست جو حیاتین ج سے متاثر ہوتے ہیں۔

حالاتِ مرض	طریقہ علاج و مرکبات
اسہال اور قے	وٹامن سی، سلفامیزاتھین مرکب اور قے کے لئے ایومین OMINE tab. Torecon tabs
بعض امراض مثلاً ہضمی قرحہ تپ دق گٹھیائی بخار ہیش درقیت اور لیوکیمیا۔ حاملہ میں حیاتین ج کی خامی	ان تمام حالات میں وٹامن سی بطور اضافہ غذا دی جاسکتی ہے۔ عام طور پر ۱۰۰ ملی گرام روزانہ تین بار دی جاتی ہے۔
بچوں میں غذائی خامی	وٹامن سی ۵۰ ملی گرام روزانہ تین بار
تحت حاد اسکروی	دیکھئے اسقربوط کے لئے مرکبات
احتراق نار	پینی سلین مرہم لگایا جائے اور وٹامن سی براہ دہن روزانہ ۳۰۰ ملی گرام تک دی جائے
منہ اور مسوڑھے کی سرایت۔ خراش مسوڑھے اور سرخی۔ خراب اور بوسیدہ دانت	دیکھئے التہاب فم اور ریجی جو فیوژی سیلان (پائریا) کے لئے مرکبات۔
زخموں کے اندمال میں دیر ہونا۔ اور ہڈیوں کے کسور	مرہم پٹی (ڈریسنگ) کے ساتھ براہ دہن وٹامن سی کئی ہفتے تک دی جائے۔
جلد اور غشائے مخاطی میں معمولی نزف	دیکھئے نزفی حالات کے لئے مرکبات
خراج شش	وٹامن سی اور ریڈومائی سین مرکب
کسل مندی۔ کمزوری۔ کبودگی چہرہ۔ تکان و نقصان وزن۔ جوڑوں میں درد۔ زود زود کام سے کمزوری۔ جوارح میں درد۔ دھاتوں سموم کے اثرات۔	ان تمام حالات میں وٹامن سی براہ دہن ۱۰۰ ملی گرام روزانہ دی جاسکتی ہے۔ اور دیگر مخصوص معالجہ کے ساتھ استعمال کی جاسکتی ہے۔

حیاتین د

Vitamin, D.

یہ حیاتین کیلسیم اور فاسفورس تحول کے ساتھ مشترک ہے جو نظام ہیکل کے عظیم اجزا رکھتی ہے جو اعصاب و عضلات بافت کے طبعی افعال کے لئے ضروری ہیں۔

آنتوں میں وٹامن ڈی انجذاب کیلسیم کو بڑھاتی ہے اور کسی حد تک خون میں فاسفورس بھی پہنچاتی ہے۔ یہ حیاتین جسم کے سیالات و بافتوں میں کیلسیم و فاسفورس کا طبعی لیول قائم رکھتی ہے، علاوہ ازیں یہ حیاتین جسم میں الکلائن فاسفیٹ کا اجتماع بھی باقاعدہ کر دیتی ہے۔

یہ حیاتین ایک نہایت موثر قابل انشراب لیکسی فیرول مرکب ہے۔ جو وٹامن ڈی کی خامی میں بطور حفظ ماتقدم یا علاج استعمال کیا جاتا ہے۔

یہ حیاتین زیادہ تر انجکشن کی شکل میں استعمال کی جاتی ہے اس لئے اس کے مرکب نسخہ جات بغرض تلاش نہیں کئے جا سکتے۔ اور یہ حیاتین صرف وٹامن اے ہمراہ بشکل ڈراپس یا اڈیکسولین ڈراپس استعمال کی جاتی ہے۔ وٹامن ڈی مندرجہ ذیل امراض میں استعمال کی جاتی ہے۔ ۵ لاکھ یونٹ کی مقدار میں درون عضلاتی ماہ سے انشراب کی جاتی ہے۔

علاج مرکب اور اشارات علاج

تکزز

Tetany.

ہوالشافی

وٹامن ڈی	۵۰۰ یونٹ
کیلسیم فاسفیٹ	۵ گرین
کیلسیم سوڈیم لکٹیٹ	۲ر۵ گرین

ان سب کو ملا کر ایک پوڈر یہ بنایئے اگر یہ بروقت ضرورت تیار نہ ہو سکے تو اوسٹو کیلسیم ٹیبلٹ لے لیجئے۔

یہ ایک کیلسیم اور حیاتین سے پیدا شدہ ہاتھ پیروں کی اینٹھن کو دور کرتا ہے اور تکزز کے لئے مفید ہے یہ کیلسیم کی خامی کے سبب جریان خون کو روکتا ہے اور حاملہ میں کیلسیم کی خامی کو پورا کرتا ہے اور آنتوں میں سببہ کے زہریلے اثر سے پیدا شدہ کیلسیم خامی کو بھی پورا کرتا ہے اکثر بچوں میں رات کو بستر پر پیشاب کرنے کو روکتا ہے اور وٹامن کے یا وٹامن سی سے علاج کرتے وقت بطور معاون دوا کے یرقان نسددی میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مزید براں یہ مرکب انگلی و پیروں کی رگوں کا تشنج، تشنج عضلات و دورے تشنج جسم عام۔ اسپاز موفلیا۔ کیلشیم خامی اور الکالوسیس میں بھی بہت موثر ہے۔

وٹامن ڈی کے دیگر اشارات علاج

حالات مرض یا خامی حیاتین	طریقہ علاج و حیاتین و مرکب
کساحت (رکٹس)	وٹامن ڈی بذریعہ انشراب مفید ہے۔
بچوں کا تکزز (اسپاز موفلیا) اور رخوت عظام۔ (ہڈیوں کا ٹیڑھا ہونا)	اوسٹو کیلشیم اور کیلشیم ڈی ریڈوکسان مرکب بہت موثر ہے۔
مزمن التہاب مفصل قلت کیلشیم و رخستگی دندان	کیلشیم ڈی ریڈوکسان ٹکیاں کئی ماہ تک دی جائے۔
جلد کے امراض مثلاً چنبل، ذئبہ احمراری اور کنٹھ مالا۔ اور جلد کا خنازیر	کیلشیم ڈی ریڈوکسان مرکب
حساسیتی عوارض مثلاً اگزیما۔ التہاب جلد۔ سیرم کی حساسیت وغیرہ	کیلشیم ڈی ریڈوکسان ٹکیاں
جنسیاتی خلل۔ مثلاً رقوت باہ یا شہوت کا بڑھانا اور حیض کا بڑھانا	وٹامن ڈی بہمراہ وٹامن اے مفید ہے۔
یرقان میں جریان خون۔ سیسہ یا لیڈ کی سمیت	کیلشیم ڈی ریڈوکسان اور وٹامن کے
کسور کے اندمال میں تاخیر نوخیز عمر میں بچوں میں تاخیر حمل، رضاعت، دانت نکلنے کے دوران قلت کیلشیم اور کوئی مزمن بیماری	کیلشیم ڈی ریڈوکسان مرکب

وٹامن اے اور ڈی مرکّب

یہ عام طور پر ادویکسولین نام سے کیپ شول اور سیال شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔ اور اُس کا نسخہ یہ ہے۔

هُوَ الشافی

وٹامن اے	۶ ہزار	یونٹ
وٹامن ڈی	۱ ہزار	یونٹ

برائے ایک کیپ شول

۲ هُوَ الشافی

وٹامن اے	۱۲ ہزار	یونٹ
وٹامن ڈی	۲ ہزار	یونٹ

یہ ایک سی سی مقدار کا وزن ہے۔

کیپ شول بہ آسانی نگلا جا سکتا ہے۔ اور قطرات بچوں کے لئے بہت مفید ہیں۔ بچوں کو دو یا تین قطرے دودھ کے ہمراہ دیئے جا سکتے ہیں۔

Adexolin capsules Glaxo

اشاراتِ علاج

یہ حیاتین الف اور د کا مرکب بطور مقوّی استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اس لئے بچوں کی شدید کمزوری میں بہت موثر ہے۔ مزید براں یہ مرکب نزلہ و زکام، اعضاء تنفس کی سرایت، التہاب مثانہ اور التہاب قولون میں بھی مفید ہے۔ شکمی مرض اور آنتوں کے دیگر خلل میں بھی موثر ہے۔ موٹاپا میں بھی موثر ہے۔

یہ مرکب عام کمزوری، نقاہت حمل، زچگی، ناقص قوت باصرہ۔ رات کا اندھا پن اور نور ترسی میں بھی مفید ہے۔ آنکھ کے طبقات کے خلل، ملتحمہ چشم التہاب، رخوت قرنیہ اور خشکی چشم میں بھی مفید ہے۔

رکٹس اور رخوت عظام، دانتوں کی غلط کیلیم حالت اور قلت کیلیم خون اور قلت فاسفیٹ در دمی خون میں بھی مفید ہے۔

حیاتین ی

Vitamin, E,

انسانی جسم میں اس حیاتین کا حقیقی رول ابھی تک پورے طور پر معلوم نہیں ہو سکا ہے۔ شاید یہ وٹامن بلوغت خلیہ کے حل میں مدد دیتی ہے۔ اور تمام جلدی بافتوں پر اثر کرتی ہے دیگر وٹامن کی طرح اس کے بارے میں یہ رائے دی گئی ہے کہ یہ بھی بعض نظام کے ذریعہ کام کرتی ہے۔
یہ شہادت مل چکی ہے کہ یہ وٹامن تمام جسم کی بافتوں میں واقع اوکسی ڈنٹ کام کرتی ہے۔
ظاہرہ طور پر اس کا تعلق زیادہ تر پردئہ تحول سے ہے اور خاص ہی منفصلہ بافت پر اثر انداز ہوتی ہے۔ منفصلہ بافت کے تحول کو قائم رکھتی ہے۔ اور اس کا دافع عقم (بانجھ پن کے خلاف) اثر تو بہت ہی مشہور ہے۔ اور اس لئے اس کو ڈکو فیرول وٹامن کہتے ہیں لیکن یہ معین حل اثر صرف چوہوں میں ہی معلوم ہوا ہے انسانوں میں نہیں۔ یکن ہو سکتا ہے یہ وٹامن ایسے حالات میں کچھ کام کرتی ہو۔
ہم نے ایک عورت پر اس کا تجربہ کرا کے دیکھا ہے۔ اور وہ ایک لائبریرین تھا جس کی ہمشیرہ اولاد سے محروم تھی خدا کی قوت سے اس کے ایک بچہ ہوا جس سے وہ ہمارا گرویدہ ہو گیا اور ہم کو مدت تک مفت کتابیں مطالعہ کراتا رہا۔ ہم نے اسی کو ہیٹ جرم آئیل ساختہ کروکس لکھ کر دی تھی۔

وٹامن ای کے تجارتی مرکبات

وٹامن ای عام طور پر کیپ شول اور ایمپول برائے انجکشن کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے۔

۱۔ وہیٹ جرم آئیل کیپ شول	ساختہ کروکس
۲۔ ایفی نال	ساختہ روش سوئٹزرلینڈ
Ephynal. ۱۰۰ ملی گرام کی ایک ٹکیہ	
۳۔ وٹے اوین کیپ شول	ساختہ گھیک سو
۲ ملی گرام کا کیپ شول	

ان کے علاوہ وٹامن ای متعدد وٹامنوں سے ٹکیہ و کیپ شول کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے۔

وٹامن ای سے علاج بالمرکب اور اشارات علاج۔

وٹامن ای براہ دہن مندرجہ ذیل حالتوں میں استعمال کی جاتی ہے۔

۱۔ عادتی اسقاط حمل اور حمل ۔ ۲۔ اسقاط محظور ۔

۳۔ حاد ثاتی نزف الرحم۔ ۴۔ سن یاس کا خلل ۔

عقم

Essential Infertility.

ہوالشافی

وٹامن ای (ایفی نال) اگولی

وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲ (گلیک سیم) اٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ روزانہ دیجئے۔

یہ وٹامن ای و بی کمپلیکس کا مرکب ہے۔ جو مردانہ بانجھ پن اور زنانہ بانجھ پن میں جراثیم منی کے خلل کو دور کرتا ہے۔ اور جوہری عقم میں طبعی حمل پیدا کرنے کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ مزید براں یہ مرکب بار بار اسقاط حمل کو روکتا ہے اور حمل کے تسمم دم نزفی تسمم الدم اور خلل حیض میں بھی مفید ہے۔

قوت باہ کی کمزوری

Decreased Libido.

ہوالشافی

ایرووٹ ½ ٹکیہ

ایفی نال ود شن اٹکیہ

دونوں کو ایک ساتھ پانی کے ہمراہ دیجئے۔

اس کا مرکب ردی گون کے نام سے دستیاب ہوتا ہے۔ ایک گولی براہ دہن لی جاسکتی ہے یہ وٹامن اے اور وٹامن ای کا مرکب ہے۔ جو شہوت کی کمزوری۔ بندش حیض اور سن یاس کیلئے بھی مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔ یہ مرکب درون رحم بچہ کی نشوونما کرتا ہے۔ اور جنین کے اندر نشوونما کے خلل کو روکتا ہے۔

عادتی اسقاط حمل

Habitual Abortion.

ہوالشافی

ایفی نال EPhynal اٹکیہ

پیرنڈرن Prendream اٹکیہ

دونوں کو باہم منہ میں رکھ کر چوس لیجئے۔ یہ ہارمون و حیاتین کا مرکب ہے۔ جو عقم۔ استحاضہ۔ عادتی اسقاط حمل عسر طمث۔ قبل از حیض تناؤ۔ مردانہ نامردی اور بعض جنسیاتی خلل۔ قلت تناسل اور تعدیم مصبیہ کیلئے مفید ہے یہ خون میں قلت منی اور غدۂ قدامیہ کے سرطانی کے لئے بھی مفید ہے۔ یہ رحم سے نزف اور غیر حیض خون جریان کو بھی روکتا ہے اور زچہ صدید میں مجید ہے۔

وٹامن ای کے دیگر اشاراتِ علاج کی فہرست

حالاتِ مرض و خامی	طریقہ علاج و حیاتین مرکب
سن یاس کا تورد۔ یعنی پسینہ آنا۔ بے خوابی اور خفقان	وٹامن ای اور ملٹان کا مرکب مفید ہے۔
خواہش فرج اور بڑھاپے کا خراج فرج دبیل	وٹامن ای اور ایسٹروجن مرکب یا ایتھی نال، اور ایتھی نل آئسٹراڈیول مرکب
عضلاتی امراض مثلاً التہاب فائبرین پیرونی صاحب کا مرض التہاب مثانہ	وٹامن ای اور وٹامن اے مرکب
امراض قلب مثلاً۔ پیش قلب درد۔ گٹھیائی مرض قلب اور عرجان متوقف اور رکود اور قرحہ	وٹامن ای (ایتھی نال) اُمید افزا ہے۔
بعض جلدی امراض مثلاً صلابت جلد ذئبہ احمراری	وٹامن ای (ایتھی نال) براہ دہن موثر ہے
بعض ذہنی امراض مثلاً انشقاق ذہن داء الرقص	وٹامن ای
عروقی رفت پذیری اور علقیت	وٹامن ای

حیاتین ۸

Vitamin, H.

بائیوٹین

Biotin

اس حیاتین کا حقیقی فعل ابھی تک معلوم نہیں ہو سکا ہے لیکن تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پائروویٹ سے آگزل ایسیٹیٹ کی تکوین میں بطور کیٹالائسٹ کے کام کرتی ہے۔ بائیوٹن پروٹین ایوی ڈین کے ہمراہ کیمیاوی طور پر شامل کی جاتی ہے جو غیر پختہ انڈوں کی سفیدی میں بڑی مقدار میں موجود ہوتی ہے۔ اس حیاتین کی خامی سے ملیریا اور سالمونیلا سرایت سے مقاومت کم پڑ جاتی ہے۔ اسلئے یہ زیادہ تر جگر کے امراض میں ہی استعمال کی جاتی ہے۔ اور مقوی جگر مرکب حیاتین مثلاً لٹری سن اور بیتھیونین اور کولین کے ہمراہ زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔

اشارات علاج

یہ حیاتین اکیلی بہت کم استعمال کی جاتی ہے۔ اس لئے اس کے مرکبات کمپونڈ حیاتین کے ہمراہ پیش کئے گئے ہیں۔ یہ حیاتین سرطان کے حالات میں ایک مخصوص تعلق رکھتی ہے۔ اور رسولیوں کو حل کرتی ہے اور مندرجہ ذیل حالات مرض میں بھی مفید خیال کی گئی ہے۔

۱۔ بائیوٹن خامی۔ ۲۔ التہاب جلد اور بالوں کا فقدان

۳۔ جلدی امراض اور جوارح کا نیل گوں ہونا۔

۴۔ قشری التہاب جلد ۵۔ جلد کا ارغوانی رنگ ہونا۔

۶۔ دہنی خلل۔ ۷۔ تمام زبان کا سوکھنا۔

۸۔ ملیریا اور سالمونیلا سرایت سے مقاومت کم پڑنا۔

۹۔ بچوں کے جلدی امراض۔

حیاتین ک

Vitamin, K.

ترویب حیاتین

Coagulation Vitamin.

یہ حیاتین جگر میں پروتھرومبین کی تخلیق کے لئے ضروری ہے۔ جو خون میں پروتھرومبین کا طبعی لیول برقرار رکھتی ہے۔ پروتھرومبین جیساکہ خوب معلوم ہے خون کا تھکہ بنانے میں ایک ضروری عنصر ہے۔

پروتھرومبین کی خامی سے جگر کے فعل کا نقص واقع ہو سکتا ہے اور اس حیاتین کی بڑی مقدار استعمال کرنے سے یہ درست کیا جا سکتا ہے۔ اس حیاتین کی خامی پروتھرومبین ٹیسٹ سے معلوم کی جا سکتی ہے۔ اس حیاتین کے استعمال کے بعد پروتھرومبین ٹائم بحال ہو سکتا ہے۔ خون میں پروتھرومبین لیول، اسپیرین کے زیادہ استعمال کرنے سے بھی گر جاتا ہے۔ اس لئے آج کل اسپیرین کا فادزہر وٹامن کے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ پروتھرومبین خامی کے سبب نزف کو روکنے کے لئے وٹامن کے کا استعمال ضروری ہو گیا ہے۔

W.I.K
Styptolion Injection

وٹامن کے کے مرکبات

عام طور پر وٹامن کے یہ شکل ٹکیہ دستیاب ہوتی ہے اور سنکے وٹ (روش) ۱۰ ملی گرام کی ٹکیہ بہت ہی موثر دوا ہے۔ اس کے علاوہ ایسٹے ٹومینا فتھون (وٹامن کے انالوگ) بھی بہ شکل ٹکیہ استعمال کی جاتی ہے لیکن اوّل الذکر زیادہ موثر اور اصلی حیاتین ہے۔ وٹامن کے انالوگ بہترین تجارتی مرکب کیپی لن ادرل ساختہ گلیک سو ہے۔ جو ٹکیہ۔ سیال اور ایمپول کی شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔ یہ ۱۰ ملی گرام کی ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے۔

حیاتین ک سے علاج بالمرکب

نوزائیدہ کا نزفی مرض

Haemorrhagic Disease of the Newborn.

ہُوالشافی

سنکے وٹ ۵ ملی گرام (۱۰ ملی گرام)

ریڈوکسان Redoxon ۵۰ ملی گرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور حاملہ کو بچہ جننے سے قبل یا نوزائیدہ بچہ کو پانی میں گھول کر کئی بار دیجیے۔ یہ بچہ کی ابتدائی زندگی کے دوران میں نزف کے حالات مثلاً جلد میں خون چھلکنا۔ رنگ بدلنا اور پروتھرومبین کی خامی کو دور کرتا ہے۔

تسددی یرقان

Obstructive

مجوالشافی

کیپی لن اورل Kaplin ۲۰ ملیگرام

سیلین CELIN ۲۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔

یہ ایک دافع یرقان جگر مرکب ہے۔ جو جلد کے رنگ، خارش اور مٹیالے رنگ کے پاخانے کو تبدیل کر دیتا ہے اور سیلان صفرا کے رکاؤ کے سبب یرقان کو بحال کر دیتا ہے۔ یہ جگر میں خبیث مادوں کے سبب یرقان کے لئے بھی مفید ہے اور پیرزنڈرین، کلوروپرومیزین اور لیسپرین کے زہریلے اثر کے سبب تسددی قسم کے یرقان میں بھی مفید ہے۔

یہ مزمن تسددی یرقان کا بھی علاج ہے۔

اس کے علاوہ سرایت کو رفع کرنا، اعلیٰ پروٹین والی غذا دینا، کم چربی والی غذا دینا اور رفع الدم کا علاج کرنا بھی ضروری ہے۔ آنکھوں سے پیلا پن ختم ہونا اس مرض کی بحالی کی علامت ہے۔

یہ دوا مرکب نثری کے لئے بھی مفید ہے۔

استحاضہ

Menorrhagia.

Methergin Inj.

مجوالشافی

سنکے وٹ Rutin ۵ ملیگرام

میتھرجن اسینڈ فرم Metherg ۱ ٹکیہ

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں دو بار دیجیے۔

یہ ایک مقوی رحم، دافع نزف مرکب ہے۔ جو نزف الرحم (رحم سے خون جانا) اور استحاضہ (حیض کے دنوں میں خون زیادہ جانا) کے لئے مفید ہے۔ اور ولادت کے بعد نزف از رحم اور نامکمل اسقاط حمل میں نزف الرحم کے لئے بھی مفید ہے۔

اس کے علاوہ وٹامن کے، وٹامن سی اور روٹین کا مشہور پیٹنٹ مرکب "اسٹپٹی بیون" ساختہ اسی مرکب بہ شکل ٹکیہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

Inj "Coagulan" Ciba

Inj. Calcium Sandoz

Kaplin 2+2+2

ostocalcium Alex.

Hyti Styptobion Inj.

سنکے وٹ = R...

حیاتین ک کے دیگر اشارات علاج کی فہرست

حالات مرض	دوا مرکب یا طریقہ علاج
جلید اطراف ۔ پالا مارنا	وٹامن کے اور وٹامن سی مرکب مفید ہے
فشار دم اعلیٰ اور خستگی دندان	وٹامن کے اور رابوٹن مرکب مفید ہے۔ اگرچہ یہ ایک متضاد اشارہ ہے۔
مزمن شریانی	وٹامن کے اناباگ اور وٹامن سی مرکب مفید ہے۔
ڈکومیرول کے استعمال سے نزف	وٹامن کے (سنکاوٹ)
خود بخود نزف اور وضع حمل کے دوران نزف	وٹامن کے اور وٹامن سی مفید ہے۔
مزمن اسہال، شکمی مرض، سنگرہنی، زحیر اور تسمم بالبیراز شیر خوار بچوں میں اسہال کے سبب حیاتین کی خامی ہونا	وٹامن کے اور وٹامن سی مرکب مفید ہے
سلفا ادویات، انٹی بائیوٹک ادویات کے استعمال سے جگر میں خرابی آنا اور چربی حل ہونے میں ناکامی ہونا۔	وٹامن کے کا کوئی مرکب
معدنی تیل اور دیگر ادویات کے استعمال سے آنتوں میں وٹامن کے نہ رہنا اور مسہل ادویات کا بے جا استعمال۔	وٹامن کے کا استعمال مفید ہے۔
درون عضو پڑی نزف	وٹامن کے
جگر کا کاذب ہیموفلیا، موروثی کاذب ہیموفلیا	وٹامن کے
نزف طبقہ شبکیہ ۔ نفث الدم ۔	
استخراج دندان سے نزف، ضرب سے نزف	وٹامن کے اور سی مرکب

نوٹ۔ وٹامن کے ۱۰۰ ملی گرام کے استعمال سے قے، عارضی البیومن بولیت اور قارورہ میں پورفائرین کا وجود پیدا ہو جاتا ہے۔ لیکن وٹامن کے زہریلی دوا نہیں ہے۔

حیاتین مرکبات

Vitamin Compounds.

چونکہ متنوع حیاتین میں ایک گہرا تعلق پایا جاتا ہے اور ایک حیاتین کی کمزوری سے محدود غذائی خامی دور نہیں ہوتی ہے۔ اس لئے اب یہ عام ہو گیا ہے کہ کئی حیاتین کا مجموعہ استعمال کرنے سے یہ کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ جیسے وٹامن بی کمپلیکس کی ایک واحد مثال ہے۔ یہ حیاتین ب۔ اور دیگر حیاتین کا مخلوط مرکب ہے۔ اور اسی طرح وٹامن اے، اور وٹامن ای کا مرکب روغن گون استعمال کیا جاتا ہے یہی مرکب معالجہ آج کل بہت ہی مقبول ہو رہا ہے۔

مندرجہ ذیل ایسے حیاتین کے مرکبات پیش کئے جاتے ہیں۔ جو تجارتی طور پر ٹکیہ، ایمپول۔ گولی۔ شربت۔ سیال۔ الگزر کی شکل میں پیش کئے جاتے ہیں۔

۱۔ حیاتین ب مخلوط کے مرکبات۔ مثلاً

(Polyvit-tab P.D.…) ا۔ بیکوزم روش Becozym Roche

ب۔ بی کمپلیکس ٹیبلٹ (گلیکسو)

Becomplex ج۔ بی کمپلیکس۔ (ڈیومیکس) Dumex

د۔ لیڈر پلیکس۔ (لیڈرلے)

۲۔ وٹامن اے اور ڈی کا مرکب مثلاً

ا۔ وائی ڈیلٹا ۔ لیڈرلے)

ب۔ اڈکسولین

ج۔ وٹامن اے + ڈی۔ (ڈیومیکس)

۳۔ وٹامن بی ۱۲ اور فولک ایسڈ کا مرکب مثلاً

ا۔ ایری فول ۔ (روش)

ب۔ بیری ہے مین　لیڈرلے

ج۔ میکرا فولین　گلیکسو)

۴- وٹامن بی ۱۲، لیور ایکسٹرکٹ مرکب مثلاً

ا- ہیپو بان (ای مرک)

ب- ہیپری ہے بین (لیڈرلے)

۵- وٹامن بی ۱۲، اور میتھیونین مرکب مثلاً

ا- لسٹری سن (روشن)

ب- ڈیلنی کول (لیڈرلے)

۶- وٹامن بی ۱ + فولک ایسڈ اور پروٹین مرکب مثلاً

ا- لینڈی ناک (لیڈرلے)

۷- امینو ایسڈ اور کثیر الحیاتین مرکب مثلاً

ا- پروٹی نیکس (ڈیومیکس)

۸- گلائسرو فاسفیٹ اور وٹامن بی کمپلیکس مرکب مثلاً

ا- انگلز بی جی فاس

ب- فاسفومین (اسکوب)

۹- کیلشیم وٹامن سی مرکب مثلاً

ا- کیلشیم ڈی (ریڈوکسان)

ب- کیلشیم سینڈوز ود وٹامن سی

یہ تمام مرکبات منظور شدہ و کامیاب ہیں۔ ان کے اشارات علاج دیکھئے متعلقہ حیاتین۔

ا- کثیر الحیاتین مرکبات

(ملٹی وٹامن یا پان وٹامن)

وہ تمام حیاتین جو ضروری غذائی عناصر کا نسخہ شامل رکھتی ہوں اور بطور مقوی عام استعمال کی جاتی ہوں۔ کثیر الحیاتین مرکبات میں شامل کی جاتی ہیں۔

ان حیاتین میں وٹامن اے، بی، سی۔ ڈی اور دیگر ضروری حیاتین شامل کی جاتی ہیں۔

اور ان اجزاء کے غذا میں شامل نہ ہونے سے مندرجہ ذیل حالات مرض نمودار ہو جاتے ہیں۔

ا- پست ماندہ قوت حیات۔

۲۔ کمزوری قوت

۳۔ تکان کا عام احساس

۴۔ آلام و اوجاع۔ درد اور دکھ

ان تمام حالات کے لئے کوئی کثیر الحیاتین مرکب بطور کامیاب مفرح مقوی استعمال کیا جاتا ہے۔ ایسے حالات میں یہ ان حیاتین کی اہمیت ظاہر ہے۔

وٹامن مرکبات۔

عام طور پر بازار میں بہت سے مرکبات دستیاب ہوتے ہیں جو ٹکیہ، گولی، کیپ شول اور الگزر شربت۔ انجکشن کی صورت میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ مثلاً

۱۔ ملٹی وٹاپلیکس	(ڈیومیکس)	کیپ شول
۲۔ ملٹی بیلیرین	(للی)	گولی
۳۔ مائی گنا	(لیڈرلے)	کیپ شول
۴۔ بیکاڈیکس	(گلیک سو)	گولی
۵۔ ملٹی بیوٹا	(ای مرک)	گولی
۶۔ وٹامی نٹس	(روش)	گولی
۷۔ پروٹوویٹ	(روش)	قطرات

۸۔ Nutrisan capsule - Sand

۹۔ Archiplex opal

Becosules

Dunex

اشارات علاج

یہ تمام مرکبات تیار شدہ اچھی حالت میں دستیاب ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کو دیگر ادویات کے ہمراہ پیس کر یا مکسچر کی شکل میں استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

متعدد شکایتوں میں ان کی اہمیت واضح ہے۔ اور مندرجہ ذیل اشارات علاج کے نقشہ سے ان کا استعمال معلوم ہو سکتا ہے۔

مفرح اور مقوی حیاتین سے علاج اور اشارات علاج

حالات مرض، عوارض	حیاتین کثیر اور حیاتین سے علاج
پست ماندہ قوت Lowered Vitality.	ڈیوروِل (ڈیومیکس) کا مرکب برا و دہن بی جی فاس (شارپ ڈوہم) پلائیے۔
عام کمزوری، نقاہت General Debility.	بی جی فاس، الگزر یا ملٹی سیبیرین
★ نامردی، عصبی نقاہت Impotence and Neurasthenia.	ڈیوروِل اور پیپرنڈن مرکب
انقباض ذہن، زیادتی کام، تکان اور خستگی جسم Depression. Overwork. Exhaustion.	ڈیوروِل، بی جی فاس الگزر اور وٹامی نٹس وغیرہ
تشویش، ذہنی تلوّن اور چڑچڑا پن Anxiety Mental Instability.	وٹامن بی کمپلیکس بی ۱۲، اور ملٹان مرکب اور بی جی فاس الگزر
التہاب عصب۔ آلام، تکان اور دوار سر۔ Irritability Neuritis. Pains Fatigue Vertigo.	نوروو وٹامن ۴ ایک ٹیکہ وٹامن بی ۱۲ بی کمپلیکس فینوباربیٹون مرکب
حیض کی بے قاعدگیاں۔ فقر الدم رضاعت	ڈیوروِل سیال مرکب
★ فقدان اشتہا۔ ایام حمل Loss of Appetite. Pregnancy.	وٹامن بی ۱۲ بی کمپلیکس

متنوع حیاتین

Various Vitamins.

اگرچہ حیاتین کیمیاوی لحاظ سے مختلف مادے رکھتی ہیں۔ لیکن ان کی بعض عام صفات بھی ہیں۔ ان میں سے مخصوص حیاتین کا بیان تفصیل سے کر دیا گیا ہے۔ اور اب ایسے حیاتین مرکبات کا بیان کیا جائے گا جو علاج بالحیاتین میں ہی شمار کئے جاتے ہیں جیسے۔

(۱) نکوٹینا مائیڈ۔

(۲) کیلسیم پانٹوتھینیٹ

(۳) فولک ایسڈ۔ (۴) آئنوسٹول

(۵) وٹامن پی (ریوٹن)

(۶) کولین (۷) میتھیونین

ان میں سے بعض تو وٹامن بی کمپلیکس کے ممبران میں شامل کی جاتی ہیں اور بعض خون افزا اور مانع نزف ادویات میں شامل کی جاتی ہیں۔

۱۔ نکوٹینا مائیڈ

Nicotinamide.

یہ کوانزائم ۱ اور کوانزائم ۲ میں بطور حیاتین کام کرتی ہے اور بافتوں کے تنفس میں ہائیڈروجن سپلائی کرتی ہے۔ یہ رگوں کو کشادہ کرنے کی صفت رکھتی ہے۔ اور اس لئے دردِ سر بطرز ہرٹن کے درد اور عضلاتی درد میں بطور موسع عروق استعمال کی جاتی ہے۔ یہ حیاتین دو اشکال میں دستیاب ہوتی ہے۔

۱۔ نکوٹینا مائیڈ

۲۔ نکوٹینک ایسڈ

نکوٹینک ایسڈ تو نیاسین کے نام سے یاد کی جاتی ہے۔ اور دافع مرض الورد (پیلاگرا) عامل کہلاتی ہے جس کو بطور حرف مختصر (P.P.) فیکٹر کہتے ہیں۔ یہ ۵۰ ملیگرام ٹکیہ کی شکل میں براہِ دہن استعمال کی جاتی ہے۔ اور اس کے اشارات علاج مندرجہ ذیل ہیں۔

پیلاگرا۔ مرض الورد۔ یعنی زبان کا ورم والتہاب۔ سوزش دہن۔ (منہ کا التہاب)۔ اسہال و دست، جلد کے اعراض وغیرہ۔ غذائی نفسیاتی کمزوری۔ الکوحل سے زہریلا پن۔ ولنسنٹ صاحب کا مرض۔ رینا ڈ صاحب کا مرض۔ اور منیئر صاحب کا مرض۔ اور عروق قلب کے بعض امراض۔

نکوٹینک ایسڈ اور نکوٹینا مائیڈ کا فرق

یہ بیلونین ایمائیڈ ۵۰ ملی گرام (گلیکسو) بہ شکل ٹکیہ دستیاب ہوتی ہے۔ یہ نکوٹینا مائیڈ کے مماثل اثر رکھتی ہے۔ لیکن دونوں مرکبات میں ذرا سا فرق ہے۔ نکوٹینک ایسڈ تو رگوں کو کشادہ کر دیتی ہے۔ لیکن نکوٹینا مائیڈ ایسا نہیں کرتی۔

اور یہ دونوں حیاتین وٹامن بی کمپلیکس کا ایک عنصر خیال کی جاتی ہیں۔ نکوٹینک ایسڈ ۳۰ ملیگرام جلا وریدی استعمال کرنے سے چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ اور تمتماہٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ اور خون کے دباؤ میں کمی پڑ جاتی ہے۔ لیکن نکوٹینامائیڈ ایسا اثر نہیں کرتی۔ اور مرض پیلاگرا انجکشن کے ذریعہ استعمال کی جاتی ہے۔ نکوٹینک ایسڈ مینیئر صاحب کے مرض میں مفید ہے اور درد شقیقہ التہاب مفصل اور ذبحہ صدریہ میں بھی مفید ہے۔ اور اس کو علاج بالمرکب میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور یہ اینٹوفلین سے الگ تاثیر رکھتا ہے۔

۲۔ کیلسیم پانٹوتھینیٹ

اس وٹامن کے فعل کی ماہیت صاف طور پر معلوم نہیں ہوئی ہے۔ لیکن یقین کیا جاتا ہے کہ یہ پروٹین و چربی کے بنانے میں ایک اہم پارٹ ادا کرتی ہے۔ یہ کو انزائم اے کے طور پر ایمائنز ایسڈس کے ایسے ٹائل بناتی ہے۔ اور اس صفت کی وجہ سے یہ حیاتین بعض مخصوص ادویات کے زہریلے اثرات کو متعادل یا زائل کرنے میں مدد دیتی ہے۔

یہ پانٹوتھینک ایسڈ (ایک نامیاتی ترشہ) بھی ہوتا ہے جو ترش مادہ ہوتا ہے۔ اس کی خامی سے انسان میں برگردہ نزف۔ ذبول اور مردنی پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ دیگر حیاتین کے ہمراہ بطور مرکب علاج استعمال کیا جاتا ہے۔

۳۔ حیاتین ایچ

Vitamin, H.

بائیوٹن

Biotin.

یہ کوئی حیات بخش اثر نہیں رکھتی ہے۔ اور اس لئے اس کا علم العلاج میں کوئی خاص مقام نہیں ہے۔ صرف جگر کے امراض میں استعمال کی جاتی ہے۔ حال ہی میں اس کا ایک خاص مرکب جیروبیون Gerobion. ساختہ ای مرک پیش کیا گیا ہے جو بڑھاپے میں صلابت شرائین جگر کی سختی کو دور کرتا ہے۔ اور بہ شکل ٹکیہ استعمال کیا جاتا ہے۔ (دیکھئے مزید بائیوٹن کا بیان گذشتہ اوراق میں)

۴۔ فولک ایسڈ

Folic Acid. (P.G.A).

یہ حیاتین فولی نک ایسڈ کی شکل میں خون آفرین نظام کے طبعی افعال کو جگا دیتی ہے۔ اور وٹامن بی ۱۲ کے ہمراہ بطور منظور شدہ مرکب استعمال کی جاتی ہے یہ حیاتین امینو ایسڈ کے تحول میں مدد دیتی ہے۔ اور نیوکلیک ایسڈ کی تکوین کو بڑھاتی ہے۔

فولک ایسڈ، وٹامن بی ۱۲، اور وٹامن سی خون آفرین حیاتین شمار کی جاتی ہیں۔ اور فقر الدم کے علاج میں استعمال کی جاتی ہیں۔ اور فولک ایسڈ

Calcium Pantathenate.

وٹامن ایم کہلاتا ہے۔ اور اسکروپی کے ساتھ فقرالدم کے لئے بہت مفید ہے۔

فولک ایسڈ کے مرکبات

فولک ایسڈ ایک زرد رنگ کا مادہ ہے۔ جو پانی میں حل نہیں ہوتا ہے یہ بازار میں فولوائٹ اور وٹامن بی ۱۲ کے ہمراہ مہلک فقرالدم میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اور یہ پی جی اے (P.G.A) بھی کہلاتا ہے۔

فولک ایسڈ سے علاج بالمرکب

اور

اشارات علاج

فولک ایسڈ ٹکیہ اور کیپ شول کی شکل میں ۱۰ ملی گرام روزانہ استعمال کیا جاتا ہے۔

غذائی مکروسائی ٹک فقرالدم

Nutritional Macrocytic Anaemia.

ھُوالشافی

فولوائٹ	۱۰ ملیگرام
وٹامن بی ۱۲	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ حیاتین مرکب فقرالدم کی بعض اقسام کے لئے بہت مفید ہے اور مرض سنگرہنی کے علاج میں بھی مفید ہے۔ یہ ایام حمل۔ مرض البورد میں بطور خون آفریں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

فولاد کی خامی سے فقرالدم

Iron Deficiency Anaemia.

* ھوالشافی

فولوائٹ	۱۰ ملیگرام
فرسولیٹ	½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ حیاتین و فولاد کا مرکب ہے۔ جو فولاد کی کمی کے سبب فقرالدم میں مفید ہے۔ اور لیکوچیا۔ معدہ اور امعاء کے خلل جیسے اسہال اور چربی دار دستوں کے لئے مفید ہے۔

سنگرہنی

Sprue.

* ھُوالشافی

فولوائٹ	۱۰ ملیگرام
وٹامن بی ۱۲	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک دافع فقرالدم مرکب ہے۔ جو لیوراکسٹرکٹ انجکشن کے ہمراہ

استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس سے آنتوں و معدہ میں خون آفریں نظام کا خلل درست ہو جاتا ہے۔ اور زبان کا التہاب بھی بحال ہو جاتا ہے۔ درست چربی دار درست اور غلط انجذاب غذا بھی درست ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پیری ہیمین ساختہ لیڈرلے کیپ شول براہ دہن دیا جاسکتا ہے۔ جو لیور اکسٹرکٹ، فولک ایسڈ اور فولاد کا مرکب ہے۔ اور ہائپرکرومک فقر الدم میں مفید ہے۔

مابعد سرایت فقر الدم

Post Infectious Anemia.

هو الشافی

۱ فولک ایسڈ	۰۸۹، ملیگرام
۱ فیرس گلوکونیٹ	۴ گرین

دونوں کو باہم ملا کر کسی شربت میں ملا کر دیجئے۔

یہ دافع فقر الدم مرکب ہے۔ جو فولاد کی خامی کے سبب فقر الدم۔ میگالو بلاسٹک فقر الدم حاملہ کے فقر الدم اور ثانوی فولاد خامی فقر الدم اور ایسے دیگر فقر الدم میں مفید ہے۔ یہ غذائی فقر الدم ابتدائی ملکروساٹک فقر الدم اور سرایتوں کے بعد فقر الدم کے لئے بہت موثر ہے۔

۵۔ آئنوسٹول

Inosital.

یہ حیاتین حیوانی تغذیہ میں اہمیت رکھتی ہے۔ اور چوہوں میں اس کی خامی سے فقدان شعر (بالوں کا نہ ہونا) پیدا ہو جاتا ہے۔ اور انسان میں یہ حیاتین جگر کی چربی کو تندرست رکھتی ہے۔ اور لپوٹراپک عامل کہلاتی ہے۔ اس لئے یہ بہت کمی کے ساتھ علم العلاج میں استعمال کی جاتی ہے۔ اور پرورش میں ایک ثانوی لاحقہ سمجھی جاتی ہے اور شریانی صلابت کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے۔ آج کل یہ حیاتین دیگر حیاتین کے ہمراہ کہبت جگر، جگر پر زہریلے اثرات اور جگر کے فعل کے خلل میں استعمال کی جاتی ہے۔ یہ کولین اور میتھیونین کے ہمراہ عام طور پر تجویز کی جاتی ہے۔ اس کا ایک خاص سیرپ میتھیونین و کولین اورگانن ٹری میں بہت عام استعمال کیا جاتا ہے۔ جو جگر کے امراض میں مفید ہے۔

۶۔ حیاتین پ

Vitamin, P.

ریوٹن

Rutin,

یہ حیاتین عروقی نزاکت پر اثر کرتی ہے۔ اور عروقی نزاکت (تخلخل عروق) رگوں کے نازک ہو جانے

سے خون سا بہتا ہیں بھی استعمال کی جاتی ہے۔اور ۲۰ ملی گرام بہ شکل ٹکیہ استعمال کی جاتی ہے۔

ریوٹن سے علاج بالمرکب

یہ حیاتین زیادہ تر وٹامن سی۔ وٹامن کے اور دافع نزف ادویات کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے اور آنکھ کی رگوں کی سرخی کو بھی دور کرتی ہے۔

فشار دم اعلیٰ

Hypertension,

ہوالشافی

راؤولکسین (اسکوئب)	۱ ٹکیہ
وٹامن سی	۱۰۰ ملیگرام
ریوٹن ایچ	۵ ملیگرام

تینوں کو ملا کر ایک پوڈر بنا لیجیے۔اور پانی کے ہمراہ دیجیے یہ خون کے دباؤ میں آنکھ میں خون کی سرخی کو دور کرتی ہے اور رگوں کو پھٹنے سے بچاتی ہے اور فشار دم اعلیٰ (ہائی بلڈ پریشر) کی علامات کو بھی تسکین دیتی ہے۔

جلید اطراف میں گنگرین

Frost Bite, Gangrene,

ہوالشافی

ریوٹن (ایچ)	۲۰ ملیگرام
وٹامن سی (Ascovit)	۱۰۰ ملیگرام
وٹامن کے	۱۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڈر بنائیے۔اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجیے۔ یہ حیاتین مرکب دافع نزف ہے اس لئے بالا مار نالا ہاتھ پیر سردی سے پھٹنا و خون جانا اور جلید اطراف میں قرحہ در نزف جاری ہونا میں مفید ہے۔اور نزفی رجحان کو روکتا ہے۔

۷۔ کولین

Cholin

کولین جوہر بیضہ مرغ کا ایک خاص عنصر ہے۔ اور یہ ایک غذائی جوہر ہے۔ جو حیاتین ب مخلوطیہ کا بھی ایک ممبر ہے یہ حیاتین انسانی خلیہ کو درست رکھتی ہے اور اس کی خامی سے حیوانات میں جگر کی چربی کا مرض اور نزف از جگر۔ انحطاط گردہ و جگر اور کھانی علی ال اور تیموسیہ کی خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ بھی پوڈر دیک عامل خیال کی جاتی ہے۔ اس لئے دیگر حیاتین کے ہمراہ جگر کے امراض مثلاً چربی دار جگر اور کثرت جگر میں استعمال کی جاتی ہے۔ بعض حضرات نے بتلایا ہے کہ کولین ذیابیطس شکری۔ صلابت جگر جگر کے دیگر امراض میں مفید ہے۔ اور میتھیونین کے ہمراہ جگر کے بعض امراض میں مفید ہے۔ بعض حضرات نے اس کو پریڈنین کاربوہائیڈریٹ اور سسٹین کے ہمراہ استعمال کیا ہے۔ لیکن سب سے زیادہ موثر تجارتی مرکب بہرپ میتھیونین و کولین ہے۔ جو جگر کے چھوٹا ہونے جگر کے فعل بگڑنے اور یرقان۔ جلندھر میں مفید ہے۔ ایک مشہور ڈاکٹر ڈیویس

(Ascovit = vitamin C)

نے لکھا ہے۔ کہ یہ کولین نوزائیدہ و بچوں میں جگر کے یرقان کے علاج میں بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ سیرپ میتھیونین و د کولین براہ دہن فقر الدم کی بعض اقسام میں بھی مفید ہے۔ بہر کیف کولین علم امراض چشم، علم امراض بول اور علم امراض جلد میں بھی استعمال کی جاتی ہے بہت سے ڈاکٹروں نے کولین کو امراض جلد مثلاً چنبل وغیرہ امراض میں آزمایا ہے اور یہ لیپوٹروپک عامل ہونے کی وجہ سے جگر کی خرابی سے پیدا شدہ امراض میں بہت موثر ہے۔ عامل طب کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کولین متعدد ناموں سے دستیاب ہوتی ہے ذرا سے فرق سے قطعی مختلف دوا لینے کا امکان ہو سکتا ہے۔ مذکورہ بالا کولین صرف حیاتین ہے۔ ورنہ ایسیٹل کولین۔ کولین گلوکونیٹ۔ کولین ڈائی ہائیڈروجن سائٹریٹ استعمال ہونے کا خطرہ ہو سکتا ہے اسلئے سیرپ کولین و میتھیونین استعمال کرنا زیادہ بہتر ہے (کولین کے مرکبات دیکھئے ب حیاتین)

۸۔ میتھیونین

Methionin,

یہ ایک بنیادی امینو ایسڈ ہے۔ جو ایک لیپوٹروپک عامل ہے۔ یہ کولین کی طرح جگر پر اثر کرتی ہے۔ اور جگر کو چربی چھا جانے سے بچاتی ہے۔ یہ جگر پر کلورو فارم الخ کے اثر زائل کرتی ہے اور جگر کے خطرات سے بچاتی ہے اور جگر کو نقصان دینے والی ادویات کے زہریلے اثرات سے بھی بچاتی ہے اور اس وجہ سے یہ آج کل مندرجہ ذیل جگر کے حالات مرض میں استعمال کی جاتی ہے۔

۱۔ کہبت جگر (جگر سکڑنا)

۲۔ شدید التہاب جگر

۳۔ جگر کے فعل کا خلل

۴۔ جگر پر ادویات کے زہریلے اثرات

تجارتی مرکبات

میتھیونین ۵۰۰ گرام ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے۔ اور سب سے بہتر میتھیونین ساختہ وائتھ ہے جو سفید ٹکیہ ہے۔ یہ کولین کے ہمراہ بھی دستیاب ہوتی ہے۔ شربت اور ٹکیہ زہریلے اثرات سے مبرا ہے اور اس کے استعمال سے کسی قدر معدہ و امعاء کی بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔

میتھیونین سے علاج بالمرکب

میتھیونین جگر کے امراض میں بہت زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ اور کولین، آئنوسٹول اور وٹامن بی کمپلیکس کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے۔

کہبت جگر

Hepatic Cirrhosis,

ہو الشافی

۱۔ میتھیونین (دوا تحفہ) ا ٹکیہ

وٹامن بی کمپلیکس بی ۱۲ ا ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ایک مقوی جگر مرکب ہے۔ جو جگر کے امراض مثلاً جگر کے فعل کی خرابی۔ جگر کا سکڑنا۔ ویگر ادویات کے زہریلے اثرات اور شدید التہاب جگر کے لئے مفید ہے۔

خسران جگر

Liver Damage,

ہوالشافی

میتھونین ۱ ٹکیہ
کیلشیم کیرٹری نیزیٹ (گلیک سو) ۲۰۰ میگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنا لیجئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ پروٹین اور انیورائیٹ کا مرکب ہے جو التہاب جگر کہبت جگر۔ فقر الدم اور جگر کے بعض مخصوص امراض میں بطور اضافہ غذا کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مزید دیکھیے۔
پینٹھیونین اور ابلسپرین مرکب

حیاتین سے علاج کیلئے بعض مخصوص حیاتینی مرکبات

موجودہ زمانہ میں حیاتین سے علاج کی اتنی اہمیت ہے جتنی کہ انٹی بائیوٹک علاج کی مندرجہ ذیل حیاتین کے تجارتی مرکبات عام دستیاب ہوتے ہیں جو بہت سے اجزاء سے تیار کئے جاتے ہیں اور یہ علاج بالمرکب کا ایک شاندار کارنامہ ہے۔ اور طب کے لئے ایک بیش قیمت عطیہ ہے۔

(۱)	بیکاڈیکس	گولیاں	ساختہ گلیک سو
(۲)	بیکاڈیکس	ڈراپس	برائے اطفال
(۳)	ملٹی ویٹابن	گولیاں	ساختہ للی
(۴)	وائی ملٹا	کیپ شول	ساختہ لیڈرے
(۵)	کیڈی فیرم	(فولاد کیلشیم اور وٹامن ڈی)	ساختہ گلیک سو
(۶)	کمپلیکس بی اور بی ۱۲	ٹکیاں	ساختہ گلیک سو
(۷)	میکرافولین	ٹکیاں	ساختہ گلیک سو
(۸)	آسٹوکیلشیم	مالٹ فوڈ (مقوی حیاتین مرکب)	گلیک سو
(۹)	ڈیورول	سیال (مقوی و مفرح قلب)	ساختہ ڈیومیکس
(۱۰)	ملٹی وٹاپلیکس	کیپ شول (مقوی)	ساختہ ڈیومیکس

(۱۱) جیورال	کیپ شول (معدن وحیاتین کا مرکب)	ساختہ لیڈرلے
(۱۲) ڈیفی کول	سیال (ایتھیونین وحیاتین مرکب)	ساختہ لیڈرلے
(۱۳) لیڈرپیکس	کیپ شول (مقوی)	ساختہ لیڈرلے

اشارات علاج اور علاج بالحیاتین

حالات مرض یا خامی حیاتین	مجوزہ حیاتین یا طریقہ علاج
مہاسہ عام۔ نوجوان عمر میں	حیاتین الف (ایروویٹ ٹکیہ)
بوڑھے افراد میں حیاتین کی کمزوری	ڈیورول یا بی جی فاس
فقر الدم	یبوراکسرکٹ معہ آٹولابان
مرض بیری بیری	وٹامن بی ۱ انجکشن
مشمی مرض مثلاً سنگرہنی وغیرہ	وٹاول ساختہ وٹامن لمیٹیڈ ۱ اونس بہمراہ آب
تقرحی التہاب قولون	وائی ڈوے بین ساختہ ایبٹ ۱ اونس بہمراہ آب
بوڑھاپے کا نسیان	وٹامن بی کمپلیکس و وی بی ۱۲ ساختہ گلیکسو
معدہ وامعاء کا قرحہ	وٹامن بی ۱ اور وٹامن سی مرکب
التہاب دماغ	وٹامن بی کمپلیکس اور گلوکوز مرکب
بماز الدم اور بول الدم	وٹامن سی اور وٹامن کے مرکب ۱۰ ملی گرام اور فینوباربٹون ½ گرین
رضاعت طفل	وٹامن سی ۲۵ ملی گرام روزانہ وٹامن ڈی یا اوسٹیکسولین دو قطرے روزانہ

حالات مرض بہ نقص حیاتین	مجوزہ حیاتین یا طریقہ علاج
برقانی ۔ (کمی با ؤ ۔)	وٹامن کے ۱۰ ملی گرام کیلسیم لکٹیٹ ۶ گرین + وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام
عضلاتی ذبول	ایفی تال روشن ۵۰ ملی گرام روزانہ براہ دہن
پیلاگرا (مرض ورد)	نکوٹینک ایسڈ ۱۰ ملی گرام روزانہ
نفسیاتی کمزوری ہذیان (اضرابی)	وٹامن بی کمپلیکس و بی ۱۲ انجکشن وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام دونوں کو باہم ملاکر روزانہ دیجئے۔
اسقربوط (اسکروی)	وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام روزانہ تین بار
سنگرہنی (اسپرو) — خراشِ دہن۔ خراشِ زبان	نکوٹینک ایسڈ امائیڈ ۱۰۰ ملی گرام ریبوفلیوین ۵ ملی گرام دونوں کو ملایئے۔ بہ روزانہ دیجئے۔
تحم بالبراز (پاخانہ میں چربی آنا)	سیرپ بیکوزم افلوئڈ ڈرام روزانہ تین بار
اگہتاب فم	ریبوفلیوین اور وٹامن سی مرکب
پھیپھڑے کی دق (ریوی تدرن)	وٹامن اے اور وٹامن سی

باب ۴

دافع حساسیت علاج
Anti Allergy Therapy.

فہرست عنوانات

حسّاسیت اور دافع حساسیت علاج

Allergy, Anti Allergy Therapy,

انسانی جسم کسی بھی غیر معمولی مادہ سے ردِ عمل پیدا کر سکتا ہے۔ اس حالت کا نام جدید طب میں مخصوص حساسیت ہے۔ ایسا ردِ عمل جب انسان میں واقع ہوتا ہے تو اس کو ہم حساسیتی ردِ عمل کہتے ہیں۔ اور یہ حالت حساسیت یا ارجی کہلاتی ہے۔

بہت سے ردِ عمل ہسٹامین مادہ کی آزادوری سے بھی پیدا ہو جاتے ہیں یہ مادہ جسمانی سیالات میں جسمانی خلایا سے پہنچ جاتا ہے۔ اور اس کے بہت سے طریقے ہیں۔

حساسیتی ردِ عمل مندرجہ ذیل بالکل عام ہیں۔

۱۔ شری۔ (یعنی اُچھلنا)

Urticaria,

اس مرض میں کھجلی ہونے لگتی ہے۔ رگوں کو کشادہ ہو جانے سے جلد پر گھیرے یا چکتے سے پڑ جاتے ہیں۔ اور مچھر کے کاٹے کا سا نشان پڑ جاتے ہیں اور یہ خوب پھیل جاتے ہیں اور وہ مادہ یا عامل جو یہ حالت پیدا کرتا ہے۔ خون کے منجد حصار کے ذریعہ حساسیت پھیلا دیتا ہے؟ بہت سی غذائیں اور دوائیں بھی اس قسم کی حساسیت پیدا کر دیتی ہیں۔

یہ شری جلد کی نچلی بافتوں۔ ہونٹوں آنکھوں میں ورم کی طرح پھیل جاتا ہے۔ اس لئے اس کو عروقی عصبی اذیما یا ورم رخو کہتے ہیں۔

۲۔ التہاب جلد

Dermatitis,

یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔

ا۔ مماس التہاب جلد

اس میں لگنے والا مادہ جلد تک پہنچتا ہے۔ اور جلد کے اوپری پرت پر ردِ عمل اٹھاتا ہے اس کا سبب سے زبردست حملہ آور مادہ صنعت و حرفت میں کیمیاوی مادہ ہے جیسے رنگ، پلاسٹک کا سامان عشق پیچاں کا زہر وغیرہ۔ یہ ایک التہاب کی قسم کا ردِ عمل ہوتا ہے۔ جس میں آبلے سے پڑ جاتے ہیں اگر سبب معلوم ہو جائے تو علاج آسان ہو جاتا ہے۔

اس حالت میں اینٹی ہسٹامین ادویات سے مقامی علاج کرنا زیادہ فائدہ مند رہتا ہے

ب۔ عام التہاب جلد

Atopic dermatitis,

یہ بچوں کا اکزیما بھی کہلاتا ہے۔ یہ شاید موروثی ہوتا ہے معمولی ذہنی بے چینی سے بھی پیدا ہو جاتا ہے۔

۳۔ بیرونی مصل

Foreign Serum,

جب بیرونی سیرم یعنی گھوڑے کا سیرم جسم میں انجکٹ کیا جاتا ہے تو حساسیتی ردعمل عام ہو جاتا ہے۔ اور بعض اوقات تو زیادہ نازک ہو جاتا ہے۔ یہ سیرم جدید طب میں کزاز اور خناق کے علاج میں عام استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح انٹی بائیوٹک ادویات کے انجکشن سے بھی دوا کا ردعمل پیدا ہو جاتا ہے۔ جو ایک حساسیتی ردعمل کہلاتا ہے۔ اس کا علاج انٹی ہسٹامین معالجہ ہے۔

۴۔ شعبی دمہ

Bronchial Asthma,

جب انابیب شعبیہ میں کوئی ردعمل اٹھ کھڑا ہوتا ہے تو مشترکہ اثرات پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثلاً دیوار انبوبہ میں عضلاتی انقباض ہونا۔ گاڑھی بیٹھ کے پیدا ہونے کے ساتھ انابیب کے غدوں کا حرکت میں آنا لعابدار جھلی کو استر کرنے والی خلاط کا ورم کر جانا۔ ان سب کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ سانس لینا دشوار ہو جاتا ہے۔ اور ایک حالت موسوم بہ "شعبی دمہ" پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کا موثر علاج بھی دافع حساسیت معالجہ ہے۔

دافع حساسیت معالجہ کے اثرات

انٹی ہسٹامین ادویات کے حسب قاعدہ مندرجہ ذیل اثرات ہوتے ہیں۔

(۱) مرکزی نظام عصبی کی تسکین پیدا ہونا۔

(۲) بڑی مقدار میں استعمال کرنے سے ہیجان و دورہ پیدا ہونا اور دورے کے سبب اعضاء تنفس کے خلل سے موت واقع ہونا۔

(۳) خون کے دباؤ میں گراؤ کا مقابلہ کرنا۔

(۴) شریانی عروقی عصبی اذیما کو دور کرنا۔

شفا بخش اثرات

انٹی ہسٹامین ادویات بہت سے حساسیتی ردعملوں میں مفید ہیں۔ مثلاً

(۱) ناک کی حساسیت جیسے تپ کاہی۔

(۲) عروق کی حرکت سے ہونے والا التہاب انف

(۳) دوا کی حساسیت

(۴) سیرم کا ردعمل

(۵) ہسٹامین سے دردسر

(۶) خراش جلد اور کھجلی

(۷) غذا سے حساسیت

(۸) عروقی عصبی اذیما

(۹) گرد و غبار کے سبب حساسیت یا تپ کاہی کے ساتھ دمہ۔ دمہ کے شدید حملہ میں غیر موثر ہیں۔

۱۰ - ایکسرے کے لگنے سے لاشعاعی بیماری

۱۱ - جذباتی متلی -

انتخاب ادویہ

بہت سی دافع حساسیت ادویہ ہونے کی وجہ سے ان کا انتخاب ضروری ہے۔ جیسے

۱ - بینا ڈرل (پارک ڈیوس)

۲ - فنرگان (ایم بی)

۳ - انکولان (بی ڈی ایچ)

۴ - ڈی کا پرن (شیرنگ)

یہ مخصوص و مالکانہ ادویات بہت زیادہ تسکین پیدا کرتی ہیں۔ لہٰذا ان کو رات کے وقت استعمال کرنا چاہیئے۔

Antistine

۵ - انٹسٹین (سیبا)

۶ - نیو ہٹرائین

یہ ذرا کم تسکین پیدا کرتی ہیں اور اسلئے دن میں بھی دی جاسکتی ہیں۔

۷ - تھیفورین (روش)

یہ کسی قدر تحریک پیدا کرتی ہے۔

۸ - پائری بنزامین (سیبا)

۹ - کلور - ٹرائی میٹین - (شیرنگ)

۱۰ - ہسٹاڈل (للی)

۱۱ - تھینی فاڈل

یہ ادویات عام استعمال کے لئے عام تجویز کی جاتی ہیں۔

زہریلا پن

یہ ادویات اگر زیادہ عرصہ تک دی جاتی ہیں تو زہریلے پن کا امکان پیدا کر دیتی ہیں۔ یہ سب زبردست زہریلی قوت رکھتے ہیں۔ لیکن شفابخش مقدار میں دینے پر بےضرر ثابت ہوتے ہیں۔ بہت سی ادویات تو مرکزی نظام عصبی کا دباؤ پیدا کرتی ہیں۔ اور بعض سکون پیدا کرتی ہیں۔ ان کے بعض اہم مخالف اثرات یہ ہیں۔

۱ - منہ کی خشکی

۲ - خراش خوہن

۳ - چڑچڑاپن

۴ - شدید نفسیاتی دباؤ

۵ - فقر الدم

سب سے زہریلا ردِ عمل دورہ بیہوشی ہے۔

مقدار اور طریقہ استعمال

اینٹی ہسٹامین ادویات براہِ دہن اور مقامی طور پر اور بذریعہ انجکشن عام استعمال کی جاتی ہیں۔ براہِ دہن استعمال کیلئے ٹکیہ - کیپ شول - الگزر یا شربت دستیاب ہوتے ہیں۔ یہ مرکب نسخوں میں بھی عام استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً کھانسی کے لئے سیرپ فنےڈرل (ایم بی) دستیاب ہوتا ہے۔ اور یہ ایفیڈرین یا بینوفلین یا سیلی سیلیٹ ادویات کے ہمراہ بھی استعمال کی جاتی ہیں۔ مقامی تاثر کے لئے مرہم کریم اور لوشن کی شکل میں۔

بھی دستیاب ہوتی ہیں۔

یہ مرکبات بعض اوقات خراش آور بھی ثابت ہوتے ہیں۔ مقامی اثرات کیلئے ایروسول یا اسپرے بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔

انٹی ہسٹامین ادویات کی معتادگی حسب ذیل ہے۔

(۱) کلورٹرائی میٹین ۴ ملیگرام
(۲) ان ٹسٹین ۱۰۰ ملیگرام

عام طور پر سب سے کم مقدار استعمال کی جاتی ہے۔

دافع رعشہ معہ فالج مرکب

Anti-Parkinson's Disease,

ہوالشافی

تھیفوربین (ارٹش)	۲۵	ملیگرام
ارٹین (گیگی)	۲	ملیگرام
شربت سادہ	۴	سی سی

ان سب کو ملا کر شربت میں ملائیے۔ اور دن میں چار بار دیجئے۔ یہ ایک مرخی عضلہ ہے۔ جو پارکن سن مرض کی تمام اقسام میں مفید ہے۔ تیرا بین کی سختی کو کم کرتی ہے اور دافع تشنج اثر کرتی ہے اور نرم عضلہ کو ڈھیلا کرتی ہے۔ ہیکل کے عضلات کی سختی و لرزہ کم کر دیتی ہے۔ جراح کا درد، تناؤ عضلات و تکان بھی رفع کر دیتی ہے۔ اور دماغ کا انحطاط بھی کم ہونے لگتا ہے۔ اور التہاب دماغ بھی کم ہو جاتا ہے۔

انٹی ہسٹامین ادویات کے تجربہ کی استعمالات

اور

دافع حساسیت مرکب علاج

مندرجہ ذیل اردو حروف تہجی کے لحاظ سے حساسیتی عوارض کے لئے مرکبات و پیٹنٹ مرکبات دیئے جاتے ہیں۔

ارتشاح

Exudation,

ہوالشافی

سینڈوسٹن کیلشیم اچھا گوار ٹکیہ

اس کو ایک چار کا چمچہ بھر پانی میں ڈال کر جھاگ دار لوشن کو پلا دیا جائے۔ یہ سینڈوسٹن اور کیلشیم گلوکونیٹ کا مرکب ہے جو جلد کے رساؤ کو کنٹرول کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ دوا خلوی رقت پذیری پر زبردست اثر کرتی ہے۔ اور خلیہ دعروق کے تخلخل میں اثر آفرین مرکب ہے اور زہریلے اثرات سے مبرا ہے۔ اس کے علاوہ رساؤ کو روکنے کے لئے مقام ماؤف پر سینڈوسٹن مرہم بھی لگانا چاہئے۔

بچوں کا اکزیما

Infantile Eczema,

ھُوالشافی

"Eczema ointment"

سونٹول جیلی

ویسلین	بحسب ضرورت

دونوں کو باہم ملا کر اکزیما پر لگائیے۔

یہ مرہم اکزیما کی خراش جلد کو کم کرتا ہے۔

اس کے ہمراہ براہِ دہن بینا ڈرال سیرپ بھی دیا جا سکتا ہے۔ اور اگر اس سے آرام نہ ہو تو ہائیڈرو کورٹی سون مرہم لگانا چاہیے۔

تپ کاہی

Hay Fever,

ھُوالشافی

فینرگان	۱ ٹکیہ
ایفیڈرین	½ ٹکیہ

دونوں کو پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک دافع حساسیت مرکب ہے۔ جو پولن کے بخار اور پولن دمہ (موسمی فصلی دمہ) کے لئے مفید ہے۔ یہ روزانہ تک دیا جا سکتا ہے۔ اگر اس سے آرام نہ ہو تو ہائیڈرو کورٹی سون ۵ ملی گرام براہِ دہن دی جا سکتی ہے اور حملہ کی شدت کو کم کرنے کے لئے اڈرینالین کا انجکشن بھی مفید ہے۔ ناک کا بھراؤ کم کرنے کے لئے۔ ان ٹسیٹن پریوین لوشن (سیبا) ناک میں ٹپکایا جا سکتا ہے۔

تپ دمہ

Hay Asthma,

ھوالشافی

الرکر (شیرنگ)	۵ گرین
گلوکوز	۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک جدید دافع حساسیت مرکب ہے۔ جو دمہ۔ تپ کاہی۔ اور حساسیتوں کیلئے بہت ہی موثر ہے اور دمہ کو سکون دینے کیلئے ڈاکورٹن فینوبار ٹون مرکب بہت موثر ہے۔ اور کھانسی کو کم کرنے کے لیے سیرپ فنے ڈل ایک چار کا چمچہ بھر دینا چاہیے۔

تسمم حمل

Toxaemia of Pregnancy.

ھُوالشافی

انکوڈلی	۱ ٹکیہ
وٹامن بی کمپلیکس ود بی ۱۲	۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک دافع حساسیت مرکب ہے۔ جو حمل کا زہریلا پن مثلاً متلی۔ قے اور عروقی امتلاء کم کرنے کے لئے بہت موثر ہے۔

ثوران دوا

Drug Eruption

ہوالشافی

سینڈوستن ۱ ٹکیہ

ایوپل ۱ ٹکیہ

دونوں کو پانی کے ہمراہ ایک ساتھ دیجئے۔ یہ ایک زبردست دافع حساسیت مرکب ہے جو دواؤں کے جلد پر اثرات دانے۔ دھپڑ۔ درد وڑے پتی کو کم کرتا ہے۔ اور عروق دار گوں کی نزاکت کو کم کر دیتا ہے۔ بیرم۔ انٹی بائیوٹک ادویات اور پارہ سنکھیا وغیرہ کے اثرات کو زائل کر دیتا ہے۔

حساسیت لخلخہ

Inhalation Allergy,

ہوالشافی *

۸ سیرپ بیناڈرل ایک چائے کا چمچہ بھر

۸ سیرپ اتھینین ایک چائے کا چمچہ بھر

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے یہ مسکن شعبہ دافع حساسیت مرکب ہے جو بیرہ۔ پودے۔ گھر۔ گرد و غبار اور غذائی حساسیت اور دودھ کی حساسیت۔ نباتاتی گھی کی حساسیت۔ اور ماحول وفصل بہار کی حساسیت کو روک دیتا ہے اور بہت موثر ہے۔

* خراش جلد

Irritaticn in Denmaloses.

ہوالشافی

سینڈوستن کیلیم ۱ ٹکیہ

ڈی پسٹین ۱ ٹکیہ

دونوں کو پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ دوا دافع حساسیت مرکب ہے جو ہر قسم کی خراش جلد مثلاً کھجلی۔ خراش دوا حساسیتی جلد کے لئے بہت موثر ہے۔ لیکن بعض اوقات بیکار ہے۔

درد شقیقہ

Migraine, *

ہوالشافی

ہسٹان یٹن ۱ ٹکیہ

کیفرگوٹ ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک دافع حساسیت اور مسکن شقیقہ مرکب ہے۔ جو حساسیتی درد شقیقہ (آدھا سیسی کے درد) کو فوراً تسکین دیتا ہے اور متلی اور قے کو بھی روکتا ہے۔ عروقی قسم کے درد سر میں بھی مفید ہے۔ یہ ہسٹامین درد دماغ اور طنابی درد سر کے لئے بھی مفید ہے۔ لیکن جگر۔ گردہ کے امراض۔ ایام حمل اور امراض قلب میں مضر ہے۔

ڈنک مارنا

Insect Bite.

ہوالشافی

نیپرکینال مرہم سیبا ۱ حصہ
ان ٹسٹبین کریم سیبا ۱ حصہ

دونوں کو باہم ملاکر کاٹے ہوئے مقام پر لگایئے۔

یہ محذر اور دافع حساسیت مرکب ہے جو بھڑ، زنبور اور دیگر کیڑے مکوڑوں کے کاٹے کو فوری سکون دیتا ہے۔ اس کے ہمراہ درد کو دور کرنے کے لئے بیرن الیسپرین مرکب بھی دیجئے۔

زکام عام

Common Cold.

ہوالشافی

اے پی سی پوڈر ۱ ٹکیہ
انکولان ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ دافع درد۔ دافع حساسیت مرکب ہے جو ریزش انف آنکھوں کی تمتماہٹ۔ آنسوؤں جاری ہونا اور درد سر کو رفع کرتا ہے اور زکام کی بے چینی کو بھی رفع کرتا ہے۔ اس کے ہمراہ اسپرین کونین مرکب اور کوئی پسینہ آور دوا دی جاسکتی ہے۔ اور ناک کا حشو کم کرنے کیلئے این ٹسٹین پریوین سیبا امیلشن ڈالا جاسکتا ہے۔

شری (پتی اچھلنا)

Urticaria.

ہوالشافی

ایول AVIL ۱ ٹکیہ
انکولان ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر دو پڑیاں بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

ایک دافع حساسیت مرکب ہے۔ سیرم پینسلین اور غذا کی حساسیت کے سبب شری میں بہت مفید ہے۔ شدید پتی اچھلنا میں ایڈرینالین کا انجکشن بہت مفید ہے اور بعض حالات میں کورٹی سون بھی مفید ہے۔ مقامی طور پر کوئی مسکن لوشن لگانا چاہیے۔ اور دافع خراش لوشن اور سوڈا بائی کاربونیٹ سے غسل بھی مفید ہو سکتا ہے۔

ضربت شمس

Sun Burn.

ہوالشافی

پی اے ایس (پاس) ۱ حصہ
ویسلین ۱۰ حصے

دونوں کو باہم بنائیے اور جسم پر لگایئے۔

یہ سن اسکرین ہے جو سورج تپش کے سبب کھجاؤ کم کرتی ہے۔ اس کے ہمراہ ہمراہ دن انکولان ۱ ٹکیہ یا اینڈوسٹن کیلشیم ایک ٹکیہ دیجئے۔ کیلشیم

کمپونڈ کریم بھی دافع ضربہ شمس ہے۔

غذائی حساسیت

Food Allergy.

دیکھئے۔ التہاب معدہ و امعاء اور پروٹین حساسیت

کھجلی

دیکھئے خارش جلد

کھانسی

Cough,

ھُوالشافی

سیرپ بینا ڈرل (ایم بی) ۱ چائے کا چمچ

سیرپ پرونی ورجیانا ۱ چائے کا چمچ بھر

دونوں کو باہم ملا کر لعوق بنائیے اور صبح و شام چٹائیے۔

یہ دافع حساسیت مرکب ہے۔ جو نزلہ و زکام کے سبب کھانسی، شعبی دمہ کے سبب کھانسی حساسیتی کھانسی اور التہاب شعبہ میں کھانسی کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ سیرپ پیری ٹون بھی کھانسی کے لئے ایک دافع حساسیت مرکب ہے۔

کوئنک صاحب کا اذیما

Quinck's Oedema,

دیکھئے شدید پتی اچھلنا اور عروقی عصبی اذیما

قے

Emesis,

ھُوالشافی

سیرپ بینا ڈرل ایک چائے کا چمچ بھر

سیرپ پرونی ورجیانا ایک چائے کا چمچ بھر

دونوں کو باہم ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیے۔

یہ کار کی متلی میں ایک بہت عمدہ دوا ہے۔ اور سفر سے پہلے چٹایا جا سکتا ہے۔

ڈراما مین ساختہ بی ویلکم بھی متلی اور قے کے لئے مفید ہے۔ گلار گیک ملی تو ایک جدید دافع قے۔ دافع متلی دوا ہے۔ یہ یوریمیا کے سبب قے۔ اور مزمن فشل قلب کے سبب میں بہت موثر ہے۔

Avomine tab.
Torecon tab.
Sandoz

مزید دیکھئے

درد شقیقہ اور

منیر صاحب کا مرض

Vertigo.

دیگر فہرست حالات مرض جو دافع حساسیت معالجہ سے متاثر ہوتے ہیں۔

نام حساسیت	طریقہ علاج یا دوا مرکب
پارکن سونزم ڈاکٹر پارکسن کا مرض	دیکھئے دافع رعشہ معہ فالج مرکب عتیفوربین اریٹین مرکب
قے اور متلی	لارگیکٹل (کلوروپرومیزین) اور لیومنال مرکب انکولان و وٹامن بی ۱۶ مرکب
ڈوار سر اور دوران سر سر گھومنا وغیرہ	ایول وٹامن سی مرکب
سمندری متلی	ہسٹامین یا ہسٹو کلوپین لٹی
ہسٹامین درد دماغ E. Cephalia.	فنرگان بیوٹو باربٹون (سوزرگان) مرکب
زکام عام	اے پی سی پوڈر اور پیری ٹن مرکب
نملہ منطقی	ایول یا سونٹول جیلی لگائیے۔
خراش فرج۔ خراش مقعد خراش فوطہ	انکولان۔ فرگان یا بینے ڈرل کیپ شول الی ٹسٹین کریم بھی لگائی جاسکتی ہے۔ مزید حساسیتوں کا علاج دیکھئے ہماری کتاب دافع حساسیت علاج مطبوعہ ۱۹۵۵ء

باب (۵)

باربٹون مرکبات سے علاج

Therapy with Barbiturates.

فہرست عنوانات

تسکین اور تنویم

-Sedation and Hypnotism.

نیند لانے کے لئے آج کل بہت سی ادویات استعمال کی جاتی ہیں۔ اور جو مادہ نیند لاتا ہے۔ وہ مُنوِّم (HYPNOTIC) کہلاتا ہے۔ اور جو مادہ مریض کو نیند لائے بغیر پُرسکون اور ڈھیلا کر دیتا ہے وہ مسکّن (SEDATIVE) کہلاتا ہے۔

منوّم اور مسکّن ادویات عصبی بے چین مریض کو سکون دیتی ہیں۔ اور تکلیف کو سکون دینے کے لائق ہوتی ہیں۔

آج کل تمام تہذیب یافتہ ممالک میں بے چینی دُور کرنے اور نیند لانے کا ایک اہم مسئلہ بن گیا ہے۔ بیشک ایسی تمام ادویات بڑے پیمانہ پر استعمال کرنے سے زندگیاں بچائی جا رہی ہیں۔

ابھی تک نیند کی تخلیق کی طبعی میکانیت صاف طور پر نہیں سمجھی جا سکی ہے۔ بعض ڈاکٹروں کا یقین ہے کہ نیند و بیداری تحت عرشہ مراکز سے تعلق رکھتی ہیں۔ اور منوم ادویات بھی مراکز دماغ کو دبا کر نیند لاتی ہیں۔ اور تحت عرشہ میں مرکز بیداری بھی دب جاتا ہے۔

آج کل سب سے زیادہ کثیر الاستعمال منوم ادویات باربی ٹوریٹس ہیں جو مرکزی نظام عصبی کی تسکین پیدا کرتی ہیں۔ یہ ترش ذائقہ اور سفید مادے ہیں۔ تقریباً پانچ ہزار باربی ٹورک ایسڈ کے مرکبات تیار کئے گئے ہیں۔ لیکن ان میں سے تقریباً ساٹھ ہی طب میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ مندرجہ ذیل نہایت کثیر الاستعمال باربٹون مرکبات ہیں۔

۱- فینو باربٹون	(لیومنال۔ گارڈینال)
۲- پنٹو باربٹون	(نمبوٹال)
۳- ایمو باربٹال	(ایمائٹل)
۴- سیکو باربٹون	(سیکونال) Seconal Sodium
۵- بیوٹو باربٹون	(سونیرل)
۶- میفو باربٹون	(میبارل)
۷- ہیکسا باربٹون	(ایجیونل)

باربٹون مرکبات کے اشارات علاج

۱۔ اینیکسین پیدا کرنا۔

۲۔ مریض کو پُر سکون کرنا۔

۳۔ بیش ہیجان حالت میں نیند لائے بغیر تناؤ کو سکون دینا۔

۴۔ غصہ و غضب و طیش کو ماند کرنا۔

۵۔ بیش درقیت۔ مرگی اور ہضمی قرحہ میں تسکین لانا

۶۔ فشار دم اعلیٰ کو سکون دینا۔

۷۔ بے خوابی میں نیند لانا۔

۸۔ دوروں کو روکنا۔

۹۔ بچوں کی بے چینی کو سکون دینا۔

۱۰۔ معمولی غشی پیدا کرنا تا کہ تحلیل نفس کی جائے۔

۱۱۔ عمل جراحی میں تخدیر پیدا کرنا۔

باربٹون مرکبات سے علاج بالمرکب

Combination Therapy.

مندرجہ ذیل نسخہ جات درج کئے جاتے ہیں۔ جو ہم نے اس کتاب کے پہلے حصے میں پیش نہیں کئے ہیں۔

بے خوابی

Insomnia.

ھوالشافی

فینو باربٹون سوڈیم	۱½ گرین
اڈالین (کاربرومیل)	¼ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور سونے سے پہلے پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک منوم نسخہ ہے۔ جو تمام اقسام کی بےخوابی میں مفید ہے۔

یہ اعصاب ہضم کی عصبی حالت میں بھی قابل قدر ہے۔ اور تشنج بواب۔ زفن، درد شقیقہ بیش درقیت۔ فشار دم اعلیٰ۔ اور التہاب دماغ کی بعض حالتوں میں بھی مفید ہے۔

---

۷ ہُوالشافی

کوبی نال بار بٹون ۵۰ گرین
بیوٹو بار بٹون ۳۰ ملیگرام
فینو بار بٹون ۵۰ ملیگرام

تینوں کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور سونے سے پہلے ایک پوڑیہ کھلائیے۔ یہ بےخوابی کے لئے ایک عمدہ نسخہ ہے۔ لیکن گردہ و جگر کے فعل کی کمزوری کے مریض کے لئے مُضر ہے۔

التہاب فائبرین

Fibrositis.

ہُوالشافی

ایمائیو بار بٹون ۱۰ ایمائٹل ۲۲ ملیگرام
ڈیگز ا امفیٹا مین ۵ ملیگرام
(ڈیگزیڈرین)
ایسپرین ۱۶۰ ملیگرام
فیناسٹین ۱۶۰ ملیگرام

ان سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے، بعد از طعام ہر تیسرے گھنٹے دیجئے۔

یہ ایک مسکن الم مرکب ہے۔ جو دردسر۔ التہاب فائبرین۔ گٹھیا کی التہاب مفاصل دردِ شقیقہ۔ عسر طمث وغیرہ میں مفید ہے۔ لیکن مرض قلب کے مریض کو نہایت احتیاط سے دینا چاہئے۔ یہ منہ کی خشکی پیدا کرتا ہے۔

جنسیاتی عصبیت

Minor Sexual Neurosis,

ہُوالشافی

۸ اوب لی مون (اشیرنگ) ۲۵۰ ملیگرام
ڈیکسٹروسول ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور بچوں کو حسب عمر دیجئے۔ یہ ایک مسکن اضطراب دوا ہے۔ جو عصبی تشویش کے سبب بےخوابی دمہ۔ دردِ شقیقہ۔ تلاہٹ۔ سفری متلی اور احتلام اور دعبنی بے چینی کو دُور کرنے کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے۔ یہ منتزم (FRETFUL) نخرہ کرنے والے بچوں کو سکون دیتی ہے۔ اور فن ولادت میں بے چینی کو بھی سکون دیتی ہے۔

دافع درد مرکب

Anti-Chronic Headache.

ہُوالشافی

+ نیزے ڈرین ۲٫۵ ملیگرام
ایسپرین ۱۶۰ ملیگرام
فیناسیٹین ۱۶۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور ہر تیسرے گھنٹے دیجئے۔ یہ ایک دافع عسر طمث مرکب ہے۔ جو عام بیماریوں مثلاً مزمن صُداع ہلکا دردکمر۔ التہاب عصب۔ عصبی درد۔

مفاصلی درد۔ گٹھیا۔ جوڑوں کی بے چینی۔ اور درد شقیقہ میں بھی مفید ہے۔ لیکن نہایت خشکی دہن پیدا کرتا ہے۔ اور دافع درد دریدو التہاب الفف ہے۔ درد حیض سے دو دن پہلے دینا چاہیئے تاکہ دُشواری حیض نہ ہو۔

عصبی درد

Neuralgia.

ھُوالشافی

اُوالین (ایاٹم)	۱۲۰ ملیگرام
فیناسیٹین	۱۸۰ ملیگرام
وٹامن بی (بیرن)	۲ ملیگرام

ایک پوڑیہ بنائیے۔ روزانہ دو بار سوتے وقت ایک پوڑیہ دیجئے۔ یہ عصبی درد کے سبب بیخوابی قبل از حیض تناؤ اور نفسیاتی بے چینی کے لئے بہت مفید ہے۔

عصبی تناؤ

NERVOUS TENSION.

ھوالشافی

ایماٹلو باربٹون	۳۰ ملیگرام
میتھل امفیٹامین سلفیٹ	۵ ملیگرام
وٹامن بی۱ (بیرن)	۵۰ ملیگرام

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ صبح و شام پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک مسکن تشویش ہے۔ اور عصبی تناؤ کو کم کرتا ہے۔ مرض قلب۔ مرض جگر۔ مرض عروق قلب۔ فشار دم مرض میں مضر ہے۔

عصبی خلل

Nervous Disorders,

ھُوالشافی

کیلیسم سائیکلو باربٹون	۱ گرین
بروم والیٹون	۴ گرین

دونوں کو باہم ملائیے۔ اور ایک سوتے وقت دیجئے یہ ایک مسکن دوا ہے۔ جو ہولیٹ کمپنی نے باربولال نام سے تیار کی ہے۔ ٹکیوں کی شیشی میں دستیاب ہوتی ہے۔

سن یاس کی جذباتی بے چینی

Emotional Stress of menopause,

ھوالشافی

سیکوباربٹون	۳۰ ملیگرام
میفےنسین	۴۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور ہر چھٹے گھنٹے بعد از طعام دیجئے۔

یہ ایک بلا غنودگی منوم مرکب ہے۔ جو تشویش و اضطراب دُور کرنے کے لئے مفید ہے۔

فقدان اشتہاء

Loss of Appetite, *

ہوالشافی

فینوباربٹون 1/4 گرین

وٹامن بی۱ (بیریان) ۵۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ قبل از طعام دینا زیادہ بہتر ہے۔

یہ ایک مغذی مسکن مرکب ہے جو کمزوری کی حالتوں میں ایک امداد ہے۔ خاص طور پر ہضم کے فقدان اور اشتہا کی کمی میں زیادہ مفید ہے۔ فشار دم اعلیٰ معمر افراد کی معدہ و امعا کی تکالیف اور شریانی صلابت میں بھی مفید ہے۔ عصبی بے چینی کو بھی کم کرتا ہے۔ وٹامن بی ۱ کی کمزوری کے سبب جسمانی و قلبی اور نفسیاتی کمزوری میں بہت موثر ہے۔ زیادہ دنوں تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مسکن الم

Analgesic *

ہوالشافی

ر کوڈو پائرین 1/2 ٹکیہ

ر سونیرل (ایم بی) ۱ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک مسکن الم۔ منوم اور دافع بخار مرکب ہے۔ جو دردمعدہ بے خوابی میں بہت مفید ہے اور عصبی بے چینی۔ بے خوابی عصبی درد۔ عسر طمث۔ اور اختناق الرحم انقباض ذہن میں بھی مفید ہے۔ درد کی شدت کے مطابق دوا دی جا سکتی ہے۔ سونے سے قبل نیند لانے کے لئے بھی مفید ہے۔

باربی ٹوریٹ معالجہ (تھیراپی) کے عظیم اشارات

حالت مرض	مجوزہ باربٹون مرکب
غصہ و غضب۔ تشویش و اضطراب	فینو باربٹون توازن جذبات پیدا کرتا ہے۔
فشار دم اعلیٰ ۔ سن یاس کی علامات بیش درقیت۔ فالج لرزاں۔ عسر طمث۔ زفن۔ اختناق الرحم۔ حساسیتی عوارض۔ بدہضمی۔ قرحہ۔ اور سمندری متلی۔	ان تمام حالات میں فینو باربٹون ملٹان مرکب۔ ایک قابل انتخاب دوا ہے یہ عام تسکین پیدا کرتا ہے سادہ قابل قدر ہے۔
خوف۔ غصہ سے بے خوابی	سیکونال اور ایمائٹل مرکب بہت مفید ہے۔
کھانسی سے بے خوابی	فینو باربٹون دکوڈین مرکب دیا جا سکتا ہے۔
درد سے پیدا شدہ بے خوابی	فینو باربٹون + ایسپرین مرکب ایک بہترین طریقہ علاج ہے۔
مرگی	فینو باربٹون + پوٹاسیم برومائیڈ مرکب مفید ہے
کزاز۔ اسٹرکنین تسمم اور زفن کے دورے	فینو باربٹون مفید ہے۔
نسیان ولادت	فینو باربٹون ۔ بیرن مرکب
بچوں میں بے چینی	فینو باربٹون ½ گرین یا ملٹان فینو باربٹون مرکب
علم امراض نفس و اعصاب	برائے مطالعہ نفس ایمائٹل سوڈیم قابل انتخاب ہے۔
شدید ہیجان اور بیش ہیجان	ایمائٹل سوڈیم

باب (۶)

جدید ادویات سے علاج

Modern Drug Therapy,

فہرست عنوانات

۱۔ میپرو بامیٹ

Meprobamate,

ایک مُرخّی عضلہ دوا

یہ ایک جدید کیمیادی مُرکب ہے۔ جو ایک جدید Ataraxie, مُرخّی عضلہ دوا ہے۔

یہ ذہن اور جذبات کے بعض مخصوص خلل کا علاج کرنے میں بہت ہی موثر ثابت ہو رہی ہے۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ یہ ایسے بہت سے حالات مرض میں مُفید ہے۔ جہاں جذباتی بے چینی ایک اہم امر ہو۔ دافع تشویش اثر رکھنے کے علاوہ یہ دوا عضلات پر مُرخّی (ڈھیلا کرنے والا) اثر بھی رکھتی ہے۔ یہ دوا عرشہ دماغ پر ایک منتخب اثر رکھتی ہے۔ اور عصبی قسم کے مریضوں پر سکون بخش اثر کرتی ہے۔ اور بڑے بڑے اعصابی سرکزوں کے اندر دباؤ کا تصرف دکھاتی ہے اور یہ عضلات کے تناؤ کو ڈھیلا کر دیتی ہے۔ یہ دوا بطور منوم (نیند آور) بھی استعمال کی جاتی ہے۔ اس سے قدرتی نیند آنے لگتی ہے۔ اور جسم و جذبات کا تناؤ جلد ہی رفع ہو جاتا ہے۔ اور مریض خمار و دوا کے بغیر خوش اور تازہ دم اُٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ یہ دوا براہ دہن دینے سے بہت موثر ثابت ہوتی ہے۔ اور نسبتاً زہریلے اثرات سے مُبّرا ہے اور خود آئین انفعال پر اثر نہیں کرتی ہے۔ بلکہ جذبات پر دیر تک متوازن اثر کرتی ہے۔

میپرو بامیٹ کے تجارتی مُرکبات

میپرو بامیٹ ۴۰۰ ملی گرام کی سفید ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے۔ اور مندرجہ ذیل ناموں سے فروخت کی جاتی ہے۔

۱۔ ملٹان Miltown, ساختہ لیڈرلے لیبوریٹریز

۲۔ اکوانل Equanil ساختہ جان وائتھ

۳۔ پرٹرانکوئل Pertranquil, ساختہ لیپی ٹٹ ملان

۴۔ پینے ڈیول Panediol, ساختہ نیفرا پوٹنک فارمیسوٹیکل بمبئی

عام طور پر ایک ٹکیہ روزانہ دو بار براہ دہن پانی کے ہمراہ دی جاتی ہے۔

میپروبامیٹ سے علاج بالمرکب اور اشارات علاج

یہ دوا مندرجہ ذیل حالات میں استعمال کی جاتی ہے۔

جذباتی تناؤ

Emotional Tension,

ھُوالشافی

ملٹاؤن	½ ٹکیہ
فینوبار بٹون سوڈیم	½ ٹکیہ
ڈیکسٹروسول	۵ گرین

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔ یہ ایک زبردست مسکن جذبات مرکب ہے۔ جو منوم اور مرخی عضلہ بھی ہے۔ یہ بطور منوم استعمال کیا جاسکتا ہے یہ جذباتی تناؤ، جذباتی خلل، طیش و اضطراب اور بے چینی کو بھی سکون دیتا ہے۔ یہ میپرو فن نام سے بازار میں دستیاب ہوتا ہے۔ یہ ایک زبردست مرخی عضلہ مرکب ہے۔

بے خوابی

Insomnia,

ھُوالشافی

ملٹاؤن	½ ٹکیہ
سیکونال	ایک کیپ شول

دونوں کو باہم ملا کر ایک کیپ شول میں بھر کر دیجئے۔

یہ باربٹون اور میپروبامیٹ کا مرکب ہے جو بہت ہی موثر نیند آور اور مرخی عضلہ دوا ہے۔ یہ طبعی نیند لاتا ہے۔ اور تشویش و تناؤ یا دوسری نیند میں مداخلت والی علامات کو دور کرتا ہے اور دماغی خلل کے سبب بیخوابی میں بہت ہی موثر ہے۔ یہ ذہنی تکالیف جسمانی آلام و امراض کے سبب تشویش الجھن کو دور کرتا ہے۔ اور سکون پیدا کرتا ہے۔ یہ گہری نیند لاتا ہے۔ خواب اختلام۔ خمار زیادہ پیدا نہیں کرتا۔ بلکہ شاداں بیدار کرتا ہے۔

عصبی تشویش اور طنابی حالات

Anxiety Neurosis and Tension States,

ھُوالشافی

ملٹاؤن	½ ٹکیہ
وٹامن بی ۱ (انیرن)	۱۰۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور سوتے وقت روزانہ دیجئے۔ یہ ترغیب و تنویم پیدا کرتا ہے۔ اور اس لئے بعض ماہرین علم النفس استعمال کرتے ہیں۔ یہ احساس شادمانی۔ خوش کن خیالات پیدا کرتا ہے۔ حاذق طبیب پر مریض کا

اعتماد بڑھاتا ہے۔ اعصاب کو سکون دیتا ہے۔ اور مُسکن دمقوی اعصاب ہے۔ بے چینی اور قلق کو دُور کرتا ہے۔

انقباض ذہن

Depressions,

ہُوالشافی

ملٹان ۱ ٹکیہ

رمی ٹالین (سیبا) Ritalin ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔

یہ محرک، مسکن ادویات کا متعادل مرکب ہے۔ جو ذہن کے دباؤ کو دُور کرتا اور بے چینی و تناؤ بھی رفع کرتا ہے۔ تکان اور سُستی کو بھی رفع کرتا ہے۔ اور بہت سے ذہنی حالات میں موثر ہے۔

حیض کی تکالیف

Menstrual Difficulties,

ہُوالشافی

ملٹان ½ ٹکیہ

ایسپرین ۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجیے۔ یہ مسکن درد اور مسکن جذبات مرکب ہے۔ جو اکو اپرین اسالختہ واثم نے پیش کیا ہے۔ درد حیض یا ماہواری کے سبب درد درد سر۔ درد کمر اور ریح گٹھیا کیلئے بھی مفید ہے۔

جلد کے عصبی حالات

Neurogenic Conditions of the Skin,

ہوالشافی

ملٹان ایک ٹکیہ

ڈیکسٹروسول ۵ گرین

دونوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔

یہ جلد کے اعصاب کو سکون دیتا ہے۔ اور اس لئے جلد کی خراش اور بے چینی۔ تور وا ور چڑچڑاپن کو دُور کرتا ہے۔ جلد کے امراض مثلاً چنبل۔ التہاب جلد اور کھجلی میں اعصابی سکون کے ساتھ جلد کو بھی سکون دیتا ہے۔ کھجاہٹ۔ جھونجھ اور خارش کو رفع کر دیتا ہے۔ لیکن جلد کی حساسیت۔ عفونت اور التہاب کا علاج نہیں ہے۔ بلکہ یہ دوا ایک نفسیاتی اثر رکھتی ہے۔

دردسر کی مخصوص اقسام

Certain Forms of Headache,

ہُوالشافی۔ اکھابل	۲۰۰	ملی گرین
ایسپرین	۵	گرین
وٹامن سی	۱۰۰	ملیگرام

تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور درد سر کو

P.R. Baditone ½ P.

رفع کرنے کے لئے ایک پوڑیہ دیجئے۔ یہ مسکن جذبات اور مسکن الم مرکب ہے۔ جو درد سر میں اعصاب کو سکون دیتا ہے۔ نفسیاتی بے چینی کو دور کرتا ہے۔ درد شقیقہ (آدھا سیسی) اور درد عصب کے سبب درد سر کو فوراً رفع کرتا ہے اور نازک مزاج افراد کے لئے بہت ہی عمدہ مرکب ہے۔

الکوحلزم

Alcoholism

ھوالشافی

ملٹاؤن ½ ٹکیہ

وٹامن بی کمپلیکس بی ۱۲ ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک مسکن جذبات مرکب ہے۔ جو شراب کے خمار اور الکوحل کے تسمم میں مریض کی ہیجان کو دور کرتا ہے۔ بے چینی اور رطناب کو کم کرتا ہے۔ لیکن یہ نفسیاتی مریضوں کے ابتدائی علاج میں غیر موثر ہے۔

نفسیاتی کمزوری

Psychosis,

ھوالشافی

اکوانل ½ ٹکیہ

ٹوب بی ون ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکن اعصاب و جذبات مرکب ہے۔ اس لئے یہ عصبی کمزوری، نفسیاتی کمزوری، قلبی کمزوری کے سبب بے چینی کو دور کرتا ہے۔ اور نیند آور اثر کرتا ہے۔ لیکن خون کے اونچے دباؤ اور خمار نوم اور رطوبت قلب میں مضر ہے۔

نفسیاتی حرکت سے مرگی

Psychomotor Epilepsy,

ھوالشافی

اکوانل ½ ٹکیہ

گارڈینال سوڈیم ½ گرین

ڈیکسٹروز ۵ گرین

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں تین بار دیجئے۔ یہ ایک منوم مسکن اور دافع صرع مرکب ہے۔ جو نفس کی حرکت سے پیدا شدہ مرگی کی مخصوص حالتوں میں ایک موثر دوا ہے۔ اور یہ ان مرگی کے صغیر حملوں میں مفید ہے جو عام علاج سے صحت یاب نہ ہوتے ہوں۔ یہ مرکب مرگی کے بڑے حملوں (گرانڈمال) کے لئے تجویز نہیں کی جاتی ہے۔

بچوں کے معمولی قسم کے دورے مثلاً عضلات کا تشنج۔ ہاتھ پیروں کا اینٹھنا اور کپکپڑوں کے لئے یہ دوا کسی قدر مفید ہے۔ اور دافع حرکت نفس اثر کرتی ہے۔ اور زہریلے اثرات سے مبرا ہے

دورے و تشنج

Convnlsion and Spesm,

دیکھیئے مذکورہ بالا دافع صرع مرکب

فائبروسی گٹھیائی خلل

Fibrositic Rheumatic Disorders,

ھُوالشافی

ملٹان ½ ٹکیہ
میفے نسین ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ یا ایسپرین ۵ گرین کے ہمراہ دیجئے۔

یہ مُرخی عضلہ (عضلہ کو ڈھیلا کرنے والی دوا) دوا ہے۔ جو دماغی فالج (حرکت نفس کے خلل کے سبب یا شی صاحب کے مرض اور عضو یاتی فالج نصفی (ادھرنگ) اور کُلی فالج (تمام جسم کے فالج) جھولا مارنا) میں ایک مفید مرکب ہے۔

یہ مزمن گٹھیا۔ التہاب فائبرین درد کمر۔ کمر کی موچ۔ گردن کے عضلات کا التہاب ہڈی و عضلہ کا التہاب اور گردن اکڑنا (تو الغنق) اور عضلات کے تشنج میں ایک موثر دوا ہے۔

دماغی فالج

Cerebral Palsy,

دیکھیئے مذکورہ بالا مرخی عضلہ مرکب

گٹھیائی التہاب مفاصل

Rheumatoid Arthritis

ھُوالشافی

ملٹان ½ ٹکیہ
ڈاکورٹین ½ ۲ ملیگرام = (½ ٹکیہ)
ایسپرین ۵ گرین
وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

ان سب کو ملا کر ایک پڑیہ بنایئے۔ اور روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک مُرخی عضلہ۔ دافع گٹھیا مرکب ہے۔ جو مسکن الم اور دافع درد گٹھیا بھی ہے۔ یہ ایک اثر آفرین۔ ممیز اور بہترین مرکب ہے۔ جو ہڈی کے درد۔ عضلات کے درد اور مرض جنبل میں گٹھیا کے درد کو سکون دیتا ہے۔ اعصابی باط۔ مفصل کے التہاب میں نفسیاتی سکون بھی پیش کرتا ہے اور التہاب مفصل کی مخصوص اقسام میں مفید ہے۔ لیکن میپروبامیٹ اکیلا گٹھیائی التہاب مفصل میں موثر نہیں ہے۔

عضلاتی کھنچاؤ

Muscular Tenseness,

ھُوالشافی

ملٹان ½ ٹکیہ

ڈلسیبرول ¼ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ایک مسکن عضلہ مرکب ہے جو بے شمار عضلات کے تشنج و انقباض میں سکون پیش کرتا ہے

ذبحہ صدریہ

Angina Pectoris,

ھُوالشافی

ملٹان ½ ٹکیہ

گلائسرائل ٹرائی نائٹریٹ ۱ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔

یہ ایک دافع درد بیش قلب اور مسکن جذبات مرکب ہے۔ جو تشویش۔ بے چینی۔ اضطراب اور اضطرار کو فوراً سکون دیتا ہے۔ کامل ذہنی سکون پیش کرتا ہے۔ گہری نیند لاتا ہے۔ اور بآسانی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

سن یاس

Menopause, *

ھُوالشافی

ایتھنی نل آئسٹراڈیول* ۰۱۔ ملیگرام

ملٹان (لیڈرلے) ½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور اسی پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ ہارمون و مرخی عضلہ دوا کا مرکب ہے۔ جو سن یاس کی علامات مثلاً توروخفقان۔ بے چینی اور رحم کی تکالیف سے نجات دلاتا ہے۔ یہ مسکن جذبات ہے۔ اور اس لئے انقطاع حیض (۴۵ سال کے) بعد عورتوں میں حیض کی بندش کے سبب علامات نمودار ہونا کے لئے بہت موثر ہے۔ یہ ماہواری کی تکلیف میں بھی مسکن رحم و مسکن جذبات ہے۔ اسکے علاوہ یہ خارش فرج۔ بیاض سطحی حالت اور عظمت کے لئے بھی مفید ہے۔ یہ مردوں میں بھی قبل از وقت انزال۔ افراط شہوت اور مزمن منی الدم کے لئے بھی موثر ہے۔

یہ وظیفہ رحم کے سبب جریان خون میں بھی موثر ہے۔ اور امتلاء پستان۔ انقطاع رضاعت میں بھی مفید ہے۔

* ایتھنی نل آئسٹراڈیول کا تجارتی نام ایسٹرونیکس، ڈیپریکس، اور رائیٹ سائیکلن اورل ہے۔

معتادگی اور طریقہ استعمال

رخوت (جسم کا ڈھیلا پن) پیدا کرنے کے لئے میپرو بامیٹ اور فینوبار بٹون مرکب بہت ہی مفید ہے۔ یہ دن میں بھی تسکین جذبات پیدا کرتا ہے لیکن اس کو بہت کم مقدار میں دینا چاہئے مریض کے لئے دن میں تین بار دینا کافی ہو سکتا ہے اور نیند لانے کے لئے سونے سے ایک گھنٹہ قبل دیا جا سکتا ہے۔

طبعی نیند لانے کے لئے یا رات کا درد دور کرنے کے لئے ایسپرین میپرو بامیٹ مرکب دیا جا سکتا ہے۔ اس میں میپرو بامیٹ کی ٹکیہ شامل کی جا سکتی ہے۔ یہ بھی سونے سے ایک گھنٹہ قبل دی جا سکتی ہے۔

دراصل مقدار خوراک (معتادگی) کا دارومدار مریض کی انفرادی ضرورت پر ہوتا ہے۔ بے چین۔ بیقرار اور ہیجان میں بھرے ہوئے مریض کو زیادہ مقدار دی جا سکتی ہے لیکن بچے کو عمر اور وزن کے تناسب سے کم مقدار دی جا سکتی ہے۔

مخالف ردِ عمل

میپرو بامیٹ ایک مرخی عضلہ دوا ہے۔ اسلئے اس کا عام مخالف اثر "غنودگی" ہے۔ جو بعض افراد میں ہی نمودار ہوتی ہے۔ اور یہ بھی اس دوا کے متواتر استعمال سے واقع ہوتی ہے اگر مقدار کم کر دی جائے۔ تو یہ اثر نمودار نہیں ہو سکتا ہے۔ اگر ضرورت پڑے تو اس کا اثر زائل کرنے کے لئے کوئی محرک دوا مثلاً ایفیڈرین یا میفن ٹرمین سلفیٹ استعمال کی جا سکتی ہے۔ رمیٹالین بھی ایک محترک دوا ہے۔

میپرو بامیٹ کا سب سے زیادہ نازک مخالف اثر حساسیتی ردِ عمل ہے جو اس کے استعمال کے بعد نظر آ سکتا ہے۔ یہ ردِ عمل صرف اُن ہی مریضوں میں واقع ہوتا ہے۔ جن کو دن میں تین بار یا چار بار یہ دوا دی گئی ہو۔ یا زیادہ مقدار میں دی گئی ہو۔ اور اُن کو اس سے پہلے کبھی سابقہ نہ پڑا ہو۔

میپرو بامیٹ کا متوسط درجہ کے ردِ عمل خراش یا کھجلی اور پتی اُچھلنا اور سُرخ جلد کے دھبے احمراری طفح وغیرہ ہیں۔ جو صرف مریض کے خہگاسہ تک ہی محدود رہتے ہیں۔

میپرو بامیٹ کا زیادہ شدید اور نہایت شاذ و نادر ردِ عمل کا مشاہدہ بخار غشی کا جھٹکہ۔ عروق و اعصاب کا ادیما اور شعبہ صدر کا تشنج ہے جو اڈرینالین کے استعمال سے فوراً رفع ہو جاتا ہے۔ خساسیت کو دور کرنے کے لئے دافع حساسیت ادویات اور

ہائیڈروکورٹی سون استعمال کی جا سکتی ہیں۔

کورٹی سون استعمال کی جا سکتی ہیں۔

یاد رکھئے میپرو بامیٹ کسی مخالف ردِ عمل کی حالت میں فوراً روک دینی چاہئے۔ اور اس دوا کو زیادہ استعمال کرنے کی کوشش نہ کرنی چاہئے۔

میپرو بامیٹ سے زیادہ عرصہ تک علاج کرنے کی صورت میں مریض کے خون کا معائنہ کرانا چاہئے۔

حصول دوا شکل

میپرو بامیٹ ایک سفید مادہ ہے جو ۴۰۰ ملیگرام ٹکیہ کی شکل میں (۱۰۰ اور ۵۰ ٹکیوں کی شیشی) دستیاب ہوتا ہے۔ اور سب سے بہتر ملتان لیڈرلے ہے)

ری ٹالین

Ritalin,

ایک دافع کآبہ دوا

یہ ایک جدید دوا ہے۔ جو مرکزی نظام عصبی پر محرک اثر کرتی ہے۔ اور بطور مقوی کے بھی اثر کرتی ہے۔ اور دافع انقباض ذہن (نفس) بھی ہے۔

یہ بالکل نئی قسم کی دوا ہے۔ جو خون کے دباؤ میں زیادتی اعصاب محیطی کی رگوں کا سکڑاؤ اور منظر قلب کا بڑھاؤ پیدا نہیں کرتی۔ بلکہ قوت و نشاط عطا کرتی ہے اور قوائی ارتباط اور ترتیب کو بڑھاتی ہے اور انسان کے کیف کو بڑھا دیتی ہے اور دوا ساز کا دعویٰ ہے کہ یہ دوا نہایت قابل برداشت ہے۔

اشارات علاج

یہ ابتدائی طور پر مندرجہ ذیل حالات میں استعمال کی جاتی ہے۔

۱- افراط تکان

۲- نقاہت و تعجب

۳- بلادۃ - جمود - فقدان شعور

۴- کمزور قوت حافظہ

۵- اجتماع خیالات کی کمزوری

۶- ترتیب نظام (مزاج) کی ناقص فوقیت

۷- تلازم جذبات کی کمزوری یعنی دماغی صلابت میں

۸- وقتی تعب - مشقت سے تکان۔

۹- انخفاض ذہن یا غم۔

مقدار خوراک اور طریقہ استعمال

یہ دوا ۱۰ ملیگرام کی سفید ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے جس میں خوراک کا نشان لگا ہوتا ہے۔ بہت سے حالات مرض میں یہ دوا دس ملی گرام (ایک ٹکیہ) براہ دہن استعمال کی جاتی ہے۔ اتنی ہی دوا سے ایک واضح محرک اثر نمودار ہو جائے گا۔

شاذ و نادر حالات میں بطور واحد خوراک ۲۰ ملی گرام کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ وقتی تکان پر غالب آنے کے لئے عام طور پر ۱/۲ ٹکیہ یا ایک براہ دہن دینا کافی ہو سکتا ہے۔ باقاعدہ روزانہ یہ دوا دینا بھی بعض اوقات ضروری ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات میں ایک ٹکیہ روزانہ دی جا سکتی ہے۔ کبھی کبھی اس سے بے خوابی بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس سے بچنے کے لئے اس کو ری سرپین کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔ اس کو ۴ بجے شام کے بعد نہ دینا چاہیئے۔

ری ٹالین سے علاج بالمرکب

اور

خاص اشارات علاج

یہ دوا کسی مسکن دوا کے ہمراہ دی جا سکتی ہے۔ اور مندرجہ ذیل حالات میں اس کا استعمال بہت ہی موثر ہے۔

منحرف المزاج حالت

Rundown State

ہُوالشافی

ری ٹالین ½ ٹکیہ

وٹامن بی کمپلیکس و وبی ۱۲ ا ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ حیاتین و محرک نفس مرکب ہے جو تکان۔ پست ماندہ حالت کمزوری بہ سبب حیاتین ب میں مفید ہے اور ایک نمایاں اثر رکھتا ہے بہ قوت اشتہاء عام تندرستی پر حیاتین ب۱۲ کا اثر بھی دکھاتا ہے۔ اور اعصاب۔ نفس۔ عضلات کے لہجہ میں بحالی پیدا کرتا ہے۔

تکان و تعب

Hatigue and Tiredness,

ہُوالشافی

ری ٹالین ½ ٹکیہ

ڈیکسٹروسول ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ نشر نفس (انیمطارجی)۔ اجتماع خیالات کی ناقابلیت (خیال کی سستی) نسیان شخصی تبدیلی اور زیادہ کام (مشقت)۔ خاندانی بے چینی و افراط امور سماج کے سبب تکان کو دور کرتا ہے۔

انقباض نفس

Depressive State,

ہُوالشافی

(۱) ری ٹالین ا ٹکیہ

(۲) سرپاسل ۱۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجئے۔

یہ محرک و دافع فشار دم اعلیٰ کا مرکب ہے۔ جو ذہن۔ نفس کی پست ماندہ حالت میں خاموشی اور کند ذہنی کو دور کرتا ہے۔ اور فشار دم اعلیٰ کی کابہ حالت۔ انقباض ذہن اور دباؤ کو دور کرتا ہے مسرت اور احساس شادمانی پیدا کرتا ہے۔

۲۔ ری سرپین

Reserpine,

یہ عود الحیۃ (اسرول) کا ایک کھار ہے۔ جو خوراک کے کھار کی طرح قلت فشار دم پیدا کرتا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل جوہر نکالے گئے ہیں۔

۱۔ سرپن ٹین
۲۔ اجملین
۳۔ اجملی نین
۴۔ ری سرپین

ان کے علاوہ اور بہت سے کھار تیار کئے گئے ہیں ان میں آخر الذکر جوہر عود الحیۃ سب سے بہتر ہے۔

اسرول۔ (چھوٹا چاند۔ عود الحیہ) ایک ہندوستان کی جڑی بوٹی ہے۔ جو قدیم طب میں بہت زیادہ استعمال کی گئی ہے۔ ہندوستانی اطباء اسرول کے ہمراہ فلفل ملا کر جنون (پاگل پن) میں استعمال کرتے ہیں۔ اسرول ایک مسکن دوا ہے۔ اور اس کا مکھار دافع فشار دم اعلیٰ ہے۔

سب سے پہلے ۱۹۴۹ء میں رستم جل وکیل نے اپنے طبی مقالات کے ذریعہ اس کو فشار دم اعلیٰ کے علاج میں مغربی ممالک میں پیش کیا۔ اور اب تمام دوا ساز فرمیں اس کے جوہر تیار کرتی ہیں۔

ری سرپین اسرول کا ایک موثر جوہر ہے۔ جو اطمینان بخش شفا بخش نتائج پیش کرتا ہے۔ جوہر اسرول (ری سرپین) ایک دافع فشار دم اعلیٰ۔ بطوء قلب پیدا کرنے والی اور مسکن اثر کرنے والی دوا ہے۔

تجارتی مرکبات

جوہر اسرول یا ری سرپین مندرجہ ذیل نام سے عام دستیاب ہوتی ہے۔

۱۔ سرپاسل	ساختہ سیبا	
	۲۵، ملیگرام کی ٹکیہ	
۲۔ ری سرپین	ساختہ فیزر	
	۲ ملیگرام کی ٹکیہ	
۳۔ راوی لائیڈ	ساختہ ویکر	
	۲ ملیگرام کی ٹکیہ	
۴۔ راوڈکسین	ساختہ اسکوئب	
	۲۰ ملی گرام کی ٹکیہ	
۵۔ کوری سیین	ساختہ آرگے نن	
	ا ملیگرام کی ٹکیہ	

معتادگی اور طریقہ استعمال

ری سرپین اور اسرول کی جڑ کے دیگر مکھار بلا وہن بہ شکل ٹکیہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ عام طور پر ری سرپین ۲۵، ملی گرام کی تین ٹکیاں روزانہ دی جاتی ہیں۔ لیکن اگر اس سے لرزہ پیدا ہونے لگے تو فوراً معالجہ روک دینا چاہیے۔

مخالف اثرات

ری سرپین ایک دافع فشار دم اعلیٰ دوا ہے اور رگوں کے دباؤ کو فوراً ادنیٰ کر دیتی ہے۔ اسلئے اس کو نہایت احتیاط سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے

یہ دوا کبھی کبھی بعض مریضوں میں ناک کی سختی اسہال غنودگی نیند کا خلل اور دوار سر پیدا کر دیتی ہے۔ اس لئے اس کو دل کے فشار دم اعلیٰ میں نہایت احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے۔ یہ دوا بہت سے مریضوں میں بطوء قلب (دل کی رفتار کی سستی) پیدا کر دیتی ہے۔ اور احساس شادمانی اور انتشار (ڈھیلاپن) بھی ظاہر کرتی ہے۔ اس لئے یہ دوا عصبی قسم کے فشار دم اعلیٰ اور بطوء قلب میں بہت مفید ہے لیکن گردہ کے فعل کی کمزوری کے سبب شدید فشار دم اعلیٰ میں مفید نہیں ہے۔

ری سرپین سے علاج بالمرکب اور اشارات علاج

ری سرپین بعض دیگر ادویات مثلاً میتھے نیسین

فینوبار بیٹون، نفیسوبروبین اور وٹامن سی وغیرہ کے ہمراہ بھی استعمال کی جاتی ہے اور دافع تشویش و دافع عصبی تناؤ کے طور پر بھی استعمال کی جاتی ہے۔ اسلئے اس کے اشارات کا حلقہ بہت وسیع ہو گیا ہے۔

مندرجہ ذیل جدید مرکبات بہت زیادہ استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور بطور مسکن بہت ہی مفید ہیں لیکن یہ ایک تیز قوی التاثیر دوا ہے۔ اس لئے شدید ضروری حالات میں ہی استعمال کرنا چاہئے۔

ری سرپین سے علاج بالمرکب

متوسط فشار دم اعلیٰ

Mild Hypertension

ہوالشافی

ہمبوٹال سوڈیم	۳۰ ملیگرام
سرپاسل (اسیبا)	۲۵ء ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور حسب ضرورت رات کو یا دن میں دیجئے۔

یہ ایک مسکن اور متوازن جذبات مرکب ہے۔ جو معمولی حالت تشویش۔ اضطراب۔ بے خوابی میں مفید ہے۔

یہ بطور مسکن جذبات جوہری فشار دم اعلیٰ میں بھی مفید ہے۔

(۲) ہوالشافی

نیفوبار بیٹون	۱۰ ملیگرام
نفیسوبروبین	۳۲۵ ملیگرام
سرپاسل	۲ء ملیگرام

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ مرض کی حالت کے مطابق دیجئے۔

یہ فشار دم اعلیٰ کے لئے ایک ملائمیاتی علاج ہے۔ اور مدر بول و مسکن بھی ہے۔

(۳) ہوالشافی

سرپاسل	۱۵ء ملیگرام
ری ٹالین	۵ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور حسب ضرورت روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ اُن مریضوں کیلئے ایک طویل المیعاد علاج ہے۔ جو ری سرپین استعمال کرنے سے غنودگی اور بیہوشی میں مبتلا ہو جاتے ہوں یہ فشار دم اعلیٰ میں ایک مخصوص محرک مسکن مرکب ہے۔

ہوالشافی

رہ می لائیڈ (ری سرپین)	۱ ملیگرام
ڈیری لائیڈ (ریکر)	۲ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ دو بار مرض کی حالت کے مطابق دیجئے۔

یہ شدید و متوسط فشار دم اعلیٰ کیلئے ایک مفید مرکب ہے۔ ریکر کمپنی نے بھی تیار کیا ہے

(۵) ہُوالشافی

ری سرپین	۱، ملیگرام
اکونیٹین سیبا	۱۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور مریض کی ضرورت کے مطابق روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ ری سرپین اور ہائیڈرالازین کا مرکب ہے جو متوسط درجہ کے بلند دباؤ کو کم کرنے کے لئے بہت موثر ہے۔

قبل از حیض تناؤ

Premenstrual Syndrome,

ہُوالشافی

امونیم کلورائیڈ	۳ر گرام
ری سرپین	۲ر ملیگرام
کیفین	۰٫۰۳ گرام
پامین ٹیبلٹ	۵ر ملیگرام

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور بعد از طعام حیض سے سات دن پہلے روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ ایک مسکن ہوا فع تشنج اور رافع خرطمت مرکب ہے۔ جو حیض کے دوران تناؤ کو دور کرتا ہے۔

بے خوابی

Insomnia,

ہُوالشافی

کوہی نال باربٹون سوڈیم	۱۲ر۲ ملیگرام
پنٹو باربٹون سوڈیم	۱۲ر۲ ملیگرام
بیوٹو باربٹون سوڈیم	۴ ملیگرام
فینو باربٹون	۴ ملیگرام
ری سرپین	۱، ملیگرام

ان سب کو ملا کر ایک کیپسول میں بھر کر سونے سے پہلے دیجئے۔ یہ نہایت زبردست باربٹون اور ری سرپین مرکب ہے جو شدید تشویش، متوسط فشار دم اعلیٰ۔ عصبی تناؤ سے بیخوابی کے لئے متوازن جذبات ہے۔ بیخوابی کے لئے سونے سے ۲۰ منٹ پہلے ایک کیپسول دیجئے۔

انشقاق ذہن

Schizophrenia,

ہُوالشافی

ری سرپین	۱ ملیگرام
اُور فینا ڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ (ساختہ کیمبے ڈن لندن)	۵۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور پانی کے ہمراہ روزانہ تین بار دیجئے۔ یہ شدید اور مزمن مرض نفسی (سائیکوسیس) کا علاج ہے اور خاص طور پر

انشقاق ذہن کیلئے بہت مفید ہے۔ بیرون اہرام دماغ کے خلل مثلاً ہنٹنگٹن کا داءالرقص (ایک قسم کا ناچنے کا سا مرض) کے لئے بھی مفید ہے، یہ مارفین یا کسی دیگر مرکزی مسکن الم دوا کے ہمراہ نہ دیجئے۔ یہ مرکب برطانیہ میں "ایلی ہیٹ" ساختہ کیمی ڈون کے نام سے مشہور ہے۔

گٹھیا ۔ (غیر مفصل)

Rheumatism,

هُوَ الشافی

سیلی سائلامائیڈ	۱۷۵ گرام
ری سرپین	۲۵ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکن مرکب ہے جو گٹھیائی التہاب مفصل ہلکا ہلکا درد کمر۔ شدید گٹھیا کے لئے مفید ہے۔

بوڑھاپا

Senility

هُوَ الشافی

وٹامن بی ۱	۳،۲ ملیگرام
الیسٹ	۳۳ ملیگرام
وٹامن بی ۱۲	۱ مائکروگرام
وٹامن اے پالمی ٹیٹ	۲،۵۰۰ انٹرنیشنل یونٹ
وٹامن ای	۱،۵ ملیگرام
ری سرپین	۰،۳۳ ملیگرام
تھیو فلین	۱۵ ملیگرام

سب کو ملا کر ایک کیپ شول میں بھر لیجئے۔ اور حسب ضرورت ایک کیپشول دیجئے۔ یہ بوڑھاپے میں بے چینی۔ کمزوری اور چڑچڑاپن کو دور کرتا ہے۔

عصبی سُوءِ ہضم

Nervous Dyspepsia,

هُوَ الشافی

اٹرالین (بائر)	۲۰۰ ملی گرام
میفے نسین	۱۵۰ ملی گرام
ری سرپین	۰،۰۵ ملی گرام

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ بیخوابی کیلئے سونے سے قبل دیجئے یہ ایک مُرخی عضلہ مرکب ہے۔ جو عصبی تشویش۔ نیورو سس عصبی بے چینی۔ بیخوابی اور فشار دم اعلیٰ کے لئے بھی مفید ہے۔ عصبی سُوء ہضم میں اعضاء ہضم کو متوازن کر دیتا ہے۔ اور اعصاب کی خیزش کو سکون دیتا ہے

۴۔ میفے نسین

Mephensen,

یہ ایک نہایت زبردست مُرخی عضلہ (بیکل انسانی ڈھانچہ کو ڈھیلا کرنے والا) مادہ ہے جو مائی اے نسین MYAMESIN نام سے بہت مشہور ہے۔ یہ سفید بیرنگ سفوف ہے جو ٹکیہ کی شکل میں عام دستیاب ہوتا ہے اگر اس کو

بار بٹون مادوں کے ہمراہ دیا جاتا ہے تو بیان کا اثر اور بڑھا دیتی ہے۔ یہ دوا اگر شفا بخش مقدار میں استعمال کی جاتی ہے تو خون کے دباؤ اور تنفس پر کسی قدر اثر کرتی ہے۔ اور بڑی مقدار میں استعمال کرنے سے یہ دوا بطوء قلب (دل کی رفتار سُست) اور خون کے دباؤ میں گراؤ پیدا کر دیتی ہے۔ یہ دوا احرام مغز پر ایک قابض اثر کرتی ہے۔ اور کزازی دورے کو متعادل کر دیتی ہے۔ یہ دوا بطور مخدر بعض دیگر بار بٹون مرکبات کے ہمراہ دروں وریدی راہ سے بھی دی جاتی ہے۔ اور جراحی اعمال میں بھی یہ زیادہ استعمال کی جاتی ہے مگر براہ دہن بہ شکل ٹکیہ بطور مخدر استعمال نہیں کی جاتی اور نہ زیادہ اطمینان بخش ہے۔ بہر کیف یہ دوا تشنج واعصاب کے خلل کے لئے بطور مُرخی بڑا امید افزا فائدہ رکھتی ہے۔ اور ناخوشگوار اثرات سے مُبرا پائی گئی ہے۔

تجارتی مرکبات

میفے نسین بہت سے تجارتی نام سے عام دستیاب ہوتی ہے۔ اور تقریباً ۵۰۰ ملی گرام کی ایک ٹکیہ ہوتی ہے۔

۱۔ مائی اے نسین
ساختہ برٹش ڈرگ ہاؤسز

۲۔ ٹولسیرول
ساختہ اسکوب

۳۔ میفے نسین

معتادگی اور طریقہ استعمال

عام طور پر براہ دہن بہ شکل ٹکیہ ۵ء گرام روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دی جاتی ہے۔ اور الگزر کی شکل ۱۵ سی سی بہ ہمراہ دی جاتی ہے۔ بالغ فرد کے لئے دو دو ٹکیہ روزانہ تین بار دی جا سکتی ہے۔

اشارات علاج

میفے نسین ایک مُرخی عضلہ دوا ہے۔ اس لئے مندرجہ ذیل حالات میں بہت زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔

۱۔ تشنج اور بیش حرکت حالات۔ مثلاً
(ا) فالج عام
(ب) فالج نصفی (ادھرنگ)
(ج) رعشہ معہ فالج یا فالج لرزاں
(د) گٹھیائی حالات
(ی) التہاب مفصل۔

(۲) طنابی حالات مثلاً
(ا) تشویش و اضطراب
(ب) الکوحلزم (ج) بے خوابی
(د) قبل از حیض تناؤ

(۳) عُسر طمث۔ (۴) رات کا تشنج (۵) کُزاز

میفے نسین سے علاج بالمرکب

میفے نسین بہت سی دیگر ادویات کے ہمراہ مندرجہ ذیل حالات میں فائدہ کے ساتھ استعمال کی جا سکتی ہے۔

نفسیاتی و عصبی مرض

Psychoneurosis,

ھُوالشافی

میفے نیسین ۱۲۰ ملیگرام
ڈیگزے ڈرین ۲٫۵ ملیگرام
سائکلو باربٹون ۳۵ ملیگرام

تینوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ دیجئے یہ ایک دافع تشویش مرکب ہے جو روحانی عصبی کمزوری میں مفید ہے

طنابی درد سر

Tension Headache,

ہوالشافی

میفے نیسین ۳۵۰ ملیگرام
ڈیگزرو امفیٹامین سلفیٹ ۱٫۵ ملیگرام
ایمائلو باربٹون ۳۰ ملیگرام

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور پانی کے ہمراہ روزانہ تین بار دیجئے۔ یہ ایک مسکن تشویش مرکب ہے۔ جو تمام طنابی حالتوں میں سر درد پیدا کرتا ہے اور طنابی دردِ سر کو رفع کرتا ہے عضلاتی تشنج کو بھی سکون دیتا ہے۔ یہ پارکن سن صاحب کے مرض میں بھی مفید ہے اور جہاں عضلاتی تشنج ایک اہم پارٹ ادا کرتا ہو وہاں اس کا استعمال بہت مفید ہے اسلئے یہ درد کی پیداوار اور حرکت کی حدود کو روکتا ہے۔

مزمن گٹھیائی خلل

Chronic Rheumatic Disorder,

ہوالشافی

میفے نیسین ۱ گرین
سیلی سلامائیڈ ۵ گرین
ایلیوڈرروکس ۱½ گرین

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے اور بعد از طعام روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکن و مرخی مرکب ہے۔ جو گٹھیا کی تمام حالتوں (شدید بتحت شدید اور مزمن) میں مفید ہے۔

مزمن التہاب شعبہ

Chronic Rronchitis,

ہوالشافی

میفے نیسین ۵۰ ملیگرام
بروموالیٹون ۱۰ (نال) ۱۵۰ ملیگرام
تھیوفلین ۶۵ ملیگرام
الفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱۰۰ ملیگرام

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور سوتے وقت اور صبح اٹھتے وقت ایک ایک پوڑیہ دیجئے۔ یہ ایک مسکن، مرخی، محرک مرکب ہے۔ جو شعبی دمہ، شعبی التہاب، عروقی حرکت سے التہاب انف نپ کا ہی اور سیلان انف میں ایک مفید دوا ہے۔

(ا) مختلف مرکبات

دمہ میں تسکین

Sedation in Asthma,

کلورل ہائیڈریٹ	۱۰ گرین
پانی یا شربت سادہ	۱ اونس

یہ آمیزہ دن میں تین بار دیا جائے۔ اس سے دمہ کی بے چینی کو سکون مل جاتا ہے۔ اور نیند آنے لگتی ہے۔ اور ایک قابل انتخاب دوا ہے۔ (ڈاکٹر بہ قلم)

موسمی دمہ

Seasonal Asthma

ہوالشافی

ہائیڈروکورٹی سون	۵ گرام
الیوڈرڈکس	½ ٹکیہ

دونوں کو ملا کر خوب باریک پیس کر کیپ شول میں بھر کر دو بار کر کے دیجئے۔

یہ ایک دافع شدید حساسیت مرکب ہے جو طویل الاثر ہے۔ اور اس لئے شدید حالات بحران دمہ۔ بست شدید موسمی دمہ تپ کاہی اور دوا کے شدید ردعمل دیبرم کے ردعمل میں مفید ہے۔

دمہ

Asthma

ہوالشافی

آئسوپرڈیرے نول (آئسوپرے نالین)	۵ ملیگرام
شکر	۱ اونس

دونوں کو باہم پیس کر منہ میں رکھ کر چبایئے یہ ایک موسع عروق دوا ہے۔ جو دمہ کے تشنج میں رگوں کو کشادہ کر دیتی ہے۔ یہ خفقان پیدا کر دیتی ہے۔ اسلئے مرض قلب کے مریض میں مضر ہے۔

دمی کا سخت دم گھٹنا

Labour Breathing of Asthmatic,

ہوالشافی

امینوفیلین	۳ گرین
ایلیوڈرڈکس	½ ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ یہ ایک موسع عروق دوا ہے۔ اس لئے دمہ میں مفید ہے۔ مدر بول اور سانس کو کشادہ کر دیتی ہے۔

خارش اور تقمّل

Scalties and Pedieulosis.

ہُوالشافی

ڈی ڈی ٹی ۱۰ حصہ

ٹالکم پوڈر ۹۰ حصے

دونوں کو باہم ملا کر پوڈر بنایئے اور بالوں پر اور کھجلی کے مقام پر لگایئے۔ یہ ایک بہت مفید مرکب ہے جو کھجلی اور بالوں میں جوئیں پڑنا کو دُور کرتا ہے۔ اس کو ذرا احتیاط سے لگانا چاہیے۔

خُراج اور زحیر جگر

Hepatic Amebiasis

ہُوالشافی

کلوروکوئن فاسفیٹ ۱ ٹکیہ

گلوکوز ۵ گرین

دونوں کو باہم ملا کر دن میں دو بار دیجیے۔

یہ ایک دافع زحیر (پیچش) دوا ہے جو کمزوری جگر۔ اسہال۔ بفخ شکم و مروڑ اور خراج جگر کو دُور کرتی ہے۔ اور ایک قابل انتخاب دوا ہے۔

ملیریا کے بعد جگر کی پیچش میں بھی بہت موثر ہے۔

ہائپوکرومک فقر الدم

Hypochromic Anemia,

ہُوالشافی

وٹامن بی (بیرن) ۱ر۵ ملیگرام

برومو والیٹون ۱ گرین

وٹامن سی ۱۰ ملیگرام

ریبوفلیوین ۱ ملیگرام

نکوٹینا مائیڈ ۵ ملیگرام

فیرس سلفیٹ ۱½ گرین

سب کو ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ تین بار دیجیے۔ یہ حیاتین + فولاد اور مسکن ادویات کا مرکب ہے۔ اس لیے فقر الدم کے ساتھ ذہنی بے چینی کے لیے بھی مفید ہے۔ خون آفرین مسکن اور دافع درد عصب مرکب ہے۔

تشویشی ردِ عمل

Anxiety Reaction,

ہُوالشافی

اٹاریکس (فیزر) ۱۰ گرام

پریڈنی سولون ½ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنایئے۔ اور پانی کے ہمراہ دن میں دو بار دیجیے۔

یہ ایک ہارمون و متوازن جذبات ادویات کا مرکب ہے۔ جو گٹھیا التہاب مفصل کے مریضوں

میں ذہنی سکون پیدا کرتا ہے۔ اور تشویش و اضطراب سے نجات دلاتا ہے مزید براں یہ تکان، چڑچڑاپن ذہنی تکان مختل نیند اور بے چینی کو فوراً دور کرتا ہے یہ امٹرکسائیڈ نام سے فیزر نے بھی پیش کیا ہے ایک جدید مرکب ہے۔

گرتی ہوئی شہوت جنس

Decreased Libido,

ہوالشافی

ایتھینل آئسٹراڈیول	۰۰۵ر	ملیگرام
میتھل ٹیسٹوسٹیرون	۵ ر ۲	ملیگرام
میتھل امفیٹامین ہائیڈروکلورائیڈ	۵	ملیگرام

سب کو ملا کر ایک کیپسول میں بھر کر بعد از طعام روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ ایک نہایت گرم خشک مرکب ہے۔ جو مرداذکلائی میں مرگ علامات کو سکون دیتا ہے۔ اور مردوں میں جنسی شہوت کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ اور عورتوں میں سن یاس۔ قبل از حیض تناؤ۔ اور عسر طمث۔ درد شقیقہ کو دور کرتا ہے عورتوں میں دورِ حیض ۱۰ سے ۲۲ دن تک دینا چاہئے۔

1. Testoreron 50 mg Shar... 25p
2. Pasuma Strong

کھانسی

Unproductive Cough.

ہوالشافی

سیرپ انفونین	۶۰	منم
سوڈیم بنزوئیٹ	⅛	گرین
سیرپ آف اسکیل	۳	منم
ٹنکچر آف بیلاڈونا	۲	منم
سیرپ پرونی ورجیانا	۱۵	منم

سب کو ملا کر شربت بنا لیجئے۔ یہ بچوں کو دو منم اور بڑوں کو ۱۲۰ منم تک چٹایا جا سکتا ہے۔ یہ ایک مسکن مرکب ہے۔ جو نہ اکھڑنے والی کھانسی۔ کالی کھانسی اور ربالانفس کی سرایتوں میں بہت موثر ہے۔

بواسیر

Haemorrnoids,

Piles

ہوالشافی

زنک آکسائیڈ	۱۵	فیصدی
ایلم آکسائیڈ	۵ر ۷	فیصدی
بنزوکین	۶	فیصدی
بالسم آف پیرو	۵ ر ۲	فیصدی
بسمتھ سب گلیٹ	۲	فیصدی
رلیارسیس	۱	فیصدی

سب کو ملا کر ویسلین میں ملا کر مرہم بنائیے اور

بواسیر، تشقق مقعد و مبرز پر لگائیے۔

نفسیاتی نامردی

Psychic Impotence.

ہُوَ الشافی

میتھل ٹسٹوسٹیرون	۵ ملیگرام
ایتھی نل آسٹراڈیول	۰۰۱ ملیگرام
ڈیگزے ڈرین	۲٫۵ ملیگرام
اڈالین (بائر)	۱۵۰ ملیگرام

ان سب کو ملا کر ایک کیپ شول میں بھر کر روزانہ تین بار قبل از طعام دیجئے۔ ہم بجے سے پہلے نہ دیجئے۔

یہ ایک ہارمون محرک اور مسکن مرکب ہے۔

جو بعض ایسے حالات مثلاً مالیخولیا۔ انشقاق ذہن کا سادہ عمل۔ تشویش عصبی، عصبی کمزوری۔ مراق۔ انقباض ذہن کے حالات ناطاقتی اشاد سے پیدا ہونے والی) اور نفسیاتی نامردی کے لئے ایک بہت موثر مرکب ہے۔ یہ جنسی قوت کو حرکت میں لاتا اور سرعت انزال کو بھی دور کرتا ہے جلق کثرت جماع اور دیگر اسباب سے پیدا شدہ نامردی میں ایک بہت ہی مفید مرکب ہے۔

فطر و جراثیم کا حملہ

Attack of Fungi and Bacteria.

ہوالشافی سوڈیو فارم کریم	۳ فیصدی
ہائیڈرو کورٹی سون آئنٹمنٹ	۱ فیصدی

دونوں کو باہم ملا کر مرہم بنائیے اور روزانہ ۲ بار بغیر ملے کے لگائیے۔ یہ مرہم کھلی ہوئی یا رستی ہوئی سطح جلد پر نہ لگائیے۔ یہ مرہم جلد کے بعض مخصوص امراض مثلاً التہاب جلد (جس میں دہنی غدد کا سیلان اور سوزش ہو) اور التہاب ریش حجامی (نائی کے ریزر یا استرے سے داڑھی کا ورم کرنا۔ پیپ پڑنا) اور اکزیما۔ خفاج متعدی، جھف متعدی، خراش جلد اور فطر جلد۔ داد اور دیگر ایسے ہی حساسیتی التہابی حالات مرض کے لئے بہت موثر مرکب ہے۔ ڈیو فارم ہائیڈرو کورٹی سون نام سے سیبا نے بھی پیش کیا ہے۔ جو ۵ گرام کے ٹیوب میں ملتا ہے۔

التہاب انف معہ حساسیت انف

Rhinitis with Nasal Allergy.

ہُوَ الشافی

اینٹسٹین کریم اور پیری بین سولوشن	۹ حصے
ہائیڈرو کورٹی سولوشن	۱ حصہ

دونوں کو ملا کر سپرے بنائیے۔ اور ہر ایک نتھنے میں روزانہ تین بار لگائیے۔ یہ دافع حساسیت اور دافع التہاب مرکب ہے۔ جو بہت ہی گراں اور مفید ہے یہ شدید اور مزمن التہاب انف (ناک کے ورم) حساسیتی التہاب انف۔ معدانہ (ناک کی گھٹلی) اور التہاب جوف انف اور ناک و حلق کے التہاب میں ایک بہت مفید مرکب ہے جو ناک میں پھوار (شاش) کیا جا سکتا ہے۔

شدید التہاب معدہ

Acute Gastritis.

ھُوالشافی

فینو باربٹون (سبز ٹیبرل)	¼ گرین
ایلیومینم ہائیڈروکسی	۴ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار بعد از طعام پانی کے ہمراہ دیجئے یہ مسکن ملطف مرکب ہے جو بطور معاون علاج تقرح امعاء میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مزید براں یہ شدید زیر شدید التہاب معدہ میں اور عصبی سوء ہضم میں اور جھلک قے حالہ میں مفید ہے۔

اضرارِ چشم

Ocular Injuries,

ھُوالشافی

سلفاسیٹامائیڈ سوڈیم (البوسڈ)	۶ فیصدی
کاڈ لیور آئیل	۱۰ فیصدی
ویسلین	۸۴ فیصدی

سب کو باہم ملا کر مرہم چشم بنائیے اور ایک ڈرام کے آفتھالمک ٹیوب میں بھر لیجئے۔

یہ مرہم آنکھ کی سرایتوں اور اضرار کے لئے مفید ہے۔ روزانہ آنکھ میں لگایا جا سکتا ہے۔

زخم کی سرائتیں

Wound Infections,

ھُوالشافی

سیبازول پوڈر	۱۰ حصے
ایمینا کرین ہائیڈرو کلورائیڈ	۱ حصہ

دونوں کو ملا کر چھڑکنے کا سفوف بنا لیجئے۔

یہ پوڈر زخموں پر چھڑکا جا سکتا ہے۔ یہ زخموں کو مندمل کرتا ہے اور دافع سرایت ہے پیپ دار زخموں سے سرایت ختم کرتا ہے۔

موٹاپا

Obesity,

ھُوالشافی

ڈیکسڈرین	۵ ملیگرام
تھائرائیڈ	½ گرین

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیے اور روزانہ دو بار قبل از طعام پانی کے ہمراہ دیجئے۔

یہ ایک دافع شحم مرکب ہے۔ جو شہوت طعام کو کم کرتا ہے اور چربی کے پھیلاؤ کو روکتا ہے۔ لیکن فشار دم اعلیٰ کے مریض کے لئے مضر ہے اور بے خوابی بھی پیدا کرتا ہے۔

سن یاس کا چڑچڑاپن

Menopausal irritability.

ھُوالشافی

میتھل ٹیس ٹوسٹیرون	۵ ملیگرام
ڈائی تھائی اسٹل بائسٹرول	۰.۲۵ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیے اور روزانہ صرف ایک پڑیہ دیجئے۔

یہ ایک ہارمون مرکب ہے۔ جو سن یاس کا تور تو (چہرہ کی تمتماہٹ) اور چڑچڑاپن کو دور کرتا ہے۔ اس کی مقدار کم کرتے رہنا چاہیے۔

عام خراش حلق

Common Sore Throat,

ھوالشافی

ٹائرو تھری سین	۰.۰۲ فیصدی
سٹری مائیڈ	۰.۵ فیصد
ایتھوکین ہائیڈرو کلورائیڈ	۰.۵ فیصد
آب مقطر	بطور بدرقہ

سب کو ملاکر آبی محلول بنائیے۔ اور حلق میں حسب ضرورت اسپرے یا پھریری سے لگائیے۔

ایک دافع سرایت۔ مسکن درد مرکب ہے۔ جو منہ اور حلق کے التہاب میں خراش حلق میں بطور مسکن لگایا جاتا ہے۔ ہر گھنٹے پھریری سے لگایا جاسکتا ہے۔

1. strepsils tab.
2. Suckin V. ks

امراض دہن کے لئے ٹرو تھری سین ایک ملی گرام اور بنزوکین ۵ ملی گرام کسی لعاب دار دوا کے ہمراہ شامل کرکے استعمال کی جاسکتی ہے۔

قلت استحاضہ

Hypo Menorrhagia.

ھوالشافی

ایتھسٹرون	۱۰ ملیگرام
ایتھی نائل آسٹراڈیول	۰.۰۱ ملیگرام

دونوں کو ملاکر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ دو بار پانی کے ہمراہ براہ دہن دیجئے۔

یہ ایک ہارمون مرکب ہے جو عدم حیض۔ ابتدائی اور ثانوی بندش حیض۔ قلت حیض کے لئے ایک مفید دوا ہے۔ یہ کثرت حیض سے بھی بچاتی ہے اور عقم اور عادتی اسقاط حمل کے لئے مفید ہے۔

معاون علاج بالنفس

Adjuvant Psychotherapy,

ھوالشافی

کلورپرومیزین ہائیڈرو کلورائیڈ	۲۵ ملیگرام
ایمائٹو بار بیٹون	۵۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیے اور روزانہ دو بار دیجئے اگر ضرورت پڑے تو ایک پڑیہ صبح اور دوپہر بعد اور سوتے وقت دیجئے یہ ایک زبردست دافع تشویش مرکب ہے۔ جو مناسب

اور شدید طیش کی حالت میں زبردست مسکن ہے۔ لیکن خطرات سے خالی نہیں ہے۔ اور بطور معاون علاج علم النفس میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (یہ لارگیکٹل اور رایماٹش کا مرکب)

مہاسہ کے داغ

Acne spots

ہوالشافی

ریبارسینول	½ فیصد
سلفر (اگذمک)	۳ فیصد
ہیڈیری مائیڈ۔ (آئی سی آئی)	½ فیصد
ویسلین	بحسب ضرورت

ان سب کو حسب دستور مرہم بنائیے۔ اور روزانہ مہاسوں کے پرانے داغوں پر لگائیے یہ مزمن مہاسوں کے داغوں کیلئے ایک بہترین مرکب علاج ہے۔

درد رباط و مفصل

Arthritic Pain,

ہوالشافی

کلوروکوین فاسفیٹ	۲۳ ملیگرام
ایسپرین	۱۶۲½ ملیگرام
کیلسیم کاربونیٹ	۵۰ ملیگرام
وٹامن سی	۲۵ ملیگرام
سائٹرک ایسڈ	۱۵ ملیگرام

سب کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیے اور بعد از طعام روزانہ ۲ و یا تین بار دیجئے۔

یہ سن یاس کے درد عصب سن یاس کے بعد التہاب عظم و عصب گٹھیا کی التہاب مفصل اور ایسے ہی دردناک جوڑوں کی بیماریوں کیلئے موثر ہے یہ ایک بہترین مرکب ہے۔ جو مسکن درد اور دافع التہاب مفاصل ہے اور طیر باکے بعد درد عصب کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

گٹھیا اور نقرس

Rheumatism and Gout,

ہوالشافی

کولچی سین	۱/ ملیگرام
ایسپرین	۳۰۰ ملیگرام
وٹامن بی ۱	۸ ملیگرام

تینوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ ایک مسکن الم مرکب ہے جو گٹھیا اور نقرس (داء الملوک) کے درد کو دور کرتا ہے۔

(۲) ہوالشافی

پریڈنی سولون	۵ ملیگرام
ایسپرین	

دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیے۔ اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیجئے۔ یہ بھی گٹھیا۔ نقرس کیلئے بہت موثر گراں قیمت مرکب ہے۔

ریم زا سرائتیں

Pyogenic Infections,

ہُوالشافی

سوفرامائی سیٹین ۱٫۵ فیصد

پریڈنی سولون ۰٫۵ فیصد

ویسلین ۹۸ فیصد

سب کو باہم ملاکر مرہم بنائیے۔ اور جلد کے امراض پر لگائیے۔ یہ مرہم دافع جراثیم ہے۔ اسلئے جلد کی بہت سی سرائتوں کا قلع قمع کرتا ہے اور پیپ و مواد کو ختم کر کے ضرر کو مندمل کر دیتا ہے۔ یہ مرہم کورٹی بیوٹک جلدی مرہم، کے نام سے روسل لیبوریٹریز نے ۵ گرام کے ٹیوب میں پیش کیا ہے۔

التہاب فائبرین

Fibrositis,

ہُوالشافی

ایمائنو باربیٹون ۳۲ ملیگرام

بنزے ڈورین سلفیٹ ۵ ملیگرام

ایسپرین ۱۶۰ ملیگرام

فیناسیٹین ۱۶۰ ملیگرام

سب کو ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور بعد از طعام تین بار دیجئے۔ یہ ایک مسکن الم۔ محرک مرکب ہے جو درد سر۔ التہاب فائبرین گٹھیائی التہاب مفصل۔ درد حقیقہ۔ عرصہ میں بہت موثر ہے لیکن مرض اکلیل قلب

امراض قلب میں نہایت احتیاط سے دینا چاہئیے۔

زکام عام

Common Cold.

ہُوالشافی

کونین ہائیڈروکلورائیڈ ۵۰ ملیگرام

سیلی سلامائیڈ ۶۰ ملیگرام

وٹامن سی ۱۰۰ ملیگرام

سب کو ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے۔ اور چار کے ہمراہ دن میں چار بار دیجئے۔ یہ بھرپور زکام اور زکام کے ابتدائی درجہ میں ایک مفید دوا ہے۔ دافع درد اور مسکن الم ہے۔

خلل حیض

Menstrual Disturbancs.

ہُوالشافی

ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ $\frac{1}{4}$ گرین

ڈائی نسٹرول ۱ ملیگرام

فینوسٹیبن ۳ ملیگرام

کیفین سائٹریٹ $\frac{1}{4}$ گرین

اڈالین (بائر) $\frac{1}{2}$ گرین

سب کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیے اور درد کے حملہ کے وقت دن میں تین بار دیجئے۔

یہ ایک مسکن۔ ہارمون مرکب ہے جو محرک حیض اور دافع درد حیض ہے۔ یہ حیض اور سن یاس کے خلل میں بہت مفید ہے۔

ثانوی فقر الدم

S. Anaemie.

هُوَ الشَّافِی

فرسولیٹ - (گلیکسو)	ٹکیہ
بیرن - (وٹامن بی)	۲ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنایئے۔ اور روزانہ تین بار حسب عمر بچہ کو دیجئے۔

یہ فولاد کی خامی کے سبب فقر الدم کے لئے ایک مفید دوا ہے جو بچوں کا ٹانک بھی کہلاتا ہے۔

۲ هُوَ الشَّافِی

فیری ایٹ امیونیا سائٹراس	۲۰۰ ملیگرام
وٹامن بی کمپلیکس و بی ۱۲	ٹکیہ

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ روزانہ دو بار دیجئے۔

یہ بھی بچوں میں بھوک نہ لگنا۔ کمزوری اور لاغری کے لئے بہت مفید ہے۔

۳ هُوَ الشَّافِی

فیرس گلوکونیٹ	۳۰۰ ملیگرام
وٹامن سی	۵۰ ملیگرام

دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنایئے۔ اور روزانہ بعد از طعام دیجئے۔

یہ فولاد کی خامی کے سبب فقرُ الدم میں بہت مفید مرکب ہے۔

ان تجارتی مرکبات سے دولت پیدا کی جا سکتی ہے۔

فہرست مضامین

اوزان اور پیمانے

۶۰ ملی گرام	=	۱ گرین	۸ ملی گرام	=	۱/۸ گرین
۵۰ ملی گرام	=	۳/۴ گرین	۶ ملی گرام	=	۱/۱۰ گرین
۴۰ ملی گرام	=	۲/۳ گرین	۵ ملی گرام	=	۱/۱۲ گرین
۳۰ ملی گرام	=	۱/۲ گرین	۴ ملی گرام	=	۱/۱۵ گرین
۲۵ ملی گرام	=	۳/۸ گرین	۳ ملی گرام	=	۱/۲۰ گرین
۲۰ ملی گرام	=	۱/۳ گرین	۲ ملی گرام	=	۱/۳۰ گرین
۱۵ ملی گرام	=	۱/۴ گرین	۱ ۱/۲ ملی گرام	=	۱/۴۰ گرین
۱۲ ملی گرام	=	۱/۵ گرین	۱ ۱/۵ ملی گرام	=	۱/۵۰ گرین
۱۰ ملی گرام	=	۱/۶ گرین	۱ ملی گرام	=	۱/۶۰ گرین

حوالہ جات

اس کتاب کے تیار کرنے میں مندرجہ ذیل بیش قیمت کتابیں مطالعہ میں رکھی گئی ہیں۔ جن میں سے بعض امریکہ کی لائبریری سے مستعار لی گئیں اور بقیہ کثیر اخراجات برداشت کر کے مطالعہ کی گئیں۔ امید ہے ان کا حوالہ عاملین طب کے لئے مفید ثابت ہوگا۔

علم تاثیرات

۱۔ کرنٹ تھیراپی ۱۹۵۷ء از قلم ایچ ایف کون صاحب

۲۔ فارما کولوجیکل بے سس آف تھیراپیوٹکس ۔ دوسرا ایڈیشن
از قلم ایل ایس گڈمین اور اے گلمین

۳۔ فارما کولوجی اینڈ تھیراپیوٹکس ۔ دوسرا ایڈیشن ۱۹۵۴ء
از قلم اے گرولین صاحب

۴۔ فارما کولوجک پرنسپلز آف میڈیکل پرکٹس ۔ چوتھا ایڈیشن
از قلم جے سی کرنٹز اور سی جے کار

۵۔ ماڈرن فارما کولوجی اینڈ تھیراپیوٹکس ۔ تیسرا ایڈیشن ۱۹۵۸ء
از قلم رتھ ڈی موسر اے بی ایم ایس

۶۔ ماڈرن ڈرگس ان کرنٹ یوز ۔ از قلم والٹر موڈل ایم ڈی ۔ امریکہ

۷۔ اے ٹیکسٹ بک آف فارما کولوجی اینڈ تھیراپیوٹکس
از قلم رائٹ ہارولڈ نوئل گرانٹ

ان کے علاوہ دنیا کی مشہور دوا ساز فرموں کا لٹریچر اور مشہور میڈیکل رسائل بھی مطالعہ میں رکھے گئے ہیں ۔ اور عمل طب کی مشہور درسی کتابوں سے بھی مدد لی گئی ہے۔